هذه المذابح یعنی المحاریب واخرج ابن ابی شیبة فی المصنف عن موسی الجهنی
قال قال رسول الله لا تزال امتی بخیر ما لم یتخذوا فی مساجدهم مذابح کمذابح
النصاری واخرج ابن ابی شیبة فی المصنف عن ابن مسعود قال اتقوا هذه
المحاریب واخرج ابن ابی شیبة عن عبید ابن ابی الجعد قال کان اصحاب محمد
یقولون ان من اشراط الساعة ان تتخذ المذابح فی المسجد یعنی الطاقات
واخرج ابن ابی شیبة عن ابی ذر قال ان من اشراط الساعة ان تتخذ المذابح
فی المساجد واخرج عن کعب انه کره المذبح فی المسجد انتهی ونیز سیوطی در تنقیح
الوسائل بمعرفة الاوائل می نویسند اول من احدث المحراب المجوف عمر بن
عبد العزیز حین بنی المسجد النبوی ذکره الواقدی عن محمد بن هلال انتهی
ونیز سیوطی در رساله خود اعلام الاریب بحدوث بدعة المحاریب نوشته
ان قوما خفی علیهم کون المحراب فی المساجد بدعة وظنوا انه کان فی مسجد النبی
صلی الله علیه وسلم فی زمنه ولم یکن قط فی زمانه ولا فی زمان احد من خلفائه
فمن بعدهم الی المائة الاولی وانما حدث فی اول المائة الثانیة مع ورود
الحدیث بالنهی عن اتخاذه وانه من شان الکنائس وان اتخاذه فی المسجد
من اشراط الساعة انتهی پس از سیوطی درین رساله ذکر اخبار و آثار مع ذکر
اسناد آنها و توثیق رواة کرده جمله آن همان اخبار اند که از در منثور منقول شد
و جمله آن قول ابن مسعود وانما کانت المحاریب للکنائس فلا تشبهوا باهل الکتاب

بعضانه کره الصلوٰة فی الطاق اخرجه البزار فی مسنده برجال ثقات
و هرگاه حال احداث محاریب معلوم شد پس در مسجد واحد احداث محاریب
متعدده که مفضی به تکرار جماعت باشد ضرورت نیست بدرجهٔ اولیٰ جایز نخواهد شد
و از اینجا که مسجد حرام حرمین شریفین تعدد محاریب شده علمای آن زمان منع
کردند لیکن سلاطین مخالفت شان را بخیال نیاوردند ملا باقر آگاه در رسالهٔ
خود الفاظ النیام می نویسند در سلف صالح تکرار جماعت و حدوث محاریب
زائده در چهار جهت کعبه نرسیده و نسبت این تکرار مگر از حوادث زمان دولت
دوران و حدوث این محاریب در مکهٔ معظمه در سنه هشت صد و سی سال است
و حدوث جماعت ثانیه در مکه در سنه هشت صد و شصت سال و حدوث
محراب ثانی آن بعد سنه نهصد و چهل سال بوقوع پیوست هرچند علمای
آن زمان مساعی نمایان در منع آن کار فرمودند نه نشد لیکن قدر مقدر بود
پس در ظنون و اوهام عوام این خیال خام استحکام یافت که امریست معروف
که اهل حرمین آن را پسندیده اند انتهی و چون ثابت شد که تعدد محاریب
بلکه نفس احداث آن در عصر نبوی و عصر صحابه نبوده لاجرم قیام در ان
سنت نخواهد بود بهمین جهت اکثر فقها آن را بلفظ لا باس که اشارت
به ترک اولی می سازد ترقیم فرموده اند البته امتیاز امام و تقدمش بر سایر صفوف
و قیامش محاذات وسط صفوف سنت است که از احادیث مرفوعه و غیره
ثابت است والله اعلم بالصواب و عنده ام الکتاب حرره الراجی عفو
ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی و الخفی

ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین و مفتیان شرع متین ان مسائل
میں سوال اول سجدہ سورہ صاد کا شافعیہ کے نزدیک واجب ہے یا نہیں

[illegible]

اور حالت نماز مین اونکے نزدیک سجدہ صاد کا درست ہے یا نہین **سوال دوم**
تراویح مین امام اگر شافعی ہو اور مقتدی حنفی ہو اوسپر سورۂ صاد کا سجدہ
واجب ہوگا یا نہین اور اگر مقتدی پر واجب ہوگا تو اوسکو حالت نماز یا خارج
نماز ادا کر سکتا ہے یا نہین اور اگر ادا نہین کر سکتا تو اوسکے ذمہ پر باقی
رہتا ہے یا ساقط ہو جاتا ہے اور حالت اقتدا مین اگر ضمن رکوع و سجود
صلوۃ مین نیت کرے تو ادا ہو سکتا ہے یا نہین **سوال سوم** تراویح مین اگر
امام شافعی ہو بلحاظ اسکے مقتدیون سے جو حنفی ہین سجدہ صاد کا اچھی طرح سے
ادا ہو جاوے یک ترویحہ کا امام حنفی ہوکے رکوع سجدہ صاد کے پڑھ کے
سجدہ کرے اور شافعی اوسکی اقتدا کرے تو جائز ہے یا نہین اور تعدد امام
سے تراویح مین کچھ خلل ہوتا ہے یا نہین اور ایک ترویحہ مین حنفی کے امام
ہونے تحقیر و استخفاف شافعیہ لازم آتا ہے یا نہین بینوا توجروا واللہ
**ہو المصوب جواب سوال اول** سجدہ سورۂ صاد کا شافعیہ کے
نزدیک واجب نہین بلکہ خارج نماز مستحب ہے اور حالت نماز مین حرام ہے
بلکہ مفسد صلوۃ ہے اگر سجدہ کرنے والا عمداً سجدہ کرے اور حکم حرمت سے
واقف ہو علامہ عسقلانی شافعی ارشاد الساری شرح صحیح البخاری مین
لکھتے ہین یستحب السجود لص فی غیر الصلوۃ ویحرم فیھا فان سجد فیھا
عامداً عالماً بتحریمھا بطلت صلوتہ بخلاف ما اذا سجدھا سہوا او جاھلا
لعذرہ انتہی **جواب سوال دوم** وجوب سجدۂ تلاوت کے تین سبب ہین
ایک تلاوت آیۂ سجدہ دوسرے سماع آیت سجدہ تیسرے اقتدا اگرچہ سماع
نہو جیسا کہ غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی مین ہے یجب علی التالی و علی
السامع و علی المؤتم بتلاوۃ امامہ وان لم یسمعھا لوجوب المتابعۃ علیہ انتہی

اور وجوب سجدہ مین بوجہ سماع کے مذہب سامع معتبر ہے نہ مذہب تالی جیسا
کہ بحر الرائق مین ہے فی التجنیس التالی والسامع یتعلق کل واحد منہما الی اعتقاد
نفسہ کالسجدۃ الثانیۃ فی سورۃ الحج لیس بموضع السجدۃ عندنا وعند
الشافعی ہو موضع السجدۃ لان السامع لیس بتابع للتالی تحقیقا حتے
یلزمہ العمل برایہ لانہ لا شرکۃ بینہما انتہی بنا علیہ جب مقتدی حنفی نے
آیت سجدہ صاد کے امام شافعی سے سنی سجدہ اوسپر واجب ہوگیا نہ امام پر
جیسا کہ سجدہ ثانیہ مین حج کے امر بالعکس ہے لیکن اس واجب کے مقتدی
کے ادا کرنے کی کوئی صورت نہین ہے نہ نماز مین اور نہ خارج نماز لیکن نماز
مین بس اسوجہ سے کہ مخالفت لازم آتی ہے اور مقتدی کو متابعت امام کی
ضرور ہے اسیوجہ سے جب امام حنفی اور وہ باوجود وجوب سجدہ کے اوسپر
ادا نکرے مقتدی پر کسیوجہ سے سجدہ نکرے مقتدی کو بھی لازم ہے
کہ سجدہ نکرے پس جب امام شافعی کہ جسپر سجدہ واجب نہین ہوا سجدہ نکریگا
مقتدی حالت اقتدار مین بدرجۂ اولے سجدہ نہین کر سکتا غنیۃ المستملی مین ہے
لو لم یسجد الامام لا یسجد وان سمعہا لانہ مامور بالمتابعۃ
وعدم المخالفۃ انتہی اور بھی اوسیمین ہے فی نظم الزند وستی خمسۃ
اشیاء اذا لم یفعلہا الامام لا یفعلہا القوم القنوت وتکبیرات العیدین
والقعدۃ الاولے وسجود التلاوۃ وسجود السہو انتہی اور بھی اوسیمین ہے
الاصل فیہ وجوب متابعۃ الامام فی الواجبات فعلا وکذا ترکا ان کانت
فعلیۃ او قولیۃ یلزم من فعلہا المخالفۃ فی الفعل انتہی اور لیکن خارج نماز
کے بس اس وجہ سے کہ جو سجدہ تلاوت صلاتیہ ہو وہ خارج نماز کے ادا نہین
ہو سکتا بحر الرائق مین ہے ولم یقض الصلوتیۃ خارجہا لان السجدۃ التلاوۃ

فی الصلوۃ انقص من غیرها فلو جاز ادائها خارج الصلوۃ لادی الکامل یتأدی
بالناقص انتہی اور در مختار میں ذکر واجبات صلوۃ میں مذکور ہے ومتابعۃ
الامام یعنی فی المجتہد فیہ لا فی المقطوع بنسخہ او بعدم سنیتہ کقنوت فجر انتہی
اور یہ ظاہر ہے کہ سجدہ سورۂ صاد کا مجتہد فیہ ہے جیسا کہ عبارت رد المحتار المراد
بالمجتہد فیہ ما کان بین الائمۃ دلیل معتبر شرعا بحیث یسوغ للمجتہد بسببہ مخالفۃ
غیرہ انتہی سے واضح ہے پس اسمین بھی متابعت امام شافعی کی ضرور ہے جیسا کہ
سجدہ ثانیہ حج میں متابعت امام شافعی کی ضرور ہے حواشی طحطاویہ للدر المختار
میں ہے قولہ المتابعۃ ظاہرہ انہ یجب علیہ متابعۃ الشافعی فی سجود الثانیۃ من
الحج لوجود الشرکۃ بخلاف خارج الصلوۃ انتہی ہرگاہ یہ معلوم ہوا کہ مقتدی
حنفی سجدہ کو نہ خارج نماز ادا کر سکتا ہے اور نہ نماز میں بوجہ متابعت امام کے
پس بالضرورت یہ سجدہ مقتدی سے ساقط ہو جائے گا باقی رہا ادا ہونا اوسکا
ضمن میں رکوع یا سجود نماز کے پس نزدیک حنفیہ کے سجدہ تلاوت رکوع میں ساتھ
نیت کے اور سجود میں بدون نیت اور بعض کے نزدیک بشرط نیت کے ادا
ہو جاتا ہے بشرطیکہ رکوع اور سجود بعد قرأت آیت سجدہ کے فی الفور ہو اور
فصل بمقدار چار آیت یا تین آیت علی الاختلاف نہو بحر الرائق میں ہے ولو رکع
حین طالت القرأت لم یجز ان نواہ عن السجدۃ وکذا السجدۃ الصلاتیۃ لا ینوب عنہا
اذا طالت القرأۃ واذا لم تطل القرأۃ لا یحتاج الرکوع والسجود فی اقامتہا عن سجود
التلاوۃ الی النیۃ ومن المشائخ من قال یحتاج الی النیۃ واکثر المشائخ لم یقدروا طول
القرأۃ بشئ وبعضہم قالوا ان قرأ آیۃ او آیتین لم تطل وان قرأ ثلاثا طالت
والظاہر ان الثلث لا یعدم الفور انتہی اور بھی اوسمین شرح قول لو رفع یقضی
الصلاتیۃ خارجہا میں ہے محل سقوطہا ما اذا لم یرکع للصلاۃ ولم یسجد صلبیۃ

ينوب عنها اذا كان على الفور انتهى اور در مختار میں ہے لو نواها الامام
في ركوعه ولم ينوها المؤتم لم تجزه ويسجد اذا سلم الامام ويعيد القعدة
ولو تركها فسدت صلوته كذا في القنية وينبغي حمله على الجهرية نعم لو ركع و
سجد لها فورا ناب بلا نية انتهى اور حواشی طحطاوی میں ہے قوله نعم
استدراك على قوله لم يجزه يعني ان عدم الاجزاء للمؤتم انما اذا نواها الامام
في الركوع اما اذا لم ينوها فيه بان نواها في السجود او لم ينوها اصلا فلا شيء
على المؤتم نواها او لم ينوها شيء انتهى اور رد المحتار میں ہے قوله نعم لو ركع وسجد
لها اي للتلاوة فورا وان لم ينوا والظاهر ان المقصود بهذا الاستدراك التنبيه
على انه ينبغي للامام ان لا ينويها في الركوع لانه اذا لم ينوها في الركوع نواها
في السجود او لم ينوها اصلا لا شيء على المؤتم لان السجود هو الاصل فيها
انتهى ان عبارات سے یہ معلوم ہوا کہ اگر امام فی الفور بغیر فصل طویل رکوع
و سجدہ صلاتیہ کرے اور نیت ادای رکوع وسجود کی کرے نہ سجدہ تلاوت کی
تو اس صورت میں بھی مقتدیوں سے ضمن سجدہ صلاتیہ میں نیت کریں یا نہ کریں
سجدہ تلاوت ادا ہو جاوے گا بنا برعلیہ امام شافعی کو بہتر ہے کہ بعد قرات آیت
سجدہ کے دو تین آیت پڑھ کے رکوع اور سجدہ نماز بدون نیت سجدہ
تلاوت کرے تا مقتدیوں سے سجدہ تلاوت خود بخود ادا ہو جاوے کیونکہ اگر
نیت سجدہ تلاوت کی کرے گا تو اوسکے مذہب کے موافق فساد ہوگا اور اگر بعد
فصل طویل کے رکوع وسجود کرے گا تو مقتدی حنفی سے سجدہ تلاوت فوت
ہو جاوے گا اور اس صورت میں کہ بعد دو تین آیت کے رکوع اور سجدہ کرے گا
نہ بقصد سجدہ تلاوت بلکہ بقصد اتمام رکعت کسی مذہب والے کا نقصان نہوگا
جواب سوال سوم تراویح دو امام سے بھی پڑھنا درست ہے جیسا کہ فتاوی

قاضیخان وغیرہ مین مصرح ہے لیکن اولے یہہ ہے کہ ایک ایک ترویحہ سے
نہ اداکرے فتاوی قاسم بن قطلوبغا حنفی مین ہے اذا صلی التراویح الواحد
اماما ان کل واحد منہما بتسلیمۃ اختلف المشائخ فیه قال بعضہم لاباس به
والصحیح انه لایستحب ذلک ولکن کل ترویحۃ یودیہا امام واحد علیه عمل
اهل الحرمین وغیرهم ویکون تبدیل الامام بمنزلة الانتظار انتہی اور ملا
باقر آگاہ شافعی رسالہ ایقاظ النیام فی التقلید بمقلد کل امام مین لکھتے
در فتح الجواد فرمودہ واین یعنے سجدہ ص مستثنے ہست از وجوب مفارقت
نزد فعل امام مبطلے را در اعتقاد ماموم نظر بر انکہ جنس سجود تلاوت مغتفر شود
در نماز انتہی اور بھی اوسمین ہے قول تحفہ بمنزلہ ساہی وقول ابن قاسم بمنزلہ
جاہل این معنی دارد کہ ہرچہ از ساہی و جاہل مغتفر شود اگر امام حنفی آن را بعمل آرد
از وی مغتفر شود و شافعی از اقتدای او ممتنع نگردد انتہی ان دونون عبارتون
سے معلوم ہوا کہ اگر بقدر ترویحہ سجدہ صادر ہو اگر امام حنفی کیا جاوے تو بہتر
ہے کہ تراویح اوسمین خلل نہوگا اور سجدہ بھی حنفیون سے ادا ہو جاوے گا
اور شافعی کی نماز و اقتدا مین بھی کچھہ فتور نہوگا اور یہہ خیال کرنا کہ اسمین تحقیر
و استخفاف شافعیہ ہے قبیل وساوس سے ہے واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی | ابو الحسنات محمد عبد الحی

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی محمد وآلہ وصحبہ الکریم - اما بعد بعالی خدمت فیضدرجت
نکتہ دان کلام الہی یابندہ رموزات احادیث مصطفوی امام العلما قدوۃ الفضلا
مولانا و اولانا مولوی حافظ محمد عبد الحی صاحب قبلہ ادام اللہ تعالے فیوضاتکم -
بعد التماس آداب تسلیم واضح رای شریف ہووے کہ عنایت نامہ والا مع فتوے
حسب خواہش مسکینان ۲۹ شعبان روز پنجشنبہ وصول مسرت شمول ہو کر

جمیع احناف کو عموماً و خصوصاً آنکھون کو نور دلون کو سرور بخشا جزاکم اللہ۔
غرض یکم ماہ رمضان شریف بروز جمعہ بعد نماز جمعہ اکثر عمائدین شہر اور اکثر
شافعیہ مسجد امیر الامرا مین جمع ہوکر فتوی جناب کو پڑہکر سنانے سے سب لوگون نے قبول
کیا اور رفع فساد مطلق ہوگیا حنفیہ اور شافعیہ مین جو مناقشہ درباب ادای
سجدہ صاد حنفیہ امام کو بجبر ادا کرکے یک ترویحہ کے ضمن مین سجدہ صاد ادا کرنے پر
اور اباحت اور تخییر امام شافعی کی ثابت نہین کرکے کل شافعیہ اور حنفیہ سے رفع
شک ہوگیا چنانچہ سورہ صاد پر حنفی امام ہوکر ادای سجدہ کرادیا بائیس ۲۲ سال کا
قضیہ جناب عالی کی تحریر سے مطلق رفع ہوجانے سے جمیع ساکنین ترچناپلی
دست بستہ شکریہ ادا کرکے حق تعالی سے مناجات کرتے ہین کہ یا اللہ یا کریم مولانای
موصوف کو خلعت مجدد دین محمدی کا جلد عنایت فرما آمین ثم آمین۔ مولانا یہانکی
دو تین شافعی مذہب لے لے مسئلہ مرقومۃ الصدر مین ازراہ تعصب یہی فتوے
مرسلہ مین خوض کرکے دیکھکر بولتے ہین کہ جناب عالی نے حنفی مذہب ہونے سے
طرفداری احناف کی کردی مگر لاعلم شافعیہ کو ورغلاتے ہین امید کہ ترچناپلی سے
جو شخص فتوی مرسلہ طلب کرے تو فقیر حقیر کیطرف رجوع کرادیوین۔ مروم خانہ
فقیر مع فرزند صغیر پدر رو دار فانی و متوجہ ملک جاودانی ہوجانے سے جواب کے
لکھنے سے مقصر رہا معاف فرمانا و دعای مغفرت فرمانا۔ زیادہ آرزوی اقدام بینی

چہ نگارد۔ شاہ محمد فضل اللہ عفی عنہ۔ ۱۰ شوال روز پنجشنبہ ۱۲۹۵ ہجری

۱۵

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین بہ نسبت اس
مسئلہ کے یہ جو عوام کہتے ہین کہ لفظ ولا الضالین کے حرف ضاد کو اگر بصورت
ظا یا ذال یا زا پڑہا تو مفسد نماز ہے اور اگر بصورت دال پڑہا تو مفسد صلوۃ نہین ہے
اور دلیل اس دعوی پر چند وجوہ ذیل لاتے ہین اول ضاد ظا کا مشتبہ الصوت

و قریب المخرج نہین ہے اور نہ متحد المخرج ہے اور یہی حال ذال و زا کا ہی ہے
بلکہ اگر اشتباہ الصوت یا قریب المخرج یا اتحاد مخرج ہے تو ضاد و دال مین اتحاد
اسواسطے کہ اگر ضاد و ظا مین اشتباہ الصوت نفس الواقع ہوتا تو از روی عمومیت
عبارت فتاوی قاضی خان و ان کان لا یمکن الفصل بین الحرفین الا بمشقۃ کالضاد
مع الظاء الخ ضرور تھا کہ جہان کہین صرف ضاد ہو اگر اوسکے بدلے ظا پڑھ لے
تو مفسد صلوۃ نہو حالانکہ یہہ حکم مطلقاً راست نہین آتا ہے کیونکہ اوسی فتاوی
مین موجود ہے ولکن لو قرء غیر المغضوب بالظاء او بالذال تفسد صلوتہ
عمومیت اس قاعدہ کی باطل ہوئی دوسرم ذخیرہ کہ کتب معتبرہ اور مستند اول
ہے اوسمین لکھا ہے کہ اگر دو حرف ایسے ہون کہ درمیان اون دونون حرفون
کے نہ اتحاد مخرج ہو اور نہ قرب اوسکا مگر یہہ کہ بیچ ابدال ایک کی بجای دوسرے
کے بلوی عام ہو جیسے لانا زای محض کا بجای ذال معجمہ کے یا ظای معجمہ کو بجای
ضاد معجمہ کے پس اس صورت مین نزدیک بعض مشائخ کے نماز فاسد نہوگی انتہی
بکذا فی المنیۃ اور فتاوی قاضیخان مین اسکے برخلاف لکھا ہے کیونکہ مذہب
ظای معجمہ بجای ضاد معجمہ و بالعکس اوسکو منسوب باکثر فقہا کیا ہے اور قول فساد
کو اس صورت مین منسوب بہ بعض کیا ہے جیساکہ ملاحظہ عبارت مرقوم
و ان کان الخ سے ظاہر ہوتا ہے اور صاحب درمختار نے بھی اس قول مین موافقت
قاضی خان کی کی ہے چنانچہ عبارت درمختار یہہ ہے کالضاد مع الظاء فاکثرهم
علی انہ لا تفسد ھا پس یا ان دونون عبارت یعنی قاضیخان و ذخیرہ
تطبیق دیجاوے یا کوئی قول ان دونون سے غلط قرار دیا جاوے ورنہ
النقیضین لازم آتا ہے اور ہر دو روایات مین تعارض واقع ہوتا ہے
اصول کا مسئلہ ہے اذا تعارضا تساقطا سیوم بعض لوگ اس عبارت فتاوی

قاضی خان سے استدلال کرتے ہین اس بات پر کہ ضالین کو ساتھ دال کے پڑہنا
مفسد صلوۃ ہے اور ظا و ذال سے پڑہنا مفسد نماز نہین ہے وعبارتہ ہکذا
وکذا الوقرء الظالین بالظاء او بالذال لا تفسد صلوتہ ولو قرأ الدالین بالدال
تفسد صلوتہ الخ اس عبارت سے استدلال کرنا اس بات پر مخدوش ہے کیونکہ
جس لفظ ولا الضالین مین یہ بحث ہے وہ صرف ضادہی سے ہے اور صاحب فتاوی
مذکور نے یہ حکم اوس لفظ ولا الظالمین مین بیان کیا ہے جو حرف بدلہ ظا سے ہے جیسا
کہ ملاحظہ عبارت فتاوی مذکور مطبوعہ قدیم کلکتہ سے ظاہر ہوتا ہے پس دلیل دعوے
پر منطبق نہوئی اور اگر یہ تاویل اسکی کیجاوے کہ یہ زلۃ قلم ناسخ سے ہے تو جب بھی
خدشہ باقی ہے اولاً اسکی کیا دلیل کہ یہ زلۃ قلم ناسخ ہے اور برتقدیر صحیح ہونے اور
تسلیم کر لینے اس بات کے کہ یہ بیشک ناسخ سے سہو ہوا تاہم مفید مدعا استدلال
نہین کیونکہ طحطاوی مین تحت قول صاحب مختار الا ما یشق تمییزہ بزازیہ سے نقل
کیا ہے کہ غیر المغضوب کو ظا سے پڑہنا اور ضالین کو دال سے یا ذال سے پڑہنا
موجب فساد صلوۃ نہین ہے بلکہ پڑہنا درست ہے اور اسی پر فتوی اکثر مشائخ
ہے اور فتاوی حجہ مین بھی یہی لکھا ہوا ہے پس روایت صاحب قاضی خان
اور طحطاوی و بزازیہ و فتاوی حجہ مین تعارض واقع ہو گیا و اذا تعارضا تساقطا
چہارم تمامی علماء و قراء عرب و عجم ولا الضالین کو ساتھ دال کے پڑہتے ہین
پس فعل جمہور علماء کیونکر بغیر وجہ موجب غلط قرار دیا جاوے پس مستفتی مستدعی
ہے کہ جواب شافی استفتاء ہذا کا مع دفعہ جمیع شکوک مندرجہ اور باقی اور جو
کہ پیدا ہوتے ہین موافق مذہب حق یعنی ملت حنفیہ کے مع نقل عبارات کتب معتبرہ
فقہیہ و تفسیر و قرأت و حدیث کے حوالہ قلم اعجاز رقم ہووے تاکہ تحقیق وافی کہ جسمین
مجال چون و چرا اسپر باقی نرہے ہو جاوے اور زاویہ نشینان ضلالت کو حق مین

ہدایت ہوگے جیسوا التفصیلاً نو جرو اکثیر اً فقط

**ہو المصوب** مختفی نرہے کہ درباب زلۃ قاری کے ساتھ ابدال ایک حرف
کے دوسرے حرف کے ساتھ اختلاف متقدمین و متاخرین مین واقع ہے متقدمین
کی رای یہہ ہے کہ اگر ایسی تغیر ہو جس سے بوجہ فساد معنی کے کفر لازم آتا ہے تو نماز
فاسد ہو جاویگی اور اگر ایسی تغیر نہو پس اگر بعد تغیر کے ایسی لفظ پڑہی کہ مثل اوسکا
کہین کلام اللہ مین موجود نہو اور معنی اوس لفظ کا اصل لفظ قرآن کے معنے سے
بعید ہو جیسے عذاب کی جگہہ عتاب پڑہنا تو بہی نماز فاسد ہو جاویگی اور ایسی
اگر اوس لفظ کے بعد تغیر کے پیدا ہوئی ہے کچہہ معنے نہون جیسے سرائر کی جگہہ سرار
پڑہنا اور اگر مثل اوسکا قرآن مین موجود ہو اور معنے اوسکے بعید ہون لیکن متغیر
بہ تغیر فاحش نہون تو بہی نماز فاسد ہوگی امام ابو حنیفہ و محمد کے نزدیک نہ ابو یوسف
کے نزدیک اور اگر مثل اوسکا قرآن مین نہو لیکن معنے متغیر نہون جیسے قوامین کی
جگہہ پر قیامین پڑہنا اس صورت مین ابو یوسف کے نزدیک نماز فاسد ہوگی نہ نزدیک
ابو حنیفہ و محمد کے اور یہہ تفصیل قدما کے نزدیک ہر صورت تغیر مین ہے خواہ بوجہ
اعراب کے ہو یا بوجہ ابدال حرف کے یا غیر ذلک اور متاخرین کی رای یہہ ہے
کہ اگر تغیر بوجہ خطا فی الاعراب کے ہو نماز نہ فاسد ہوگی تغیر معنے ہو یا نہو اور اگر
خطا تبدیل حرف ہو پس اگر دونو حرف مین بغیر مشقت فصل و امتیاز ممکن ہے
تو نماز فاسد ہوگی باتفاق المتاخرین جیسے صالحات کی جگہہ طالحات اور اگر اون
دونو حرف مین بمشقت امتیاز ہوتی ہو جیسے ظای معجمہ مکان ضاد معجمہ اور صاد
مہملہ مکان سین مہملہ اور طا مکان تا پس نزدیک اکثر متاخرین کے نماز فاسد نہوگی
لعموم البلوی اور بعض متاخرین کے نزدیک اگر دونو حرف قریب المخرج ہین تو
فساد نہوگا اور اگر نہین تو فاسد ہوگا غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی مین ہے

ان الخطاء فی القرآن اما ان یکون فی الاعراب ای الحرکات والسکون ویدخل فیه
تخفیف المشدد وقصر الممدود وعکسهما او فی الحروف بوضع حرف مکان آخر او زیادته
او نقصه او تقدیمه او تاخیره او فی الکلمات او فی الجمل کذلک او فی الوقف ومقابله والقاعدة عند المتقدمین
الا ما کان من تبدیل الجمل مفصولا بوقف تام وان لم یکن التغییر کذلک فان
الاصل فیه انه ان لم یکن مثله فی القرآن والمعنی بعید من معنی لفظ القرآن
متغیر تغیرا فاحشا قویا بحیث لا مناسبة بین المعنیین اصلا تفسد کما اذا قرأ
هذا الغبار مکان هذا الغراب وکذا اذا لم یکن مثله فی القرآن ولا معنی له کما
اذا قرأ یوم تبلی السرائل مکان السرائر وان کان مثله فی القرآن ومعنی اللفظ الذی
قرأه بعید من معنی اللفظ المراد ولم یکن تغیرا فاحشا تفسد ایضا عند ابی حنیفة
ومحمد وهو الاحوط وقال بعض المشائخ لا تفسد لعموم البلوی وهو قول ابی یوسف
وان لم یکن مثله فی القرآن ولکن لم یتغیر المعنی نحو قیامین مکان قوامین
فالخلاف علی العکس فالمعتبر فی عدم الفساد عند تغیر المعنی کثیرا وجود
المثل فی القرآن عنده والموافقة فی المعنی عندهما فهذه قواعد المتقدمین
واما المتأخرین کمحمد ابن مقاتل ومحمد بن سلام واسمعیل الزاهد
وابی بکر بن سعید البلخی والهندوانی والحلوانی فاتفقوا علی ان الخطاء ان کان
فی الاعراب لا یفسد مطلقا وان کان مما اعتقاده کفر لان اکثر الناس
لا یمیزون بین وجوه الاعراب وان کان الخطاء بابدال حرف بحرف فان امکن
الفصل بین الحرفین بلا کلفة کالصاد مکان الطاء فاتفقوا علی انه مفسد
وان لم یکن الا بمشقة کالظاء مکان الضاد والصاد مکان السین والطاء
مع التاء فاکثرهم علی عدم الفساد لعموم البلوی وعن ابن مقاتل یعتبر
قریب المخرج وعدمه انتهی ملخصا اور فتاوی بزازیہ میں ہے ان تغیر المعنی
ولیس مثله فی القرآن فسد ولا عبرة لقرب المخرج وانما العبرة لاتفاق المعنی

عندهما ولوجود المثل في القرآن عنده والاصل فيه انه ان امكن الفصل
بين الحرفين بلا كلفة كالصاد مع الطاء بان قرء الطلحات مكان الصلحات
فسد عند الكل وان لم يمكن الا بمشقة كالظاء مع الضاد والصاد مع السين
والطاء مع التاء فالاكثر على انه لا يفسد لعموم البلوى واطلق البعض
الفساد ان تغير المعنى وقال القاضي ابو الحسن وابو عاصم ان تعمد يفسد
وان جرى على لسانه او كان لا يعرف التمييز لا يفسد وهو اعدل الاقاويل
وهو المختار انتهى اور رد المحتار میں ہے قال في الخانية والخلاصة والاصل
فيما اذا ذكر حرفا مكان حرف وغير المعنى ان امكن الفصل بينهما بلا مشقة
تفسد والا يمكن الا بمشقة كالظاء مع الضاد المعجمتين والصاد والسين
المهملتين والطاء مع التاء قال اكثرهم لا تفسد وفي خزانة الاكمل قال
القاضي ابو عاصم ان تعمد ذلك تفسد وان جرى على لسانه ولا يعرف
التمييز لا تفسد وهو المختار حلية انتهى اور خزانة الروايات میں ہے في التهذيب
لو قرء الضاد مكان الظاء او على العكس تفسد عند ابي حنيفة ومحمد وعند
عامة المشائخ كابي مطيع ومحمد بن سلمة لا لان العجم بلوى عامة وفي الغياثية
ان قرء الله السمد مكان الصمد او السيف مكان الصيف او السالحين
مكان الصالحين او قرأ غير المغضوب بالظاء والضالين بالظاء او بالدال
قال بعضهم لا تفسد لانه بلوى عام فان العوام لا يميزون ولا يعرفون
مخارج الحروف منهم ابو القاسم ومحمد بن سلمة وكثير من المشائخ افتوا به
وبعضهم قالوا ان تغير المعنى تفسد صلوته منهم ابو مطيع وقال القاضي الامام
ابو الحسن والقاضي الامام ابو عاصم ان تعمد في ذلك تفسد وان جرى على
لسانه او لا يعرف التمييز لا تفسد هذا اعدل الاقاويل وهو المختار وفي التخييرة

بین الحرفین اذا کانا من مخرج واحد او کان بینہما قریب المخرج واحدھما
یستبدل بالآخر کان ذکر ھذا الحرف کذکر ھذا الحرف فلا یوجب فساد الصلوٰۃ
وان لم یمکن الا بمشقۃ کالفصل بین الحرفین اتحاد المخرج ولا قربہ الا ان فیہ بلوی العامۃ
بعضہم یأتی بالذال مکان الضاد وان یاتی بالزاء المحض مکان الذال و
الظاء مکان الضاد لا تفسد عند بعض المشائخ انتہی اور خزانۃ المفتین مین
نقلاً عن الخلاصۃ مرقوم ہے ان ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی فان امکن الفصل
بین الحرفین کالطاء مکان الصاد تفسد صلوتہ وان کان لا یمکن الفصل بین
الحرفین الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والطاء مع التاء والصاد مع السین
الاکثر علی انہ لا یفسد انتہی ان عبارات سے یہ معلوم ہوا کہ مفتی بہ اور اکثر مشائخ
کا قول یہ ہے کہ مدار فساد و عدم فساد حصول امتیاز بین الحرفین بمشقت و بلا مشقت
ہے اور بعض کے نزدیک بر تقدیر تغیر معنی کے صورت مشقت مین تعمد موجب فساد
ہے اور عدم تعمد عفو ہے اور بعض کے نزدیک اعتبار قرب مخرج و بعد مخرج کا
ہے اگر تغیر قریب المخرج کے ساتھہ ہوئی نماز نہ فاسد ہوگی ورنہ ہوگی اور بعض کے
نزدیک اگرچہ بلوی عام ہو نماز نہ فاسد ہوگی اگرچہ قرب مخرج و اتحاد مخرج نہو اور
معنے بھی متغیر ہو یہ سب اقوال متاخرین کے ہین بہر کیف یہ امر محقق ہوا پس جاننا
چاہیئے کہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین مین بنا بر قول متقدمین کے فتاوی
قاضیخان مین مرقوم ہے لو قرء غیر المغضوب بالظاء او بالذال تفسد ولو قرء
الضالین بالذال لا تفسد ولو قرء الدالین بالدال تفسد انتہی اور غنیۃ المستملی
مین ہے غیر المغضوب بالظاء والذال المعجمتین تفسد اذ لیس لہما معنی واما
الضالین بالظاء المعجمۃ او الدال المہملۃ لا تفسد لوجود لفظہما فی القرآن
وقرب المعنی لصحۃ تقدیر ولا الظالین ای المستمرین فی الضلال والدالین

ای القائلین هل ندلکم علی رجل الآیه ولو قرء بالذال المعجمة تفسد لبعد معنی
لانه اسم فاعل من ذل النخلة اذا وضع عذقها علی الجریدة لتحمله ولیس من
الذلة اذ لم یستعمل الوصف منها علی فاعل بل فعیل انتهی اور بنا بر مذہب اکثر
مشائخ کے ظا اور ذال ساتھہ پڑہنے سے نماز نہ فاسد ہوگی بوجہ تعسر امتیاز درمیان
ض معجمہ اور ظا معجمہ اور ذال معجمہ کے بخلاف دال مہملہ کے کہ اسمین اور ضاد معجمہ مین امتیاز
بمشقت نہین ہے اور ایساہی بنا بر مذہب مختار کے درصورت عدم تعمد کے
جیساکہ عبارت خزانۃ الروایۃ وغیرہ سے واضح ہے پس لازم ہے کہ ض معجمہ اپنے
مخرج سے کہ ممتاز ہے مخارج تمام حروف سے اخراج کیاجاوے اور بقصد اداے
ضاد معجمہ کہ اگر ظا معجمہ یا ذال معجمہ ادا ہوگا تو نماز بمذہب مختار صحیح رہیگی اور اگر
دال مہملہ ادا ہوگی نماز فاسد ہوگی هذا هو خلاصة الحکم فی هذا الباب
واللہ اعلم بالصواب **جواب سوال اول** جو شخص کہتا ہے کہ حرف ضاد کو اگر
بصورت ظا یا ذا ر پڑہا تو مفسد ہے اور بصورت دال مفسد نہین ہے اوسکا
قول نہ موافق مختار اکثر مشائخ کے ہے کیونکہ اونکے نزدیک ظاء اور ذا سے نماز
نہین فاسد ہوتی ہے اور نہ موافق متقدمین کے کیونکہ اونکی رای پر بھی ظا
ولا الضالین مین مفسد نہین ہے جیساکہ عبارت قاضیخان وغنیہ سے ظاہر
ہے بلکہ موافق عبارت قاضی خان کے ذال معجمہ بھی ولا الضالین مین مفسد نہین
اور دال مہملہ مفسد اور عبارت غنیہ اسکے عکس پر دال ہے اور دلیل اوس شخص
کی بھی قابل التفات نہین کیونکہ تمام کتب فقہیہ وغیرہ مین مذکور ہے کہ ضاد اور
ظا متشابہ الصوت ومتعسر الامتیاز ہین اور بر بنا اس قاعدہ متاخرین کے
حرف ضاد جہان ہو اوسکے بدلے اگر ظا پڑہ لیا جاوے نماز نہ فاسد ہوگی
اور عبارت قاضیخان کی ولو قرء غیر المغضوب بالظاء او الذال تفسد متفرع

طریقہ قدما پر بلحاظ تغیر معنے و عدم تغیر ہے نہ طریقہ مختار پر جیسا کہ صاحب محیط
بعد ذکر فروع مذکورہ فتاوی قاضیخان کے کہتے ہین ہذا ما ذکرہ قاضیخان
من ابدال ہذہ الاحرف الثلثۃ بعضہا من بعض فکلہ مخرج علی قواعد
المتقدمین انتہی **جواب سوال دوم** جو قاعدہ فتاوی قاضیخان وغیرہ
مین منسوب بطرف اکثر مشائخ ہے اوسمین اعتبار فصل بمشقت و بلا مشقت و تعسر
امتیاز و عدم تعسر امتیاز کیا گیا ہے اور جو قاعدہ ذخیرہ مین منسوب بہ بعض مشائخ
ہے اوسمین قطع نظر اسکے اعتبار بلوی عامہ کا کیا گیا ہے پس دونون قاعدے
جدا گانہ ہین اسیوجہ سے صاحب غنیہ شرح منیہ نے اولاً قاعدہ مذکورہ فتاوی
قاضیخان کو بطرف اکثر منسوب کرکے بمقام قاعدہ ذخیرہ تحریر کیا ہذہ قاعدۃ
اخری لبعض المتأخرین اعتبروا فیہ البلوی العامۃ انتہی **جواب سوال سوم**
عبارت مذکورہ قاضیخان مین ولا الظالین نسخ مطبوعہ مین زلت ناسخ ہے
اسوجہ سے کہ اس فرع کو اونہون نے بعد ذکر المغضوب کے لکھا ہے پس ظاہر یہہ ہے
کہ یہہ اوس ضالین کا ذکر ہے جو اوسکے ساتھ متصل ہے اور وہ نہین ہے
مگر ساتھ ضاد معجمہ کے اور بھی اسوجہ سے کہ اگر ظالین ظاء معجمہ سے ہو تو لفظ
خطا کے اوسکے کلام مین لغو ہوئی جاتی ہے اور بھی اسوجہ سے کہ اور کتب
فقہیہ مین مسئلہ ولا الضالین کا مذکور ہے پس یہہ عبارت ولا الضالین بالضاد
المعجمہ مین متفرع اوپر قول مشائخ متقدمین کے ہے اور جو طحطاوی و بزازیہ
وغیرہ مین مذکور ہے کہ ذال معجمہ اور ظاء معجمہ ولا الضالین مین مفسد نہین ہے
متفرع ہے مذہب مختار متاخرین پر فلا تعارض ولا تساقط عبارت طحطاوی کے
یہہ ہے فی البزازیۃ قال غیر المغضوب بالظاء او الذالین بالذال او الظاء
لا تفسد لعموم البلوی فان العوام لا یعرفون مخارج الحروف وکثیر

من المشائخ افتوا به انتہی اس عبارت مین کہین دال مہملہ کا ذکر نہین جیساکہ سائل نے ذکر کیا ہے شاید اوسنے معجمہ کو مہملہ سمجھا اور یہی مسئلہ اور کتب مین بھی اسیطور سے مذکور ہے کہین دال مہملہ کا نشان نہین ہے بلکہ ذال معجمہ اور ظا معجمہ پر جواز کا ذکر ہے اور بر طبق مذہب متاخرین دال مہملہ کے ساتھ جواز بھی نہین کیونکہ ضاد معجمہ اور دال مہملہ مین تعسر امتیاز جو باعث جواز ہے نہین البتہ بر طبق مذہب متقدمین دال مہملہ مین جواز غنیہ مین مذکور ہے جیساکہ عبارت سابقہ سے واضح ہے لیکن ظاہر یہ ہے کہ صاحب غنیہ سے اس مقام پر عبارت فتاوی قاضیخان کے سمجھنے مین غلطی واقع ہوگئی ذال معجمہ کو مہملہ اور مہملہ کو معجمہ سمجھے حکم صاحب غنیہ کا عکس حکم قاضیخان ہوگیا ہے **جواب سوال چارم** قرارد ... و عجم کا و لا الضالین کو دال مہملہ سے پڑھنا غلط محض ہے کیونکہ جسکو امتیاز مخرج ضاد اور دال مین نہین اور دونون مین امتیاز پر قدرت نہین وہ قاری نہین ... اور علمای عرب اور عجم بھی جو فن قرأت سے واقف ہین اور مسائل فقہیہ پر مطلع ہین دال مہملہ نہین پڑھتے ہین اور جو ایسے نہین وہ حکم عوام مین ہین اونکا عندیہ ... واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ...

| | |
|---|---|
| محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | ابو الحسنات محمد عبد الحی |

۱۵۲

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس ... کسی ہندو بیدین بت پرست نے اپنے کسی تہوار یا تقریب شادی ... مسلمان دیندار پرہیزگار یا مسلمان بے نماز زناکار شراب خوار بدعتی کو دعوت ... اور اون مسلمانون نے اوسکی دعوت قبول کی اور کوئی چیز مثل کھانے ... یا کھانے کا سامان یا نقد روپیہ لیا اور اوسی نے ہاتھ پکایا اور کھایا تو اسطرح ہندو کا کھانا اور دعوت لینا درست ہے یا نہین فقط ۔ اگر اسطرح کا کھ...

ہندونکا درست ہو تو فبہا ورنہ اون کھانے والون کی کیا سزا ہے فقط ۔ مسلمان
مبتدع شیعہ وسود خوار و رشوت خوار و شراب خوار کے گھر مسلمان دیندار کو کھانا
اور نوکری کرنا درست ہے یا نہین باوجودیکہ اوسکے گھر کھیتی بھی ہوتی ہے
اور مال حلال بھی ہے فقط ۔ ایک شخص کبھی نماز پڑھتا ہے اور کبھی غفلت سے
نہین پڑھتا ہے اور ایک شخص مقیم ہمیشہ نماز پڑھتا ہے اور مسئلہ دانی اور قرأت
اور عمر مین برابر پس ان دونون مین کسکی امامت جائز ہے اور کون کسکے پیچھے
نماز پڑھ سکتا ہے ۔ ایک شخص معذور جنب کہ غسل کرنے سے عاجز اور احتمال
بیماری بڑھنے کا ہے اور وضو کرنے مین کچھ ضرر بھی نہین پس وہ شخص وضو کر
نماز ادا کرے یا تیمم کرے فقط ۔ ایک شخص نے اپنی زوجہ اور لڑکے کو سوای ظلم کے
کبھی شفقت شوہرانہ اور پدرانہ سے نہین دیکھا اور نہ پرورش کیا اسلیئے وہ زوجہ
اور لڑکا اوس سے دور ہو گیا اور اب کسیطرح پرورش پاکر ہوشیار ہوا چونکہ
شوہر و پدر واجب الاطاعۃ ہین اور یہ دونون بسبب بی مہری اوسکی اطاعت
سے محروم رہے پس اسمین گناہگار کون ہے اور کون کسکے واسطے پوچھا جاویگا
باوجودیکہ زوجہ اور لڑکا اپنی خواہش سے اطاعت سے محروم نہین ہے فقط ۔
ایک شخص بار بار اپنے لڑکے کو نماز کے لیئے تاکید کرتا ہے لیکن وہ نہین سنتا ہے
پس ایسے لڑکے کو حسب شرع دور کرنا چاہیئے یا بسبب محبت کے رکھنا چاہیئے
در بسبب پیار و محبت رکھے بھی تو وہ شخص اپنے لڑکے بے نمازی کے لیئے ماخوذ
ہوگا یا نہین فقط ۔ افیون اور گانجا اور مدک کھانا حرام ہے یا نہین ۔ بے نمازی فقط
پورعصبہ بنفسہ اور عصبہ بالغیر مین کسکو ترجیح ہے امثال ۔ ام ۔ بنت ۔ اخت ابن الاخ
زوجہ ام بنت ۔ اخت ابن الاخ ۔ زوج ام بنت ۔ اخت ابن الاخ ۔ بینوا توجروا
ہو المصوب جواب سوال اول ہندو کے تہوار کے دن ہدیہ یاد عوت لینا

مسلمان کو نہین درست ہے جیسا کہ فتاوی ذخیرہ مین ہے لا ینبغی للمؤمن
ان یقبل ھدیة الکافر فی یوم عید ھو ولو قبل لا یرسل الیھم شیئاً انتھی
اور خزانة الروایات مین ہے فی الفصول والتاتارخانیة من المحیط ما یرسل
المجوس فی یوم نیروزھم من الاطعمة الی الاکابر والسادات من کانت بینه
وبینھم معرفة وذھاب ومجیئ فقد قیل من اخذ ذلک علی وجه الموافقة
یخشی ذلک بدینه انتھی باقی تقریب شادی اور غمی مین اگر ہندو دعوت
کرے تو اوسکا قبول کرنا درست ہے بعض فقہا رکے نزدیک اور بعض کے
نزدیک مکروہ ہے جیسا کہ خزانة الروایات مین ہے فی مفید المستفید من
الواقعات لا باس بالذھاب الی ضیافة اھل الذمة ھکذا ذکر محمد لکن المذکور
فی النوازل یخالف ھذا فانه کرہ فیه الاجابة انتھی اور برتقدیر جواز قبول
ضیافت مشروط ساتھہ اس امر کے ہے کہ مجلس دعوت غنا و مزامیر و بت پرستی
و شراب خواری و الحوار کفر و شرک محرمات سے خالی ہو اور اگر اوس مجلس مین
ایسے امور ہون تو جانا نہین درست ہے جیسا کہ در مختار مین ہے دعی الی
ولیمة وثمه لعب او غناء قعد واکل لو المنکر فی المنزل فلو علی المائدة لا ینبغی
ان یقعد بل یخرج فان قدر علی المنع فعل والا صبر ان علم او لا باللعب
لا یحضر اصلاً سواء کان ممن یقتدی به او لا انتھی جواب سوال دوم
جس شخص نے دعوت ہندو سکے تہوار کی قبول کی یا ضیافت تقریب مین باوجود
موجود ہونے منکرات شرعیہ کے گیا اوسپر توبہ و استغفار لازم ہے جواب
سوال سوم اگر مال حلال غالب ہے تو اوسکے یہان کھانا کھانا اور نوکری کرنا
درست ہے اور اگر حرام غالب ہے تو نہین درست ہے جب تک کہ یہ نہ معلوم ہو
کہ یہہ کھانا یا یہہ تنخواہ مال حلال سے ہے اشباہ مین ہے اذا کان غالب مال المھدی

حلالا فلا باس بقبول هدیته واکل ماله لم یتیقن انه حرام وان کان غالب
ماله الحرام لا یقبلها ولا یاکل الا اذا قال انه حلال ورثه او استقرضه انتهی
جواب سوال چهارم جو شخص همیشه نماز پڑھتا ہے وہی قابل امامت ہے
تنویر الابصار اور در مختار مین ہے الاحق بالامامة الاعلم باحکام الصلوة
ثم الاحسن تلاوة وتجوید للقراءة ثم الاورع ای الاکثر اتقاء للشبهات والتقوی
اتقاء المحرمات انتهی جواب سوال پنجم ہرگاہ وضو سے اوسکو عجز نہین جائز ہے
کہ تیمم جنابت کا کرے اور وضو کرکے نماز ادا کرے مدار اباحت تیمم عجز ہے
اصل سے جیسا کہ کتب فقہ مین مبسوط ہے واذ لیس فلیس جواب سوال ششم ایسی
صورت مین کہ نافرمانی کی ابتدا اور زیادتی پسر وزوجہ کی جانب سے ہو وہ ماخوذ
نہونگے جواب سوال ہفتم اگر ایسے لڑکے کو باقتضای محبت پدری رکھے گا تو بعید
ہے کہ وہ بقدر طاقت خود نصیحت کرتا جاتا ہے ماخوذ نہوگا جواب سوال
ہشتم یہ سب چیزین کہ مسکر ہین حرام ہین احادیث صحیحہ مین وارد ہے کل
مسکر حرام اور یہی مدار ہے ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام اور فتاوی بزازیہ
مین ہے قال محمد ما اسکر کثیرہ فقلیله حرام وهو نجس ایضا قالوا وبقول
محمد ناخذ انتهی جواب سوال نهم ان صورتون مین عصبہ بالغیر بوجہ قرب کے
مقدم ہے اور عصبہ بنفسہ محجوب ہے فتاوی عالمگیریہ مین ہے العصبة
مع غیرها اذا کانت اقرب الی المیت من العصبة بنفسها کانت العصبة مع
غیرها اولی بیانه اذا هلک الرجل وترک بنتا لاب وام وابن اخ لاب
نصف المیراث للبنت النصف للاخت ولا شیٔ لابن الاخ لان الاخت صارت
عصبة مع البنت وهی اولی المیت من ابن الاخ وکذلک اذا کان مکان
ابن الاخ لاب لاشیٔ للاخ کذا فی المحیط انتهی واللہ اعلم حررہ الراجی

استفتا ۱۵۱۳ سوال خطبہ آخر جمعہ رمضان میں الوداع یا الفراق پڑھنا درست ہے یا نہیں سوال مردے کو قبر میں جمال مبارک آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دکھلایا جاتا ہے یا نہیں ۔

ہو المصوب الوداع یا الفراق کا خطبہ آخر رمضان میں پڑھنا اور کلمات حسرت ورخصت کے ادا کرنا فی نفسہ مباح ہے بلکہ اگر یہ کلمات باعث ندامت وتوبہ سامعان ہووئی تو امید ثواب ہے مگر اس طریقہ کا ثبوت قرون ثلثہ میں نہیں ہے البتہ آخر شعبان میں خطبہ استقبال رمضان احادیث میں وارد ہے جیساکہ وارد مین ہے اخرج العقیلی وضعفہ وابن خزیمۃ والبیہقی والخطیب والاصبہانی عن سلمان الفارسی قال خطبنا رسول اللہ فی آخر یوم من شعبان فقال الحدیث بطولہ اور شاید جسنی اس طریقہ کا ایجاد کیا اسنے خطبہ آخر رمضان کو خطبہ استقبال پر قیاس کیا لیکن اہتمام کرنا خطبہ وداع کا جیسا کہ اس زمانہ میں مروج ہے اور اوسکو حد التزام تک پہونچانا خالی ابتداع سے نہیں علماے معتمدین کو لازم ہے کہ اس طریق کے التزام کو چھوڑیں تا عوام اعتقاد استحباب وسنیت بلکہ ضروری ہونے اس طریقہ خاص سے نجات پاویں - اور مردے کو قبر میں جمال مبارک کا دکھلانا نہیں ثابت ہے جلال الدین سیوطی کے رسالہ شرح الصدور میں مرقوم ہے سئل الحافظ ابن حجر ہل یکشف للمیت حتی یرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاجاب بانہ لم یرو ہذا فی حدیث وانما ادعاہ بعض من لا یحتج بہ بغیر مستند سوی قولہ فی ہذا الرجل ولا حجۃ فیہ لان الاشارۃ الی الحاضر فی الذہن انتہی واللہ اعلم

حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا ۱۵۱۴ چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ

کسے نابکار ماذونیت حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشفاعت ثابت
نیست لال آیۂ کریمہ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ جم غفیر مسلمانان را
در شفیع المذنبین بودن آن سرور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در شک انداختہ در حق این
چنین کس ناپاک باید گفت در ماذونیت حضرت خاتم الانبیاء والمرسلین صلعم بشفاعت
ثابت چہ در دنیا و چہ در آخرت از روی قرآن مجید وحدیث ثابت است یا نہ بینوا توجروا
ہو المصوب آن کسیکہ در شفیع بودن آن حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شک اندازد
جاہل و ملحد است باز نمی از آیات کثیرہ مثل واستغفر لذنبک وللمؤمنین والمؤمنات
وآیۂ عسی ان یبعثک ربک مقاماً محموداً وآیۂ ولسوف یعطیک ربک فترضی
وغیر ذلک وحدیث مشہورہ کہ در صحاح ستہ وغیرہ ماثور اند ثبوت شفاعت محمدیہ بتواتر
حسن ثابت شدہ است و در ماذون بودن آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم برای شفاعت
روایات صحیحہ وارد شدہ مانند ابن حجر مکی در زواجر عن اقتراف الکبائر می آرد واخرج
البیہقی وصححہ رأیت ما تلقی امتی بعدی وسفک بعضہم دم بعض فسألتہ
ان یولینی فیہم شفاعة ففعل ملخصاً واحمد بسند صحیح انہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال لقد اعطیت اللیلة خمساً ما اعطیہن احد قبلی الی ان قال والخامسة ہی
ما قیل لی سل فان کل نبی قد سأل فاخرت مسئلتی الی یوم القیامة فہی لکم و
لمن شہد ان لا الہ الا اللہ والطبرانی باسانید احدہا جید الا اخبرکم بما خیرنی
ربی آنفاً قلنا بلی یا رسول اللہ قال خیرنی بین ان یدخل ثلثی امتی فی الجنة بغیر
حساب ولا عذاب وبین الشفاعة قلنا یا رسول اللہ ما اخترت قال الشفاعة
انتہی ملخصاً ازین روایات ثابت شد کہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم را حق جل شانہ
اذن شفاعت دادہ و وعدۂ مقام محمود فرمودہ و بر ظاہر کہ در وعدۂ الٰہی وا
امکان خلف وکذب محال است وآیۂ من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ وغیرہ

موافق این احادیث اند چه از ین آیات همین قدر مستفاد است که صورت شفاعت
احدی بدون اذن الٰهی نمی تواند شد نه براینکه اذن همان روز خواهد شد از
ماقبل شده است والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۵۵ استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین اس مسئلہ میں نسبت طعام ہنود کے
تر و خشک میں کچھ فرق ہے یا نہیں لیکن تر مثل خشکہ و خشک مثل نان و حلوا وغیرہ
کے بینوا توجروا

ہو المصوب کچھ فرق نہیں نصاب الاحتساب میں ہے ما ابتلینا به من شراء
السمن والخل واللبن والجبن وسائر المائعات من الهنود على احتمال تلوث اوانيهم
فان نسائهم لا يتوقين من السرقين فعلى المحتسب ان لم يبد امنهم ان يستوثق
عليهم ان يجتنبوا من السرقين والميتة فان شق عليهم يامرهم ان يأتوا واناءهم
مسلما ليغسلها او يغسلوا ايديهم عن مرأى من المسلمين لان الاباحة فتوى والترك
تقوى وكذا لا بأس بطعام المجوس كله الا الذبيحة انتهى والله اعلم حرره الراجی
عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

۱۵۶ استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین اس مسئلہ میں چھوا ہنود کا و طعام
ہنود جو کہ باحتیاط پکایا گیا ہے مسلمان کو کھانا جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا عند الله
فی الفتاوی الغرائبية لا يكره للمسلمين ان يعودوا الكافرين ويعود مرضاهم واكل
طعامهم وفی السراجية لا بأس بطعام المجوسی الا الذبيحة انتهى فقط
ہو المصوب جائز ہے جیسا کہ خزانۃ الروایات میں ہے فی متفرقات دستور
القضاة عن الينابيع لا بأس بعيادة اهل الذمة وحضور جنائزهم واكل
طعامهم والمعاملة معهم وفی المضمرات لا يكره للمسلمين ان يعودوا

مرضا ہو ویاکل من طعامہ ہو انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۱۵۷
**استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ مثلاً ایک حافظ نے
ایک مسجد مین بعرصہ دس روز کے ختم تراویح ساتھہ ایک قوم کے پڑہا بعد ازان حافظ
موصوف دوسری مسجد مین ساتھہ دوسری قوم یعنے مقتدیون کے ختم تراویح پڑہا تو
تراویح سنت بختم مذکور واسطے ادن قومون کے ادا ہوگی یا نہین و ثواب پاوینگے
یا نہین بینوا توجروا

**ہو المصوب** ادا ہوگی خزانۃ الروایات مین ہے قد روی بعض اہل العلم
عن کنز الفتاوی رجل أم قوما فی التراویح وختم فیہا ثم أم قوما آخرین لہ ثواب
الفضیلۃ ولہم ثواب الختم انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۱۵۸
**استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ بعض کہتے ہین کہ فرمایا صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ جو کوئی تمسے احتراز کرے تم بھی اوس سے احتراز کرو آیا یہ احتراز صرف
اکل و شرب مین ہے یا ہر امورات مثل موانست و مشاورت وغیرہا مین فقط بینوا توجروا

**ہو المصوب** جملہ امور موانست اور محبت مین کفار سے احتراز اولے ہے۔
واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن
ذنبہ الجلی و الخفی

۱۵۹
**استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ نفل نماز بعد دو رکعت سنت نماز
ظہر و مغرب و عشا کی اکثر عوام پڑھتے ہین آیا اصل اسکی سنت و اجماع و قیاس سے
ثابت ہے یا نہین و پڑھنا اسکا موجب ثواب ہے یا سراسر بدعت قابل عذاب ہے
بینوا توجروا

ہو المصوب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بعد وتر کے دو رکعت نفل
بیٹھکے پڑھنا ثابت ہے جیسا کہ صحیح مسلم مین مروی ہے سألت عایشۃ عن
صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت کان یصلی ثلث عشرۃ رکعۃ
یصلی ثمان رکعات ثم یوتر ثم یصلی رکعتین وھو جالس فاذا اراد ان
یرکع قام فرکع ثم یصلی رکعتین بین النداء والاقامۃ من صلوۃ الصبح
نووی شرح صحیح مسلم مین لکہتے ہین الصواب ان ہاتین الرکعتین فعلهما
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد الوتر جالسا لبیان جواز الصلوۃ
بعد الوتر وبیان جواز النفل جالسا ولم یواظب علی ذلک بل فعلہ مرۃ
او مرتین او مرات قلیلۃ انتہی اور بعد دو رکعت سنت ظہر ومغرب وعشا کے
دو رکعت نفل پڑہنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ابتک نظر سے نہین گذرا
لیکن جو شخص بقصد ثواب بدون اعتقاد سنیت پڑہیگا وہ ثواب پاویگا
کیونکہ حدیث مین وارد ہے الصلوۃ خیر موضوع فمن شاء فلیقلل ومن
شاء فلیکثر البتہ ان اوقات مین نفل دو رکعت کھڑے ہوکے پڑہنا چاہئے
نہ بیٹھکے جیسا کہ اکثر عوام کی عادت ہے اس وجہ سے کہ صحیح مسلم و موطا
وغیرہ کتب معتبرہ مین مروی ہے صلوۃ الرجل قاعدا نصف صلوۃ
قائما واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۲۰ استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ
کہ اکثر کتب فقہیہ مین دیکھا جاتا ہے کہ جو جوٹھا آدمی کا مسلم ہو یا کافر پاک ہے
اس قیاس پر اگر کوئی ہنود حقہ یا ظروف مسلمان کا سہوا یا قصدا جوٹھا کر
اور پہر مسلمان اوس چیز کو سہوا یا قصدا دہوکر یا بدون دہوئے اپنے استعمال

مین ڈالدے تو کچھ ضرر اسلام مین ہے یا نہین بینوا توجروا ؟

**ہو المصوب** فی الواقع جھوٹا کافر کا اور تھوک اوسکا پاک ہے پس حقہ جھوٹا اوسکا پینا یا جھوٹی برتن مین اوسکے کھانا کھانا بغیر دہونے کے درست ہے جبتک کہ کسی نجاست کا اختلاط معلوم نہو ہان اگر کافر نے شراب پی اور فی الفور کسی چیز کے ساتھ اوسکا تھوک لگگیا یا حقہ اوسکے منہ مین فی الفور دیا گیا ایسی صورت مین حکم نجاست کا دیا جاوے گا کنز الدقائق اور اوسکی شرح بحر رائق مین ہے سور الآدمی والفرس وما یوکل لحمہ طاہر اما الآدمی فلان لعابہ متولد من لحم طاہر ولا فرق بین الجنب والطاہر والحائض والنفساء والصغیر والکبیر والمسلم والکافر والذکر والانثی کذا ذکرہ الزیلعی یعنی ان الکل طاہر طہور من غیر کراہۃ وفی الخلاصۃ والتجنیس رجل شرب الخمر ان تردد فیہ من البزاق بحیث لو کان الخمر علی ثوب طہرہا ذلک البزاق لا یتنجس والکراہۃ انما ہو فی الشرب من ساعتہ فان سورہ نجس لا لنجاسۃ لحمہ بل لنجاسۃ فمہ ولو مکث قدر ما یغسل فمہ بلعابہ ثم شرب لا یتنجس انتہی ملخصًا - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۶۱ **استفتا** نیکو آگاہان علم دین وخوب تر دانندگان شرع متین چہ زبان ہمی رانند وچہ سخن می سنجند اندرین معنے کہ سگ کہ پلید تر اعنی نجس العین ہست پروردنش چہ مایہ علم تر دامنی بر می افزاند و فرو ریختن موہانش بخانہ فرشتگان رحمت را سنگ راہ می شود یانی بینوا توجروا

**ہو المصوب** پروردن سگ اگر برای شکار کنانیدن یا برای حفاظت زراعت یا جانوران یا پاسبانی بوقت ضرورت باشد درست است بدون

این امور بغیر ضرورت پرورد و نقش ناجائز و باعث حرمان ثواب اعمال صالحه است در
موطا امام محمد است اخبرنا مالک اخبرنا یزید بن خصیفة ان السائب بن یزید اخبره
انه سمع سفیان بن ابی زهیر یحدث اناساً معه وهو عند باب المسجد قال سمعت رسول الله
صلی الله علیه وسلم یقول من اقتنی کلباً لا یغنی به زرعاً ولا ضرعاً نقص من عمله
کل یوم قیراط قال محمد یکره اقتناء الکلب لغیر منفعة فاما کلب الزرع او الضرع
او الصید او الحرث فلا بأس اخبرنا مالک عن عبد الملک بن میسرة عن ابراهیم
النخعی قال رخص رسول الله لاهل البیت القاصی فی الکلب یتخذونه قال محمد
فهذا للحرس اخبرنا مالک اخبرنا عبد الله بن دینار عن ابن عمر قال من اقتنی کلباً
الا کلباً ماشیة او ضاریاً نقص من عمله کل یوم قیراطان انتهی ملخصاً و در احادیث
صحیحه وارد است که پروردن سگ و بودن نقش در مکان سد راه نزول ملائکه رحمت
میگردد و سیوطی در رسالۂ الحبائک فی اخبار الملائک می آرد اخرج ابن ماجة
عن علی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الملائکة لا تدخل بیتاً فیه
کلب ولا صورة واخرج احمد ومسلم وابو داؤد والترمذی عن ابی هریرة قال
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تصحب الملائکة رفقة فیها کلب ولا جرس
واخرج ابو داؤد والنسائی والحاکم عن علی قال قال رسول الله صلی الله علیه
وسلم لا تدخل الملائکة بیتاً فیه صورة ولا کلب ولا جنب انتهی والله اعلم
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

**استفتا** اہل اسلام کو ہنود اور یہود و نصاری سے اور مجوس سے سود لینا
جائز ہے یا نہیں۔ زید کی دختر صالحہ کو ہندہ زوجہ برادر ماموں زاد زید نے دودھ
پلایا۔ خالدہ دختر ہندہ سے برادر حقیقی زید کو عقد کرنا جائز ہے یا نہیں اور خالدہ ہمشیرہ
رضاعی صالحہ ہے یا نہیں اور زید پر حرام ہوئی یا نہیں ۞

1295
1878

**ہو المصوب جواب اول** دار الحرب مین اہل اسلام کو کفار سے سود لینا
یہود یا نصاری امام ابو حنیفہ کے نزدیک سود لینا جائز ہے جیساکہ ہدایہ وغیرہ مین
ہے کا ربوا بین المسلم والکافر فی دار الحرب لیکن بلاد ہند جو قبضہ نصاری مین
ہین دار الحرب نہین ہین انمین کافر سے سود لینا نہین جائز ہے **جواب دوم** خالہ
ہمشیرۂ رضاعی صالحہ ہوئی لیکن وہ زید پر حرام ہے نہ اوسکے برادر پر جیساکہ درمختار
وغیرہ مین مصرح ہے وقس علیہ ما فی الحل اخت ابنہ وبنتہ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا سوال** ما یقول العلماء فی ہذہ المسئلۃ ذکر فی کتب الاحناف
قاطبۃ لا یقضی سنۃ الفجر الا اذا فاتت مع الفجر فیقضیا تبعا لقضائہ قبل الزوال
واما اذا فاتت وحدہا فلا تقضی قبل طلوع الشمس بالاجماع لکراہۃ النفل بعد الصبح
والاصل فیہ قولہ علیہ السلام لا صلوۃ بعد الصبح حتی تطلع الشمس ولا صلوۃ
بعد العصر حتی تغرب الشمس رواہ ابو داؤد لکن یعارضہ ما روی قیس بن عمرو رای
رسول اللہ رجلا یصلی بعد صلوۃ الصبح رکعتین فقال صلوۃ الصبح رکعتین
فقال الرجل انی لم اکن صلیت الرکعتین اللتین قبلہما فصلیتہما الآن فسکت
رسول اللہ رواہ ابو داؤد فما وجہ التوفیق ودفع التعارض بینوا توجروا

**ہو المصوب** لا شک فی صحۃ الاحادیث التی وردت بالمنع عن الصلوۃ بعد
طلوع الفجر حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب من التطوعات علی ما فی الصحیحین
وغیرہما وکذا لا شبہۃ فی کون الحدیث الدال علی جواز اداء سنۃ الفجر بعد صلوۃ
الفجر قبل طلوع الشمس محتجا بہ الا ان اصحابنا لما اثبتوا فی الاصول ان النص المبیح
والمحرم اذا تعارضا یقدم المحرم وان القول مقدم علی الفعل والتقریر حکموا احتیاطا
بالمنع عملا باحادیث النہی العامۃ القولیۃ المحرمۃ وکذا قال العینی فی البنایۃ شرح الہدایۃ

بعد ذکر التعارضین ان المجیب والحافظ اذا تعارضا جعل الحافظ متاخراً وقد ورد النهی فی کثیر من الاحادیث انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۶۳ **استفتاء** چہ میفرمایند علمای دین درین مسئلہ اگر زن تابعداری شوہر نکند و سخن او نشنود باوجود یکہ باو فہمایش تا چنانکہ باید کردہ شد پس شوہر او را چہ لازم خواہد بود و ہم تابعداری والدین از تابعداری شوہر مقدم داشتہ اند۔ اگر کسے کلام مجید بآواز بلند خواند و کسانیکہ ہر چہار جانب شخص خوانندہ نشستہ اند بوجہ چند گوش ندارند یا بوجہ در شغل کارہای دنیاوی بہ شنیدن آن میل نکنند ہمچون حالت شخص خوانندہ را لازم خواہد بود کہ آہستہ بخواند اگر نخواند دران حالت مسئلہ چہ میگوید۔

**ہو المصوب** تابعداری شوہر زن مقدم ہست از تابعداری والدین و زنیکہ در خلاف مرضی شوہر سرگرم ماند اولاً شوہرش نصیحت لسانی سازد و اگر موثر نگردد جدا از و ترک کلام و مجامعت سازد تا او را تنبیہ حاصل شود اگر برین ہم اثری نشود ضرب آن بغیر تکلیف دہ نگردد درست ہست قال اللہ تعالیٰ فی کتابہ واللاتی تخافون نشوزہن فعظوہن واہجروہن فی المضاجع واضربوہن فان اطعنکم فلا تبغوا علیہن سبیلاً واخرج الحکیم فی نوادر الاصول عن انس ان رجلاً انطلق غازیاً واوصی لامرأتہ ان لا تنزل من فوق البیت وکان والدہا فی اسفل البیت فاشتکی ابوہا فارسلت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تخبرہ وتستامرہ فارسل الیہا اتقی اللہ واطیعی زوجک ثم ان والدہا توفی فارسلت الیہ تستامرہ فارسل الیہا مثل ذلک واخرج البزار والطبرانی فی الاوسط عن عائشۃ سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الناس اعظم حقاً علی المرأۃ قال زوجہا قلت ای الناس اعظم حقاً علی الرجل قال امہ واخرج ابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم والبیہقی فی سننہ عن ابن عباس فی قولہ تعالیٰ واللاتی تخافون نشوزہن قال

ان المرأة تتشزر وتستخف بحق زوجها ولا تطيع امره فامره الله ان يعظها ويذكرها بالله
فان قبلت والا يهجرها في المضاجع ولا يكلمها من غير ان يذر نكاحها فان رجعت والا
ضربها ضربا غير مبرح ولا يكسر لها عظما ولا يجرح جرحا كذا في الدر المنثور لجلال الدين
السيوطي والله اعلم **جواب سوال دوم** شنیدن قرآن شریف فرض نیست بر سامعین
واگر سامعین وحاضرین مشغول بکار باشند وتوجه بسماعت نسازند درین صورت قاری
لازم که آهسته بخواند وباعث گنهگار شدن حاضرین نشود وعلامه منتاری زاده در رسالہ
خير الاتباع في مسئلة الاستماع که در بحث سماعت قرآن تالیف ساخته وتفتیش واسعی
درین مسئله کرده می نویسد في المحيط يكره رفع الصوت بقراءة القرآن عند المشتغلين
لان فيه منع غيره عن شغله وفي شرح التحفة نقلا عن ظهير الدين التمرتاشي لا يقرأ
القرآن جهرا عند المشتغلين بالاعمال لما فيه من قطعهم عن الاعمال او تركه الاستماع
وفي المنهية امرأة تغزل في البيت ليس لاحد ان يقرء القرآن عندها جهرا انتهى ملخصا
والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه
الجلي والخفي

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ
تعریف مصر کی کیا ہے اگر یہ ہے کہ اوس جگہ کے رہنے والون سے اکبر مساجد بھر جاے
تو رہنے والون مین بعض لوگ ایسے ہین کہ اون پر جمعہ واجب نہین مثل صبی اور مرأة اور
اور کافر وغیرہ کے ان لوگون کا اعتبار ہوگا یا نہین بینوا بالتفصیل بحوالة الکتاب
توجروا من الله الجليل نعم الثواب

**هو المصوب** مصر کی تعریف مین فقہاء کا اختلاف واقع ہے اور مختار اکثر فقہاء اور
مفتی بہ نزدیک جمہور متأخرین کے تعریف مصر مین یہی ہے کہ اوس جگہ کے رہنے والون کو
اکبر مساجد اوس جگہ کے کافی نہو اور مراد ان لوگون سے وہ لوگ ہین جنپر جمعہ فرض ہے

اور صبی اور کافر وغیرہ جو مکلف جمعہ کے ساتھ نہیں ہیں خارج از بحث ہیں برجندی
شرح مختصر وقایہ میں لکھتے ہیں وما لا یسع اکبر مساجدہ اہلہ مصر وهذا التفسير مروی
عن ابی یوسف والمراد باهله هم الذين يجب عليهم الجمعة وعنه ايضا كل موضع فيه
يسكن عشرة آلاف رجل وعنه ايضا ان كل موضع له امير وقاض ينفذ الاحكام ويقيم
الحدود وهو اختيار الكرخي كذا في الهداية ثم الظاهر ان المراد باكبر المساجد هو المسجد
الجامع لكن في الخزانة ان احسن ما قيل في الباب انهم اذا كانوا بحال لو اجتمعوا في اكبر
مساجدهم لا يسعهم حتى احتاجوا الى بناء المسجد الجامع فهذا صريح في ان المراد باكبر
المساجد غير المسجد الجامع وقد صرح في فتاوى الزاهدي من ان المراد باكبر المساجد
اكبر المساجد للصلوة الخمس وقال بعضهم هو ان يعيش كل محترف بحرفته من سنة الى
سنة من غير ان يحتاج الى حرفة اخرى وقال بعضهم هو ان يكون بحال لو قصدهم
عدو يمكنهم دفعه وقال بعضهم هو ان يولد فيه كل يوم ويموت فيه انسان وقال بعضهم
ان لا يعرف عدد اهله الا بكلفة ومشقة انتهى ملخصا اور تنوير الابصار اور درمختار
میں ہے هو ما لا يسع اكبر مساجده اهله المكلفين بها وعليه فتوى اكثر الفقهاء
مجتبى انتهى ردالمحتار میں ہے قوله المكلفين بها احترز به عن اصحاب الاعذار مثل النساء
والصبيان والمسافرين عن القهستاني قوله وعليه فتوى اكثر الفقهاء وقال ابو شجاع
هذا احسن ما قيل فيه وفي الولوالجية هو صحيح بحر وعليه مشى في الوقاية ومتن المختار
وشرحه وقدمه في متن الدرر على القول الآخر وظاهره ترجيحه ايده صدر الشريعة
بقوله لظهور التوانى في احكام الشرع سيما في اقامة الحدود في الامصار انتهى اور
بحر الرائق میں ہے في المجتبى عن ابى يوسف انه اذا اجتمعوا في اكبر مساجدهم للصلوات
الخمس لم يسعهم وعليه الفتوى لاكثر الفقهاء وقال ابو شجاع هذا احسن ما قيل انتهى
والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوى ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ | ابو الحسنات محمد عبد الحی



۱۴۵ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ زید اپنی زوجہ کو حکم ادای نماز پنجگانہ کرتا ہے زوجہ کبھی نماز پڑھتی ہے اور کبھو قصدًا قضا کرتی ہے اس وجہ سے زید منکوحہ مذکورہ سے ناراض رہتا ہے اس صورت مین شرع شریف کیا حکم کرتی ہے آیا زید اوس سے ہمخوابی ترک کرے یا تنبیہًا اوسے مارے یا طلاق دیوے بینوا بالتفصیل بحوالۃ الکتاب توجروا من اللہ الجلیل نعم الثواب ۔

**ہو المصوب** اگر وہ عورت نصیحت زبانی نہین مانتی ہے اوس سے بہ نیت تنبیہ اور زجر کے ہمخوابی ترک کرے اور تنبیہًا اوسکو مارنا بھی درست ہے مگر نہ اسطرح پر کہ اوسکو زائد تکلیف ہو اور طلاق دیدینا بھی درست ہے مگر ضروری نہین اور اگر وہ عورت کسیطرح سے نہ مانے اوسکو اپنی زوجیت مین باقی رکھنا ممنوع نہین ہے کیونکہ ذمہ شوہر کا بوجہ نصیحت کے پاک ہوگیا عدم قبول نصیحت کا وبال اوس عورت پر ہوگا اشباہ مین ہے للزوج ان یضرب زوجتہ علی ترک الزینۃ بعد طلبہا و علی عدم اجابتہا الی فراشہ وہی طاہرۃ من الحیض و النفاس و علی خروجہا من منزلہ بغیر حق و علی ترک الصلوۃ فی روایۃ انتہی حموی حواشی اشباہ مین لکھتے ہین قولہ و علی ترک الصلوۃ فی روایۃ مشی علیہ فی الکنز تبعا للکثیرین و فی النہایۃ تبعا لما فی الحاکم انہ لایجوز لہ لان المنفعۃ لا تعود الیہ بل الیہا انتہی اور خزانۃ الروایت مین ہے فی الخانیۃ لہ ان یضربہا علی اربعۃ منہا ترک الزینۃ اذا اراد الزوج الزینۃ و الثانیۃ ترک الغسل من الحیض و النفاس و الجنابۃ و الثالثۃ ترک الصلوۃ و الرابعۃ الخروج من منزلہ بغیر اذنہ بعد ایفاء المہر فی القنیۃ لہ امرأۃ فاسقۃ لا تنزجر بالزجر لا یجب علیہ تطلیقہا فی الخانیۃ رجل لہ امرأۃ لا تصلی کان لہ ان یطلق انتہی و اللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی ۔

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۲۸ **استفتا** زید ساٹھہ برس کی عمر مین ایک زوجہ اور تین بیٹے اور دو بیٹیان چھوڑ کر مفقود الخبر ہو گیا اب تقسیم ترکہ مین کب تک انتظار ہونا چاہیئے اور اندر میعاد کے وارث کے درمیان مین اوسکے ترکہ کا نفع کیونکر متصور ہو گا اور اوسکے انتظام کی کیا صورت ہو گی فقط

**ہو المصوب** اوسکے تقسیم ترکہ مین بیس سال اور انتظار چاہیئے تا نوے برس اوسکی عمر کے پورے ہو جاوین بعد اوسکے جو ورثا اوسوقت موجود ہونگے اونپر وہ ترکہ تقسیم ہو گا اور اتنی مدت تک مال اوسکا اوسکے وکیل اور امین کے قبضہ مین رہے گا اگر وہ کسی وکیل و یا امین کر گیا ہو ورنہ حاکم کسی محافظ کو مقرر کرے گا اور ورثہ اوسکے مال سے نفع نہین اوٹھا سکتے ہین درمختار مین ہے فی معروضات المفتی ابی السعود لیس لامین بیت المال نزعہ من ید من بیدہ ممن امن علیہ قبل ذھابہ انتہی اور تنویر الابصار مین ہے لا یقسم مالہ ونصب القاضی من یاخذ حقہ ویحفظ مالہ ویقوم علیہ عند الحاجۃ الی موت اقرانہ فی بلدہ علی المذہب انتہی اور رد المحتار مین ہے قولہ علی المذہب قیل یقدر بتسعین سنۃ من حین ولادتہ واختارہ فی الکنز وھو الارفق ھدایۃ وعلیہ الفتوی ذخیرۃ انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۲۹ **استفتا** نیل یعنے وسمہ سیاہ کا موی ریش سفید مین خضاب لگانا حرام محض ہے اور مرتکب اسکا صرف خاطی ہے یا مرتکب گناہ بینوا توجروا

**ہو المصوب** خضاب برنگ سیاہ خالص ممنوع و گناہ کبیرہ ہے ابن حجر مکی نے زواجر مین اسکو کبائر مین شمار کیا ہے اسوجہ سے کہ حدیث مین وارد ہے یکون فی آخر الزمان قوم یخضبون بالسواد کحواصل الحمام لا یجدون رائحۃ الجنۃ رواہ ابوداود والنسائی یعنے آخر زمانہ مین ایسے لوگ ہونگے کہ سیاہ خضاب کرینگے

مانند رنگ دانہ دادن کبوتر ان کے وہ لوگ نہ پاوینگے بوی جنت کو اور طبرانی نے روایت کیا ہے من خضب بالسواد سود اللہ وجہہ یوم القیامۃ یعنے جو شخص سیاہ خضاب کریگا بروز قیامت حق تعالی اوسکو سیہ رو کریگا اور ملا علی قاری شرح شمائل ترمذی مین لکھتے ہین ذھب اکثر العلماء الی کراھۃ الخضاب بالسواد وجنح النووی الی انھا کراھۃ تحریم وان من العلماء من رخص فیہ للجہاد ولم یرخص فیہ لغیرہ انتہی پس برگ نیل سے اگر سیاہ خضاب ہووے وہ ممنوع ہے مثل اسکے کہ پہلے بالون کو مہندی سے رنگین کرے اوسکے بعد استعمال نیل کا کرے اس صورت مین رنگ سیاہ ہوتا ہے اور اگر رنگ خالص سیاہ نہووے مثلاً نیل کے ساتھ مہندی وغیرہ شریک کیا جاوے جس سے رنگ مائل بسرخی ہو تو درست ہے جیسا کہ امام محمد موطا مین لکھتے ہین لا نری بالخضاب بالوسمۃ والحناء والصفرۃ بأسا انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۹

**استفتا** سانڈہ کا کھانا درست ہے یا نہین یعنے جب وہ کسی شخص خاص کی ملک نہین ہے تو بنام خدا ذبح کرکے کھانا جائز ہوگا یا نہین بینوا توجروا

**ھو المصوب** نہین جائز ہوگا جب تک مالک اوسکا اجازت نہ دیوے اسوجہ سے کہ جو کسی جانور کا بغیر اجازت اوس شخص کے جو بادی ملک مالک سے اوسکو نہین نکالتا ہے جیسا کہ رد المحتار مین ہے المختار فی الصید انہ لا یملکہ اذا لم یجعہ وکذا فی الدابۃ اذا سیبہا مالکہا بسطہ الشہید الاول انتہی اور در مختار مین ہے ان کان مہملاً فہو مال الغیر فلا یجوز تناولہ الا باذن صاحبہ لیلعی انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۰

**استفتا** بکر برادر زادہ ہندہ اور زید خواہر زادہ ہندہ ہے اور ہندہ لاولد ہے اور زید کو اوسنے فرزندی مین لیکر پرورش کیا ہے اسوجہ سے ہندہ نے کل جائداد

اپنی زید کو ہبہ کر دی تو اس ہبہ کرنے سے ہندہ مواخذہ دار عند اللہ و عند الرسول

ہوگی یا نہیں ۃ

**ہو المصوب** اس ہبہ سے ہندہ گنہ گار ہوگی کتب فقہ و حدیث مین تصریح اس کی ہے کہ اگر بعض اولاد کو ہبہ مین فضیلت دی بغیر وجہ شرعی کے تو گناہ لازم ہوتا ہے جیسا کہ سراج منیر مین ہے لو اعطے بعض ولدہ شیئا دون البعض لزیادۃ رشدہ لا باس به ولو کانا سواء یجوز فے القضاء ولکن هو آثم کما فی المختار انتہی چہ جائیکہ ایسے شخص کو کل مال ہبہ کرے جو وارث شرعی نہین ہے کہ اوس سے حرمان وارث لازم آوے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۃ

**۱۴۱ استفتا** مالش کرنا چربی شیر کا واسطے دوا کے جائز ہے یا نہیں اور بغیر دھوئے ہوئے اوسکے نماز درست ہے یا نہیں ۃ

**ہو المصوب** چربی شیر کی حرام اور نجس ہے اور تداوی بالمحرم مین اختلاف فقہا کا ہے بعض مطلقاً ممنوع کہتے ہین اور بعض بشرط ضرورت اسطرح پر کہ باخبار طبیب حاذق مسلم یہ معلوم ہو کہ اوس مرض کی کوئی اور دوا نہین ہے اور اسمین شفا مظنون ہے جائز رکھتے ہین جیسا کہ در مختار مین ہے اختلف فی التداوی بالمحرم فظاهر المذهب المنع کما فی رضاع البحر لکن نقل المصنف ثمہ وهنا عن الحاوی قیل ترخص اذا علم فیه الشفاء ولم یعلم دواء آخر کما رخص الخمر للعطشان وعلیه الفتوی انتہی و بر تقدیر استعمال بغیر دھوئے کپڑے نماز نہین جائز ہے۔ واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

**۱۴۲ استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ رویت ہلال ایک ملک کی دوسرے ملک مین معتبر ہے یا نہین اور اگر معتبر ہے تو دو دونون ملک کتنی بعد پر واقع ہون اور اختلاف مطالع کا کتنے مسافت زمین مین معتبر ہے کتب معتبرہ و حدیث صحیح

مع عبارت و نام کتاب تحریر فرمایئے بینوا توجروا فقط

**هو المصوب** حنفیہ کا اس باب مین اختلاف ہے بعض کی رای یہہ ہے کہ اختلاف مطالع کا مطلقا اعتبار نہین ہے جسے کہ اہل مشرق پر رویت ہلال مغرب جب خبر رویت کی بطور شرعی پہونچ جاوے روزہ واجب ہے اور بعض کی یہہ رای ہے کہ جسقدر مسافت مین بحسب قواعد مبرہنہ علم ہیأت اختلاف مطالع ہوتا ہے اور ایک شہر مین رویت ہو سکتی ہے دوسرے مین نہین اوسقدر مین اختلاف مطالع معتبر ہے اور جس سے کم مین نہین اور اوسنے مسافت اختلاف مطالع کا بمقدار ایک مہینہ کے ہے پس جب ایک شہر مین مثلاً لکھنؤ یا اوسکے اطراف مین چاند رمضان کا دیکھا گیا پس جو شہر اوس سے ایک مہینہ کی یا زائد اس سے مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر یہہ حکم لازم نہوگا اور جو شہر اس سے کم مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر یہہ حکم لازم ہوگا اور یہی مذہب محدثین حنفیہ کا ہے اور موافق حدیث ابن عباس کے جو صحیح مسلم اور جامع ترمذی وغیرہ مین مروی ہے تاتارخانیہ مین ہے اہل بلدۃ اذا راوا الہلال ہل یلزمہ فی حق کل بلدۃ اختلف المشائخ فیہ فبعض قالوا لا یلزمہ و فی الخانیۃ لا عبرۃ باختلاف المطالع فی ظاہر الروایت و فی القدوری اذا کان بین البلدتین تفاوت لا یختلف بہ المطالع یلزمہ و ذکر شمس الائمۃ الحلوانی انہ الصحیح من مذہب اصحابنا انتہی اور طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح مین لکھتے ہین قیل یختلف باختلاف المطالع واختارہ صاحب التجرید وهو الاشبہ لان انفصال الہلال من شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار و هذا مثبت فی علم الافلاک والہیأت واقل ما یختلف بہ المطالع مسیرۃ شہر کما فی بحر الجواہر انتہی اور زیلعی شرح کنز مین لکھتے ہین اکثر المشائخ علی انہ لا یعتبر اختلاف المطالع والاشبہ انہ یعتبر لان کل قوم مخاطبون بما عندہم و انفصال الہلال من شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار والدلیل علی اعتبارہ ما روی عن کریب

ان ام الفضل بعثته الى معاوية قال فقدمت الشام وقضيت حاجتها واستهل
شهر رمضان وانا بالشام فرأينا الهلال ليلة الجمعة ثم قدمت المدينة في
آخر الشهر الى ابن عباس وذكر الهلال فقال متى رأيتم الهلال فقلت ليلة الجمعة
فقال انت رأيته قلت نعم ورآه الناس صاموا وصام معاوية فقال لكنا
رأيناه ليلة السبت فلا نزال نصوم حتى نكمل ثلاثين او نراه فقلت اولا تكتفي
برؤية معاوية وصيامه قال لا هكذا امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في
المنتقى رواه الجماعة الا البخاري وابن ماجة انتهى اور مختارات النوازل میں ہے
اهل بلدة صاموا تسعة وعشرين يوما بالرؤية واهل بلدة اخرى صاموا ثلثين
بالرؤية فعلى الاولين قضاء يوم اذا لم يختلف المطالع بينهما واما اذا اختلف
لا يجب القضاء انتهى اور یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ کل اہل بلاد رویتہم اس سے مراد
نہیں ہے کہ مطلق ایک جگہہ کی رویت دوسری مقام پر معتبر نہو ورنہ لازم آویگا کہ اگر
ایک شہر میں رویت ہو اور دوسرے شہر کہ اوس سے صرف دو ایک منزل یا دو
کوس دور ہو رویت نہو تو وہ رویت اون لوگوں کے حق میں معتبر نہو اور یہ امر کوئی
عاقل کہ جسکو کتب حدیث کے ساتھ ممارست اور فن ہیأت کے ساتھ مناسبت ہے
تجویز نکرے گا بل لا یقول بہ الا جاہل غبی او غوی بلکہ مراد اوس سے یہی ہے کہ جن
دو بلادوں میں اختلاف مطالع ہوتا ہے اور یہ ممکن ہے کہ ایک جگہہ ہلال دیکھا جاوے
اور دوسری جگہہ نہیں ایسے دو بلادوں میں ایک جگہہ کا حکم دوسری جگہہ لازم نہوگا اور
اگر ایسا نہو جیسے دونوں شہروں میں مسافت ایک مہینہ سے کم ہو تو ضرور حکم ایک جگہہ
کا دوسری جگہہ پر لازم ہوگا اور ایک روزہ قضا کرنا پڑے گا واللہ اعلم۔ حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی
والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک قصبہ مین نماز جمعہ کی ایک مسجد مین بجماعت کثیر ہوتی تھی اور اون نمازیون مین بعض بعض شخص آمین بالجہر و رفع یدین کرنے والے تھے اور برسون سے اسکا جھگڑا تھا ایک دفعہ ایک جاہل نے عین نماز مین آمین بالجہر کرنے والیکو مارا تو اس صورت مین اوس مسجد مین اذن عام ہے یا نہین اور حال یہہ کہ امام نے کسیکو منع نہین کیا کہ تم یہان نماز نہ پڑہو اور بسبب مارپیٹ کے عالم آمین بالجہر و اسلیے یہہ فرماتے ہین کہ اس مسجد مین نماز جمعہ کی نہین ہوتی اور اوس مارپیٹ کو سبب عدم اذن عام قرار دیتے ہین تو اس صورت مین کیا حکم ہے آیا نماز جمعہ کی اس مسجد مین ہوتی ہے یا نہین بینوا توجروا

**هو المصوب** آمین بالجہر کہنے والے کو کہ جسنے ایک فعل موافق احادیث صحیحہ اور مطابق ایک جماعت ائمہ مجتہدین و محدثین کے کیا مارنا حرام ہے مارنیوالا قابل مواخذہ کے ہے لیکن صرف اسقدر سے اذن عام مین تخلل نہین ہوتا اگر مسجد مین آنے سے جمعہ کے روز نمازیون کو مانعت نہ کیجاوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک قصبہ مین چند اشخاص آمین بالجہر کہتے ہین اور نہ کہنے والے کو بھلا برا کہتے ہین بلکہ بعض بعض جاہل آمین بالجہر کہنیوالے نہ کہنے والے کو کافر بھی کہتے ہین بسبب ان کلمات ناشائستہ کے ایک جاہل نے آمین بالجہر و رفع یدین والے کو مارا اور قبل مارنے کے بہت فساد تھا بعد مارنے کے کل فساد دفع ہوگیا تو اس صورت مین وہ مارنے والا گنہگار ہوگا یا نہین بینوا توجروا

**هو المصوب** برا کہنا آمین بالجہر نہ کہنے والے کو اور برا کہنا آمین بالجہر کہنے والے کو دونون شرعاً گنہگار ہوئے دونون پر توبہ لازم ہے فان اختلاف الائمة

رحمة ولیس علی متبع احد هو کانها من کان نقمة واللہ اعلم - حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی | ابو الحسنات محمد عبد الحی |

**استفتاء** چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرینکه در بازار غله گندم سه خروار عشه مروج است شخصے از روی صاحب الجلوب یک خروار بهلت ششماه مقابل قیمت وعده میفروشد یعنی از راه نسیه تاجیل در ثمن پنج روپیه اضافه میکند بهنگام حلول اجل جمله وعده خواهد کرد آیا این ازدیاد ثمن جائز است یا نه ولو اخذ التمسک الجواز بقول صاحب الهدایة والکفایة والنهایة والشامی والطحطاوی ویزاد فی الثمن لاجل الاجل بصیاره لاقال فی حاشیة الحلبی یجوز ان یقدر الثمن فی المبیع بالموجل اکثر مما فی المعجل بحیث تقابل کثرة الموجل تعجیل القلیل انتهی لکنه یخالف ما فی صلح الهدایة ان الاعتیاض عن الاجل حرام فکذا الاجل وهذا لان حرمة الربو النساء لیست الا لشبهة مبادلة المال بالمال تحقیقة فالا ان یکون حراما اولی - بینوا توجروا

**هو المصوب** فی فی ثمن برای اجل بلاشبهه درست است وثبوت آن از عبارت بدایة فی کتاب المرابحة لا تری انه یزاد فی الثمن لاجل الاجل بوجه احسن میگردد وهمچو عبارت در کتب عدیده موجود است فصیح الدین هروی در شرح وقایه می نویسند در کتاب المرابحة فی النسیة یزاد الثمن لاجل الاجل انتهی ودر نهر فائق شرح کنز الدقائق می آرد الا تری انه یزاد فی الثمن لاجله انتهی ودر بحر رائق شرح کنز الدقائق می نویسد لان للاجل شبها بالمبیع الا تری انه یزاد فی الثمن لاجل الاجل انتهی وبعد چند سطور می نویسد الاجل فی نفسه لیس بمال ولا یقابله شیٔ من الثمن حقیقة اذا لم یشترط زیادة الثمن بمقابلته قصداً ویزاد فی الثمن لاجله اذا ذکر الاجل بمقابلة زیادة الثمن قصداً انتهی

ازین عبارت صاف جواز مسئول عنه معلوم شد وهمچنین است در بسیاری از کتب فقهیه اما عبارت صلح هدایه لو کانت له الف موجلة فصالحه علی خمس مائة حالة لا یجوز

لان المعجل خیر من المؤجل وهو غیر مستحق بالعقد فیکون بازاء ما حطه عنه
وذلک اعتیاض عن الاجل وهو حرام انتهی پس بنوعی مخالف عبارات سابقه نیست
چه اعتیاض عن الاجل امر دیگر است و زیادة ثمن لاجل الاجل امر دیگر است چون در
مسئله از سابق حق اجل ثابت بود و صلح بر پانصد حال واقع شده اعتیاض من الاجل
الذی لیس بمال لازم آمد بنا بر علیه حکم حرمت داده شد و در صورت زیادة ثمن برای
اجل حق اجل از سابق ثابت نیست بلکه ابتدای مقصود تاجیل ثمن زائد میشود پس در
جوازش کلامی نخواهد بود والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبدالحی
ابو الحسنات

**استفتا** استعمال کپڑے کا جو کامدانی سے بنایا جاوے جبہ یا پاجامہ یا کرتہ
سفید کپڑے پر بوٹے چاندی خالص کے ہوں درست ہے یا نہیں

**ہو المصوب** اس قسم کا کپڑا پہننا جائز ہے دو شرط سے ایک یہہ کہ بوٹا عرضا چار
انگشت سے زائد نہو اگرچہ طولا زائد ہو جیسا کہ رد المحتار مین ہے هل المراد قدر اربع
اصابع طولا وعرضا بان لا یزید طول العلم وعرضه علی ذلک او المراد عرضها فقط
وان زاد طوله المتبادر من کلامهم الثانی دوسرے یہہ کہ اسقدر بوٹے کثرت
سے قریب نہوں کہ اصل کپڑا اوس سے چھپ جاوے اور متوسط مقام سے بالکل
معلوم ہو جیسا کہ در مختار مین ہے ظاهر المذهب عدم جمع المتفرق ولو فی
عمامه کما بسطه فی القنیة انتهی رد المحتار مین ہے ای الا اذا کان خط منه
قز او خط منه غیره بحیث یری کله قزا فلا یجوز ومقتضاه حل الثوب المنقوش
بالحریر تطریزا و نسجا اذا لم تبلغ کل من نقوشه اربع اصابع وان زادت بالجمع
ما لم یر کله حریرا قال الطحطاوی وهل حکم المتفرق من الذهب والفضة کذلک
یحرر انتهی یعنی جس کپڑے مین ایسا کامدانی کا کام کثرت سے ہو کہ زمین کپڑے کی

معلوم ہو گئی ہو یا کوئی بوٹہ چار انگشت سے زائد ہو وہ ناجائز ہے واللہ اعلم

حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

صح الجواب واللہ علیم حررہ ابو الاحیار محمد نعیم عفی عنہ ؎

کتاب الطلاق

**استفتا** چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ از روے مذہب حنفیہ صورتش اینکہ زید زوجۂ خود مسماۃ ہندہ را در حالت غضب طلاق داد باین طور کہ سہ بار لفظ طلاق بر زبان آورد پس درین صورت بر ہندہ طلاق واقع شد یا نہ بر تقدیر اول چہ صورت ہست کہ باز ہندہ را زید بنکاح آرد ابسطوا الجواب ؎

**ہو المصوب** بر ہندہ سہ طلاق واقع شدند حالا بدون تحلیل نکاحش با زید درست نیست واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

کتاب الرضاع

**استفتا** چہ میفرمایند علمای دین درین مسئلہ از روی شرع مثلاً ہندہ کی لڑکی نے سلیمہ کا دودھ پیا اوس حالت مین کہ جب اوس لڑکی کی عمر دو برس سے زائد تھی خواہ دو سہ ماہ خواہ ایک روز خواہ دو روز خواہ زیادہ اس سے لیکن بہر تقدیر چھ ماہ کی زیادتی نہ تھی تو اس صورت مین ہندہ کی لڑکی کا نکاح سلیمہ کی لڑکے کے ساتھ شرعاً ہو سکتا ہے یا نہ اور رضاعت رضعیت ثابت ہوئی یا نہین بینوا ؎

**ہو المصوب** جو رضاعت بعد دو برس کے ہووے اوس سے حرمت ثابت نہین ہوتی ہے اور شرعاً حکم رضاعت و رضعیت بھی نہین ہوتا۔ ہے موطا امام محمد مین ہے لا یحرم الرضاع الا ما کان فی الحولین فما کان فیہما من الرضاع وان کان مصۃ واحدۃ فہی تحرم کما قال عبد اللہ بن عباس وسعید بن المسیب وعروۃ بن الزبیر وما کان بعد الحولین لم یحرم شیئاً لان اللہ قال والوالدات یرضعن اولادہن حولین کاملین لمن اراد ان یتم الرضاعۃ فتمام الرضاعۃ الحولان فلا رضاع

الا قبل تمامها تحرم شیئاً انتہی. واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ بعد
وتر کے یہ جو دو سجدے اکثر لوگ کرتے ہیں اور اوسمین سبوح قدوس ربنا
ورب الملائکة والروح پڑھتے ہیں اسکی نسبت کیا حکم ہے آیا مکروہ ہے یا مباح اور
علاوہ جو اسکی فضیلت میں بعض کتب فقہ میں ایک حدیث بروایت حضرت فاطمہ رضی اللہ
عنہا مذکور ہے وہ حدیث نزدیک محققین محدثین صحیح ہے یا موضوع بینوا توجروا
ہو المصوب یہ دو سجدے بعد وتر کے بے اصل ہیں اور حدیث فاطمہؓ جو
مشہور ہے موضوع ہے در مختار میں مرقوم ہے سجدة الشکر مستحبة بہ یفتی
لکنها تکرہ بعد الصلوة لان الجهلة یعتقد ونها سنة او واجبة وکل مباح یودی
الیه مکروہ انتہی اور رد المحتار میں ہے قال فی شرح المنیة واما ما ذکر فی المضمرات
ان النبی قال لفاطمة ما مومن ولا مومنة یسجد سجدتین الی اخرہ فحدیث
موضوع باطل لا اصل له انتہی اور یہی اوسمین ہے قال فی شرح المنیة عن
شرح القدوری للزاهدی ما یفعل عقیب الصلوة فمکروہ لان الجهال
یعتقد ونها سنة او واجبة وکل مباح یودی الیه فمکروہ انتہی واللہ اعلم حررہ
الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ در اکثر از تفاسیر سنیان مثل
تفسیر کبیر و تفسیر واحدی وغیر آن مسطور ہست کہ چون حضرت از حجة الوداع مراجعت
فرمودہ در موضع غدیر خم رسید آیہ یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك الآیہ
نازل شد پس حضرت با وجود آنکہ موضع صلاحیت نزول نداشت و ہوا بحدی گرم
اہتمام تبلیغ فرمودہ در موضع مذکور فرود آمدہ خطبۂ بلیغہ برخواندہ آخر آن حدیث

مشہور خم غدیر ہست من کنت مولاہ فعلی مولاہ و ہمینکہ از خطبہ فارغ شد آیۂ
الیوم اکملت لکم دینکم نازل گردید درین مقام مفسرین مذکور در وجہی از وجوہ
شان نزول آیہ اوسے آوردہ اند انہا نزلت فی علی و در روایات آمدہ است کہ صحابہ
جناب امیر علیہ السلام را بشارت مولائیت دادند و حسان شاعر قصیدہ در مدح
جناب امیر انشاد فرمودہ بحضور فائض النور جناب سرور کائنات گذرانید کہ در
یکے از ابیات آن این الفاظ ہست وجعلہ اماماً وھادیاً اکنون استفسار میرود کہ آیا
روایات مذکورہ شان نزول آیۂ اوسے صحیح ہست یا نہ در صورت صحت مراد از قول
او تعالی شانہ ما انزل الیک کہ حکم بتبلیغ مستقل از و ہست بہ قول مفسرین انہا
نزلت فی علی تعلق بجناب امیر دارد چیست یعنی مراد ازان امامت یا ولایت و آیۂ
ثانیہ در خم غدیر پس از خطبہ نازل شدہ یا بوقتے دیگر و مقامی دیگر در صورت اولی
مراد از اکمال دین و اتمام نعمت ہمان اظہار مولائیت جناب امیر ہست یا چیزی دیگر
و اگر مراد ازان مولائیت ہست و مولائیت عبارت از ولایت پس اکمال دین و
اتمام نعمت بہ اظہار آن حسب اصول مقررہ چگونہ صحیح متصور تواند شد و چون آن
اتمام فرمودہ شود و حسان چون در قصیدۂ مذکور اشارہ طرف عطای منصب
امامت و ولایت مطلقہ امت بجناب امیر نمود حضرت رسول او را از جر و منع نفرمودند
بلکہ ثنا و صفت نمودہ در معرض قبول آوردند ازین معنے بدلالت عقلی واضح
میشود کہ مراد حضرت از الفاظ حدیث ہمان بود کہ حسان در قصیدۂ خود اثبات
آن نمود جواب این امر نیز حوالۂ قلم ہدایت رقم فرمودہ آید۔ واضح باد کہ مستفتی
سنی المذہب ہست و بملاحظہ کتب مناظرہ خدشہ در دل افتاد دفعیۂ آن میخواہم
ہو المصوب نزول آیہ الیوم اکملت لکم دینکم در خم غدیر نہ بود و روایت
نزولش دران موضع قابل اعتبار نیست صحیح آنست کہ در حجۃ الوداع بمقام عرفات

بروز عرفه نازل شده مراد ازان اکمال دین بهت باتمام شرائع و احکام و مناسک وغیره
و با مامت علی رضی الله عنه این آیه را علاقه نیست سیوطی در تفسیر در منثور می نویسد
اخرج الحمیدی واحمد وعبد بن حمید والبخاری ومسلم والترمذی والنسائی و
ابن جریر وابن المنذر وابن حبان والبیهقی فی سننه قال قالت الیهود لعمر انکم تقرؤن
آیة فی کتابکم لو علینا معشر الیهود نزلت لاتخذنا ذلک الیوم عیدا قال وای آیة
قال الیوم اکملت لکم دینکم قال عمر والله لاعلم الیوم الذی نزلت علی رسول الله فیه
والساعة التی نزلت فیها نزلت عشیة عرفة فی یوم الجمعة انتهی و همچنین ابن جریر از
قتاده و ابن منذر و ابن جریر از شعبی و اسحق بن راهویه و عبد بن حمید و ابن جریر از عمر
رضی الله عنه و طیالسی و عبد بن حمید و ترمذی و ابن جریر و طبرانی و بیهقی از ابن عباس
رضی الله عنهما و ابن جریر و الطبرانی از معاویه و بزار و طبرانی و ابن مردویه از سمره
وغیرهم روایت کرده اند که نزول این آیت بروز عرفه شده چنانچه منجمله آن روایات
در در منثور مبسوط اند و ابن تیمیه در منهاج السنة در رد قول حلی که دعوی نزول این
آیت بغدیر خم میکرد می نویسد هذا من الکذب الموضوع باتفاق اهل المعرفة بالموضوعات
وهذا یعرفه اهل العلم بالحدیث ولهذا لا یوجد هذا فی شیء من کتب الحدیث التی
یرجع الیها اهل العلم بالحدیث انتهی و نیز می نویسد قد ثبت فی الصحاح والمسانید و
التفاسیر ان هذه الآیة نزلت علی النبی صلی الله علیه وسلم وهو واقف بعرفة وهذا
مستفیض و منقول فی کتب المسلمین وهذا الیوم کان قبل غدیر خم بتسعة ایام فی
یوم یوم الجمعة تاسع ذی الحجة فکیف یقال انها نزلت یوم الغدیر و نیز می نویسد هذه
الآیة لیس فیها دلالة علی امامة علی بوجه من الوجوه بل فیها اخبار الله باکمال الدین
واتمام النعمة علی المؤمنین انتهی اما آیه یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک
پس شان نزولش اینکه هرگاه آنحضرت صلی الله علیه وسلم از کفار تکلیف و ازعدار تبلیغ

دل نبوی تنگ شده ملالی بخاطر راه رفت برای رفع آن این آیت نازل شده که
گرامی رسول تبلیغ کن احکام الٰہی را بغیر خوف و ملال که حق جل شانہ حافظ تست در
آیت تعمیم تبلیغ احکام الٰہی ست از امامت علی وغیرہ علاقہ نیست وانچہ در بعض تفاسیر
نزولش در شان امامت وولایت علی مذکور ہست وثعلبی وغیرہ آن را روایت کردہ
نزد محدثین قابل اعتبار نیست در منہاج السنة میفرماید اتفقوا علی ان الحدیث
الذی رواہ الثعلبی فی تفسیرہ ہو من الموضوع واما قصہ من کنت مولاہ فعلی
اگرچہ صحیح است لیکن دران ذکر خلافت نیست مولا بمعنے ناصر ومحب ومقتدی وغیر ذلک
آمدہ است این قدر برای عاقل کافی است کہ اگر درین قصہ یا در آیات مذکورہ اشارہ
علی شده بودی بعد رحلت آنحضرت صلعم بر وقت منازعت مہاجرین وانصار حضرت علی
این حجہ را پیش فرمودی واز لیس فلیس در ہمچو مباحث مستقل را باید کہ مطالعہ کتبے
در رد روافض تالیف شدہ اند مثل منہاج السنة لابن تیمیہ کہ عمدہ ترین تصنیف
درین بحث ہست وتحفہ اثنا عشریہ وغیرہ را سازد تا رفع خلجان گردد - واللہ اعلم - حررہ
الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی

والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

١٨١
استفتا سوال کیا فرماتے ہین علمای محققین وواقفان رموز شریعت
صورت مین کہ ہندہ نے فہمیدہ کو دودہ پلایا بعد انقضای مدت رضاعت زید
ہندہ سے زنا کیا پس اب زید ساتہہ فہمیدہ کے نکاح کر سکتا ہے یا نہین اور اگر زید
فہمیدہ کا نکاح قبل اس دریافت کے ہو چکا ہو تو اونکو اب کیا کرنا چاہیے آیا او
جدا ہونا چاہیے یا بلا امتناع شرعی نکاح قائم رہے گا جواب ان امور سے مفصل
بحوالہ سند معتبر فرمائے بینوا فتوجروا

ہو المصوب جواب زید ساتہہ فہمیدہ کے نکاح نہین کر سکتا ہے بجز

مین ہے اراد بحرمة المصاهرة الحرمات الاربع حرمة المرأة علی اصول الزانی وفروعه نسبًا ورضاعًا وحرمة اصولها وفروعها علی الزانی نسبًا ورضاعًا کما فی الوطی الحلال انتہی اور رد المحتار مین ہے فی البزازیة المتارکة فی الفاسد بعد الدخول لایکون الا بالقول کخلیت سبیلک او ترکتک انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ۱۲۹۹ ابو الحسنات

۱۸۲ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم وآلہ واصحابہ اجمعین التعظیم

کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلاً ایک شخص اور اوسکی ہمشیرہ اور اوسکی زوجہ اور والدہ زوجہ ایک مکان تاریک وتنگ مین سوئے ہوئے تھے ناگاہ وہ شخص خواب سے اوٹھا اور اپنے کو پر شہوت پایا اور اپنی ہمشیرہ کو جگانے اور اوٹھانے لگا تاکہ وہ اوسکی زوجہ کو جگا دیوے اتفاقًا ہاتھہ اوس شخص کا زوجہ کی والدہ کی ران پر پڑگیا اور گرمی اور حرارت بدن کی بھی اوس شخص کو معلوم ہوئی مگر فورًا اوس شخص نے اپنے ہاتھہ کو کھینچ لیا پھر اعادہ نہین کیا آیا اس حالت مین مساس بالشہوت پائی گئی یا نہین اور کونسی مساس شرع شریف مین معتبر ہے آیا حالت شہوت مین ایک انگشت یا دو یا تین یا جمیع انگشت مع چیرے کف دست پڑ جانے سے بھی زوجہ اوسکی اور اصول وفروع اوس عورت ممسوسہ کے اوس شخص پر نزدیک ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حرام ہوگئی یا نہین اور اگر حرام ہوگئی تو کونسی شکل مین ہوگئی اور فتوی علمای کرام کا کون امام کے قول پر ہے بینوا توجروا فقط

**ہو المصوب** اس صورت مین زوجہ حرام ہوگئی اوسکا ترک کرنا لازم ہے در مختار مین ہے قبل ام امرأته حرمت علیه امرأته ما لم یظهر عدم الشهوة وفی المس لا تحرم ما لم تعلم الشهوة انتہی اور بھی اوسی مین ہے ولا فرق بین اللمس والنظر بشهوة

بین عمد ونسیان وخطاء واکراہ انتہی واللہ اعلم- حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی فقط | محمد عبد الحی ۱۲۹۰ ابو الحسنات

۱۲۸۳

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ زید کا دروازہ ہے کہ مرور راہ اسکا زمین عمرو مین واقع ہے عمرو وہ دروازہ بند کرنا چاہتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ دروازہ جدید ہے اور حق مرور زید کا اس زمین مین ثابت نہین ہے اور زید کہتا ہے کہ دروازہ میرا قدیم ہے اور حق مرور ثابت ہے اور دونون کے گواہ اپنے اپنے دعوی پر ہین آیا اس صورت مین گواہ زید کی نفی سے ہین یا نہین اور اگر گواہ نفی کے نہین ہین تو پہر گواہان عمرو پر ترجیح رکھتے ہین یا نہین بینوا توجروا

**الجواب** صورت مسئلہ مین گواہ عمرو کے اولے ولائق قبول ہین اسواسطے کہ گواہ مذکور مثبت امر حادث نہین یعنے جدید ہونے دروازہ کے نہین اور جو گواہ کہ مثبت امر حادث ہوتے ہین اونکو تقدیم ہے اوپر گواہان مثبت امر قدیم کے بموجب روایات معتبرات کتب فقہ اور قواعد اصول فقہ کے کہ درج جواب ہین فتاوی قنیہ کے باب تبیین متضادین مین مسطور ہے لہ کنف فی طریق العامۃ فزعم غیرہ انہ محدث وزعم صاحبہ انہ قدیم واقاما البینۃ فالبینۃ بینۃ من یدعی انہ محدث اور فتاوی الانقرویہ کی فصل ترجیح بینہ مین تحریر ہے قال احد الجارین للآخر ھذا السباط الذی اخرجتہ محدث وقال الآخر کان کذلک فی القدیم فالقول للمدعی لکونہ متمسکا بالاصل (م) البینۃ من یدعی انہ محدث (نم) علی عکسہ قال رضی اللہ عنہ والصحیح ھو الاول انتہی اور تنقیح الفتاوی الحامدیۃ مین تحریر ہے فی رسالۃ الحجج والبینات ان الاصل فی ترجیح البینۃ علی ما ذکر فی الاصول انما ھو کونہا مثبتۃ خلاف الظاہر اذ البینۃ انما شرعت لاثبات امر حادث والیمین لابقائہ علی ما کان فعلی ھذا بینۃ الحدث تقدم واللہ اعلم اقول

ان بینة الحدوث تقدم فی صورت السوال وکذا فی البناء والکنف لما ذکر من التعلیل الموافق لما ذکر من التاصیل فان الحدوث امر عارض والقدم اصل فلهذا کان القول قول مدعیہ وح یکون البینة لمدعی الحدوث جار علی القواعد الفقهیة والاصولیة لانہا تثبت خلاف الاصل بلا فرق بین الکنف وغیرہ اور فتاوی حمادیہ اور بحر رائق مین بھی قاعدۂ اصول مطابق قواعد مذکورہ بالا کے تحریر ہے ملك الانسان لا یکون فی ید غیرہ الا بعارض والبینة یکون علی مدعی العارض ولا یکون علی صاحب الاصل علاوہ اسکے گواہون زید کی شہادت جو مندرج سوال ہے ناقص ہے مثبت دعوی حق مرور نہین ہے گواہون نے فقط وجود دروازہ کا قدیم سے بیان کیا ہے یہ نہین بیان کیا کہ زید کا حق مرور فلان زمین مین ہے حالانکہ بدون ایسی تصریح کے حق مرور ثابت نہین ہوتا یہانتک کہ اگر گواہ بیان کرے کہ فلان شخص کو دیکھا ہے کہ فلان زمین مین مرور کیا تھا تو بھی حق مرور ثابت نہین ہوتا جیسا روایت ہذا فتاوی عالمگیری سے ثابت ہے لو ادعی علی آخر حق المرور ورقبة الطریق فی دارہ فالقول قول صاحب الدار ولو اقام المدعی البینة انه کان یمر فی ھذہ الدار لم یستحق بھذا شیئا کذا فی الخلاصة روایت مذکورہ کے قریب تحریر ہے ولو شھد الشھود ان له طریقا فی ھذہ الدار جازت شہادتہم انتھی واللہ تعالی اعلم بالصواب اور فتوی گذرانیدہ زید مین مجیب نے زید کو خارج الید اور عمرو کو بنظر ملکیت رقبہ زمین کے ذی الید قرار دیکر زید کے گواہون کی اولویت تجویز کی ہے تجویز مذکور سراسر بے محل ہے اولویت گواہون خارج الید کے ذی الید سے جو کتب فقہ مین مذکور ہے وہ دعوی ملک مطلق عقار وغیرہ مین ہے یہان دعوی ملکیت عقار وغیرہ نہین ہے اور نہ نسبت ملکیت رقبہ زمین کے زید اور عمرو مین اختلاف ہے بلکہ زید کو دعوی حق مرور کا زمین عمرو مین ہے

اور نسبت حدوث اور قدم دروازہ کے آپسمین اختلاف ہے پس اس صورت مین اگر عمرو کو خارج الید کہا جاوے اور زید کو ذی الید تو بجا ہے نہ بالعکس اسواسطے کہ زید بذریعہ دروازہ کے متصرف زمین عمرو مین ہو گیا ہے تو زید ہی ذی الید ہوا لہذا اوسکے دست تصرف کا رفع عمرو نے حکام سے چاہا ہے اور اپنی گواہون سے تصرف عارضی اور حادث زید کا اثبات کرایا ہے فقط ——

واقعی اس صورت مین گواہ زید کے گواہان عمرو پر ترجیح رکھتے ہین نزدیک صاحب بزازیہ اور خلاصہ اور شرح ملتقی کے واللہ اعلم — فی البزازیۃ وان اختلفا فبرهن احدهما علی القدم والآخر علی الحدوث فبینۃ القدم اولی انتہی وفی العقود الدریۃ فی تنقیح الفتاوی الحامدیۃ اذا تعارضت بینۃ الحدوث والقدم ففی الخلاصۃ بینۃ القدم اولی وذکر العلائی فی شرح الملتقی ان بینۃ القدم اولی فی البناء انتہی مختصراً اور ترجیح نہین رکھتے ہین نزدیک برہان بخاری اور برہان صاحب المحیط کے جیساکہ صاحب قنیۃ المنیۃ لتتمیم الغنیہ نے نقل کیا ہے اور یہی حاوی زاہدی مین بھی منقول ہے فی العقود ونقلہ فی الحاوی الزاہدی بالحرف معللاً بقولہ فالبینۃ بینۃ من یدعی انہ محدث لانہا تثبت ولایۃ النقض انتہی اور قول اخیر کو صاحب عقود نے ترجیح دی ہے اور کہا ہے وبہ ظہر ترجیح ما فی القنیۃ والحاوی علی ما فی البزازیۃ والخلاصۃ انتہی واللہ علیم بالصواب وعندہ ام الکتاب — کتبہ ابو الاحیاء محمد نعیم غفرلہ العلی الرب الحکیم

فی الواقع صورت مذکورہ مین گواہان عمرو کہ مدعی حدوث ہے گواہان زید پر ترجیح رکھتے ہین بحسب قول مرجح فقہاء محققین وموافق قواعد اصولیین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک شہر مین لوگون نے ٢٩- ذیقعدہ کو چاند بقر عید کا دیکھنا شروع کیا اور مطلع بھی صاف تھا اس شہر والونکو نہ دکھائی دیا اور اس شہر مین دو سرے دو شہر سے دو شخص آئے اور نہایت ثقہ اور پرہیزگار تھے اون دونون نے شہادۃً ایک مفتی کے پاس یہہ بیان کیا کہ ہمنے اپنی آنکھون سے چاند دیکھا ہے بتاریخ ٢٩ ذیقعدہ کو فلان شہر مین بعد ادای شہادت کے ایک کا یہہ بیان ہے کہ ہمنے فلان شہر مین ایک مکان دو محلے پر نماز پڑہی اور وہان قریب سو دو سو آدمیون سے نمازی جمع ہوتے ان سبھون نے چاند دیکھا اور دوسرے کا یہہ بیان ہے کہ ہم ایک میدان مین ساتھہ کئی ہمراہیون لینے کے ریل سے اوتر کے چلے جاتے تھے عین مغرب کے وقت ہم سبھون نے اپنی آنکھون سے بالاتفاق دیکھا بعد اس شہادت کے ایک دوسرے قصبہ سے خط ڈاک آیا اوسمین بھی لکھا تھا کہ یہان چاند ٢٩ ذیقعدہ کو سب لوگون نے دیکھا ہے فلان روز بحساب ٢٩ کے نماز ہو گئی اور علاوہ اسکے چند جگہون سے اور بھی خبر آئی بناءً علیہ مفتی مذکور نے گواہی اشخاص مذکورہ کی قبول کی کیونکہ کثرت قرائن سے مفتی مذکور کو یقین کامل ہوا کہ بیشک بتاریخ ٢٩- چاند دیکھا گیا یہان کے لوگون کا قصور ہے کہ بتوجہ نہ دیکھا بمقتضای عبارت فتاوی قاضی خان کے جو یہہ لکھا ہے عن ابی حنیفۃ فی نوادر الشہادۃ علی ہلال الاضحی الشہادۃ علی ہلال الفطر لانہ یتعلق بہ امر دینی وہو ظہور وقت الحج گواہی کو قبول کر کے فتوی نماز بقر عید کا بحساب ٢٩ کے دیا اور نماز بھی پڑہی گئی اور بعد نماز کے بذریعہ تار برقی کے یہان شاہ ...نے چاند دیکھا تھا خبر بھی طلب کی گئی یقینی باہر ہوا کہ واقعی وہان چاند اسکے ساتھیون نے دیکھا تھا پس صورت ہذا مین بعض متعصب جو یہہ کہتے ہین کہ نماز ان کی نہین ہوئی اور مفتی حنفی المذہب نہین ہے اب حاصل سوال کا یہہ ہے کہ نماز

صورت مذکورہ مین درست ہوئی یا نہین اور مفتی حنفی المذہب رہا یا مذہب حنفی سے

خارج ہوا بینوا توجروا ؎

**ہو المصوب** نماز صورت مذکورہ مین درست ہوئی اور مفتی مذہب حنفی سے

خارج نہین ہوا واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

۱۰۰۸ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای شریعت غرا و فضلای طریقت حقہ اس مسئلہ مین

اگر واقف نے کہ خود ہی متولی ہے اسطور پر وقف کیا کہ جو جائداد موجود ہے

مینے وقف کیا اور جو جائداد آیندہ زمانہ تولیت مین پیدا کرون گا وہ بھی وقف

سوال یہ ہے کہ بنسبت جائداد آیندہ کے وقف حال درست ہو گا یا نہین فقط

بینوا توجروا ؎

**ہو المصوب** بنسبت جائداد آئندہ کے وقف حال نہ درست ہو گا شرط وقف

سے مملوک ہونا موقوف کا بوقت وقف ہے واذا لیس فلیس بحر الرائق مین ہے

من شرائط الملک وقت الوقف انتہی اور یہی اسمین ہے فی الخانیۃ لو قال اذا

ملکت ہذہ الارض فہی صدقۃ موقوفۃ لا یجوز لانہ تعلیق والوقف لا یحتمل

التعلیق انتہی - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ

| |
|---|
| سنہ ۱۲۹۰ ہجری |
| ابو الحسنات محمد عبد الحی |

عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

۱۰۰۹ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ

وقف مشاع جائز ہے یا نہین خواہ حصہ واقف کا دوسرے شریکون سے علحدہ

خواہ شے موقوفہ درمیان موقوف علیہم کے منقسم اور معین ہو فقط بینوا بالکتاب

توجروا من اللہ الوہاب

**ہو المصوب** وقف مشاع مشترک محتمل القسمۃ بقول مفتی بہ نہین جائز ہے بحر الرائق مین ہے

الحاصل ان وقف المشاع مسجدا او مقبرة غیر جائز مطلقا اتفاقا وفی غیرهما ان کان مما لا یحتمل القسمة جاز اتفاقا والخلاف فیما یحتملها فلا یجوز وقف المشاع عند محمد ویجوز عند ابی یوسف وصرح فی الخلاصة من الاجارة بان الفتوی علی قول محمد فی وقف المشاع وکذا فی البزازیة والولوالجیة وفی شرح المجمع لابن ملک وفی التجنیس به یفتی وتبعه فی غایة البیان انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی ۱۲۰۹
ابو الحسنات

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای شرع شریف وفضلای دین لطیف اس مسئلہ مین کہ اگر واقف نے اس طور سے وقف کیا کہ کسی حاکم وقت کو اختیار نہوگا کہ اپنی رای سے کسی دوسرے کو متولی مقرر کرے یا متولیان مقرر کردہ میرے کی نسبت معزولی کی وبیشی کرے یا بنسبت اونکو کوئی جرم خیانت کا لگادے تو سوال یہ ہے کہ آیا اس وجہ سے دست اندازی حاکم یا قاضی ممنوع ہوگی اس بات پر لحاظ کیجئے کہ موقوف علیہ اور متولی ایک ہی ہو فقط بینوا بالدلیل توجروا عند الله الجلیل

**هو المصوب** ایسی شرط کی صورت مین دست اندازی قاضی و حاکم ممنوع ہوگی اور تغییر امور تبدیلی حاکم کو جائز نہوگی مگر جبکہ متولی کی خیانت بطور صحیح ثابت ہو اوسوقت حاکم شرع کو تبدیل کا اختیار رہیگا اور شرط وقف کا اعتبار نکیا جاویگا بحر الرائق شرح کنز الدقائق مین ہے ولایة القاضی تؤخر عن المشروط له ووصیه انتهی اور بھی اوسمین ہے یعزل القاضی المتولی لو کان خائنا نظر للوقف ولا اعتبار لشرط الواقف ان لا یعزله القاضی والسلطان لانه شرط مخالف بحکم الشرع انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین

کہ زید نے اپنی جائداد غیر منقولہ کو عمرو پر وقف کیا اور اوسیکو متولی مقرر کیا اور یہ شرط کیا
کہ عمرو جسکو چاہے موقوف علیہ اور متولی بعد اپنے مقرر کرے تو آیا اس اختیار عطا کردہ
واقف سے عمرو دوسرے کو موقوف علیہ اور متولی کر سکتا ہے یا نہیں اور بعض
لوگ یہ کہتے ہین کہ موقوف علیہ مالک نہیں ہے اور سوای مالک کے دوسرا شخص کو
مقرر نہیں کر سکتا ہے گو مالک نے اوسکو اختیار دیا ہو فقط بینوا توجروا

**ہو المصوب** شرائط سے مملوک ہونا موقوف کا واسطے واقف کے ہے اور
سی شے موقوف ملک موقوف علیہ مین داخل نہیں ہوتی ہے جیسا کہ فتاوی عالمگیریہ
مین ہے واذا صح خرج عن ملک الواقف لا یدخل فی ملک الموقوف علیہ کذا فی الکافی و
هو المختار کما فی فتح القدیر انتہی بناءً علیہ موقوف علیہ کو اختیار وقف موقوف کا اصلا
نہیں ہو سکتا اور متولی کرنے کا اوسکو اختیار ہے رد المحتار مین ہے معنے التعمیم
کما فی انفع الوسائل انه ولاه واقامه مقام نفسه وجعل له ان یسند ویوصی
به الی من شاء ففی هذه الصورة یجوز التفویض منه فی حال الحیاة وفی حالة
المرض المستقبل بالموت انتہی اور درمختار مین ہے اراد المتولی اقامة غیره مقامه
فی حیاته وصحته ان کان التفویض له بالشرط عاما صح والا فان فوض فی
صحته لا یصح وان فی مرض موته یصح انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین بیچ اس مسئلہ کے
وقف مبیع بیع الوفا منجانب مشتری درست ہے یا نہیں کیونکہ اسمین لزوم ودوام
نہیں ہے جو وقف کے لیے ضرور ہے کیونکہ بائع زر ثمن مثل زر رہن کی دیکر جائداد
واپس کر سکتا ہے اور ثانیا جائداد بیع الوفا مشتری کی مملوک نہیں ہے مگر بعض لوگ
کہتے ہین کہ بیع الوفا بحکم بیع ہے اس وجہ سے وقف جائز ہے فقط بینوا بالکتاب

توجبہ روا یوم الحساب

ہو المصوب بیع بالوفار کے باب مین فقہار کا اختلاف واقع ہے بعض بیع فاسد اور بعض رہن تجویز کرتے ہین اور صاحب بحر نے اسمین آٹھہ قول نقل کیے ہین اور قول ہشتم کے باب مین لکہا ہے الثامن القول الجامع لبعض المحققین انه فاسد فی بعض الاحکام حتے ملك كل منهما الفسخ وصحیح فی حق بعض الاحکام کحل الانزال والمنافع ورهن فی حق البعض حتے لم یملك المشتری بیعه من اخر ولا رهنه انتهی اور بعد اسکے تحریر کرتے ہین ینبغی ان لا یعدل فی الافتاء عن القول الجامع انتہی بنا رعایہ وقف بیع بیع الوفا کا نہ درست ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۱۹۰ مستفتا زید نے نکاح ہندہ کے ساتھہ کیا اور اوسکے باپ عمرو سے اقرار کیا کہ ہندہ کو عمرو کے گہر سے اور کہین نہ لیجاؤنگا پس اس شرط کا ایفار واجب ہے یا نہین اور بصورت عدول عند اللہ ماخوذ ہوگا یا نہین

ہو المصوب اس شرط کا ایفار قضاءً واجب نہین اوسکو اپنی زوجہ کے اپنے گہر لیجانے کا اختیار ہے لیکن فیما بینہ وبین اللہ ایفار وعدہ لازم ہے اور خلف وعدہ باعث لزوم اثم ہے حدیث صحیح مین وارد ہے آیة المنافق ثلاث اذا حدث کذب واذا وعد اخلف الخ اور اشباہ مین ہے الخلف فی الوعد حرام کذا فی اضحیة الذخیرة انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۹۱ مستفتا کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ خضاب کرنا مسنون ہے تو کس چیز کا اور کس حدیث سے ثابت ہے جس چیز کا مسنون ہے اوسکے سوا دوسری چیز کا خضاب جیسے وسمہ نیل کا یا دوسرا نسخہ ہو تو کیا حکم ہے اگر ممانعت ہے تو کس حدیث سے اور جو جائز ہے تو کس حال مین

یعنے روزگار پیشہ کو یا ہر شخص کو اور اگر ممانعت ہے تو کسطرح سے اور اوسکی خلاف ورزی میں
کسطرحکا عذاب ہوگا یا کس نعیم جنت سے محروم رہے گا صاف صاف بیان فرمایئے
اور اسکا جواز اور حرمت متفق علیہ یا مختلف فیہ ہو تو ولیا ارقام فرمایئے بینوا توجروا

**ہو المصوب** خضاب کرنا سرخ یا زرد یا اور کسی کا سوای سیاہی خالص کے مستحب ہے
اور خضاب نکرنا اور سفیدی قائم رکھنا بھی جائز ہے اور سیاہ خضاب ممنوع اور گناہ
کبیرہ ہے فتاوی قاضیخان میں ہے الخضاب بالحناء حسن انتہی اور صحیح مسلم میں آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے غیروا الشیب واجتنبوا السواد یعنے تغیر کرو
سپیدی کو اور اجتناب کرو سیاہی سے اور سنن ابو داؤد میں آنحضرت سے مروی ہے
یکون فی آخر الزمان قوم یخضبون بالسواد کحواصل الحمام لا یجدون رایحۃ الجنۃ یعنے
آخر زمانہ میں ایسے لوگ ہونگے کہ خضاب سیاہ کرینگے مثل رنگ کبوتر کے سینہ کے
وہ لوگ نپاوینگے بوی جنت کو اور معجم طبرانی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے
من خضب بالسواد سود اللہ وجہہ یوم القیامۃ انتہی یعنے جو شخص سیاہ خضاب
کریگا قیامت کے روز وہ روسیاہ محشور ہوگا اور شیخ دہلوی شرح مشکوۃ میں
لکھتے ہیں خضاب بحنا باتفاق جائز است ومختار در سواد حرمت است انتہی اور خضاب وسمہ
یعنے نیل کا اگر بغیر اشتراک مہندی وغیرہ کے ہو کہ جس سے سیاہی خالص حاصل نہیں
ہوتی ہے بلکہ سیاہی مائل بسبزی ہو تو وہ درست ہے جیسا کہ امام محمد موطا
میں لکھتے ہیں لا نری بالخضاب بالوسمۃ والحناء والصفرۃ باسا وان ترکہ ابیض فلا
باس وکل ذلک حسن انتہی اور اگر بشرکت مہندی ہو یا اور کوئی قسم ہو تو جس سے
رنگ بالکل سیاہ ہو تو وہ حرام ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۱۹۲ استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال علمای متقدمین ومفتیان شرع متین

مسائل ذیل مین کیا فرماتے ہین سنت جماعت کو اپنے لڑکے یا لڑکی کا عقد اہل تشیع کے ساتھہ کرنا جائز ہے یا نہین بصورت نہین جائز ہونے کے اگر عقد ہو جاوے تو بلنسبت عقد کے کیا رای ہے مذاہب اہل تشیع و سنت جماعت مین بارکان نماز و کلمہ و طریقہ مین اتفاق نہین ہے تو ایسی حالت مین ازروی مسائل خورد و نوشی بشمول اہل تشیع جائز ہے یا نہین فقط عرض ہے کہ اسے مقام پر جواب سے سرفراز فرماوین

اضعف العباد بندہ امیر حسن منصرم پیلاڈی ہمنسو اعلاوہ اسٹیشن اداو ضلع ستارہ

**ہو المصوب** بعض فرق شیعہ کے کافر ہین اونسے مناکحت و مواکلت و مجالست نہین جائز ہے مثل اونکے جو کہتے ہین کہ علی خدا تھے یا جبرئیل نے خطا کی یا علی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل تھے اور ایسی جو حضرت عایشہ کو تہمت زنا کی کرتے ہین اور بعض فرق فاسق ہین جیسے ساب شیخین اونسے مناکحت وغیرہ درست ہے مع الکراہتہ رد المحتار مین ہے الرافضی ان کان یعتقد الالوہیۃ فی علی او ان جبرئیل غلط فی الوحی او کان ینکر صحبۃ الصدیق فہو کافر لمخالفتہ القواطع المعلومۃ فی الدین بخلاف ما اذا کان یفضل علیا او یسب الصحابۃ فانہ مبتدع لا کافر انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی فقط

| محمد عبد الحی<br>ابو الحسنات |
|---|

١٩٣

**استفتا** **سوال** ما قولکم رحمکم اللہ تعالی اندرین مسئلہ کہ مادر زید در عمر هفت سالگی زید کہ شیر پستانش بوجہ نفی زمانہ رضاعت بالکل خشک گشتہ بہ ہندہ در آنجا کہ از کنار مادر خویش جدا گشتہ فغان می برآورد پستان خودش برای تسلی و تمکینت ہندہ در دہنش داد و مادر زید باذعان و یقین بلکہ بحلف میگوید کہ اختصاص لبن ہرگز واقع نشدہ است پس درین صورت رضاعت مادر زید بہندہ ثابت میشود یا نہ بینوا توجروا

باب الرضاع

ماہ ربیع اول [illegible] ہجری از حیدرآباد دکن مرسلہ محمد بدر الدین صاحب بہ رفیع الدین صاحب از خانقاہ شاہ خاموش متصل مسجد

**الجواب** درین صورت رضاعت مادر زید بہندہ ثابت نمیشود و در اشباہ والنظائر مے آرد ولو ادخلت المرأة حلمة ثدیہا فی فم رضیعة و وقوع الشک فی اصول اللبن ال جوفہا لم تحرم لان فی المانع شکا کما فی الولوالجیة وفی القنیة امرأة کانت تعطی ثدیہا صبیة واشتہر ذلک فیما بینہم ثم تقول لم یکن فی ثدیی لبن حین القمتہا ثدیی ولا یعلم ذلک الا من جہتہا جاز لابنہا ان یتزوج بہذہ الصبیة انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۹۴ **استفتا** حامداً و مصلیاً و مسلماً **سوال** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک شخص امام ہوتا ہے اور بعد سلام کے یہ دعا جو خاص اپنے نفس کے واسطے ہے پڑہتا ہے رب انت ولیی فی الدنیا والآخرة والحقنی بالصالحین اور رب اشرح لی صدری و یسر لی امری اور مقتدی سب اوسکے پیچہے آمین آمین کہتے ہین پس ایسی صورت مین کہ وہ سبکا امام ہے یہ فعل اوسکا جو خاص اپنے لیے کرتا ہے برا ہے یا بہلا اور وہ خائن ہے یا امانت دار اور لا یؤم عبد قوما الحدیث کے تحت مین داخل ہو سکتا ہے یا نہین فقط

۲ **سوال دیگر** دوسرا شخص امام ہوتا ہے اور وہ بعد سلام کے اسی دعا کو بلفظ جمع تلفظ کرتا ہے یعنے یون پڑہتا ہے ربنا انت ولینا فی الدنیا والآخرة والحقنا بالصالحین رب اشرح لنا صدرنا و یسر لنا امورنا اور سب مقتدی آمین کہتے ہین پس ایسی صورت مین امام دوسرا قابل ملامت کے ہے یا قابل مدح کے اور خائن ہے یا امانت دار اور ایسے امام کو اصلاح دینی والا قرآن کا کہین گے یا کیا

۳ **سوال دیگر** حدیث لا یؤم عبد قوما جو ترمذی مین بروایت ثوبان منقول ہے وہ حدیث موضوع ہے یا کیا حسن ہے اور اوس حدیث کا محل یہ دعا جو بعد تسلیم کے مانگتے ہین

ہو سکتا ہے یا نہین اور حدیث ثوبان کی ساتھ اون حدیثون کے جنمین آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بوقت امامت اندر نماز بلفظ مفرد دعا منقول ہے متعارض اور مخالف ہوتی ہے یا نہین اگر ہوتی ہے تو اوسکی تطبیق اسطرح ایک شخص نقل کرتا ہے کہ حدیث ثوبان مین جو ممانعت تخصیص کی ہے وہ خارج صلوۃ بعد تسلیم مراد ہے کیونکہ سب اوس امام کو اپنی طرف سے نائب واسطے طلب خیر کے کرتے ہین اور آپ خود دعا نہین مانگتے بلکہ فقط آمین آمین کہتے ہین اور وہ اس صورت خاص مین خیانت کرکے خاص اپنے لیئے بھلائی چاہتا ہے تو بیشک خائن محیل اور اندر نماز کے تو ہر کوئی خواہ مقتدی ہو خواہ امام دعا مانگتا ہے تو بس امام اون سب کا دعا مانگنے مین نائب نہ ٹھیرا خائن کہون گا یہ تقریر صحیح ہے یا غلط بینوا توجروا

**ہو المصوب** چونکہ اکثر ادعیہ صلوۃ جو آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہین بلفظ افراد وارد ہین اور حدیث ثوبان عدم جواز یا کراہت پر دال ہے بحالت امامت اسوجہ سے علما کی رائین اس باب مین مختلف ہو گئین بعض نے حدیث ثوبان کو موضوع کہا اور مطلق افراد کو جائز کہا لیکن یہ قول محض غلط ہے حدیث مذکور جامع ترمذی وغیرہ مین موجود ہے اور اوسکے وضع پر کوئی دلیل قوی نہین ہے اور مجرد تعارض سے باوجود امکان جمع کے کسی حدیث کو موضوع کہنا نہین درست ہے اور بعض نے مطلقا ادعیۂ صلوۃ مین افراد کو ممنوع لکھا اور بعض محدثین نے یہ تحریر کیا کہ مراد حدیث ثوبان سے وہ دعا ہے جو بلفظ جمع وارد ہے اور جو دعا بلفظ افراد وارد ہے وہ اس سے خارج ہے اور اکثر محدثین کی یہ رای ہے کہ تخصیص ممنوع اوس دعا مین ہے جسکے ساتھ امام متفرد ہو اور مقتدی آمین کہتا ہو جیسے دعای قنوت صبح اور سوای اوسکے اور ادعیہ مین کہ امام مقتدی دونون کو جائز ہین تخصیص منع نہین ہے فاضل یمنی حجۃ المحافل

لکھتے ہیں جمیع الادعیۃ المرویۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وردت بلفظ
التوحید قال الشیخ مشائخنا المجد الشیرازی فان قیل ورد مرفوعا لا یؤم عبد
قوما فیتحصص بدعوة دونہم فان فعل ذلک فقد خانہم ثم نقل عن ابن خزیمۃ
ان ہذہ الحدیث موضوع وقال بعض العلماء ان ثبت ہذہ الحدیث فیکون المراد
دعاء ورد بلفظ جمع قلت وظہر لی واللہ اعلم ان کل دعاء یدعو بہ الامام
والماموم یکون بلفظ الافراد وکل دعاء یومن فیہ الماموم لدعاء امامہ
یکون بلفظ الجمع فان فرد وقع فی النہی وہذہ اولی مما ذکرہ القاضی لان الحدیث
الذی نقل عن ابن خزیمۃ وضعفہ خرجہ ابو داؤد والترمذی انتہی کلامہ اور
سراج الدین بن الملقن شرح سنن ابن ماجہ میں لکھتے ہیں اما التخصیص بالدعاء
فمقتضی کلام النووی فی الاذکار اطرادہ فی سائر ادعیۃ الصلوة وبہ صرح
غزالی فی الاحیاء ونقلہ ابن المنذر فی الاشراق عن الشافعی والصواب ان ما
امر الامام والماموم بقولہ یقولہ الامام بصیغۃ الافراد وما امر الامام بقولہ
کالقنوت یاتی بہ بلفظ الجمع انتہی اور ابن القیم زاد المعاد میں لکھتے ہیں المحفوظ
فی ادعیتہ صلی اللہ علیہ وسلم کلہا بلفظ الافراد کقولہ رب اغفرلی وارحمنی
ومنہا قولہ فی دعاء الاستفتاح اللہم اغسلنی من خطایای اللہم باعد بینی وبین
خطایای وروی الامام احمد واہل السنن من حدیث الثوبان مرفوعا لا یؤم عبد
قوما فیخص نفسہ بدعوة قال ابن خزیمۃ فی صحیحہ وقد ذکر حدیث اللہم باعد
بینی فی ہذہ دلیل علی رد الحدیث الموضوع لا یؤم عبد قوما الحدیث وسمعت
شیخ الاسلام ابن تیمیہ یقول ہذہ الحدیث عندی فی الدعاء الذی یدعو
بہ الامام لنفسہ وللمامومین کدعاء القنوت وغیرہ انتہی اور شمس الدین جزری
مؤلف حصن حصین مفتاح حصن حصین میں لکھتے ہیں ہو من المنہیات لحدیث

ثوبان والمعنی ان اما مھو فی الدعاء کالقنوت وغیرہ لا یخص فانما ذا دعا ھم یؤمنون ویخص نفسہ بالدعاء وھم لا یعلمون فھو خیانۃ لھم واما اذا دعا فی السجود لنفسہ مثلاً او بین السجدتین او التشھد وھو امام فلیس بخیانۃ لان کل واحد من المامومین ینبغی ان یدعو لنفسہ انتھی پس بنا بر علی ہذہ الجمع الذی اختارہ اکثرھم بعد نماز کے جب امام دعا مانگے اور مقتدی آمین کہین اوسکو تخصیص نہ چاہیے بلکہ تعمیم جیسا کہ شیخ دہلوی نے تصریح کیا ہے اگر آن دعا کہ امام بعد سلام میکند ومقتدیان تامین می نمایند ثابت شود چنانکہ ذکر کردیم آن نیز محل این حدیث تواند بود یعنے درین محل نیز دعا بلفظ افراد مناسب نیست وازدیانت نہ انتھی کلام الشیخ فی شرح السفر السعادت اور جو امام ربنا اتنا فی الدنیا وفی الآخرۃ پڑھتا ہے وہ بدلنے والا قرآن کا نہین ٹھہرے گا اسوجہ سے کہ ادعیہ قرآنیہ جب بطور دعا کے تلاوت کیجاوین وہ قرآنیت سے خارج ہوجاتی ہین جیسا کہ اشباہ والنظائر مین کتاب الصلوۃ مین ہے القرآن یخرج عن القرآنیۃ بقصد الثناء انتھی پس تبدیل اونمین تبدیل قرآن نہوگی اور حدیث ثوبان کو خاص دعا بعد الصلوۃ پر محمول کرنا نہین صحیح ہے اسوجہ سے کہ یہ طریقہ جو فی زماننا مروج ہے کہ امام بعد سلام کے ساتھ رفع یدین کے دعا مانگتا ہے اور مقتدی آمین کہتے ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین نہ تھا جیسا کہ ابن القیم نے زاد المعاد مین تصریح کی ہے بلکہ اوسے یہی ہے کہ حدیث ثوبان عام سمجھی جاوے اوس دعا مین جسمین امام منفرد ہو اور مقتدی آمین کو ہو اور یہ صورت بھی افراد عام مین داخل کیجاوے واللہ اعلم بالصواب

وعندہ ام الکتاب فقط

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ١٢٩٣ ابو الحسنات

۱۹۵
**استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال کیا حکم ہے اس مسئلہ مین کہ ایک شخص عالم ہے جسکو فی الجملہ تمیز کتاب و سنت کی ہے اور کتب فقہ مین مثل علمای اس زمانہ کے نظر و قدرت رکہتا ہے وہ شخص ایک عارضہ سخت مین بیمار ہے اور علاج بقدر امکان بہت کیا ہے مگر اطبا وہان کے دوا اوس عارضہ کی ایسی مجرب اور قوی العمل نہین دیسکتی ہین جس سے صحت ہو مگر اوسکے واسطے بعض جانور حشرات ارض سے تجویز کرتے ہین کہ وہ بحسب تصریحات کتب طبیہ اور تجربہ اطبا اس زمانے کے بہت مجرب ہین پس بہ نظر اختلاف فقہا مسئلہ تداوی بالحرام و بہ نظر عبارت مرقات الصعود شرح سنن ابی داؤد کے اور بہ نظر اختیار صاحب ہدایہ کے جو تجنیس مین لکہا ہے وہ شخص دوای مذکور کو حالت موجودہ مصرحہ صدر مین اکلاً استعمال کرسکتا ہے یا نہین حکم اس مسئلہ کا بملاحظہ در المختار و حاشیہ شامی و ہدایہ و شرح ہدایہ و ملاحظہ صحاح در خصوص حدیث عرنین بمادہ استعمال بول شتر کے بسند کتاب ارقام فرمایا جاوے عبارت مرقات الصعود کی یہ ہے قوله ولا تداووا بحرام قال البیہقی فی سننه هذا الحديث وحديث النهي عن الدواء الخبيث كلاهما محمولان على النهي عن التداوي بالمسكر وعن التداوي بكل حرام في غير حال الضرورة ليكون جمعا بينهما وبين الحديث العرنيين فقط

**ہو المصوب** ہرچند کہ اس باب مین فقہا کا بڑا اختلاف واقع ہے اور فتوی انکا مختلف ہے ایک جماعت فقہا کی مطلقا عدم جواز تداوی کی فتوی دیتی ہے اور ایک جماعت بضرورت تداوی بالمحرم جائز رکھتی ہے لیکن بظاہر اگر کوئی شخص موافق فتوی جم غفیر علما و عبارت بعض محدثین عند الضرورت استعمال اشیاء محرمہ کا کریگا مواخذ نہوگا انشاء اللہ تعالی عینی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری مین لکھتے ہین اجاب ابو اعن حدیث العرنیین بانہ قد کان للضرورۃ فلیس فیہ دلیل

على انه مباح فى غير حال الضرورة لانه ثمه اشياء ابيحت فى الضرورة ولم تبح فى غيرها كما فى لبس الحرير فانه حرام للرجال وقد ابيح لبسه فى الحرب او للحكة او لشدة البرد اذا لم يجد غيره وله امثال كثيرة فى الشرع وقال ابن حزم صح يقينا ان رسول الله صلى الله عليه وسلم انما امرهم بذلك على سبيل التداوى من السقم الذى كان اصابهم والتداوى منزلة ضرورة وقد قال الله الا ما اضطررتم اليه فما اضطر اليه فهو غير محرم عليه من الاكل والشرب انتهى والله اعلم حرره الراجى عفو ربه القوى ابو الحسنات محمد عبد الحى تجاوز الله عن ذنبه الجلى والخفى

| محمد عبد الحی ابو الحسنات |
|---|

۱۹۶ **استفتا** بحمده وفضلہ - کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ سوانح اور وقائع شہادت امام حسنین رضی اللہ عنہما مین بیان کرنا اور اوسپر رونا اور رولانا اور اوسکے واسطے انعقاد مجلس تعزیت کرنا موجب ثواب ہے یا باعث عقاب علے قول مفتی بہ اور نوحہ اور مرثیہ خوانی کہ جسپر وعید نازل ہوئی ہے اوسکی یہی حقیقت ہے کہ موتے کے مصائب وتکالیف بیان کیجاوین یا کچھ اور بینوا مستندین بالکتاب

**ہو المصوب** نفس ذکر محاسن متوفی وتحسر برآن ممنوع نیست بلکہ گریستن باواز بلند وعمداً آواز بلند کردن با بیان مصائب ومناقب ممنوع ودداخل نوحہ است در کشف الغطاء عما لزم للموتے علی الاحیاء شیخ الاسلام محمد ی مینویسند گریستن بنوحہ بلند کہ آن را در احادیث آواز شیطان خوانده خصوص کہ با ذکر مناقب مرده جمع کنند چنانکہ عادت جاہلیت ہست در قنیہ گفتہ مذکور در کتب سنت کہ حرام است مطلقا اما اصل شمار وذکر محاسن مرده بروجہ ندبہ جائز است بلا کراہت وہمچنین اصل گریستن کہ ناشی از رقت قلب باشد بیجزع واضطراب لاباس بہ است بلکہ آن را در احادیث رحمت خوانده وآن از حضرت در وقائع متعدده وقوع یافتہ انتہی ونفس بیان وقائع شہادت وگریستن بران بشرطیکہ از نوحہ ومتعلقات آن معرا باشد وازعقد مجلس

کہ موجب تشبہ روافض است متبرر درست است وخصوص عقد مجلس برای آن خالی از تشبہ وکراہت نیست ودر جامع الرموز می نویسد اذا اراد ذکر مقتل الحسین ینبغی ان یذکر اولا مقتل سائر الصحابة لئلا یشابہ الروافض کما فی العمادی ودر صراط المستقیم می آرد ذکر قصہ شہادت بعقد مجلس باین قصد کہ مردم بشنوند وتاسف نمایند وگریہ وزاری کنند ہرچند بنظر ظاہر خللی دران ظاہر نمیشود اما فی الحقیقت امر مذموم ومکروہ است ودر مجالس الابرار می نویسد قد روی احمد وابن ماجة عن فاطمة بنت الحسین عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من مسلم یصاب بمصیبة فیذکرہا وان قدم عہدہا فیحدث لہا الاسترجاع الا کتب لہ اجر مثلہا یوم اصیب وہذہ الحدیث رواہ الحسین وعنہ ابنتہ التی شہدت مصرعہ وقد ثبت فی علم ان مصیبة الحسین یذکر مع تقادم العہد فکان من سنة الاسلام ان یجئ ہذہ السنة کلما ذکر تلک المصیبة بان یسترجع لہا فیکون للانسان من الاجر الذی کان لمن استرجع یوم اصیب المسلمون لہا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ۱۲۹۱ ابو الحسنات

۱۹۶ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای سنت وجماعت اس مسئلہ مین کہ ہندہ سنیہ نے اپنا عقد زید شیعہ کے ساتھ کیا اور صیغہ عقد بطریق اہل التشیع کے جاری ہوا بعد چند دن کے یعنے بعد مواصلت ومباشرت ہندہ اپنے شوہر سے رخصت لیکے اپنی مان کے مکان مین گئی اور وہان بیٹھہ رہی اور خواہان مہر معجل ہے اور زید کو خوف اوسکے خراب ہو جانے کا ہے اس صورت مین زید موافق اپنے مذہب کے اوسکو قبل ادا کرنے مہر معجل کے لا سکتا ہے جیسا کہ صاحب شرائع الاسلام لکھتے ہین ولہا ان تمنع من تسلیم نفسہا حتے تقبض مہرہا سواء کان الزوج موسرا او معسرا وہل لہا ذلک بعد الدخول قیل نعم وقیل لا

[illegible]

وهو لا شبهة لان الاستمتاع حق لزم بالعقد اور موافق ہدایہ کے کہ کتب معتبرہ اہل سنت
وجماعت سے ہے اختلاف ثابت ہوتا ہے جیسا کہ لکھا ہے وللمرأة ان تمنع
نفسها حتى تاخذ المهر وتمنعه ان يخرجها ولو كان المهر كله مؤجلا ليس لها
ان تمنع نفسها لاسقاطها حقها بالتاجيل كما في البيع وفيه خلاف ابي يوسف
وان دخل بها فكذلك الجواب عند ابي حنيفة رح وقالا ليس لها ان تمنع نفسها اور
زید نے رجوع بعدالت کی ہے پس اس صورت مین حاکم عدالت کو کیا تصفیہ کرنا
چاہیے آیا موافق مذہب شیعہ کے کہ صیغۂ عقد اوسی طریق پر جاری ہوا ہے
اور شوہر ہندہ بھی شیعہ ہے ہندہ کو قبل ادا کرنے مہر معجل کے لاسکتا ہے
یا موافق مذہب سنت وجماعت کے کیا کرے مفصل جواب اردو مین تحریر فرمایئے

بینوا توجروا فقط

ہو المصوب اس صورت مین شوہر ہندہ کو قبل ادا کرنے مہر معجل کے لاسکتا ہے
موافق قول صاحب بحر الرائق کے اذا وطيها او خلا بها برضاها ففيه خلاف قال
ابو حنيفة لها ان تمنع نفسها وخالفاه وفي شرح الجامع الصغير للبزدوي كان
اوسپر توبہ کرنا لازم ہے ایک تو بوجہ خیانت کے جو جل شانہ فرماتا ہے ان اللہ
یامرکم ان تودوا الامانات الی اہلہا اور حدیث صحیح مین وارد ہے لا ایمان لمن
لا امانۃ لہ دوسرے بوجہ سود دینے اور سودی قرضہ لینے کے حدیث صحیح مین
وارد ہے لعن اللہ آکل الربا وموکلہ وکاتبہ وشاہدہ اور قرآن پاک مین ارشاد
ہے واحل اللہ البیع وحرم الربا الی آخر الآیات فی سورۃ البقرۃ واللہ اعلم حررہ
الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی
والخفی

| محمد عبد الحی<br>ابو الحسنات |
|---|

۱۲۴ **استفتا سوال** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ زید نے حالت
مرض سخت مین کہ زندگی سے نا امید تہا یہہ نذر کی کہ اگر مین اس مرض سے اچہا
ہو جاؤن تو ڈیڑہ برس روزہ رکہون اب اوسکو صحت ہو گئی اس صورت مین
کوئی روزہ مثل روزہ ایام بیض وغیرہ کے رکھنے سے یا کسیطرح صدقہ
دینے سے ڈیڑہ برس کے روزے اوسکے ذمہ سے ساقط ہو سکتے ہین
یا نہین بینوا توجروا

**ہو المصوب** صدقہ دینے سے نذر مذکور ساقط نہین ہوگی ضرور ہے
کہ اسیقدر روزے رکہے جاوین خواہ ایام بیض مین خواہ کسی اور ایام
مین اور چونکہ اوسنے نذر مین یہہ نہین کہا ہے کہ علی الاتصال اسقدر روزے
رکہونگا اسوجہ سے اوسکو اختیار ہے کہ متفرق روزے رکہے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ عورت اجنبیہ کا جھوٹا پانی پاک ہے یا نہین اگر پاک ہے تو مرد اجنبی کو اوسکا پینا جائز ہے یا نہین

**ہو المصوب** جھوٹا پانی آدمی کا کہ منہ اوسکا نجس بنجاست ظاہرہ نہو خواہ مرد ہو یا عورت پاک ہے اور اوسکا پینا اگر عورت کا جھوٹا ہے تو مرد اجنبی کو مکروہ ہے وبالعکس فی الدر المختار نعم یکرہ سورہا للرجل کعکسہ انتہی واللہ اعلم

کتبہ العبد القیس محمد المدعو بادریس النگرامی عفا اللہ عنہ

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای بوستان احادیث وحاملان قرآن و احادیث کہ منبر بائین طرف یا داہنی طرف یا اوسط مسجد مین تہا زمانہ آنحضرت صلعم مین اور درمیان منبر اور محراب کے کسقدر فرق تہا اور جواب سب مسئلون کا مع عبارت عربی کے بجنسہ مع حوالۃ الکتاب مع شرح صحیح اور ضعیف کے ہو

**ہو المصوب** مسجد نبوی مین آنحضرت صلعم اور خلفاء رض کے زمانہ مین محراب نتہی جیساکہ سمہودی نے وفاء الوفا باخبار دار المصطفی مین لکہا ہے المسجد الشریف لم یکن لہ محراب فی عہدہ صلعم ولا فی زمن الخلفاء بعدہ وان اول من احدثہ عمر بن عبد العزیز فی عمارۃ الولید انتہی اور منبر مقام قیام امام کے داہنی طرف تہا جیساکہ وفاء الوفاء مین ہے قال النووی فی مناسکہ وفی احیاء علوم الدین انہ اے المصلی یجعل عمود المنبر حذاء منکبہ الایمن ویستقبل الساریۃ التی الی جانبہا الصندوق فذلک موقف رسول اللہ صلعم انتہی اور مابین منبر و مقام مصلی رسول کے ۱۴ درع ایک بالشت فرق تہا جیساکہ اسیمین ہے قال ابن زبالۃ ان مابین المنبر و مقام النبی صلی اللہ علیہ وسلم

الذی کان یصلے فیہ حتے تو فی اربعۃ عشرۃ ذراعا وشبرا انتہی اور منبر وسط
مسجد مین تھا اور فاصلہ درمیان اوسکے اور درمیان دیوار جہت قبلہ کے بقدر
ایک درعہ کے تھا جیساکہ وفار الوفا مین ہے قد سہودی پیچھے فی ترجمۃ ماجاء
فی زیادۃ الولید ان عمر بن عبد العزیز حضر بجالا من قریش فاروہ مسجد
رسول اللہ الذی زادفیہ عثمان فعلم عمر بن عبد العزیز المسجد الاول الذی
کان فی عہدہ صلے اللہ علیہ وسلم فکان جدار القبلۃ من وراء المنبر
ذراعا او اکثر من ذراع انتہی اور یہی اوسمین ہے موضع المنبر لم یغیر
ویبعد کل البعد ان یجعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم موضع منبرہ فی طرف
مسجدہ ولا یتوسط اصحابہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۃ

| محمد عبد الحی<br>ابو الحسنات |
|---|

استفتا سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان شرع متین
اس مسئلہ مین کہ ایک بزرگ نے محلہ مین ایک مسجد بنوائی تھی اور بعد زمانہ
دراز کے وہ احاطہ مسجد منہدم ہوگیا اب اولاد اون بزرگ یعنی بانی مسجد چند شخص ملکر
چاہتے ہین کہ اوس مسجد قدیم کو بنواوین اور آباد کرین چنانچہ زائد از نصف
تیار بہی ہوگئی اب ایک شخص اہل محلہ سے کہ جو اولاد مین اون بزرگ یعنے بانی
مسجد کے نہین ہے مانع اور قامع تعمیر مسجد معمرۃ النصف کا ہے اور کہتا ہے
کہ ہمکو استحقاق اس مسجد کے انہدام کا ہے اور ہم اسکو توڑ دینگے کیونکہ میرے
دادا نے اس مسجد کو بنایا ہے میرے سوا کسی غیر کو حق بنانے یا توڑنے کا نہین
ہے اور اصل کیفیت یہ ہے کہ بعد انہدام مسجد قدیم کے جد مانع مسجد قدیم نے
زر مرسلہ زن بیوہ سے کہ یکے از معتقدان اون بزرگ بانی مسجد قدیم کی تہی تعمیر
مسجد مذکور شروع کی لیکن وہ ناتیار رہکر تہوڑے عرصہ میں بالکل مسمار ہوگئی

بعد اوسکے پدر مانع مسجد قدیم نے ایک مکان جدید بنام نہاد مسجد زمین مشترکہ مین انہین
اشخاص کی جواب تعمیر مسجد قدیم کی کرتے ہین بنایا اور اوسمین دو صورت الم کی جسمین
چند سیخین نصب ہین اور عشرہ محرم مین پہول اور سہرا اون میخون مین چڑہتا ہے
اور دسوین محرم کو مثل تعزیہ کے وہ پہول اور سہرہ دفن ہوتا ہے بنوایا اور بانی
مسجد جدید یعنے پدر مانع و قامع مسجد قدیم عقیدہ سب حضرت معاویہ رضہ کا بہی رکھتا
بلکہ اپنے مصنفات مین اون حضرت کی شان مین اوسنے لکہا ہے زہر کہ لعنت بر اونکند
لعنت بر آنکس باد الخ اس سبب سے بعض اشخاص محلہ اور مالک زمین مشترکہ مسجد جدید کہ
جواب تعمیر مسجد قدیم کرتے ہین اوس مسجد جدید مین نماز نہین پڑہتے ہین اور مانع مسجد
قدیم بہی صورت الم کو منہدم نہین کرتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ صورت الم میرے باپ نے
بنائی ہے اور اب وہ قضا کر گئے ہم اب اسکو نہین توڑینگے اور جو توڑے گا اوس سے
مزاحمت کرینگے کیونکہ میرے باپ کا بنایا ہوا ہے اور اب تہوڑے زمانے سے مانع
مسجد قدیم اوس محلہ سے دوسرے محلہ مین چلا گیا ہے تو ایسی صورت مین بنانا اوس
مسجد قدیم کا اون لوگون کو جو اولاد بانی مسجد قدیم مین ہین بحیثیت وراثت یا بحیثیت
حق اسلام جائز ہے یا نہین اور وہ مسجد جدید جسمین صورت الم ہے اور زمین مشترکہ
مین بلا رضامندی دیگر شرکا تیار ہوئی ہے حکم مسجد مین ہے یا نہین اور مانع مسجد
قدیم کو کہ جواب نصف سے زیادہ تیار ہو گئی ہے حق انہدام کا ہے یا نہین اور حق
مین مانع مسجد یعنے توڑنے والے کے علمای دین کیا حکم دیتے ان سب امور مستفسرہ کو
کتب احادیث اور فقہ سے جسطرح ثابت ہو مفصل بیان فرماوین بینوا توجروا فقط
اور مانع مسجد قدیم معمرۃ النصف یہ بہی کہتا ہے کہ عرس خواجہ عثمان ہارونی مین جو
میری طرف سے ہوتا ہے فقرا آتے ہین اور مسجد قدیم مین بیٹہتے ہین وسواسطے ہم
اسکو منہدم کر دینگے آیا نشست و برخاست فقرا جو تہوڑے زمانے سے اوس مسجد قدیم

مین ہوتی ہے باعث انہدام مسجد قدیم ہوسکتی ہی یا نہین

ہو المصوب وہ مسجد جو زمین مشترک مین بلا رضامندی دیگر شرکا رتیار ہوئی ہے حکم مسجد مین نہین ہے اسوجہ سے کہ شرائط صحت وقف سے مملوک ہونا اوس موقوف کا واقف کے لیئے ہے جیسا کہ بحر رائق وغیرہ مین ہے ومن شرائط ملك الواقف وقت الوقف اور ہرگاہ وہ زمین مشترک کل ملک بانی مسجد مین تھی اور نہ اور شرکا کی اجازت تھی لاجرم وقف اوسکا غیر معتبر ہوگا اور مسجد قدیم کی تعمیر کا حق اہل محلہ کو اور اولاد بانی کو حاصل ہے اور کسیکو اوسکی ممانعت کا حق نہین رد المحتار مین ہے اما اهلها ای اہل المحلۃ فلهم ان یهدموه ویجددوا بنائه ویفرشوا الحصیر ویعلقوا القنادیل لکن من مالهم لا من مال المسجد ویضعوا حیضان الماء للشرب والوضوء ان لم یعرف للمسجد بان وكذا فالبانی احرى وليس لورثته منعه من نقضه والزيادة فيه انتهى ہرگاہ تعمیر کرنے والے اہل محلہ ہین اور اولاد مین بانی قدیم کی ہین اونکو استحقاق تعمیر کا حاصل ہے اور مانع کو ممانعت حرام ہے اور انہدام تعمیر شدہ کی موجب گناہ ہے قال اللہ جل وعلا فی کتابہ المعلی وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِىْ خَرَابِهَا انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

مستفتا ما قولکم ارشدکم اللہ تعالی مصلیان را گذاردن نماز تراویح با قتدا دیگر در مسجد دیگر یکبار نماز تراویح بایک ختم قرآن با جماعت مقتدیان گذاردہ جائز است تفصیل این اجمال اینکہ اگر حافظے در مسجدے نماز تراویح بایک ختم قرآن در عشرۂ اولے ماہ مبارک باگروہے از مصلیان گذارد وہمان حافظ خواہد کہ در عشرۂ ثانیہ نماز تراویح با ختم قرآن مرۃ بعد اولی در مسجد دیگر با دیگر گروہ از مصلیان کہ ہنوز نماز تراویح با ختم قرآن نگذاردہ اند گذارد جائز است یا نہ بعض از متفقہین میگویند کہ این حافظ را

نماز تراویح چنین مصلیان را خوانانیدن و این مصلیان را نماز تراویح خلف چنین
حافظے خواندن جائز نیست بدلیل اینکه در کتب فقهیه آورده اند که السنة فی التراویح
الختم مرة پس حافظے که در مسجدی یکبار با ختم قرآن قوم را نماز تراویح خوانانید از
عهده سنت ختم فراغت کرد ختم دیگر را ویرا کردن جز تنفل و تطوع متصور نباشد
و مصلیان مسجد دیگر که هنوز تراویح مع الختم نگزاشته اند سنت ختم بر ذمت ایشان
پس اقتدا از خلف امام متنفل فی الختم نباید کرد که اقتدای متسنن فی الختم خلف
متنفل فی الختم باعث لزوم بنای قوی بر ضعیف و بنا بر معدوم جائز نیست کاقتداء
المفترض بالمتنفل حالانکه این چنین طریقه تراویح خواندن و خوانانیدن در بلاد
مشارق و مغارب عموما و خصوصا در حفاظ شائع و ذائع ست که یک حافظ در ایام
در مساجد کثیره ختوم کامله قرآن یعنی بتمامه بکرات و مرات میکند سوار کانت مع الختم

ادلا بینوا توجروا فقط

**هو المصوب** فقهارا اختلاف وارند در ینکه بعد یک ختم در بقیه لیالی رمضان
آیا تراویح سنت مؤکده می ماند یا نه بعض میگویند که مشروعیت و سنت تراویح
مگر برای ختم هرگاه ختم حاصل گشت سنت تراویح باقی نماند بلکه از قبیل نوافل
گشته لیکن مختار و مفتی به بلکه صحیح آنست که تراویح در جمیع لیالی رمضان سنت
است و ختم سنت علحده است یکی ازین هر دو تابع دیگری نیست پس بعد ختم سنت
تراویح باقی خواهد ماند پس بر قول اول در صورت سوال حسب تصریح بعض فقهاء
تراویح و ختم از ذمه مقتدیان ساقط خواهد شد بلکه ایشان اگر در عشره اول
مع ختم ادا نکرده اند تراویح بر ایشان سنت باقی مانده پس اقتدای شان با چنین
کس که از ختم فراغ حاصل کرده جائز نخواهد بود در خزانة الروایات می نویسد فی
امام ختم فی التراویح مرة و ختم ثانیا بغیر هذه القوم لا یخرج القوم الثانی عن السنة

لان الامام خرج عن سنة قضاء الختم فيكون فى صلوة التنفل ولا يدركون ثواب صلوة التراويح
وفى ر سألت صدر الدين الحسام البنانى فان قلت ما تقول فى امام ختم فى التراويح
ثم شرع فى الختم ثانيا هل يجوز الاقتداء لمن لم يسمع الختم ولو اقتدى به هل يكون
هذه الختم محسوبًا قلت كانت هذه المسئلة دائرة فى مجلس اساتذة الدهلى
زمانا طويلا فقال بعضهم لا يجوز لانه بناء القوى على الضعيف اوهذا التراويح
للمقتدى سنة موكدة ولم يبق فى حق الامام سنة موكدة بل صار فى حقه
تطوعا والسنة اقوى حالا منه وقاسوه على اقتداء المفترض بالمتنفل انتهى
مبنى اين حكم بر آنست كه اقتداى مودى سنت موكده بمودى نفل محض جائز نيست
پس هرگاه از ذمه امام سنت تراويح ساقط شد تراويح در حق او نفل باقى ماند ودر
ذمه مقتديان تراويح وختم هر دو سنت اند ولا يجوز اقتداء القوى به ليكن اين مسئله هم اتفاقى
نيست اختلاف فقها دران واقع هست بعض اقتداى مودى سنت با مودى تطوعات
جائز نميدارند لئلا يلزم الاقتداء بالضعيف كما لا يجوز اقتداء المفترض بالمتنفل
وبنا بر عليه در فتاوى قاضيخان وغيره در باب اقتداى مودى تراويح با مودى تطوع
مرقوم است الصحيح انه لا يجوز انتهى وبعض جائز ميدارند لان كل سنة فهى نفل فى الحقيقة
فليس فيه الا اقتداء المتنفل بالمتنفل كما فى خزانة الروايات وغيره ولعل الحق بيد
اهل القول الثانى وبر تقدير قول دوم كه صحيح ومختار جمهور هست در صورت سوال عدم
سقوط سنت ختم از مقتديان وجهى معتد به معلوم نمى شود چه نفس نماز تراويح در حق امام
ومقتدى هر دو سنت موكده هست فليس هناك الا اقتداء المثل بالمثل باقى ماند
سنن وتنفل ختم پس براى هر كس همين قدر سنت هست ويك ختم در تراويح ادا شده
خواه بقرأت خود يا بسماعت از ديگر خواه آن شخص ديگر بطور سنتان خوانده يا بطور
نفل يا بطور وجوب بنذر وغيره چه هر سنت در حقيقت نفل هست چنانكه در فتح القدير

می آرد و فی الاصل هو نفل لانه یتوقف حصوله علی نیة السنة انتهی بنا بر علیه
هرگاه امام قرأت قرآن ساخته اگرچه آن قرأت برای او سنت موکده نباشد و مقتدی
آن را استماع کرده سنت ختم از ذمه مقتدی ساقط شد چه سنت در حق او صرف
سماع قرآن بود من غیر تقیید کون القاری مفترضا و مستنا فی القرأة و اگر شبه
ایراد شود که درین صورت یک رکن امام یعنے قرأة ضعیف شد آن را دفع باین
طور باید کرد که همچون ضعف مانع اقتدا نیست فان کل سنة نفل در خزانة الروایات
می گوید قد سئل بعض اهل العلم عن کتب الفتاوی ام قوما فی التراویح و ختم فیها
ثم ام قوما آخرین له ثواب الفضیلة ولهم ثواب الختم انتهی والله اعلم۔ حرره الراجی
عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی و الخفی

| |
|---|
| محمد عبد الحی<br>ابو الحسنات |

۲۳۳
**استفتا** سوال چند مصلیان باعث عدم میسر قرآن باوجود تمکن بر سرود
تراویح مسجد محله خود را گذاشته که دران مسجد موذن و امام بخصوصیت مقرر
به مسجد محله دیگر جهت استماع ختم قرآن می روند جائز هست یا نه بینوا توجروا

**هو المصوب** جائز است والله اعلم۔ حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی و الخفی

| |
|---|
| محمد عبد الحی<br>ابو الحسنات |

۲۳۴
**استفتا** — چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین
مسئله که اگر زید از عمر رخصت شد و کسے از ینها مسافر نیستند و باهم مصافحه نمود
پس این مصافحه جائز خواهد شد یا نه مع سند کتاب بیان فرمایند بینوا توجروا

**هو المصوب** مصافحه بوقت ملاقات مسنون است علی قاری در شرح مشکوة
می نویسند محل المصافحة المشروعة اول الملاقات انتهی و بوقت رخصت مسنون
نیست البته در شرعة الاسلام مذکور است که صحابه بوقت رخصت مصافحه میکردند
عبارتش این است کان اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا تلاقوا تعانقوا و اذا تفرقوا تصافحوا

وحمد واللہ واستغفروا عند ذلک وان التقوا وانتم قوا فی المیومرا ً انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

(مہر: محمد عبدالحی ابوالحسنات)

۲۳۳

**استفتا سوال** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ کہال مرغ کی کھانا ازروی شرع شریف کے حلال ہے یا حرام ہے یا مکروہ کدام مکروہ اور پایہ گاو یا بہینس کے کہ جو فی زماننا ایام سرما مین کھایا جاتا ہے کھانا درست ہے یا نہین اور کہال مرغ اور پایہ گاؤ وغیرہ مین کسقدر فرق ہے صاف صاف بحوالہ کتب مع عبارات کے ملاحظہ فرماکر مزین بمہر ودستخط فرمایئے بینوا توجروا

**ہو المصوب** درست ہے نہایۃ البیان فیما یحل ویحرم من الحیوان مین بحث ذکر احکام شاۃ مین ہے وپوست وپنجہ قبل دباغت حلال ہست باین طور کہ شوربا بریان کردہ بخورد ووقتیکہ مدبوغ شد از خوردن بیرون باشد لکن انتفاع دیگر بوی درست کذا فی مطالب المومنین ودر زیلعی مذکور ہست اگر سر گوسفند خون آلودہ سوختہ شود زائل شود از ان خون پس گرفتہ شود از ان شوربا جائز ہست وسوختنش مانند غسل است انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۳۴

**استفتا سوال** کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک یا دو مینگنی چوہے کی پلاؤ کی دیگ مین یا شیر برنج مین سے نکلے تو وہ کل نجس ہے یا کسیقدر اور کسی نے جو لاعلمی سے کھایا تو کھلانے والا عاصی ہوگا یا نہین اور روٹی کا کیا حکم ہے جس روٹی مین مینگنی نکلے وہی نجس ہے یا کل روٹیان اوس آٹے کی صاف صاف بحوالہ کتب مع عبارت کے ملاحظہ فرماکے مزین بمہر ودستخط فرمایئے بینوا توجروا

**ہو المصوب** جس روٹی مین مینگنی نکلے اگر وہ مینگنی سخت ہو وہ پہینکدیجاوے اور روٹی کھائی جاوے

اور اگر بالکل مخلوط ہوگئی اور ریزہ ریزہ ہوکر ملگئی تو وہ روٹی کھائی جاویگی فتاوی سراجیہ مین ہے خبز وجد فی خلاله سرقین فارة فان کان علی صلابتہ یرمی و یوکل الخبز انتہی باقی صرف ایک روٹی مین نکلنے سے اور روٹی اوس آگ کی کھانا منع نہین ہے اور شیر برنج وغیرہ مین اگر مینگنی سخت نکلی اور بالکل مخلوط نہوئی ہو تو بعض متاخرین نے فتوی دیا ہے کہ مینگنی پھینکدی جاوے اور وہ کھایا جاوے مگر مقتضای احتیاط یہہ ہے کہ نکھایا جاوے خزانۃ الروایات مین مذکور ہے فی العتابیۃ خرء الفارة نجس و من المتاخرین من رخص فی الدھن و فی الطعام ان کان قلیل لا یفسد ما لم یوجد ریحہ او طعمہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

**استفتا** سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ قطعہ اراضی مشترک کہ اوسمین حصہ و ملکیت ہنود و مسلمانان کی ہے اور اوس اراضی مشترک مین کہ وہ تا ہنوز تقسیم نہین ہے کوئی شخص مسجد خواہ معبدگاہ اپنا ہنود سے بلا اجازت مسلمانان کے زبردستی زمین لیکر بنو لے تو ایسی مسجد بنائی ہوئی مین نماز پڑھنا عند الشرع شریف درست ہے بلا کراہت یا بکراہت یا نہین بینوا بالکتاب

توجروا بالصواب

**ہو المصوب** شرائط وقف سے یہہ ہے کہ شے موقوف بوقت وقف ملک واقف ہووے جیسا کہ بحر رائق وغیرہ مین ہے من شرائطہ ملک الواقف عند الوقف انتہی پس وہ مسجد جو زمین مشترک مین بلا اذن شریک کا ر بنائی گئی وہ شرعا مسجد نہوگی اور اوسمین نماز پڑھنے سے ثواب نماز مسجد کا نہ ملے گا بلکہ ایسے مقام پر نماز پڑھنا نچاہیئے صدر شہید کتاب الواقعات مین لکھتے ہین مسجد بنی علی سور المدینۃ لا ینبغی ان یصلی فیہ لان السور حق العامۃ فلا یجعل خالصا للہ و صار کمسجد

لو بنی المسجد علی ارض الغصب انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

**استفتا** ۲۳۵ **سوال** زید نے بحالت صحت ذات و ثبات عقل کے ایک وصیت نامہ لکھا اور عمرو اپنے بیٹے کو وصی مقرر کر کے قابض و دخیل اپنے روبرو کل املاک اپنی پر کرا دیا بعد اسکے زید مرگیا اوسوقت مسماۃ ہندہ بنت زید نے بہ تسلیم وصیت نامہ قبضہ و دخل عمرو کا بحال رکھا اور عمرو مذکور قریب بیس سال کے قابض و دخیل رہکر مطابق وصیت نامہ کے عمل درآمد کرتا رہا اب عمرو مرگیا اور اسنے چھوڑا اصل موصی کی دختر ہندہ کو اور ہندہ کی بیٹون کو یعنے موصی کے نواسون کو اور تین بیٹے نابالغ اور تین لڑکیان نابالغہ اور مسماۃ صالحہ ایک بیٹی بالغہ اور مسمی بکر ایک بیٹے بالغ کو بعد وسیمے بکر کہ سعید و صالح ہے اور بہ نسبت جملہ ورثہ کے لائق اہتمام امور وقف وغیرہ ہے بذریعہ وصیت نامہ مذکور کے قابض املاک ہوا اور ساتھ امانت اور دیانت کے تعمیل امور مندرجہ وصیت نامہ کرتا ہے سوال اول بموجب وصیت نامہ کے وصی بہ نسبت چار آنہ کے اشخاص مذکورہ مین سے کون شخص ہوگا سوال دوسرا اور جو شخص وصی ہوگا بہ نسبت چار آنہ کے وہی شخص وصی و منتظم بہ نسبت بارہ آنہ کے بھی ہوگا سوال تیسرا درحالیکہ وہی شخص وصی ہو تو ورثاے موصی کو اختیار انتزاع قبضہ کا اوس شخص سے نسبت چار آنے کے یا بارہ آنے بقیہ کے حاصل ہے

بینوا توجروا

**ہو المصوب** چونکہ دفعہ ۲ مین موصی نے تصریح کر دی کہ انتظام وقف ہماری اولاد مین رہیگا اسوجہ سے موصی کے نواسون کو کچھ مداخلت نہین ہو سکتی ہے کیونکہ لفظ اولاد سے اولاد بنت بقول مفتی بہ خارج ہین تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین صفحہ ۱۵۶ جلد اول چھاپہ مصر مرقوم ہے قال الطرسوسی ما حاصلہ ان فی دخول

اولاد البنات فی لفظ الاولاد اختلاف الروایة ففی روایة الخصاف وھ
یدخلون وفی ظاھر الروایة لا یدخلون وعلیه الفتوی وذکر العلامة
انه اختلف هل یدخل ولد البنت فی قوله علی ولدی وولد ولدی قال فی
لا یدخلون فی ظاهر الروایة وعلیه الفتوی لانهم ینسبون الی الاب دون
دون الام واعتمده فی التجنیس وکذا اعتمده المتاخرون منهم الشیخ قاسم
وقال هو الذی یفتی به انتهی ملخصا اور جو ورثه بالغ نہین وه بھی تا دم بلوغ
قابل وصایت و ولایت نہین جیسا کہ بحر رائق مین ہے فی الاسعاف لو اوصی
صبی تبطل فی القیاس مطلقا وفی الاستحسان هی باطلة ما دام صغیرا انتهی
اور ورثه او نہین سے جو سعید صالح ولائق انجام امور وقف کے ہو وه بسبب
نص موصی امور وقف مین بابت چار آنہ کے وصی و منتظم ہو گا اور اگرچند ورثه
رشد مین برابر ہون تو جو عالم ہو گا اور امور وقف کا اہتمام اچھی طرح سے مع
دیانت و امانت کے کر سکتا ہو گا وه منتظم قرار دیا جاوے گا تنقیح الفتاوی الحامدیہ
صفحه ۲۰۱ مین ہے لو احدهما اورع والآخر اعلم بامور الوقف فهو اولی اذا امن
من خیانته ولو استویا رشدا وکان احدهما عالما فانه یقدم انتهی اور جو سعید صالح
لائق انجام حسب نص موصی مہتمم امور وقف کا ہو گا وہی شخص بابت باره آنہ کے
بھی وصی قرار دیا جاوے گا فتاوی قاضیخان کے صفحه ۲۱۲ جلد چہارم چھاپہ کلکته مین ہے
لو قال الواقف انت وصی فی امر الوقف خاصة قال ابو حنیفة هو وصی فی الاشیاء
کلها انتهی اور بھی اوسمین صفحه ۳۲۶ مین ہے اذا اوصی الی رجل فی نوع کان وصیا فی
الانواع کلها انتهی اور بحر رائق کی کتاب الوقف مین ہے لو جعل وصیا فی امر الوقف
فقط کان وصیا فی الاشیاء کلها عند ابی حنیفة ومحمد انتهی اور جامع الرموز کے صفحه
۳۰۰ چھاپہ مصطفائی کتاب الوصایا مین ہے اطلاقه مشعر بانه لو جعل رجلا وصیا

نوع صار وصیا فی کل الانواع کلہا کما فی الذخیرۃ وغیرہ انتہی اور مجتبی شرح مختصر قدوری
منح الغفار شرح تنویر الابصار مین ہے لو خص له الوصیة فی مال له فهو وصی
عند ابی حنیفة فی کله انتہی اور فتاوی سراجیہ اور مجمع البرکات مین ہے الوصی فی
نوع یکون وصیا فی کل الانواع کلہا انتہی اور عبارت دفعہ ۶ وصیت نامہ کی اور نہ نیلام
ہے حق و دخل مسمی عمرو خواہ اونکے جو قائم مقام ہون فتور نہ آوے گا الخ نص
صریح اس امر پر ہے کہ بابت بارہ آنہ کے وصایت بعد عمرو کے اونکے قائم مقام
کیطرف منتقل ہوئی اور ورثہ موصی کو یا حاکم کو اختیار نہین ہے کہ بدون ثبوت
خیانت کے انتزاع قبضہ وصی سے مقدار چار آنہ یا بارہ آنہ کو کرین جامع الرموز
صفحہ ۱۰۳۹ مین ہے ویبقی وجوبا امین عن الخیانة یقدر علی القیام بها انتہی اور
شرح مختصر وقایہ للشمنی مین ہے ویبقی وصی امین یقدر علی التصرف ولیس للقاضی
ان یخرجه عن الوصایة انتہی اور ہدایہ کے باب الوصی مین ہے لو کان قادرا
علی التصرف امینا فیه لیس للقاضی ان یخرجه وکذا اذا شکی الورثة او بعضهم
الوصی الی القاضی فانه لا ینبغی له ان یعزله حتی تبدو له منه خیانة انتہی
واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ
الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۳۷
**استفتا** سوال کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس
مسئلہ مین کہ مثلاً زید نے اپنی املاک موقوفہ اور موصی بہا کا وصی اور منتظم اپنے پسر
مسمی بکر کو کیا اور املاک مذکورہ پر قابض و دخیل کرادیا اور یہ شرط کی کہ بعد مسمی
بکر کے ہمیشہ و ہر زمانہ مین ایک شخص ہماری اولاد مین سے کہ سعید و لائق ہو وصی
و منتظم املاک مذکورہ کا ہوا کرے گا شرعاً یہ شرط جائز اور واجب التعمیل ہر زمانہ
مین ہے یا نہین۔ بینوا توجروا۔

هو المصوب یہ شرط جائز اور واجب التعمیل ہر زمانہ مین ہے فتاوی ہندیہ
مین ہے فی فتاوی محمد بن الفضل سئل عمن شرط فی اصل الوقف الولایۃ لنفسہ
ولاولادہ قال یجوز بالاجماع انتہی اور یہی اوسمین ہے ان شرط ان یلیہ فلان
بعد موتی ثم بعدہ یلیہ فلان ثم بعدہ یلیہ فلان فہذا الشرط جائز کذا
فی محیط السرخسی انتہی اور فتاوی قاضی خان مین ہے لو شرط الواقف فی الوقف
ان یکون الولایۃ لہ ولاولادہ فی تولیۃ القیم وعزلہ والاستبدال بالوقف
وما ہو من انواع الولایۃ واخرجہ من یدہ الی المتولی جاز ذلک ذکر فی السیر
انتہی اور اشباہ مین ہے شرط الواقف کنص الشارع یجب اتباعہ انتہی اور علامہ شامی
حاشیہ درمختار مین لکھتے ہین شرائط الواقف معتبرۃ کالنصوص فیراعی
انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبہ الجلی والخفی۔ [محمد عبد الحی / ابو الحسنات]

۲۳۹

استفتا سوال ۱ ایک عورت نے زنا اور رقص کے ذریعہ سے روپیہ
پیدا کیا اوسمین سے خیرات کرے اگر امیدوار ثواب کی ہو تو کافر ہو جاویگی یا مسلمان
رہیگی ۲ ایسی عورت کے ہاتھ کوئی چیز بیچکر اوسکے روپیہ مین سے قیمت لینا
حلال ہے یا حرام ۳ کوئی ڈاکٹر یا طبیب عورت مذکورہ کا علاج کرے تو حق العلاج
اوسکے روپیہ مین سے لینا درست ہے یا نہین ۴ عورت مذکورہ کو اپنے گھر مین کرایہ پر رکھکر
اوسکے روپیہ مین سے کرایہ لینا کیسا ہے ۵ وہ عورت اگر نقد کسی کو روپیہ نذر کرے
تو اوسکی نذر لینا حلال ہے یا حرام ۶ جو روپیہ اوسنے زنا کے ذریعہ سے پیدا کیا
اور جو ناچ گانے سے ان دونون مین کچھ فرق ہے یا حرمت مین برابر ہے اوسکی دینے
اور نذر لینے والے کے واسطے ۷ وہ عورت اگر دعوت کرے یا کچھ تحفہ بھیجے تو اوسکو
قبول کرنا درست ہے یا نہین ۸ وہ عورت جسکے پاس مال حلال بالکل نہین فقط

اور رقص کی اجرت کا روپیہ ہے اگر وہ خیرات کرنا چاہے تو کیونکر کرے ۸؎ اگر وہ
عورت قرض لیکر خیرات کرے اور پھر اپنے روپیہ سے قرض ادا کر دے تو ثواب
خیرات کا پاویگی یا نہین ۹؎ اگر قرض لیکر وہ عورت کسیکو نذر دے تو وہ نذر قبول کرنا
جائز ہے یا نہین ۱۰؎ زنا اور رقص کے صلے مین اوسکی ایک رقم تنخواہ مقرر ہے اوسکے
سوا بھی اور روپیہ وہ اپنی خوشی سے دیتا ہے جسکی وہ نوکر ہے یہ دونون
رقمین حرمت مین برابر ہین یا نہین

**ہو المصوب** زنا اور رقص اور غنا کے ذریعہ سے جو مال پیدا ہو وہ خبیث
اور حرام ہے اور اس باب مین زنا اور ناچ گانا سب برابر ہین اور ایسی ہی ہر ایک
اجرت کسی معصیت کے جو حاصل ہو وہ بھی خبیث ہے ہان وہ مال جو مغنیہ یا زانیہ
کو کسی نے بغیر اجرت و بغیر شرط کے ابتداءً تبرع کیا وہ خبیث نہین ہے اور مال خبیث
کا حکم یہ ہے کہ کل مال واپس کر دینا اصل مالک کو اگر معلوم ہو واجب ہے اور
اگر معلوم نہو تو تصدق کل کا واجب ہے لیکن نہ بہ نیت طلب ثواب کے بلکہ بہ نیت
فراغ ذمہ کے اور اگر ایسے مال کے تصدق مین نیت طلب ثواب کی کیجاویگی تب
اگر حرمت اوس مال کی قطعی ہے جیسا کہ مال غصب وغیرہ تو وہ شخص کافر ہو جاویگا
اور اگر قطعی نہین ہے یعنے دلائل قطعیہ سے نہین ثابت ہے تو وہ کافر نہوگا جیسے
مال زنا و رقص کہ اسکی حرمت دلائل ظنیہ سے ثابت ہے مگر اس نیت سے وہ شخص
قابل مواخذہ ہوگا اور صدقہ اوسکا مقبول نہوگا قال ان اللہ طیب لا یقبل الا الطیب
رد المحتار حاشیہ درمختار کے کتاب الاجارہ مین ہے فی المنتقی امرأة نائحة
او صاحبة طبل او زمر اکتسبت مالا ردته علی اربابه ان علموا والا تتصدق به
وان من غیر شرط فهو لها وقال الامام الاستاذ لا یطیب والمعروف کالمشروط انتهی
قلت وهذا مما یتعین الاخذ به فی زماننا لعلمهم انهم لا یذهبون الا باجر البتة

طحطاوی انتہی اور در مختار کی کتاب الاجارہ مین ہے ولا للقوم لاجرۃ
لعسب التیس وہو نزوہ علی الاناث ولا ہو حل المعاصی مثل الغنا والنوح
والملاہی ولو اخذ بلا شرط یباح انتہی اور اوسی مین کتاب الزکوۃ مین ہے فی
شرح الوہبانیۃ عن البزازیۃ انما یکفر اذا تصدق بالحرام القطعی انتہی رد المحتار
مین ہے قولہ اذا تصدق بالحرام القطعی ای مع رجاء الثواب الناشی عن
استحلالہ اور شرنبلالی کے رسالہ حفظ الاصغرین عن اعتقاد ان الحرام لا یتعدی
الی ذمتین مین ہے لا یقصد بہ ای بالتصدق من المال الخبیث تحصیل الثواب
بل تفریغ الذمۃ اور ایسی عورت جسکے پاس مال حرام ہے اگر اور مال حلال بھی
اوسکے پاس ہے اور وہ بہ نسبت حرام کے زائد ہے تو اوسکی نذر قبول کرنا اور
اوسکی دعوت کہانا اور اوسکا صدقہ اور ہدیہ لینا اور اجرت کرایہ مکان یا اجرت
علاج وغیرہ لینا درست ہے بشرطیکہ یہ نہ معلوم ہو کہ یہ جو اوسنے دیا ہے
عین مال حرام ہے اور اگر یہ معلوم ہو یا یہ کہ مال حرام غالب ہو تو کچھہ نہین درست
ہے اشباہ والنظائر مین ہے اذا کان غالب مال المہدی حلالا فلا باس بقبول
ہدیتہ واکل مالہ ما لم یتبین انہ من حرام وان کان غالب مالہ الحرام لا یقبلہا
ولا یاکل الا اذا قال انہ حلال ورثہ او استقرضہ انتہی اور حفظ الاصغرین مین
ہے فان قلت کیف ساغ للفقیر تناول ما فیہ حیث قلت محلہ عدم علم حقیقۃ
الحال وان علم بہ فہو کغیرہ لا یحل لہ انتہی اور خزانۃ الروایات مین ہے
فی ملتقط الناصری اکل الربا او کاسب حرام اہدی الیہ او اضافہ وغالب
مالہ حرام لا یقبل ولا یاکل ما لم یبین ان ذلک المال حلال ورثہ او استقرضہ
وان کان غالب مالہ حلالا لا باس بقبول ہدیتہ والاکل منہ انتہی اس سے
یہ بہی معلوم ہو گیا کہ اگر وہ شخص کہ کل مال اوسکا حرام ہے وہ اگر خیرات کرنا چاہے

تو قرض لیکر کرے اور اپنے مال خبیث سے اوس قرض کو ادا کرے اور قرض لیکر جو دیگا اوسکا ثواب اوسکو ملے گا اور نذر و تحفہ وغیرہ اوس سے لینا بھی درست ہوگا حفظ الاصغرین مین ہے فی الخلاصة قال فی شرح حیل الخصاف لشمس الائمة ان الشیخ ابا القاسم کان ممن یاخذ جائزة السلطان وکان یستقرض جمیع حوائجه ویقضی دینه بما یاخذه من الجائزة انتهی واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمای دین ایسے موی مبارک کی زیارت کی نسبت اور نیز اوس محفل زیارت مین شرکت کی بابت جو بغیر اسناد صحیح کے آنحضرت صلعم کی طرف منسوب کیجاتی ہے حالانکہ اوس مجلس زیارت مین بعض منہیات شرعیہ اور بدعات سیئہ کا ارتکاب بھی کیا جاتا ہے یعنی شب زیارت کو کثرت سے چراغان روشن کیے جاتے ہین نوبت و شہنائی نوبت بہ نوبت بجائی جاتی ہے آتشبازی بھی چھوٹتی ہے راگ بھی مع مزامیر وغیرہ ہوتا ہی غرضکہ جملہ رسومات شادی اوس محفل زیارت مین ادا ہوتے ہین اور اسباب عیش و طرب مہیا کیے جاتے ہین صبح روز زیارت کو مالیدہ بر آنحضرت کی روح پر فتوح پر فاتحہ مرسومہ کرنا بھی واجبات سے خیال کیا جاتا ہے اور نیز ارشاد ہو کہ شیفتگان موی مبارک اکثر نقد و جنس بطور نذر و نیاز کے موی مبارک پر چڑھاتے ہین اوسکا لینا کیسا ہے اور کسکو لینا چاہیے اور کسیقدر اراضی وغیرہ بطور اعانت عرس موی مبارک کے سلاطین اہل اسلام کے عہد سے معاف چلی آتی ہے اوسپر خادمان موی مبارک کا متصرف ہونا اور اوسمین سے اپنا اور اپنے اہل و عیال کا نفقہ چلانا شرعاً کیسا ہے - بینوا توجروا

الجواب جاننا چاہیے ہر مسلمان کو کہ جن چیزون کو ذات بابرکات حضرت رسول الثقلین

سیدنا و مولانا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی قسم کا علاقہ ہے
خواہ وہ موی مبارک ہو خواہ جبۂ مبارک ہو خواہ نعلین پاک ہون خواہ اور کوئی
چیز ہو کہ جسکو آنحضرتؐ نے مس فرمایا ہو یا اور کسیطرح آنحضرت سے اوسکو علاقہ
پیدا ہوا ہو ایسی تمام چیزون کی تعظیم کرنا اور اونسے برکت حاصل کرنا نشان کمال
ایمانی اور دلیل غایت محبت نبوی ہے اور جملہ آثار محمدی پر جان نثار کرنا ایک عمدہ
علامت علامنہای اسلام سے ہے اس باب مین کسی عاشق جناب نبوی کو کلام
اور کسی اہل ایمان کو اس سے انکار کی مجال نہین ہے اور اسمین شبہہ نہین ہو سکتا کہ ایسے
آثار و مشاہد کی تعظیم و تکریم اور اونسے برکت حاصل کرنا در اصل تعظیم و تکریم جناب احمدی
کی ہے جو راس الایمان ہے اور ثبوت اسکا اکثر احادیث صحیحہ اور آثار صحابہ کرام سے
ہوتا ہے چنانچہ موی مبارک کی تعظیم اور برکت حاصل کرنے کی نسبت عثمان ابن
عبد اللہ ابن موہب سے روایت ہے ارسلنی اهلی الی ام سلمة بقدح من ماء
وكان اذا اصاب الانسان عين او شيء بعث اليها مخضبه فاخرجت من
شعر رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت تمسكه في جلجل من فضة فخضخضته له
فشرب منه قال فاطلعت في الجلجل فرأيت شعرات حمراء رواه البخاري ترجمہ
عثمان ابن عبد اللہ ابن موہب فرماتے ہین کہ بھیجا مجکو میرے گھر والون نے
حضرت ام سلمہ کے پاس ایک پیالہ پانی کا لیکر اور عادت سبکی یہہ تھی کہ جب کسی
آدمی کو نظر لگتی یا اور کچھہ بیماری ہوتی تو وہ حضرت ام سلمہ کے پاس پانی کا پیالہ
بھیجدیا کرتا پس ام سلمہ رسول اللہ صلعم کا موی مبارک نکالتین اور وہ اوسکو
ایک چاندی کی ڈبیہ مین رکھا کرتی تھین پس اوسی موی مبارک کو اوسی پانی
مین ڈالکر ہلا دیا کرتی تھین اور وہ اوسکو پی لیا کرتا تھا پس مینے جھانک کر
ڈبیا مین دیکھا تو اوسمین چند بال تھے سرخ رنگ کے روایت کیا اسکو

بخاری نے اور جبہ مبارک کی تعظیم اور اوس سے برکت حاصل کرنے کی بنسبت
حضرت اسمار بنت ابی بکر ہمشیرہ خاص حضرت عائشہ صدیقہ رض سے روایت ہے
انها اخرجت جبة طيالسة كسروانية لها لبنة ديباج وفرجيها مكفوفين
بالديباج فقالت هذه جبة رسول الله صلى الله عليه وسلم كانت عند عائشة
فلما قبضت قبضتها وكان النبي صلى الله عليه وسلم يلبسها فنحن نغسلها للمرضى
نستشفي بها رواه مسلم ترجمہ حضرت اسمار بنت ابی بکر سے روایت ہے کہ اونہوں نے
نکالا ایک جبہ طیلسان کا کسروانی کہ اوسمیں گریبان پر ریشمی سنجاف تھی اور دونوں
چاکوں پر اوسکے ریشمی سنجاف تھی اور کہا کہ یہ جبہ ہے رسول اللہ صلعم کا حضرت
عائشہ کے پاس رکھا تھا پھر جب عائشہ نے انتقال کیا تو یہ جبہ مینے لے لیا اور اسکو
آنحضرت پہنا کرتے تھے اور اب ہم اوسکو دھو کر مریضوں کو پلاتے ہیں کہ اوسکی برکت
سے شفا حاصل کریں اور اس سے بڑھکر یہہ ثابت ہے کہ خود آن حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اپنے آثار مبارک کو تبرکا وردوں کو عطا فرمایا ہے
و بطریق تبرک اوسکا استعمال کرایا ہے چنانچہ باب حجۃ الوداع میں حضرت انس سے
مروی ہے قال ان النبي صلى الله عليه وسلم اتى منى فاتى الجمرة فرماها ثم اتى منزله
بمنى ونحر نسكه ثم دعا بالحلاق وناول الحالق شقه الايمن فحلقه ثم دعا ابا طلحة
الانصاري فاعطاه اياه ثم ناوله الشق الايسر فقال احلق فحلقه فاعطاه
ابا طلحة فقال اقسمه بين الناس رواه الشيخان ترجمہ حضرت انس سے مروی ہے
آنحضرت آئے منا میں پس جمرہ کی جگہہ کنکری کی پھر آپ نے اپنے قیامگاہ پر مراجعت
فرماکر قربانی کی پھر حجام کو بلاکر جانب یمین سر مبارک اوسکی طرف کی اوسنے حلق کیا
پھر ابو طلحہ انصاری کو بلاکر وہ موی مبارک دیدیئے پھر حلاق کو دوسری شق دیا
دی اور فرمایا کہ حلق کر چنانچہ اوسنے حلق کیا تو فرمایا ابو طلحہ کو دیکر یہہ سبکو

بانٹ دے اور ایسی مروی ہے حضرت ام عطیہ سے حضرت زینب بنت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل اور تکفین کے قصہ مین انہا قالت فالقی حقوہ فقال
اشعرنہا ایاہ ترجمہ حضرت ام عطیہ فرماتی ہین کہ حضرت نے اپنا تہبند ہماری طرف
پھینکا اور فرمایا کہ اس کپڑے کو سب کپڑون سے پہلے پہنا کر کفن دو یعنے اوسکو
بدن سے متصل رکھو اور یہہ حدیث دلیل ہے برکت حاصل کرنے مین صلحا
کے آثار سے چنانچہ صاحب لمعات نے اسکے تحت مین افادہ فرمایا ہے فیہ
الحدیث اصل فی التبرکۃ باثار الصالحین ولباسہم الخ ترجمہ صاحب لمعات
افادہ فرمایا ہے کہ یہہ حدیث اصل ہے بیچ حاصل کرنے برکت کے ساتھ آثار
صلحا اور لباس اونکے کے اور اسیطرح جن چیزون کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے مس فرمایا اونکی برکت ثابت ہے چنانچہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہین لیت
دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فشرب من فی قربۃ معلقۃ قائما
فقمت الی فیہا فقطعتہا ترجمہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہین کہ آن حضرت ہمارے
گھر آئے اور ایک مشکیزہ لٹکتا تہا اوسکے منہ سے منہ لگا کر آپنے پانی پیا پہر
مینے اوس مشکیزہ کے دہانے کو تراش رکھا اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ
شفا مین افادہ فرمایا ہے ومن اعظامہ اعظام جمیع اسبابہ واکرام مشاہدہ
وامکنۃ من مکۃ والمدینۃ ومعاہدہ وما لمسہ علیہ الصلوۃ والسلام وقیل
قال کانت فی قلنسوۃ خالد بن الولید شعرات من شعرہ صلی اللہ علیہ وسلم
فسقطت قلنسوتہ فی بعض حروبہ فشد علیہا شدۃ انکر علیہ اصحابہ لکثرۃ
من قتل فیہا فقال لم افعلہا بسبب القلنسوۃ بل لما تضمنت من شعر النبی صلی
اللہ علیہ وسلم لئلا اسلب برکتہا وتقع فی ایدی المشرکین الخ ترجمہ اور قاضی عیاض
نے کہا کہ منجملہ تعظیم آن حضرت کے تعظیم ہے آپکی تمام اسباب کی اور بزرگی آپکے

آپکے تشریف لانے کے مقامات اور مکانون کی مکہ مین ہون یا مدینہ مین اور
آپکے عبادت کرنے کے مقامات اور جن چیزون کو آپنے ہاتھ لگایا رغبت جو ہو
وہ عمدگی آپ پر درود سلام اور نیز کہا عیاض نے کہ حضرت خالد کی ٹوپی مین چند موئے
مبارک آن حضرت کے تھے پس گرگئی ٹوپی اونکی ایک لڑائی مین پس دوڑے اوس
ٹوپی کے واسطے کہ اوس موقع پر اونکے ساتھیون نے ناپسند کیا اوس جگہ کے قتل
وقتال کے اندیشہ سے تو حضرت خالد نے فرمایا کہ مین کچھ اس ٹوپی کے لیئے
نہین گھبرایا تھا بلکہ اسلیئے کہ اوسمین آنحضرت کے موی مبارک تھے مجکو اندیشہ ہوا
کہ مبادا وہ مشرکین کے ہاتھ لگے اور مین اوسکی برکت سے محروم ہو جاؤن -
وایضا قال القاضی وحکی عن عبد الرحمن السلمی عن احمد بن فضلویۃ الزاہد کان
من الغزاۃ الرماۃ انہ قال ما مسست القوس بیدی الا علی طہارۃ منذ بلغنی
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخذ القوس بیدہ الخ ترجمہ اور نیز کہا قاضی نے
کہ مروی ہے عبد الرحمن سلمی سے وہ روایت کرتے ہین احمد بن فضلویہ زاہد سے
اور وہ منجملہ غازیون تیر اندازکے تھے اونہون نے کہا کہ جب سے مینے یہہ سنا
کہ میری کمان کو آنحضرت نے دست مبارک سے چھوا اوسوقت سے مینے اوسکو
کبھی بے وضو نہین چھوا وایضا قال رأی ابن عمر واضعا یدہ علی مقعد النبی صلی اللہ
علیہ وسلم من المنبر ثم وضعہا علی جبہتہ الخ ترجمہ - اور کہا قاضی نے کہ
حضرت عبد اللہ ابن عمر کو لوگون نے دیکھا کہ جہان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
منبر پر بیٹھتے تھے اوس جگہہ ہاتھ لگاکر پیشانی پر مس فرماتے تھے - پس ان
تمام احادیث وروایات سے اہل ایمان کی نظر مین بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ جملہ
آثار ومشاہد نبوی سے برکت حاصل کرنا اور انکی تعظیم کرنا عمدہ نعمای الہی سے
ہے اور اس قسم کی برکت اور تعظیم کا ثبوت خود آن حضرت وصحابہ کرام از افعال

مبارکہ سے ظاہر ہوتا ہے لیکن مسلمان کو چاہیئے کہ وہ اسبات پر نظر کرے کہ جسطرح
ان احادیث سے آثار نبوی کی برکت و تعظیم کا ثبوت ہوتا ہے اسیطرح تعظیم و
برکت حاصل کرنے کا طریقہ بہی انہین احادیث سے ثابت ہوتا ہے پس جسطرح
وہ شخص جو منکر برکت آثار نبوی ہو بددین اور گنہگار ہے اسیطرح وہ
شخص جو خلاف طرق مرویہ حدیث کے کوئی خاص طریقہ تعظیم کا اپنی طرف سے
اختراع کرے وہ مبتدع اور مخالف سنت سمجہا جاوے گا اسلیئے کہ مخالفت سنت
مین دونون برابر ہین اور یہ اوس صورت مین ہے جبکہ اوس طریقہ مخترعہ مین کوئی
امر خاص صریح منہیات شرعیہ اور محرمات یقینیہ سے شامل نہو اور اگر اوس طریقہ
مخترعہ مین کوئی امر محرمات شرعیہ سے بہی شامل کیا جائے تو ایسی حالت مین دو
نقصان ہونگے ایک تو طریق خاص کا احداث اور دوسرے محرمات شرعیہ کا ارتکاب
اور ان دونون باتون کا حکم یہ ہے کہ ارتکاب غیر مستحل فاسق اور مستحل کافر ہے
دوسرے اس بات پر نظر رکہنی چاہیئے کہ جو تعظیم اور برکت آنحضرت کے آثار کیواسطے
ثابت ہے وہ آن حضرت ہی کے آثار کے ساتہ مخصوص ہے اور دوسرے کے
آثار کیساتہ وہ معاملہ کرنا جو آن حضرت کے آثار کے ساتہ مخصوص ہے حرام ہے
پس ضرور ہوا کہ جب کسی خاص جبہ اور خاص لباس اور خاص موکی نسبت یہ
دعوی کیا جاوے کہ یہ آن حضرت کے آثار ہین تو اول اس بات کا یقین حاصل
کیا جاوے کہ یہ آثار فی الواقع آنحضرت کے آثار ہین یا دوسرے شخص کے
ہین جنکو آنحضرت کی طرف کسی طرح سے منسوب کر دیا ہے تاکہ اس یقین سے
غیر کے آثار کے ساتہ آن حضرت کے آثار کا سا برتاؤ لازم نہ آوے اور اس
قسم کے یقین کا حصول ایسے امور کی نسبت بغیر اوس طریقہ کے متعذر ہے
جسکو ہمارے محدثین رحمہم اللہ نے روایت حدیث مین اختیار کیا ہے کیونکہ

اثبات آثار نبوی بعینہ حدیث عن رسول اللہ ہے اور حدیث عن رسول اللہ
مین یہی طریقہ مسلوک ہے اور یہہ بات ظاہر ہے کہ جب ان آثار کا ثبوت
ایسے طریق روایت پر موقوف ہو تو اوسکی صحت و عدم صحت بعینہ
صحت اسناد اور عدم صحت اسناد پر موقوف ہوگی اور جس صورت مین
اوسکے واسطے سند ضعیف بھی میسر نہو تو صرف چند جاہلون کے محضر نامہ
...ب اوسکو ثابت کر سکتے ہین پس خلاصہ کلام یہہ ہوا کہ بلاشبہہ تعظیم آثار نبوی
علامات ایمانی مین سے ہے جسکا ثبوت احادیث صحیحہ سے ہوتا ہے لیکن
وہ تعظیم اور تبرک منحصر ہے انہین طرق مین جو احادیث سے ثابت ہین اور
یہہ تعظیم فرع ہے اس بات کی کہ ان آثار و تبرکات کا انتساب آنحضرت کی ذات
پاک کی طرف صحیح ہو اور صحت انتساب موقوف ہے صحت روایت پر پس جو
آثار بصحت روایت ثابت ہین بلاشبہہ اونکی تعظیم صحابہ کرام کے طریقہ کے
موافق کرنی چاہیے اور ان سے برکت حاصل کرنے مین کوئی شبہہ نہین اور جو
بصحت روایت ثابت نہین ہین اونکے ساتھہ بلا تحقیق وہ معاملہ کرنا جو آن حضرت کے
آثار ثابتہ کے ساتھہ کرنا چاہیے ایسا ہے جیسا کہ بلا سند کے کلام کو حدیث
...اسناد اور اوسپر عمل کرنا جسکی نسبت سخت وعید وارد ہے قال ابن عباس قال
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم فمن کذب
علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار رواہ الترمذی ترجمہ حضرت عبد اللہ
ابن عباس سے مروی ہے کہ آن حضرت نے فرمایا کہ تم میری طرف کسی بات کے
منسوب کرنے سے خوف خدا کرو اور بغیر تحقیق کے مجھسے کوئی روایت مت کرو
...جو مجھپر جھوٹ باندھے جان بوجھکر وہ اپنا ٹھکانا جہنم مین کرے پس واجب
ہے ہر مسلمان پر یہہ بات کہ جبتک اوسکو اس بات کا علم نہو کہ جس امر کی نسبت

آن حضرت کی طرف کیجاتی ہے وہ نسبت صحیح ہے یا نہین اوسوقت تک اوسکی
روایت نکرے اور جب روایت جائز نہین تو عمل بطریق اولی جائز نہوگا البتہ
ایسی صورت مین احتیاط کا مقتضا یہہ ہے کہ جب کوئی شے آن حضرت کیطرف
دعوی کے ساتھہ منسوب کیجاوے تو قبل تحقیق کے جیسے انکا اقرار جائز نہین
ہے انکار پربہی اصرار نکرے بلکہ سکوت کرے چنانچہ ایسی صورت مین حدیث
نبوی سے بہی توقف ثابت ہوتا ہے صاحب مرقاۃ نے اس حدیث کے
تحت مین قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تصدقوا اهل الکتاب ولا تکذبوهم
وقولوا آمنا باللہ وما انزل الینا الخ رواه البخاری ترجمہ مت تصدیق کرو تم اہل کتاب
کی اور نہ تکذیب کرو انکی اور کہو تم کہ ایمان لائے ہم اللہ پر اور اوس چیز پر
جو اوسنے ہمپر اوتاری روایت کیا اوسکو بخاری نے لکہا ہے لا تصدقوا
اهل الکتاب ای فیما لم یتبین لکم صدقه لاحتمال ان یکون کذبا ای هو الظاهر
من احوالهم قوله ولا تکذبوهم ای فیما حدثوا من التوراة والانجیل ولم یتبین
لکم کذبه لاحتمال ان یکون صدقا وان کان نادرا لان الکذوب قد یصدق
وفیه اشارة الی التوقف فیما استشکل من الامور والعلوم الخ غرض کہ
ایسے مواقع پربہی توقف کا طریقہ اسلم ہے ترجمہ نہ تصدیق کرو اہل کتاب کی
یعنے اوس بات مین جسکی تمکو بخوبی تصدیق نہین ہوئی واسطے احتمال اس بات
کے کہ شاید وہ جہوٹ ہو اسلیئے کہ انکا ظاہر حال جہوٹ ہی کو مقتضی ہے
اور نہ تکذیب کرو انکی اون باتون مین جو توراۃ اور انجیل سے روایت کرتے
ہین جب تک انکی تکذیب ظاہر نہو جاوے اسلیئے کہ شاید سچے ہون گو سچ
نادر ہے اسواسطے کہ کبہی جہوٹا بہی سچ بول دیتا ہے اور اسمین اشارہ ہے اس بات
کہ جو امور مشتبہ ہون اعتقادی اور عملی معاملات مین سے تو انمین توقف

پس یہہ جب تمام امور مذکورہ ظاہر ہو چکے تو اب سائل کو دیکھنا چاہیے کہ جو لوگ موے
مبارک آن حضرت کی زیارت طریقۂ مذکورۂ سوال کے بموجب کراتے ہین بدعات
اور مخترعات کے پابند ہین دیکھو روایت مذکورۂ بالا کے موجب جب موی مبارک
کا پانی مریض کے واسطے حضرت ام سلمہ سے طلب کیا تو اونھون نے ڈھول تاشہ
نہین بجوائے پنج آیت اور قرآن خوانی نہین کرائی ترتیب مجلس اور تعیین وقت
اور تاریخ نہین کیا غرضکہ کسی قسم کے تعینات خاصہ سے اوسکو مقید نہین فرمایا بلکہ
اوسکی برکت کو ہر حالت مین قابل استفادہ تصور فرمایا بخلاف اس صورت کے
جسکو سائل نے بیان کیا ہے جسمین تعیین ماہ ویوم وتاریخ کو امر ضروری اور
موجب ازدیاد الثواب خیال کیا ہے جسکی سنت نبویہ مین کچھہ بھی اصل نہین
ہے اور تداعی اور انعقاد محافل خاصہ کو لابد خیال کیا ہے اور اوسمین نوبت
نقارہ وجملہ مزامیر مہیا کیئے جاتے ہین جو سراسر افعال شیاطین سے ہین علاوہ
موی مبارک بھی بطور نذر لغیر اللہ کیا جاتا ہے اور بطور تبرک کے تقسیم حالانکہ اوسکی
انتفاع حرام قطعی ہے غزلین گاتے ہین حالانکہ ایسے راگ بالاتفاق حرام ہین
پس برکت حاصل کرنا جو غایۃ الامر مستحب ثابت ہوگی باعث ہوتی ہے ایسے
محرمات شرعیہ کے ارتکاب کی جن سے اجتناب واجب ہے اور ظاہر ہے کہ جس
مستحب کے ارتکاب سے ترک واجب لازم آوے اوس مستحب کا ترک واجب ہے
پس اس صورت مین ہرگز شریعت غرای محمدیہ اس بات کی اجازت نہین دیتی کہ
ایسے بدعات کے ساتھہ اس امر مستحب کا ارتکاب صحیح ہو اور نفس استحباب اسکا
بھی اوس صورت مین مسلم ہے جبکہ یہہ بخوبی ثابت ہوجاوے کہ فی الواقع یہہ
موی مبارک آن حضرت ہی کا ہے اور اگر یہہ امر پایۂ ثبوت کو نہ پہونچے تو ایسے
جلسہ مین بقصد تبرک حاضر ہونا بھی جائز نہین ہے اور جو لوگ نذر مانتے ہین

موی مبارک کی اور اوسپر چڑہاوا چڑہاتے ہین وہ حرام ہے کیونکہ نذر عبادت
ہے اور عبادت بغیر اللہ حرام ہے اور ظاہر ہے کہ یہہ نذر بغیر اللہ ہے بس یہہ
حرام ہے چنانچہ لکھا ہے صاحب بحر رائق نے والنذر للمخلوق لا یجوز لانہ
عبادۃ والعبادۃ لا یکون لمخلوق یعنے نذر مخلوق کی ناجائز ہے اسلیئے کہ وہ
عبادت ہے اور عبادت کسی مخلوق کے لیئے نہین ہوتی الخ اور جسطرح یہہ فعل
حرام ہے اسیطرح اوس قسم کے چڑہاوے کا لینا اور اوسکا کہانا اور اپنی صرف مین
لانا بہی حرام ہے اور ایسی نذر منعقد نہین ہوتی اور ذمہ پر اوسکا ادا واجب
نہین ہوتا چنانچہ اسی بحر الرائق مین ہے الاجماع علے حرمۃ النذر للمخلوق
ولا ینعقد ولا یشتغل الذمۃ بہ وانہ حرام بل سحت ولا یجوز لخادم الشیخ
اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من الوجوہ الخ ترجمہ یعنے اس بات پر
اجماع ہے کہ نذر مخلوق کی حرام ہے اور وہ نذر منعقد ہی نہین ہوتی اور ذمہ پر اوسکا
وجوب نہین ہوتا اور مجاورون کو اوسکا لینا اور کہانا اور کسی قسم کا تصرف کرنا جائز
نہین ہے اور جو اوقاف موی مبارک کے خدام کے واسطے مقرر ہین اگر وہ اوقاف
اس غرض سے مقرر کیے گئے ہین کہ وہ تمام بدعات و شرکیات جو سوال مین مذکور
ہین اس وقف کے ذریعہ سے رائج کئے جاوین اور ایسے بدعات مین ان اوقاف
سے صرف کیا جاوے تو فی نفسہ یہہ وقف ہی باطل ہے اور انکا واقف گنہگار
ہے کیونکہ منجملہ شرائط صحت وقف کے ایک یہہ شرط ہے کہ وہ کام جسکے لیئے
وقف کیا ہے فی نفسہ قربت اور عبادت معلوم فی الدین ہو اور ظاہر ہے کہ یہہ
امور نعوذ باللہ منہا عبادت نہین ہین چنانچہ عالمگیریہ مین ہے ومنہا ای من
شرائط صحتہ ان یکون قربۃ فی ذاتہ وعند التصرف الخ ترجمہ اور منجملہ شرائط
کے ایک یہہ شرط ہے کہ وہ امر فی نفسہ قربت ہو اور وقت تصرف کے الخ

اور اگر اونسے صرف یہہ نیت کی ہے کہ جو فقرا و مساکین یہان حاضر ہوون اون پر صرف کیا جاوے اور جو شخص اوسکی متولی ہوون وہ بہی بقدر حاجت اوسمین سے لیا کرین تو وقف صحیح ہے اور بقدر حاجت خود لینا اور باقی فقرا پر صرف کرنا حلال ہے واللہ اعلم کتبہ العبد الذلیل محمد اسمعیل

محمد اسمعیل ۱۲

اجاد من اجاب

محمد لطف اللہ

فی الواقع برکت لینا ایسی چیزون سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف بانتسابِ صحیح بطریق صحیح منسوب ہین جائز و مستحسن ہے لیکن ایسی مجلس مین جانا جسکو سائل نے ذکر کیا بوجہ اشتمال اونکے بدعات مستقبحہ اور افعال محرمہ پر شریک ہونا نہین جائز ہے اور نہ ایسے آثار سے جنکا انتساب بطریق صحیح ثابت نہین ہے برکت لینا جائز ہے اور جو اشیاء عوام کالانعام موی مبارک پر چڑہاتے ہین اونکا لینا بوجہ اوسکے منذور لغیر اللہ ہونے کے نہین جائز ہے ولقد در الجیب حیث اتی بتفصیل رائق وہو فیہ مصیب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۴۰ استفتا سوال کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ گاڑیان واسطے پہونچا دینے لٹھونکے گہاٹ دریا سے ایک مقام معین کو کرایہ کین اور لٹھے دریا کے اوس پار سے بذریعہ کشتی عبور ہو کر آئے گاڑی والون نے کہا ان لٹھون کو کشتیون مین سے اسی جگہہ یعنے ہماری گاڑیون کے متصل کہول دو ہم اپنی گاڑیون مین بہر لین گے اونسے کہا گیا کہ یہہ جگہہ اندیشہ کی ہے اس جگہہ کہولنے سے لٹھے بہجاوینگے بجای امن انکو کہولین گے وہان سے تم بہر لینا گاڑی والون نے کہا کہ ہمارے آرام کی جگہہ ہے اور تم اس جگہہ لٹھونکو کہول دو اگر یہان سے تلف ہو جاوینگے تو ہم دیوینگے چنانچہ لٹھای مذکور اوسی جگہہ کہول کر گاڑی بانان کو شمار کر دیئے

[illegible]

اور اونہون نے اوس روز گاڑیان نہین بہرین ... نہین
سے بہ ... گئے اور بعد تلاش بسیار کے ایک لٹہہ ملا اور دوسرا نہین ملا ...
... لٹہے کی قیمت کا تاوان اور اوسکی تلاش کا صرف اور ...
کی تلاش کا صرف گاڑی بانان مذکور سے وصول کرنا درست ہے یا نہین اور
در صورت جواز وصول تاوان کے کیا قیمت لیجاویگی اور دوسرے ...
کو اس قسم کا زیور نقرئی پہنانا جو خود بجنے والا ہو مگر ایک دوسرے سے لگ کر
بجے ... جیسے کڑے چہڑے ... اس ... ہین ...
وہ بوقت رفتار لگ کر بجتے ہین یا گہونگرو اس قسم کے جنکے اندر دانے ...
دانہ نہو مگر وہ بہی آپسمین لگ کر بجتے ہون جائز و درست ہے یا نہین

بینوا توجروا فقط

**الجواب** صورت مسئولہ مین گاڑی بان سے تاوان لینا اگرچہ جائز ...
بقول امام اعظم رحمۃ اللہ ... اسواسطے کہ گاڑی بان اجیر مشترک ہے اور اجیر مشترک پر
صورت ہلاک ہونے مافی یدہ کے بغیر اوسکے عمل کے ضمان نہین اگرچہ ضمان
کی شرط اوسپر کی گئی ہو اسواسطے کہ جو مال اوسکے سپرد کیا وہ امانت ہے اور
ضمان کی شرط امانت مین باطل ہے مثل مودع کے اسی قول پر فتوی ہے
ایسا ہی عامۂ کتب معتبرہ مین ہے اور اسی کا جزم کیا ہے اصحاب متون نے
پس یہی مذہب ہے بغیر اختلاف روایت اشباہ کے کما فی الدر المختار ولا یضمن
ما هلك فی یده وان شرط علیه الضمان لان شرط الضمان فی الامانة باطل
کالمودع وبه یفتی کما فی عامة المعتبرات وبه جزم اصحاب المتون فکان
هو المذهب خلافا للاشباه انتهی وفی العالمگیریة جلد ...
... ان هلك فی یده من غیر صنعه فلا ضمان علیه فی قول ابی حنیفة

وبعضهم قول من الجلس انه قياس من سعلق بامر يمكن التحرز عنه كالسرقة والغصب
ويلعه ما لا يمكن التحرز عنه كالحرق الغالب والغارة الغالبة انتهى ليكن اس زمانه مين فتوى
کے قول پر فتوی ہے یعنے ضمان لینا جائز ہے کما فی العالمگیریة وبقولهما یفتی
لتغیر احوال الناس وبه یحصل صیانة اموال الناس کذا فی التبیین انتهی
اس صورت مین کہ تعدی یا تقصیر نہ ہو تاوان لینا گم شدہ کا بقدر اوسکی قیمت
روس تعلیم کے جہان گم ہوا اور صرف تلاش لیکھو گم شدہ اور یافتہ کا وصول باقی اور
سے لیکن جبر وصول کرنے مین روایتین مختلف ہین ترجیح عدم جبر کو ہے کما فی
العالمگیریة وبعضهم افتوا بالصلح عملا بالقولین والشیخ الامام ظهیر الدین المرغینانی کان
یفتی بقول ابی حنیفة رحمه الله قال رحمه الله فقلت له یوما من قال منهم یفتی بالاجر
هل یجبر الخصم لو امتنع قال کنت افتی بالصلح فی الابتداء ثم رجعت لهذا انتهی
جواب دوسرے سوال کا یہ ہے کہ عورتون کو ایسا زیور پہننا جو حرکت پاکر خود
آواز کرے یا ایک دوسرے سے لگ کر بجے جسکی آواز سے اظہار مخفی زینت کا
ہو جاتا ہو درست کہ عورت فلان زیور والی ہے منع ہے اس واسطے کہ علم آواز
زیور موروث میل و خواہش کا ہوتا ہے مردون کو کما فی البیضاوی ولا یضربن
بارجلهن لیعلم ما یخفین من زینتهن لیتقعقع خلخالها فیعلم انها ذات
خلخال فان ذلک یورث میلا فی الرجال وهو ابلغ من النهی عن اظهار
الزینة وادل علی المنع من رفع الصوت انتهی اور یہ معلوم ہے کہ جس مرد پر
غلبہ شہوت عورتون کا ہوتا ہے جب اونکی زیور کی آواز سنتا ہے ہوجاتا ہے
بہ سبب زیادتی خواہش کا اونکے دیکھنے مین کما فی التفسیر الکبیر اما قوله تعالی
ولا یضربن بارجلهن لیعلم ما یخفین من زینتهن فقال ابن عباس وقتادة
کانت المرأة تمر بالناس وتضرب برجلها لیسمع قعقعة خلخالها ومعلوم

ان الرجل الذی یغلب علیہ شھوۃ النساء اذا سمع صوت الخلخال یصیر ذالک داعیۃ لہ زائدۃ فی مشاھدتھن وقد علل تعالی ذلک بان قال لیعلم ما یخفین من زینتھن من الحلی وغیرہ انتہی اور حدیثون سے ایسا ظاہر ہے کہ لڑکیون کو بھی ایسا زیور پہننا منع ہے کما فی المشکوۃ وعن ابن الزبیر ان مولاۃ لھم ذھبت بابنۃ الزبیر الی عمر بن الخطاب وفی رجلھا اجراس فقطعھا عمر وقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مع کل جرس شیطان رواہ ابو داؤد وعن بنانۃ مولاۃ عبد الرحمان ابن حیان الانصاری کانت عند عایشۃ اذ دخلت علیھا بجاریۃ وعلیھا جلاجل یصوتن فقالت لا تدخلنھا علی الا ان تقطع جلاجلھا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ جرس رواہ ابو داؤد انتہی واللہ اعلم بالصواب نمقہ شجاعت علی عفی عنہ

فی الواقع ایسا زیور پہننا کہ آواز دیتا ہے نہین جائز ہے اور درباب ضمان اجیر مشترک کے اگرچہ اوسپر ضمان شرط کیا ہو امام ابو حنیفہ کے نزدیک ضمان نہین ہے اور صاحبین کے نزدیک ضمان ہے بشرطیکہ اوسکی قدرت مین رفع صورت ہلاک ہو رد المحتار مین ہے حاصل ما فی فتاوی الطوری عن المحیط ان ضمان المشترک ما تلف مقید بثلثۃ شروط ان یکون فی قدرتہ رفع ذلک فلو غرقت بموج او ریح او صدمۃ جبل لا یضمن الخ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

٢٢١ استفتا ما قولکم رحمکم اللہ تعالی کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ زید نے اپنی زوجہ کی خالہ سے بحالت غصہ جو بوجہ تکرار سابق مابین زن و شوہر کے پیدا ہوا تھا کہا کہ کہدو اوس یعنے زوجہ سے ہمنے اوسکو اپنی

کتاب الطلاق

تاریخ سے طلاق دیا طلاق دیا تب اوس زوجہ کی خالہ نے کہا کہ ایسی بات موںھہ سے
مت نکالو یہہ فتوی و حدیث کی بات ہے تب اوس زوج یعنے زید نے کہا کہ فتوی
و حدیث کو طاق پر رکہو تو اوسکو طلاق یا طلاق دیا بعد ازان باہم زن و شوہر کے
کچھ گفتگو کہانے پینے کی رہی کہ اب وہ زوج یعنے زید طلاق دینے سے انکار
کرتا ہے اور اوس طلاق کو اوسکی زوجہ اور اوسکی خالہ اور چند اشخاص زوجہ
کے برادری والون نے خود سنا تہا پس اولاً از روی مذہب حنفیہ یہہ قول
مرد کا کہ طلاق نہین دیا ہے معتبر ہوگا یا یہہ قول عورت کا کہ طلاق دیا ہے معتبر
ہوگا اور طلاق واقع ہوگا اور بصورت وقوع طلاق کون قسم کا طلاق شمار
کیا جاوے گا اور پہر اون دونون مین معاشرت کی کون سی صورت ہے یا
یہہ کہنا مرد کا کہ فتوی و حدیث کو طاق پر رکہو کلمۂ ارتداد سمجھا جاوے گا اور بعد
وہ وہ شخص دائرۂ اسلام سے خارج سمجھا جاوے گا اور پہر از سر نو اسلام لاکر
اوسی زوجہ سے تجدید نکاح کر سکتا ہے جواب اسکا از روے مذہب حنفیہ
من روایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر و دستخط خود و دیگر علمای معتبرین ثبت
فرمایا جاوے فقط

ہو المصوب یہہ قول کہ فتوی اور حدیث کو طاق پر رکہو کہ مفید اہانت
شریعت و استخفاف احکام شرعیہ ہے موجب ارتداد ہے ایسے الفاظ کے
ساتہہ تکلم بحسب تصریحات فقہا باعث کفر ہے کشف الغطاء مین ہے - اگر گوید
من نماز را بطاق نہادم یکفر کذا فی خزانۃ المفتین انتہی ملخصاً اور بحر میں ہے
او قال شریعت را چہ کنم یکفر انتہی اور عالمگیریہ مین ہے لو قال با من شریعت
این حیلہا سود ندارد او قال در پیش زد و او قال شریعت چہ کنم فہذا
کلہ کفر انتہی بناءً علیہ اس شخص پر جسنے اس لفظ کے ساتہہ تکلم کیا تجدید اسلام

حکم ارتداد کا دیا جاوے گا اور اس ارتداد سے نکاح فی الفور فسخ ہو جاویگا
جیسا کہ کنز وغیرہ میں ہے وارتداد احدهما فسخ فی الحال انتہی اور چونکہ قبل اس
ارتداد کے وہ دو مرتبہ طلاق دیچکا ہے اور یہ فسخ حکم طلاق میں نہیں ہے
اور بعد اس ارتداد کے جو دو مرتبہ طلاق اوسنے کہا اوسکا بوجہ نہ باقی رہنے
نکاح کے اعتبار نہوا بنا بر علیہ از سر نو اسلام لاکے وہ شخص تجدید نکاح کر سکتا
ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۴۳

**استفتا** ماقولکم رحمکم اللہ کیا فرماتے ہیں علمای دین اس صورت میں
کہ ہندہ نامی ایک عورت کے دو دختر اور دو پسر موجود تھے بعدہ پسر کلاں
کے ایک پسر پیدا ہوا اور خود ہندہ کو ایک تیسری دختر پیدا ہوئی ہندہ
نے پسر پسر مذکور کو دودہ پلایا کہ جس سے رضاعت ثابت ہے بعدہ ہندہ
کی دختر کلاں کے ایک دختر پیدا ہوئی اب مابین پسر پسر کلاں مذکور جسکو
ہندہ نے دودہ پلایا ہے اور دختر دختر کلاں مذکور کے عقد مناکحت ازروی
مذہب حنفیہ صحیح ہے یا بوجہ اسکے کہ از جانب شیر دہ ہمہ خویش شوند ان دونوں
میں حرمت رضاعت ثابت ہوگی جواب مسئلہ ہذا ازروے مذہب حنفیہ
بروایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر و دستخط خود و دیگر علمای معتبرین ثبت
فرمایا جاوے فقط

**ہو المصوب** نکاح پسر پسر مذکور کا ساتھ دختر دختر مذکور کے بوجہ حرمت رضاعت
کے نہیں درست ہے فتاوی عالمگیریہ میں ہے المرضعة لو ولدت من
هذا الرجل او غيره قبل هذا الارضاع او بعده فالكل اخوة الرضيع واخواته
واولادهم اولاد اخوته واخواته انتهی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ | محمد عبد الحی ابو الحسنات

**استفتا سوال اول** بعضے علما فرماتے ہین کہ رسول اللہ صلعم نے کا ہے سینہ پر اور گاہے زیر ناف نماز مین ہاتھ باندہا ہے اور آپکا رفع یدین اور آمین بالجہر کہنا بہی ثابت ہے پہر بعضے علما ان افعال سے کیون منع کرتے ہین اور کہتے ہین کہ یہہ طریقہ وہابی اور شافعیہ اور دوسرے فرقون کا ہے اور کیا وجہ ہے کہ حنفیہ کے نزدیک ان اعمال کا کرنا جائز نہین ہوا اور دوسرے ائمہ کے یہان مسنون ٹہرا آیا یہہ اعمال زمانۂ نبوی مین پائے گئے یا نہین اور اگر حضرت نے ان افعال کو کیا اور ہونا اسکا زمانۂ نبوی مین ثابت ہے تو پہر کیون ائمہ و علما باہم مختلف ہوگئے کہ کوئی سنیت و جواز کا قائل ہوا اور کوئی ترک و ممنوعیت کا فتویٰ دینے لگا وجہ اختلاف علما سے آگہی بخشی جاوے اور ہم لوگ عوام حنفیہ کہ قدرت فہم اصول شرعیہ کی نہین رکہتے ایسے حال مین کیا کرین آیا حسب معمول سابق ترک رفع یدین اور آمین بالجہر کے عامل رہین اور ہاتہہ زیر ناف باندہین یا کیا کرین اور جو لوگ رفع یدین اور آمین بالجہر کرتے ہین اور سینہ پر ہاتہہ باندہتے ہین اونکو گمراہ اور مرتد اور کافر کہنا اور اون پر لعن کرنا روا ہے یا نہین جواب عام فہم ارشاد ہو فقط

**سوال دوم** جو لوگ شافعی یا حنبلی و مالکی ہون اور نماز مین رفع یدین اور آمین بالجہر اور دیگر امور خلاف مذہب حنفیہ کے کرتے ہون تو اونکی اقتدا کرنا حنفی المذہب کو درست ہے یا نہین اور ایسے لوگون کے پیچہے ہم لوگ حنفیون کو نماز پڑہنا مستمر یا احیانا جائز ہے یا نہین فقط

**ہو المصوب جواب سوال اول** زمانۂ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مین مسائل شرعیہ مدون اور مدلل اور متفرع اور بدلائل و براہین کے نہ تہی بلکہ عمل صحابۂ کرام کا

محض اوپر ظاہر قول و فعل آنحضرت کے تھا مثلاً ایک صحابہ نے آپکو ایک وقت وضو مین جملہ اعضای وضو کو ایک ایک بار دہوتے دیکھا اوسپر اونہون نے عمل کیا اور دوسرے صحابہ نے دوسرے وقت دو دو بار ہر اعضا کو دہوتے دیکھا اونہون نے اوسکو اختیار کر لیا کسی صحابہ نے کسی وقت مین تین تین بار دہوتے مشاہدہ کیا وہ اوسکے آخذ اور عامل و راوی ہوئے علی ہذا کیفیت ادای نماز مین بہی عمل صحابہ کا مختلف رہا اور روایتین بہی مختلف ہوئین مثلاً ایک صحابی نے آپکو رفع یدین کرتے دیکھا اوسکو مسنون سمجھا اور عمل اور روایت کیا بعض صحابہ نے ترک اس عمل کو مشاہدہ کیا وہ سنیت عدم رفع کے قائل ہوئے ایسی کیفیت اختلاف صحابہ کے احادیث قولیہ مین ہوئی مثلاً ایک صحابی نے ایک وقت مین حکم کسی مسئلہ کا پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنظر مصلحت اوس وقت کے اور اوس شخص کے جو جواب اوسکا دیا اوس سائل اور حاضرین مجلس نے اوسپر عمل کیا اور حسب سماع اپنے روایت اوسکی کی دوسرے کسی صحابہ نے دوسرے وقت اوسی مسئلہ کا حکم دریافت کیا اور آنحضرت نے بوجہ اسکے کہ وہ حکم سابق منسوخ ہو گیا تہا یا بوجہ کسی مصلحت تیسیر و بیان جواز وغیرہ مصالح وقت کے دوسرے طور پر جواب اوسکا بیان فرمایا اس سائل نے اور حضار نے اس قول کو محفوظ رکھا اور روایت کیا بعد وفات آنحضرت کے جب صحابہ کرام بلاد و امصار مین متفرق ہو گئے اور مباشر امر افتا و قضا ہوئے جس شہر مین جو صحابہ پہونچے وہان اونہون نے حسب سماع و روایت اپنے حکم و فتوی دیا اور کبہی صحابہ نے جب تعارض بین الاحادیث پایا یا جمع حدیث مسموع و استنباط مین اپنے تعارض پایا تو جس جانب ظن غالب ثبوت ہوا اوسپر عمل کیا اسوجہ سے بعض احادیث کو متروک العمل کر دیا اور بعض پر عمل

لازم سمجھا جیسا کہ حضرت ابوہریرہ نے بعد سننے اس امر کے کہ ازواج مطہرات سے
صبح کرنا جنب کا بحالت جنابت مفسد صوم نہیں ہے اپنے مذہب سابق سے
رجوع کیا اور حدیث مسموعۂ سابق کو متروک العمل کر دیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے
حدیث مروی فاطمہ بنت قیس کو بخصوص عدم وجوب نفقہ و سکنیٰ مطلقہ ثلثہ کے
بوجہ مخالفت نص قرآنی کے مردود فرمایا اور بعضی حدیثیں جو کسی صحابہ کو نہ پہونچی
تہیں اور بوجہ درپیشی واقعہ جدیدہ کے حاجت پڑی اور متفحص ہوئے اور
بعد تفحص کے دوسرے صحابی سے سنا تو اوسپر عمل کر لیا اور باوصف کمال جلالت
و کثرت صحبت اپنے ہی احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقصور اوپر علم
اپنے کے نرکہا جیسا کہ بخصوص نصیب جدہ حضرت ابوبکرؓ نے قول حضرت مغیرہ
ابن شعبہ کو بہ تصدیق محمد بن مسلمہ کے قبول فرمایا اور حسب روایت اونکی جدہ کو
سدس دلا دیا اور بعضی صحابہ کو جو بعضے احادیث نہ پہونچین تو وہ اوسکے عمل
سے معذور رہے اور حسب استنباط اپنے فتوی دیتے رہے جیسا کہ حضرت
عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ عورتون کو وقت غسل کے حکم کہولنے سب بالون
کا اور پہونچانے پانی کا نیچے کل بالون کے فرماتے تھے بوجہ اسکے کہ اس مادہ
مین جو رسول اللہ صلعم نے نہ کہولنے چوٹیون کے عورتون کو رخصت دی تہی
وہ اون تک نہ پہونچی تہی چنانچہ اس حال کو سنکر حضرت عائشہ نے انکار فرمایا
تہا جیسا کہ صحیح مسلم مین مروی ہے اس قسم کے اختلاف درمیان صحابہ کرام کے
بہت تہے اور بعد اختلاف صحابہ منجر باختلاف تابعین ہوا اور اختلاف تابعین
منجر باختلاف تبع تابعین ہوا اور بوجہ وقوع کثرت اختلاف اور وقائع کے
نوبت تدوین کتب و ترتیب ابواب فقہیہ اور تفریع مسائل علے الادلہ کے
پہونچی اور ہر مجتہد نے بقدر وسع اپنے اصول و قواعد واسطے تطبیق بین الادلہ

المختلفة والآثار المتعارضة سے قائم کیے اور جسکو جسقدر حدیثین پہونچین اوسپر عمل کیا اور اوسی سے استنباط امور غیر منصوصہ کا کیا گیا اور فتوی دیا گیا بوجہ اسی اختلاف کے زمانۂ سلف مین تقلید کسی امام اور مجتہد خاص کی ضرور نہ تھی جو شخص عامی ہوتا تھا اوسکو اختیار تھا کہ زمانۂ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اور ائمہ مجتہدین مین جس عالم سے چاہے دریافت مسائل فرعیہ کر موافق فتوی اوسکے عمل کرے کوئی اوسپر انکار نہین کرتا تھا اور اوسکی وجہ یہی تھی کہ یہ اختلاف ائمہ مجتہدین مبنی تھا اوپر اختلاف صحابہ کے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم یعنے صحابہ ہمارے مثل ستارون کے منور بہ نور ایمان و اسلام و احکام شرع ہین پس جو شخص اون صحابہ سے کسی ایک کی اقتدا کریگا ہدایت پاویگا بناء علیہ اتباع کسی صحابی کی خالی از اہتدا تو ہو نہین سکتی ہے لہذا زمانۂ سلف مین تخصیص تقلید کسی امام خاص کی نتھی اور نہ خود اختلاف ائمہ کا باعث الزام کے ہو سکتا تھا اسواسطے کہ ہر ایک مقتدی آثار صحابہ کا تھا اور اخذ و تفحص و تلاش اپنے الا بعد انقراض زمانۂ مجتہدین اور اندراس مذاہب مجتہدین کے اتفاق علما و صلحا کا اوپر انحصار مذہب اہل سنت کے درمیان ائمہ اربعہ امام ابو حنیفہ و مالک و شافعی و احمد بن حنبل رحمہم اللہ کے ہوا اور سے فی زماننا یہی چار مذاہب شائع ہین اور جو مسائل درمیان ان ائمہ اربعہ کے مختلف فیہا ہین کوئی بلا دلیل نہین ہین بلکہ اون ہر ایک کے دلائل موجود ہین اور ہر ایک ان ائمہ اربعہ کا متبع آثار صحابہ و احادیث نبویہ ہے لہذا ہر ایک مہتدی اور مقتدی ہین کسی پر طعن اور تشنیع روا نہین چونکہ حضرت امام اعظم کے نزدیک ترجیح رفع یدین اور آمین بالجہر کا ثبوت نہین ہوا بلکہ بوساطت بعضے

صحابہ عدم رفع اور اسرار آمین کا ثبوت پہونچا امام ہمام نے ترک رفع یدین اور
آمین بالجہر کا حکم دیا دوسرے ائمہ کو آثار صحابہ و احادیث نبویہ مثبتہ رفع یدین
و آمین بالجہر پہونچین اور قوی معلوم ہوئین وہ لوگ اوسکی سنیت کے قائل ہوئے
اب اس امر مین آرا علما مختلف ہین کہ تقلید شخصی ایک امام خاص کی واجب
ہے یا نہین اسمین دو قول ہین وجوب اور ضلالت اور ہر ایک ان دو فریق
سے اپنے اپنے اثبات مدعا کے لیے ادلہ شتے قائم کرتے ہین اور بہت سے
رسائل اس امر مین تصنیف کیے گئے سائلین سوال ہذا کو کہ عامی ناواقف از
اصول شرعیہ ہین چاہیے کہ اس منازعت سے برطرف رہین اور جیسا کہ سابق
سے کتب متداولہ حنفیہ کے مسائل پر عامل ہین رہین رفع یدین اور آمین
بالجہر کے جھگڑے مین نہ پڑین باقی مقام ہاتھ باندہنے مین خود حنفیہ مختلف
ہین اور بہ تحقیق اکثر محققین اس مادہ مین وسعت ہی چاہے زیر ناف ہاتھ
باندہے چاہے بالای صدر یا زیر صدر باقی جو لوگ آمین بالجہر اور رفع یدین
کرین اون پر طعن اور لعن ہرگز روا نہین اور مرتد کہنا اون لوگون کو کسیطرح
جائز نہین اس امر مین سائلین سوال کو احتیاط اور کف لسان ضرور ہے خود
زمانہ صحابہ مین یہہ مسئلہ مختلف فیہ تہا اکثر صحابہ رفع یدین کرتے تہے اور
بعض صحابہ نہین کرتے تہے علی ہذا آمین بالجہر مین طرق صحابہ مختلف مروی
ہین مگر ایک دوسرے پر طعن اور لعن نہین کرتے تہے نہ برا جانتے تہے یہہ
منازعت اس زمانہ مین بوجہ کم علمی اور غلبہ جہل اور عدم وقوف کیفیت
زمانہ نبوی و زمانہ صحابہ و تابعین واقع ہوئی ہے اللّٰہم احفظنا من شرور
انفسنا و من سیئات اعمالنا ۵

جواب سوال دوم اس مسئلہ مین علمای مذاہب اربعہ مختلف ہین اور بعضی

اور بعضے علما نے لکھا ہے کہ حاصل اختلافات مذہب اربعہ کا اس مسئلہ میں پانچ طرح پر نقل
کئے ہیں اول جواز اقتدا مطلقاً خواہ امام رعایت مذہب مقتدی کی کرے یا نہ کرے
دوم جواز اقتدا بشرطیکہ مقتدی یہ نہ جانے کہ امام طہارت و نماز میں کسی ایسے
فعل کا مباشر ہوا ہے جو بمذہب مقتدی مفسد نماز ہے سیوم جواز اقتدا بشرط
رعایت کرنے امام کے اون شروط کو کہ مذہب ماموم یعنے مقتدی میں وہ امور
واجب المراعات ہوں چہارم عدم جواز اقتدا گو امام التزام رعایت مذہب
مقتدی کا رکھتا ہو پنجم جواز اقتدا مع کراہت تنزیہی منجملہ ان اقوال کے قول اول
محقق و مختار فقہین ہے چنانچہ ایقاظ النیام میں مسطور ہے قول اول جواز اقتدا
بمخالف علی الاطلاق یعنی امام مراعات مذہب ماموم بکند یا نکند و درین قول
رعایت مذہب امام اعتبار دارد نہ مذہب ماموم و برین قول اند جمعی از محققان
ہر مذہب بمنطوق و مفہوم و ہمین ست مذہب منصور و ہمین ست مختار راقم
سطور انتہی اور بھی ایقاظ النیام میں مرقوم ہے آنانکہ از حنفیہ بر جواز مطلق
نیز بسیار اند منبع علوم دینی و مجمع معارف یقینی شیخ محی الدین ابن یوسف
الرومی الایدینی قدس سرہ در رسالہ خود کہ در باب اقتدا بمخالف نوشتہ
نزد ذکر جواز اقتدا بمخالف علی الاطلاق گفتہ کہ شیخ ابوبکر رازی ہمین قول
و محقق ابن الہمام از شیخ خود شیخ سراج الدین الشہیر بقاری الہدایہ نقل
کردہ معتقد قول شیخ رازی بود تا آنکہ وی انکار کرد کہ فساد نماز بسبب اقتدا
مذکور از متقدمین مروی باشد و ترجیح دادہ اند بعض فضلا قول شیخ رازی
را و تبعیت کردہ اند شیخ سراج الدین را بنا بر قوت دلیل او و وضوح بیانہ
او انتہی مختصراً اور شاہ ولی اللہ رح انصاف فے بیان سبب الاختلاف
میں لکھتے ہین قد کان فی الصحابۃ والتابعین ومن بعدھم من یقرأ البسملۃ

ومنهم من لا يقرأها ومنهم من يجهر بها ومنهم من لا يجهر بها ومنهم من كان يقنت في الفجر ومنهم
من لا يقنت في الفجر ومنهم من يتوضأ من الحجامة والرعاف والقيء ومنهم من لا يتوضأ
من ذلك ومنهم من يتوضأ من مس الذكر ومس النساء بشهوة ومنهم من
لا يتوضأ من ذلك ومنهم من يتوضأ مما مسته النار ومنهم من لا يتوضأ
من ذلك ومع هذا فكان بعضهم يصلي خلف بعض مثل ما كان ابو حنيفة
واصحابه والشافعي وغيرهم رضي الله عنهم يصلون خلف ائمة المدينة
من المالكية وغيرهم وان كانوا لا يقرءون البسملة لا سرا ولا جهرا وصلى الرشيد
اماما وقد احتجم فصلى الامام ابو يوسف خلفه ولم يعد وكان افتاه الامام
مالك بانه لا وضوء عليه وكان الامام احمد بن حنبل يرى الوضوء
من الرعاف والحجامة فقيل له فان كان الامام قد خرج منه الدم ولم يتوضأ
هل تصلي خلفه فقال كيف لا اصلي خلف الامام مالك وسعيد بن المسيب انتهى

بقدر الحاجة عبارت انصاف سے بسند فعل صحابہ و تابعین و قول و فعل امام
ابو حنیفہ و ابو یوسف و امام شافعی و احمد بن حنبل و غیرہ ائمہ مجتہدین ثابت
ہوا کہ اقتدا حنفی کی خلف شافعی و مالکی و حنبلی کی مطلق جائز ہے اور رفع یدین
و آمین بالجہر کہنا امام کا مفسد نماز مقتدی و مانع جواز اقتدا نہیں ہو سکتا ہے فقط
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو خالق العرش والفرش المدعو محمد قادر بخش السہسرامی
غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ فقط

صح الجواب ومن رام زيادة التحقيق في امثال هذه المباحث فليرجع الى الانصاف
وايقاظ النيام وغيرهما من مؤلفات العلماء ذوي الشان والله اعلم حرره الراجي عفو
ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

(مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات)

استفتاء کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں

کہ ایک مسجد مین عید کے روز باوجود کثرت مسجد کے جماعت اثنا عشریہ و جماعت اہل تسنن
ہر دو مجتمع ہوئین پہلے نماز اثنا عشریہ نے عید کی پڑہی بعد اوسکے اہل تسنن کی جماعت نے
پڑہا اب ایسی صورت مین نماز اہل تسنن کی ہوئی یا نہین سوال دیگر یہہ ہے کہ ایک مسجد
مین دو مرتبہ جماعت نماز عید کی درست ہے یا نہین مع تفصیل و حوالہ عبارت کتاب
کے تحریر فرمایئے فقط

**ہو المصوب** ظاہر عبارات فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تعدد نماز عید مطلقاً جائز ہے
خواہ دو موضع مین ہو خواہ ایک موضع مین جیسا کہ طحطاوی حواشی مراقی الفلاح
مین لکہتے ہین لو وقف بعد الفوات مع الامام علیا دراکہا مع غیرہ فعل للاتفاق علی
جواز تعدد ہا انتہی بناءً علیہ صورت مسئولہ مین نماز اہل تسنن کی ہوگئی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۴۵

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جمعہ کے
روز بعد فرض کے چار رکعت آخری ظہر نیت سے پڑہے کہ یہہ چار رکعت بھی فرض ہین
اور جو کوئی اسکے پڑہنے سے منع کرے یا فرض کہنے مین منع کرے تو اوس منع کرنیوالے
کو گمراہ اور گمراہ اور لامذہب کہے تو اوسکے لیے کچہ گناہ ہے یا نہین اب امید ہے علمای
دین سے بدلیل قرآن و حدیث زبان اردو مین صاف صاف بیان فرمادین۔

بینوا توجروا عند ربہم

**ہو المصوب** اس باب مین فقہا مختلف ہین ایک جماعت فقہا کی بعد ادای فرض جمعہ کے
چار رکعت کو بہ نیت آخر ظہر ادرکت وقتہ ولم اصل بعد احتیاطاً مستحسن لکہتے ہین بوجہ
اختلاف کے جو شرائط وجوب جمعہ سے حنفیہ کے نزدیک ہے اختلاف کثیر واقع ہے
اور بعض امصار موافق بعض تعریفات کے مصر نہین ٹہرتے ہین اور یہی بوجہ ہے کہ ایک شہر
مین تعدد جمعہ مین اختلاف ہے اگرچہ صحیح جواز تعدد ہے خزانۃ الروایات مین ہے

فی الکافی ثم فی کل موضع وقع الشک فی جواز الجمعة لوقوع الشک فی المصر او غیرہ واقام اهله الجمعة ینبغی ان یصلوا بعد الجمعة اربع رکعات وینووا بها الظهر حتی لو لم یقع الجمعة موقعها نخرج من عهدة فرض الوقت بیقین انتهی اور رد المحتار میں ہے هو الاحتیاط بمعنی الخروج عن العهدة بیقین لان جواز التعدد وان کان ارجح واقوی دلیلا لکن فیه شبهة قویة انتهی اور ایک جماعت فقہا کی بدین خیال کہ اظہار اور اکرنے میں عوام کا وہم عدم فرضیت جمعہ و فرضیت ظہر کیطرف جاویگا منع کرتی ہے بحر الرائق شرح کنز الدقائق میں ہے لیس الاحتیاط فی فعلها مع ما لزم من فعلها فی زماننا من المفسدة العظیمة وهو اعتقاد الجهلة ان الجمعة لیست بفرض لما یشاهدون من صلوة الظهر فیظنون انها الفرض وان الجمعة لیست بفرض فکان الاحتیاط فی ترکها وعلی تقدیر فعلها ممن لا یخاف علیه مفسدة منها فالاولی ان تکون فی بیته خفیة خوفا من مفسدة فعلها انتهی ان عبارات سے معلوم ہوا کہ جنہوں نے اجازت دی ہے صرف احتیاطا خروجا عن الخلاف اجازت دی نہ اس لحاظ سے کہ جمعہ فرض نہیں یا یہ چار رکعت فرض ہیں بلاد ہندوستان اور ایسی بلاد بنگالہ وغیرہ میں جمعہ کے فرض ہونے میں اور اوسکے ادا ہو جانے میں بمذہب صحیح کوئی شبہہ نہیں ہے مگر بوجہ وقوع خلاف کے تعریفات مصر اور تعدد جمعہ میں اگر احتیاطا یہ چار رکعت ادا کی جاویں تو کچھ حرج نہیں مگر نہ بایں خیال انکی فرضیت کا اور عدم فرضیت یا عدم جواز جمعہ کا آنے پاوے اور اگر یہ خیال آوے تو انکو نہ پڑھنا چاہیئے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔

| |
|---|
| محمد عبد الحی<br>ابو الحسنات |

**استفتا** ۳۴۷ کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ درباب آیات صفات مثل استوی علی العرش وید اللہ وغیرہ مسلک تاویل حق ہے یا اور کوئی مسلک بینوا توجروا

ہو المصوب اس باب میں علما کے چند مسلک ہیں ایک مسلک تاویل کہ استوا بمعنے
استیلا و ید بمعنے قدرت و وجہ بمعنے ذات ہے وعلی ہذا القیاس اور یہی مختار
اکثر متاخرین متکلمین کا ہے دوسرا مسلک تشابہ فی المعنے وفی الکیفیۃ تیسرا مسلک معلوم
المعنے متشابہ الکیفیت اور حق ان میں مسلک ثالث ہے اور یہی مذہب صحابہ وتابعین
وائمہ مجتہدین ومحدثین وفقہاء واصولیین محققین ہے شیخ الاسلام ذہبی سیر النبلاء
میں ترجمہ قتیبۃ بن سعید میں لکھتے ہیں روی غیر واحد عن ابی العباس السراج فقال
سمعت قتیبۃ یقول ہذا قول ائمۃ الاسلام واہل السنۃ والجماعۃ ان ربنا عز وجل
علی العرش انتہی اور ترجمہ علی بن المدینی میں لکھتے ہیں قال اکثر العلماء ان اللہ علی
العرش انتہی اور ترجمہ اسحق بن راہویہ میں لکھتے ہیں قال حرب الکرمانی قلت لاسحاق
ما تقول فی قولہ تعالی ما یکون من نجوی ثلثۃ الا ہو رابعہم کیف تقول قال حیث
ما کنت فہو اقرب الیک وہو بائن من خلقہ انتہی اور ترجمہ مزنی میں لکھتے ہیں
قال محمد بن اسمعیل سمعت المزنی یقول لا یصح لاحد التوحید حتی یعلم ان اللہ علی
عرشہ انتہی اور ترجمہ ابو حاتم رازی میں لکھتے ہیں قال ابو حاتم مذہبنا واختیارنا
اتباع رسول اللہ واصحابہ ونعتقد ان اللہ علی عرشہ لیس کمثلہ شیء وہو السمیع
البصیر انتہی اور یہی ذہبی نے کتاب العرش میں اسی قسم کے اقوال کہ جس سے یہ ثابت
ہوتا ہے کہ حق جل شانہ فوق العرش ہے بلا کیف صدہا صحابہ اور تابعین اور فقہاء اور
محدثین سے نقل کئے ہیں اور احادیث بھی جو فوقیت رب پر دال ہیں وہی ذکر کی ہیں اور
ابو شکور سالمی حنفی تمہید میں لکھتے ہیں سئل رجل عن الامام مالک عن قولہ تعالی الرحمن
علی العرش استوی کیف استوی فقال لہ الاستواء غیر مجہول والکیف غیر معقول
والایمان بہ واجب والسؤال عنہ بدعۃ وما اراک الا ضالا فاخرجہ فاذا ہو
جہم بن صفوان وقال ابو مطیع البلخی سألت ابا حنیفۃ فیمن قال لا ادری ان اللہ

فقال ابو حنیفة انه یکفر لانه خالف النص والله یقول الرحمن علی العرش استوی
فاقرؤوها وآمنوا فقال ابو مطیع کیف استوی فقال آمنوا به کما جاء انتهی اور سراج الدین
علی حنفی قصیده بدء الامالی میں کہتے ہیں ع ورب العرش فوق العرش لکن + بلا وصف
التمکن واتصال + ملا علی قاری حنفی اوسکی شرح میں لکھتے ہیں سئل الشافعی
عن الاستواء فقال آمنت به بلا تشبیه واتهمت نفسی فی الادراک وامسکت عن
الخوض واجمع السلف علی ان استواءه علی العرش صفة له بلا کیف نؤمن به
ونکل العلم الی الله ومذهب الخلف تاویل الاستواء بالاستیلاء ومختار السلف
عدم التاویل بل اعتقاد التنزیل مع وصف التنزیه له عما یوجب التشبیه کما
قال مالک الاستواء معلوم والکیفیة مجهولة واختاره امامنا الاعظم وکذا
کل ما ورد من الآیات والاحادیث المتشابهات من ذکر الید والوجه ونحوه
ومنه لفظ فوق ولا یؤولونه بالعظمة والرفعة کما قاله الخلف انتهی اور ابن ہمام
حنفی مؤلف فتح القدیر مسایره فی العقائد المنجیة فی الآخرة میں لکھتے ہیں نؤمن
بانه تعالی مستوی علی العرش مع الحکم بان استواءه لیس کاستواء الاجسام من
التمکن والمماسة والمحاذاة بل بمعنی یلیق به وهو اعلم به وحاصله وجوب الایمان
بانه استوی علی العرش مع نفی التشبیه فاما کون المراد به استیلاءه علی العرش فامر
جائز الارادة لکن لا دلیل علیه عیناً فالواجب علینا ما ذکرناه وکذا کل ما ورد
به مما ظاهره الجسمیة کالاصبع والقدم والید فیجب الایمان به فان الید و
الاصبع صفة له لا بمعنی الجارحة بل بمعنی یلیق به وقد اول الید والاصبع بالقدرة
والقهر لصرف العامة من فهم الجسمیة وهو ممکن ان یراد ولا یجزم بارادته
انتہی اور عبد العزیز بخاری حنفی کشف الاسرار شرح اصول بزدوی میں لکھتے ہیں
اثبات الرؤیة واثبات الوجه والید لله حق عندنا خلافاً للاول من قال السنه

لا یوصف الله بالوجه والید بل المراد بالوجه الرضا والذات ومن الید القدرة
او القوة او النعمة فقال المصنف بل الله یوصف بصفة الوجه والید مع تنزیهه
عن الصورة والجارحة لان الوجه والید من صفات الکمال فی الشاهد کان من لا وجه ولا ید له یعد ناقصا وهو موصوف
بصفات الکمال فیوصف بهما ایضا الا ان اثبات الکیفیة مستحیل فیتشابه صفة فیجب تسلیمه علی اعتقاد
حقیته من غیر اشتغال بالتاویل انتہی اور ابو شکور تمهید مین لکھتے ہین قال
بعضهم ان الله موجود فی کل مکان وهو صنف من الجهمیة واحتجوا بقوله
تعالی هو الذی فی السماء اله وفی الارض اله وقوله وهو الله فی السموات و
فی الارض وقوله ان الله مع الذین اتقوا وقوله ما یکون من نجوی ثلثة
الا هو رابعهم والجواب ان معنی الایة الاولی انه اله اهل السماء واهل
الارض والایة الثانیة تدبیره فی السموات والارض ومعنی الایة الثالثة
انه معهم بالنصرة ومعنی الرابعة انه سمیع بمقالتهم بصیر بافعالهم ونحن
نقول ان الله لو کان فی کل مکان یؤدی ان یکون فی افواه الدواب وافراج
النساء والاماء وهذا کفر قبیح انتهی ان عبارات سے معلوم ہوا که مذہب صحابه
وغیر صحابه ائمه وغیر ائمه حنفیه وغیر حنفیه سب کا یہ ہے کہ حق جل شانه کی فوقیت
عرش پر وید ووجه وغیره صفات بلا کیف ہین اور تاویل کرنا ان سب کی صحیح
نہین ہے منشا تاویل کا صرف اسیقدر ہے که جب مجسمه نے اس قسم کی آیات
واحادیث سے خیال تجسیم کا کیا علما نے اونکے الزام واسکات کے واسطے
تاویل کرنا شروع کیا نه اس غرض سے که یه معنے مدلول مراد ہین بلکه اس غرض
سے که شبهه تجسیم دفع ہو جاوے الحاصل آیات فوقیت واستوا وید ووجه
وغیره سب معانی ظاہره پر محمول ہین اور کیفیات ان سبکی مجہول ہے اور
اسمین تجسیم بہی لازم نہین آتا ہے کیونکه جب کیفیت مجہول کہی گئی اور جب

پس کثلہ شئی کا بھی رہا اور تنزیہ تام کی گئی تجسم کہیں جسے لازم نہ آویگا واللہ اعلم وعلمہ احکم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۞ ۞

استفتا زید بلا ادای نماز عشا سو گیا اور فجر کو ایسے سویرے اوٹھا کر پہلے اوسنے نماز عشا و وتر قضا کی پس ازان نماز فجر ادا کی بعد ازان قریب نو بجے دن کو اوسنے پایجامہ پر دھبہ منی کا دیکھا حالانکہ اوسکو احتلام یاد نہین اور وہ نہین کہہ سکتا کہ وہ دھبہ بوجہ احتلام شب کہ ہے یا پیشتر کا ہے ایسی صورت مین اون نمازون کا اعادہ کیا جاویگا یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین وہ احتلام اوسی شب کا قرار دیا جاویگا نہ قبل کا اور اعادہ نماز فجر کا اور عشا اور وتر کا بہ نیت قضا بعد غسل کے واجب ہوگا الورعی فی ثوبہ نجاسة وقد صلی فیه ولا یدری متی اصابه یعیدها من آخر حدث احدثه وفی المنی آخر رقدة ویلزمه الغسل فی الثانیة عند ابی حنیفة ومحمد وان لم یتذکر الاحتلام انتہی اشباہ والنظائر واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ تجارت تماکو خوردنی و نوشیدنی بہ غرض حصول منفعت وفراغت معاش درست ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب درست ہے علامہ ابراہیم بن حسین الشہیر بہ بیری زادہ حنفی مکی اپنے رسالہ رفع الاشتباک فی حکم تعاطی شجرة التنباک مین لکھتے ہین اما بیعها فلا ینبغی ان یتوقف فی جوازہ لامکان الانتفاع بها فی غیر الشرب بدلیل تقیید الاصحاب عدم الجواز فی مثلها بما لا ینتفع به انتہی واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

از کتاب الصلوٰۃ ۲۰ ذی الحجہ ... ہجری مرسلہ مولوی محمد نظیر حسن صاحب ساکن موضع ... تحصیل ... ضلع بارہ بنکی

از کتاب البیوع

۲۹۴

استفتا مشتمل بر چار سوال سوال اول آنکه تهجد و وتر یکجاست یا علحده علحده بینوا توجروا

هو المصوب از معاینهٔ احادیث مختلفه واضح میشود که اطلاق وتر گاهی بر نماز تهجد و قیام لیل که طاق باشد می آید و این وتر عین تهجد است چنانکه در حدیث ابی ایوب قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر بتسع رکعات اخرجه احمد والطبرانی وغیرهما و حدیث ابی هریرة قال رسول الله صلعم اوتروا بخمس او بسبع او تسع او باحدی عشرة اخرجه دارقطنی و ابن حبان والحاکم بزیادة ولا توتروا بثلاث ولا تشبهوا بصلوة المغرب ابن حجر عسقلانی در تلخیص الحبیر بتخریج احادیث شرح الرافعی الکبیر میگوید رجاله کلهم ثقات ولا یضر وقف من وقفه انتهی و حدیث عائشة کان صلی الله علیه وسلم یوتر باربع و ثلاث و ست و ثلاث و ثمان و ثلاث و عشر و ثلاث اخرجه ابو داود و حدیث ام سلمة کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر بثلاث عشرة فلما کبر وضعف اوتر بسبع اخرجه احمد والترمذی والنسائی والحاکم و صححه و حدیث ابی هریرة قال رسول الله اوتروا بخمس او بسبع او تسع او باحدی عشرة او باکثر من ذلک اخرجه ابن حبان و ابن المنذر والحاکم و نظائر این احادیث در کتب صحاح بسیار که دران اطلاق وتر بر مجموع صلوة تهجد که معدود و بعدد وتر باشد واقع شده است ابن همام در فتح القدیر در باب الوتر بعد ذکر حدیث انه صلی الله علیه وسلم قام بهم فی رمضان فصلی ثمان رکعات واوتر ثم انتظره من القابلة فلم یخرج الیهم فسألوه فقال خشیة ان یکتب علیکم الوتر اخرجه ابن حبان میگوید المراد مجموع صلوة اللیل المختتمة بوتر وذلک انهم کانوا یطلقون علی صلوة اللیل کذلک لان المجموع فرد و ذلک وتر لا شفع انتهی و گاهی اطلاق وتر بر نماز مستقل غیر تهجد میشود و ائمه که در وجوب و سنیت وتر و استحسان قنوت در وتر در جمیع ایام یا عدم آن و در عدد رکعاتش که سه است بیک سلام باید و سلام یکی

اختلاف کرده اند مورد اختلاف ایشان همین وتر است که نمازی مستقل است غیر تهجد
و وقت آن بعد صلوة عشا تا طلوع صبح است چنانکه در حدیث ان الله امدکم
بصلوة هی خیر لکم من حمر النعم وهی الوتر جعلها الله لکم فیما بین صلوة العشاء
الی ان یطلع الفجر اخرجه احمد وابو داود والترمذی وابن ماجة والدارقطنی والحاکم
من حدیث خارجة مرفوعا وحدیث ابن عباس خرج علینا رسول الله صلی الله علیه وسلم
مستبشرا فقال ان الله قد امدکم بصلوة وهی الوتر اخرجه الطبرانی والدارقطنی وحدیث
ابی سعید مرفوعا ان الله زادکم صلوة وهی الوتر واسناده حسن قاله الحافظ ابن حجر
در تخریج احادیث الهدایة ومثل این روایات بروایت معاذ بن جبل در مسند احمد
و عمرو بن العاص و عقبة بن عامر در معجم طبرانی و ابو بصره غفاری نزد احمد و حاکم
و طحاوی و ابن عباس نزد دارقطنی و ابن عمر نزد ابن حبان و عبد الله بن عمرو نزد
احمد و دارقطنی ثابت گشته و در اسانید آنها کلامی هست یسیر کما بسطه الحافظ فی تخریج
احادیث الرافعی و حدیث الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا اخرجه ابو داود والحاکم
وصححه من حدیث بریدة مرفوعا و امثال این روایات بسیاری از روایات صحاح
و غیر آنها اند که دلالت میکنند بر مغایرت فیما بین وتر و تهجد و بر اینکه وتر نمازی است
مستقل واجب باشد یا سنت از انجمله حدیث کان ابو بکر یوتر ثم ینام ثم یقوم یتهجد
و عمر کان ینام قبل ان یوتر ثم یقوم و یصلی و یوتر فقال النبی صلی الله علیه وسلم
لابی بکر اخذت بالحزم وقال لعمر اخذت بالقوة اخرجه ابو داود وابن خزیمة والطبرانی
فی الکبیر والحاکم من حدیث ابی قتادة قال ابن القطان رجاله ثقات والبزار وابن
و ابن حبان من حدیث ابن عمر وطرق این حدیث وشواهد آن در تلخیص الحبیر وغیره
مبسوط اند و از انجمله حدیث من خاف منکم ان لا یستیقظ من آخر اللیل فلیوتر من اول اللیل
ومن طمع منکم ان یستیقظ فلیوتر من آخر اللیل فان صلوة آخر اللیل مشهودة وذلک افضل اخرجه مسلم واحمد

من حدیث جابر مرفوعاً و از انجمله حدیث عایشه من کل اللیل قد اوتر رسول الله صلی الله علیه وسلم
من اول اللیل و اوسطه و آخره و انتهی وتره الی السحر اخرجه البخاری و مسلم
وغیرهما و همچنین احادیث قنوت وتر که در کتب سنن وغیره مروی اند دلالت بر عشا دارند
دارند والله اعلم و علمه احکم

**سوال دوم** نماز تراویح و تهجد یک نماز است یا علیحده و چون آنحضرت صلی الله
علیه وسلم مع وتر تراویح باول شب خواندی بعد ازان برای تهجد برخاستن ازان حضرت
صلی الله علیه وسلم قولاً یا فعلاً ثابت است یا نه

**هو المصوب** ازان حضرت صلی الله علیه وسلم ادا کردن قیام رمضان که معروف
به تراویح است بدو طریق مرویست یکی بمقدار بست رکعت بدون جماعت قال ابن عباس
کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی فی رمضان فی غیر جماعة عشرین رکعة
والوتر اخرجه ابن ابی شیبة و عبد بن حمید والبغوی فی معجمه والطبرانی والبیهقی لیکن
سند این روایات ضعیف است چنانچه تفصیل آن مع ما له و ما علیه در رساله تحفة الاخیار
فی احیاء سنة سید الابرار ساخته ام زیلعی در تخریج احادیث هدایه می نویسد
هو معلول بابی شیبة ابراهیم بن عثمان جد الامام ابی بکر بن شیبة و هو متفق
علی ضعفه انتهی دوم بمقدار هشت رکعت و سه رکعت وتر با جماعت و این طریق
از آنحضرت صلی الله علیه وسلم بجز سه شب در شبی دیگر منقول نگشته و بسبب
خوف افتراض قیام لیل بر امت بنظر شفقت اهتمام آن نفرموده عن عایشة ان
رسول الله صلی الله علیه وسلم خرج من جوف اللیل فصلی فی المسجد فصلی بصلوته ناس فاصبح
الناس یتحدثون بذلک فاجتمع اکثر منهم فخرج فی اللیلة الثانیة فصلوا بصلوته
فاصبح الناس یذکرون فکثر اهل المسجد فی الثالثة فخرج فصلوا بصلوته فلما
کانت اللیلة الرابعة عجز المسجد عن اهله فلم یخرج الیهم حتی خرج لصلوة الفجر

فلما قضى الفجر اقبل على الناس ثم تشهد فقال اما بعد فانه لم يخف علي مكانكم
الليلة لكني خشيت ان تفرض عليكم صلوة الليل فتعجزوا عنها اخرجه مسلم وعن
ابي ذر صمنا مع رسول الله فلم يقم بنا شيئا من الشهر حتى بقي سبع فقام بنا حتى
ذهب ثلث الليل فلما كانت السادسة لم يقم بنا فلما كانت الخامسة قام بنا حتى
ذهب شطر الليل فقلت يا رسول الله لو نفلتنا قيام هذه الليلة فقال ان الرجل
اذا صلى مع الامام حتى ينصرف حسب له قيام الليلة فلما كانت الرابعة لم يقم
فلما كانت الثالثة جمع اهله ونساءه فقام بنا حتى خشينا ان يفوتنا الفلاح
اي السحور اخرجه ابوداود واللفظ له والنسائي والترمذي وغيرهم وكذلك اخرجه النسائي
من حديث النعمان بن بشير و ابن حجر مكي هيتمي در شرح مشكوة مي نويسد قول البعض
ثبت انه صلى الله عليه وسلم صلى بالناس عشرين ركعة لعله اخذه مما في مصنف ابن ابي شيبة
انه كان يصلي في رمضان عشرين ركعة ثم مما رواه البيهقي انه صلى بهم عشرين ركعة بعشر
تسليمات لكن الروايتان ضعيفتان وفي صحيحي ابن خزيمة وابن حبان انه صلى بهم ثمان ركعة والوتر لكن
[illegible] الصحابة على ان التراويح عشرين ركعة انتهى و ابن حجر عسقلاني در تلخيص الحبير بعد ذكر روايت مذكوره مي گويد
[illegible] اما العدد فروى ابن حبان في صحيحه من حديث جابر انه صلى بهم ثمان ركعات ثم اوتر انتهى اما طريق اول
[illegible] در روايات آن تصريح اين مروي است كه آن بست ركعت در اول شب بود يا در آخر و اما طريق دوم
[illegible] روايات آن دال اند برينكه آن قيام از اول شب بعد عشا بود تا ثلث شب يا تا نصف شب
[illegible] تا وقت سحر يعني شب سوم و اما اينكه اين نماز تهجد بود يا غير آن پس مقدارش مخبر از آن است
[illegible] اين نماز بمقدار تهجد بوده چه هشت ركعت سه ركعت وتر مقدار تهجد نبوي بوده چنانچه از قول عائشة
معلوم ميشود ما كان رسول الله يزيد في رمضان ولا في غيره على احدى عشرة ركعة يصلي اربعا فلا تسأل
عن حسنهن وطولهن ثم يصلي ثلاثا اخرجه مالك والبخاري ومسلم وغيرهم [illegible]
[illegible] در قيام ليالي رمضان [illegible] نماز شب اگرچه قبل از نوم باشد اداي تهجد ميشود [illegible]

چنانچه در بحر رائق شرح کنز الدقائق می گوید سروی الطبرانی مرفوعاً لا بد من صلوة بليل ولو حلب شاة وما كان بعد صلوة العشاء فهو من الليل وهو يفيد ان هذه السنة تحصل بالتنفل بعد صلوة العشاء قبل النوم انتهى پس برای این طائفه در بودن آن عين تهجد مضائقه نخواهد بود وبعضے تهجد را مقید بما بعد النوم میسازند در تلخیص الحبیر است قوله ای الرافعی التهجد يقع على الصلوة بعد النوم واما الصلوة قبل النوم فلا يسمى تهجدا اه رواه ابن خيثمة من طريق الاعرج عن كثير بن الحجاج بن عمرو قال يحسب احدكم اذا قام من الليل يصلي حتى يصبح انه قد تهجد انما التهجد المرء ان يصلي الصلوة بعد رقدة ثم الصلوة بعد رقدة وتلك كانت صلوة رسول الله صلی الله عليه وسلم اسناده حسن فيه ابو صالح كاتب الليث وفيه لين ورواه الطبرانی وفی اسناده ابن لهيعة انتهى پس برین تقدیر نماز مذکور که قبل نوم بوده از تهجد شمار کردن محل تامل خواهد بود وبهر تقدير در شبهای مذکوره که آن حضرت دران تراویح بجماعت ادا کردند ادا کردن نماز تهجد سوای آن از آنحضرت مروی نشده وممکن هست که در شب اول ودوم بعد قدری از نوم ادا فرموده باشند ودر شب سیوم نماز تراویح را آن قدر طول فرمودند که وقت انقضار سحر رسید والله اعلم وعلمه اتم ؛

سوال سوم اگر کسے بعد ادای تراویح و وتر باول شب چنانکه عادت این دیار است باخر شب تهجد بخواند مخالف سنت خواهد شد یا نه

هو المصوب اگرچه از آن حضرت صلی الله علیه وسلم تطویل تراویح تا ثلث ونصف وتا وقت سحر ثابت شده ودران شبها ثبوت تهجد مغائر مروی نگشته لیکن معهذا عدم آن هم خصوصاً بشب اول ودوم مروی نگشته درین صورت هیچکس که بعد ادای تراویح و وتر باول شب تهجد باخر شب ادا سازند مخالف

سنت گفته نخواهد شد بلکه اگر باول شب تراویح بست رکعت ادا ساخته بآخر شب تهجد هشت رکعت ادا خواهد کرد جامع بین فضیلتی الاقتدار بالصحابة والاقتدار بالرسول خواهد شد و ادا کردن تهجد بآخر شب بعد ادای وتر باول شب ازان حضرت وصحابه ثابت است علی ماتدل علیه بعض الروایات السابقة والله اعلم وعلمه اتم

**سوال چهارم** نماز وتر خاص بر رکعت از آنحضرت صلی الله علیه وسلم بچه طور ثابت است بعینه مثل نماز مغرب یا که شفعه جدا و یک رکعت جدا یا هر سه رکعت متصل بیک تشهد بآخر و تشهد میانه قولاً یا فعلاً ثابت است یا نه بینوا توجروا

**هو المصوب** نماز وتر بسه رکعت باسانید معتبره ازان حضرت صلی الله علیه وسلم بدو طور منقول است یکی بفصل سلام ما بین رکعتین و رکعت ثالث قال ابن عمر کان النبی یفصل بین الشفع والوتر اخرجه احمد وقواه وابن حبان وابن السکن فی صحیحهما والطبرانی کذا فی تلخیص الحبیر دوم هر سه رکعت بیک تشهد در آخر قالت عائشة کان رسول الله یوتر بثلاث لا یجلس الا فی اٰخرهن اخرجه احمد والنسائی والبیهقی والحاکم ولفظ احمد کان یوتر بثلاث لا یفصل بینهن ولفظ الحاکم لا یقعد الا فی اٰخرهن و طریقه سوم یعنی سه رکعت بدو قعده و یک سلام مثل نماز مغرب پس ازان حضرت صلی الله علیه وسلم بسند غیر معتبر و از صحابه باسانید معتبره مروی گشته در تلخیص الحبیر و تخریج احادیث هدایه نوشته حدیث وتر اللیل ثلاث کوتر النهار صلوة المغرب اخرجه الدارقطنی من طریق یحیی بن زکریا بن ابی الحواجب عن الاعمش عن مالک بن الحارث عن عبد الرحمن بن یزید عن ابن مسعود قال قال رسول الله وتر اللیل الخ قال الدارقطنی تفرد به یحیی وهو ضعیف قال البیهقی الصحیح وقفه علی ابن مسعود ورواه الدارقطنی ایضاً من حدیث عائشة وفیه اسمعیل بن مسلم المکی ضعیف انتهی و در فتح القدیر می نویسد

صح عن ابن مسعود وتر الليل ثلاث كوتر النهار وانما ضعفوا رفعه انتهى والله اعلم

حرر هذه الاجوبة الاربعة لهذه الاسئلة الاربعة ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله

عن ذنبه الجلی والخفی ٥

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ہندہ نے زر قرضہ مندرجہ دستاویز جسمین جائداد غیر منقولہ مستغرق ہے یا فقتی اپنا ذمہ زید وغیرہ اپنے پسر نابالغ کے نام بتقرر ایک شخص سربراہکار وولی کے اس عبارت سے ہبہ بالعوض کیا کہ زر قرضہ مندرجہ دستاویز کو ہبہ کرتی ہون اور دیدیتی ہون قبضہ ودخل اپنا اوس سے اوٹھالیا اور اوس دستاویز مین ولی کو اختیار وصول زر مذکور کا اور اوسکے محصل مین پرورش وتعلیم نابالغ کا دیا اور یہ بھی لکھا کہ اگر پسر مذکور فوت ہو جاوے تو فیما بین دختران ہماری جو اوسوقت زندہ وقائم ہون زر مذکور بحصہ مساوی تقسیم ہو تو اس صورت مین دستاویز مذکور ہبہ متصور ہوگی یا وصیت اگر ہبہ نامہ متصور ہو تو ایسے ہبہ سے واہبہ کو اختیار فسخ کا ہوگا یا نہین اور ولایت قوم ہنود کا ایک مسلمان نابالغ کے لیے جائز ہو یا نہین

**ہو المصوب** چونکہ وصیت عبارت ہے اوس تملیک سے جو مضاف بمابعد الموت ہو جیسا کہ تنویر الابصار مین ہے کہ هی تمليك مضاف الى ما بعد الموت انتهى اور عبارت ہبہ نامہ مین صاف لفظ ہبہ واعطار بغیر اضافت بعد موت کے موجود ہے بنا بر علیہ یہ تحریر ہبہ نامہ متصور ہوگی لیکن چونکہ یہ تملیک دین غیر مدیون کو ایسے ہبہ سے اختیار رجوع وفسخ ہبہ کا ہوگا جبتک کہ موہوب لہ اوس دین پر قابض نہووے در مختار مین ہے واما تمليك الدين من غير من عليه الدين فان امره بقبضه صحت لرجوعها الى هبة العين انتهى رد المحتار مین ہے وهذا لا يلزم الا اذا قبض وله الرجوع قبله لانه حيث كان بحكم النيابة عن القبض انتهى

[illegible]

اور ولایت غیر مسلمان کی نابالغ مسلمان کے لیے ناجائز ہے واللہ اعلم حررہ
محمد عبد الحی عفا عنہ

۱۵۲۱
**استفتا** سوال شیخ محدث دہلوی در مدارج میفرماید کہ بہ بست وششم ماہ صفر روز دوشنبہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اسامہ را بر جنگ رومیان گماشت و بست وہشتم روز چارشنبہ طبع مبارکش درد مند شدہ انتہی و باز میفرماید بہ یازدہم ربیع اول مرض بہ آن حضرت غلبہ کردہ و بروز دوازدہم روز دوشنبہ بود وفات یافت انتہی و ہمچنین در روضۃ الاحباب وغیرہ نیز مذکور ہست حالانکہ اگر ہر دو تاریخ صفر حساب کنند تاریخ دوازدہم بروز دوشنبہ نمی تواند شد نہ بحساب بست ونہ ونہ بحساب سی روز بینوا توجروا

**ہو المصوب** مخفی نماند کہ وفات آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بروز دوشنبہ ماہ ربیع اول بود بالاتفاق اما آن روز کدام تاریخ بودہ پس درین باب اختلاف است آنچہ کہ بین الناس مشہور و در اکثر کتب مذکور ہست این ہست کہ روز دوشنبہ دوازدہم ربیع اول بودہ لیکن این امر ممکن نیست بدین وجہ کہ غرہ ذی حجہ سنہ ۱۰ ہجری بالاتفاق ارباب سیر وغیرہ روز پنجشنبہ بود چہ حج نبوی کہ آن را حجۃ الوداع نامند بروز جمعہ واقع گشتہ بالاتفاق پس روز جمعہ نہم ذی حجہ بود و این امر قطع نظر از تصریح ارباب سیر از روایات حدیث ہم ثابت ہست وکسے را درین باب اختلافی نیست بنا علیہ ممکن نیست کہ دوازدہم ربیع اول سنہ ۱۱ ہجری بروز دوشنبہ واقع گردد چہ اگر ہر سہ ماہ یعنے ذی حجہ ومحرم وصفر سی روز قرار دادہ شوند پس غرہ محرم بروز شنبہ وغرہ صفر بروز دوشنبہ وغرہ ربیع بروز چارشنبہ واقع خواہد شد برین تقدیر دوشنبہ اول ربیع اول ششم ودوشنبہ دوم سیزدہم خواہد شد واگر ہر سہ ماہ بست ونہ روز قرار یابند غرہ محرم بروز جمعہ وغرہ صفر بروز شنبہ وغرہ ربیع اول بروز دوشنبہ

خواهد شد وبرین تقدیر دوشنبه اول ربیع اول تاریخ دوم ودوشنبه دوم نهم خواهد شد
واگر هر سه ماه مختلف باشند پس از دو حال خالی نیست یا غره محرم بروز جمعه باشد یا بروز
شنبه بحساب نقصان ذیحجه یا کمال آن چه غره اش اتفاقاً بروز پنجشنبه بوده پس اگر
غره محرم جمعه باشد از دو حال خالی نیست محرم کامل گرفته شود وصفر ناقص یا بالعکس بر تقدیر
اول غره صفر یکشنبه وغره ربیع دوشنبه می شود وبر تقدیر دوم غره صفر شنبه
وغره ربیع دوشنبه می شود وبهر دو تقدیر دوشنبه اول ربیع غره ودوشنبه دوم هشتم
خواهد شد واگر غره محرم بروز شنبه گرفته شود پس اگر محرم کامل وصفر ناقص گرفته شود
غره صفر بروز دوشنبه وغره ربیع بروز سه شنبه می شود وبعکس آن غره صفر بروز
یکشنبه وغره ربیع سه شنبه می شود وبهر دو تقدیر دوشنبه اول ربیع هفتم ودوشنبه
دوم چهاردهم خواهد شد وسوای این احتمالات احتمالی در عالم وقوع نیست که بران بودن
دوشنبه دوازدهم ربیع اول سنه ۱۱ هجری که سال وفات نبوی هست مستقیم گردد وعلمای
محققین درین باب مختلف شده اند بعضی بر مجرد اشکال کفایت کرده سکوت ساخته
چنانچه امام یافعی در تاریخ خود مرآة الجنان می نویسند قلت فیما قیل انه توفی الثانی
عشر منه اشکال من اجل انه صلی الله علیه وسلم کانت وقفته بالجمعة فی السنة
العاشرة اجماعاً فاذا کان کذلک لا یتصور وقوع یوم الاثنین ثانی عشر ربیع الاول من
السنة التی بعدها وذلک مطرد فی کل سنة یکون الوقفة قبله بالجمعة علی کل تقدیر
من تمام الشهور ونقصانها او تمام بعضها ونقصان بعض انتهی وبعض تقدیر کمال هر
سه ماه اختیار کرده تاریخ وفات سیزدهم را مرجح ساخته چنانچه ابن رجب دمشقی در لطائف
المعارف می نویسند اختلفوا فی تعیین ذلک الیوم من الشهر فقیل کان اوله وقیل
کان ثانیه وقیل ثانی عشره وقیل ثالث عشره وقیل خامس عشره والمشهور بین
الناس انه کان ثانی عشر ربیع الاول وقد رد ذلک السهیلی وغیره بان وقفة

حجة الوداع في السنة العاشرة وكانت الجمعة وكان اول ذي الحجة الخميس وحتى كان
كذلك لم يصح ان يكون يوم الاثنين ثاني عشر ربيع الاول سواء حسبت الشهور
الثلثة اعني ذا الحجة ومحرما وصفر كلها كاملة او ناقصة او بعضها كاملة وبعضها
ناقصة وانا اجيب عن هذا بجواب حسن هو ان ابن اسحق ذكر انه توفي لاثنتي عشرة
ليلة من ربيع الاول وهذا يمكن فان العرب تورخ بالليالي دون الايام ولكن لا تورخ
الا بليلة مضى يومها فيكون اليوم تبعا الليلة وكل ليلة لم يمض يومها لم يعتد بها
ح فيوم الاثنين الذي توفي فيه رسول الله صلعم كان ثالث عشر الشهر لكن لما لم يكن
يومه قد مضى لم يورخ بليلته انتهى وبعضى تاريخ دوم وبعضى غره وبعضى چهاردهم
اختيار كردند ابو عبد الله محمد الزرندي المدني در كتاب الاعلام بسيرة النبي عليه السلام
مي نويسند اتفق العلماء واهل السير على ان رسول الله صلعم توفي يوم الاثنين في الربيع الاول
ثم ان اكثرهم قالوا في الثاني عشر منه ولا يصح ان يكون يوم الاثنين ثاني عشر لاجماع
المسلمين على ان وقفة عرفة كانت في حجة الوداع يوم الجمعة وهو تاسع ذي الحجة و
كان اول ذي الحجة يوم الخميس وكان اول المحرم اما الجمعة واما السبت فان كان الجمعة
فقد كان صفر اما السبت واما الاحد فان كان السبت فقد كان الربيع اما الاحد
او الاثنين وكيف ما دارت الحال على هذا الحساب فلا يكون يوم الاثنين الثاني
عشر من الربيع بوجه وذكر الطبري عن ابن الكلبي انه توفي في الثاني من الربيع قال
السهيلي هذا وان كان خلاف الجمهور فانه لا يبعد ان كانت الثلثة الاشهر التي قبله
من تسعة وعشرين ونقل الخوارزمي انه توفي في اول يوم من الربيع وهذا اقرب
في القياس مما ذكره الطبري ونقل الاستاذ ابو سعيد عبد الملك الواعظ في كتاب
شرف المصطفى انه توفي يوم الاثنين للنصف من ربيع الاول وهذا اقرب انتهى
واينجا احتمالي ديگر است كه در سنه در مدينه طيبه بسبب اختلاف مطالع يا امور آخر

غرهٔ ذی حجه بروز جمعه شده باشد و به تکمیل هر سه ماه غرهٔ ربیع در سنه ۱۱ بروز پنجشنبه
باشد بریں تقدیر البته دوازدهم بروز دوشنبه واقع خواهد شد لیکن بریں تقدیر لازم
خواهد شد که چار ماه متوالی بمدینه کامل حساب کرده شده باشند چه در فتح الباری و
ارشاد الساری وغیره شروح صحیح بخاری مصرح است که غرهٔ ذی قعده سنه ۱۰ در
مدینه بروز چارشنبه بوده و آنحضرت صلعم مع صحابه برای حج بروز شنبه تاریخ
و پنجم ذیقعده از مدینه روانه شدند و در اثنای راه هلال ذی حجه بتاریخ ۲۹ ذیقعده
بروز چارشنبه دیده شد پس اگر بحساب کمال ذیقعده هلال ذی حجه بروز پنجشنبه
در مدینه شده باشد غره بروز جمعه قرار داده خواهد شد و به تکمیل ذی حجه غرهٔ محرم
یکشنبه و به تکمیل محرم غرهٔ صفر بروز سه شنبه و به تکمیل صفر غرهٔ ربیع بروز پنجشنبه
خواهد شد و هذا وان کان نادر الوقوع لکنه لیس بخارج عن حیز الامکان لیکن بریں
تقدیر بروز چارشنبه بست و نهم صفر خواهد بود نه بست و هشتم صفر بالجمله بودن بست و هشتم
صفر روز چارشنبه و بودن دوازدهم ربیع روز دوشنبه بوجه من الوجوه صحیح
نمی تواند شد و در تاریخ سعید محمد گازرونی می نویسد ابتداء مرضه فی اواخر صفر
للیلتین بقیتا من صفر یوم الاربعاء وقیل للیلة وقیل فی مفتتح الربیع الاول
انتهی و در تاریخ خمیس میگوید فی هذه السنة کانت سریة اسامة قال
کانت یوم الاثنین لاربع لیال بقین من صفر فلما کان یوم الاربعاء بدئ مرض
رسول الله صلعم وروی انه ابتدأ به صداع فی اواخر صفر للیلتین بقیتا من صفر
یوم الاربعاء وقیل للیلة وقیل بل فی مفتتح الربیع الاول وفی الوفاء مرض لثنتی عشرة
بقین منه وذکر الخطابی ان ابتداءه یوم الاثنین وقیل السبت
وقیل الاربعاء قاله الحاکم انتهی ازینجا اختلافات بر خذ ما صفا و دع ما کدر عمل کردن
لازم است والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

| | |
|---|---|
| تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفیۃ | محمد عبدالحی ابوالحسنات |

۲۵۲

استفتا مشتمل بر سہ سوال سوال اول کیا فرماتے ہین علمائے دین و مفتیان شرع متین
اس صورت مین کہ زید سے ہندہ حاملہ ہوئی بوجہ حرام مگر چونکہ علم بالحمل زید کو نتہا
لوگون کے پند و نصیحت سے دونون نے توبہ کرکے نکاح کرلیا پس بحکم قرآن و
حدیث خواہ قول مدلل فقہا نکاح صحیح و نافذ ہوا یا نہین یا صرف بوجب قول فقہا
صحیح و نافذ ہوا اور زید ہمیشہ بوجہ عدم علم بالحمل ہندہ سے جماع کرتا رہا اس شرط
مین زید صرف گنہگار رہا یا نکاح بہی باطل ہوگیا بر تقدیر صحت و نفوذ یا دونون
امر ہوسکے یعنے گنہگار رہی ہوا اور نکاح بہی باطل ہوگیا اور یہ امر کہ حمل قبل نکاح
کے وطی سے مستقر ہوا بعد از وضع حمل شمار کرنے ایام سے معلوم ہوا اور بر تقدیر
علم بالحمل زید نے وطی کی تو کیا لازم آیا گناہ یا بطلان نکاح یا دونون بہر کیف اب
زید ہندہ سے تجدید نکاح کرے یا نہین و نیز اگر نفوذ نکاح بحکم قرآن و حدیث ہے
بتصریح تحریر فرمائیے اور اگر بوجب قول فقہا ہے تو اوس قول کے صحت کی دلیل
مقنع نقل فرمائیے۔ سوال دیگر ایک عورت سنیہ منسوب ہوئی ساتھہ مرد سبائی
شیعہ کے مگر بوقت ایجاب و قبول بوجہ تشیع و دیگر عیوب اوس مرد کے نہ زبان سے
قبول کیا اور نہ دل سے مگر بوجہ غایت شرم و غیرت کے بوقت رخصت دم بخود ہی
شولی اس صورت مین نکاح صحیح ہوا یا نہین اس عورت سنیہ کا مگر بعد دو ایک مہینے
کے نا اتفاقی ظاہر ہوئی و تا زندگی قائم رہی اور بعد مرنے کے عورت نے قبل
گذرنے ایام عدت کے اس خیال سے کہ میرے تو نکاح قبول ہی نہین کیا عدت کیا
بیٹھون دوسرے مرد سے نکاح کرلیا تو نکاح صحیح ہوا یا نہین اب پہر تجدید نکاح
کرے اور تجدید نکاح کرے تو اب سر نو اوس مرد شیعہ کے مرنے کی عدت بیٹھے
یا نہین حالانکہ مرے ہوئے دو تین سال ہوئے یا اب عدت کے بیٹھنے کی ضرورت

[illegible]

نہین ہے بلا عدت نکاح کرے سوال سوم کسی شخص کی منکوحہ نے اگر شرک کیا تو
کفر تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے یا نہین بر تقدیر ٹوٹ جانے کے توبہ کرنے سے مثل
ایمان کے عود کر آتا ہے یا نہین عود کرتا تجدید نکاح کی ضرورت پڑتی ہے بینوا توجروا
ہو المصوب جواب سوال اول نکاح صحیح ہو گیا اور زید وطی کرنے سے بعد
نکاح کے گنہگار نہین ہوا اور اب حاجت تجدید نکاح کی نہین ہے رد المحتار مین ہے
وصح نکاح حبلی من زنا عندهما وقال ابو یوسف لا یصح والفتوی علی قولهما کما فی
القهستانی انتهی اور در مختار مین ہے لو نکحها الزانی حل له وطيها اتفاقا انتهی
جواب سوال دوم اوس عورت نے اگرچہ بوقت نکاح قبول نہ کیا لیکن جب شوہر کی
مجامعت وخلوت پر بلا اکراہ راضی رہی وہ نکاح جائز ہو گیا بحر الرائق مین ہے لو مکنته
برضاها هل یکون اجازة عندی ان هذا اجازة انتهی اور رد المحتار مین ہے
التمکین من الوطی کالاقرار انتهی اور جب نکاح جائز ہوا بعد فوت شوہر کے اوسپر
عدت واجب ہوئی اور قبل گذرنے ایام عدت کے جو اوسنے نکاح کر لیا وہ نکاح
فاسد ہو گیا اب اس نکاح کا فسخ کرنا دونون پر اور شوہر ثانی کا ایسا لفظ کہنا جس سے
مضمون ترک کا سمجھا جاوے جیسے ترکتک یا خلیت سبیلک واجب ہے اور
بعد اس فسخ کے عورت پر لازم ہے کہ عدت مثل عدت طلاق کے بیٹھے در مختار
مین ہے ولکل واحد منهما فسخه دخل بها او لا فی الاصح خروجا عن المعصية
وبجب علی القاضی التفريق بينهما وتجب العدة بعد الوطی لا الخلوة للطلاق
لا للموت من وقت التفريق او متارکة الزوج انتهی اور رد المحتار مین ہے تقدم
فی باب المهر ان الدخول فی النکاح الفاسد موجب للعدة ومثله فی البحر کالنکاح
بلا شهود ونکاح المعتدة انتهی ملخصا بعد تمام عدت کے پھر شوہر ثانی کو اختیار
تجدید نکاح کا ہے اور عورت کو اب عدت موت شوہر اول کی بسبب تمادی ایام کے

ضرورت نہین ہے جواب سوال سوم شرک و کفر سنکو حسے نکاح ٹوٹ جاتا ہے
بعد توبہ وایمان کے تجدید نکاح لازم ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔

| |
|---|
| محمد عبد الحی ابو الحسنات |

**استفتا سوال** ۲۵۳ جو چیزین اپنی لڑکی کو جہیز مین دیتے ہین مستحق اونکا
کون ہوگا شوہر یا اوسکے والدین

**ہو المصوب** جس بلدہ مین یہ عرف ہو کہ اشیاء جہیز کی بطور تملیک کے دیجاتی
ہین نہ بطور عاریت کے جیسا کہ اکثر بلاد ہند مین وہان وہ چیزین ملک لڑکے کی
ہونگی درمختار مین ہے جہز ابنتہ ثم ادعی ان ما دفعہ لہ عاریۃ وقالت ہو
تملیک او قال الزوج ذلک بعد موتہا لیرث منہ وقال الاب او ورثتہ بعد
موتہ عاریۃ فالمعتمد ان القول للزوج ولہا اذا کان العرف مستمرا ان الاب یدفع
مثلہ جہازا لا عاریۃ انتہی پس اون چیزون کی مستحق وہ لڑکی ہوگی اور بعد وفات
اوسکے جملہ ورثہ پر بحسب حصص شرعیہ تقسیم ہوگی واللہ اعلم ۔ حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

**استفتا سوال** ۲۵۴ ما قولکم ایہا العلماء المتورعون و المنصفون فی حق
رجال عام او خاص یذکرون اللہ بارادۃ الوصول الی الحقیقۃ قیاما وقعودا و
یتواجدون ویہتزون ویرقصون فی حالۃ الذکر ویصفق رجل للاشارۃ
والتہییج الذکر ہل یجوز ہذا الفعل ام لا افتونا بالصواب واسقونا بالجواب توجروا
بالاجرین وتکرموا فی الدارین

**ہو المصوب** ذکر اللہ تعالی حسن علی کل حال وقد کان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم یذکر اللہ فی کل احیانہ اخرجہ ابو داؤد وغیرہ وقال اللہ جل وعلا
فی کتابہ فی وصف اولی الالباب والمتفکرین فی خلق السموات والارض
الذین یذکرون اللہ قیاما وقعودا وعلی جنوبہم الآیہ لکن التوجد

والاهتزاز والرقص والتصفيق وامثال ذلك ان صدرت من الذاكر فی حالة الطرب
والخروج عن حیز الاختیار وغلبة الشوق غلبة اخرجته عن حیز الخبرة فهو فی ذلک معذور وغیر
ملام واما ارتکاب هذه الامور مع الاختیار فلا یجوزه الشرع ولا یرخص لهذه الامور
قال فی نصاب الاحتساب للسنامی الحنفی لا یجوز الرقص والسماع ومن اباحه
من المشائخ فذلک للذین صارت حرکاتهم حرکات الارتعاش والتمایل ایضاً فی
الشرع رخصة وذکر فی العوارف انه لا یلیق بمنصب المشائخ الذین یقتدی بهم لانه
یشبه اللهو انتهی وفی الامتاع فی احکام السماع لجعفر بن تغلب الادفوی الشافعی
ذهبت طائفة الی التفرقة بین ارباب الاحوال الذین یقومون بوجد فیجوز لهم الرقص
ویکره لغیرهم وهذا ما اورده الاستاذ ابو منصور واشار الیه القاضی حسین فی
تعلیقه والغزالی فی الاحیاء انتهی وفی تبعید الشیطان مختصر کتاب ابن القیم الحنبلی
المسمی باغاثة اللهفان عن مصائد الشیطان قال ابن عباس کانت قریش یطوفون
بالبیت عراة ویصفرون ویصفقون وقال مجاهد کانوا یعارضون النبی صلعم فی
الطواف ویصفرون ویصفقون یخلطون علیه طوافه وصلوته فالمتقربون الی
الله بالصفیر والتصفیق اشباه النوع الاول والمخلطون به علی اهل الصلوة والذکر
والقرأة اشباه النوع الثانی انتهی وفیه ایضاً لم یشرع الله التصفیق للرجال عند
الحاجة فی الصلاة بل امروا بالعدول الی التسبیح فکیف اذا فعلوه لا لحاجة انتهی
وفی الدرة المنیفة شرح الجواهر المنیفة والبزازیة ورد المحتار وغیرها من کتب الحنفیة
الرقص والغناء الذی یفعله متصوفة زماننا عند الذکر حرام انتهی والکلام
فی هذا البحث طویل مشروح فی کتب الفقه والحدیث وفیما ذکرناه کفایة لارباب البصیرة
والله اعلم بالصواب حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله
عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۵۵

**استفتا** کیا فرماتے ہیں علماے دین کہ ذات باری تعالی کو فقط عرش ہی پر سمجھے یعنے موجود سمجھے یا مستقر سمجھے یا جو کچھ جانیں اور ماسوا فوق العرش کے کسی چیز کو مخلوقات الٰہی سے بذات باری تعالی محیط نہ جاننا بلکہ یہہ کہنا کہ فقط علم الٰہی ساری اشیا کو محیط ہے اور ذات اوسکی فقط عرش ہی پر ہے اور دوسری جگہہ نہیں یہہ عقیدہ اہل سنت کا ہے یا نہیں اور جو معتقد اس عقیدے کا ہو نماز پیچھے اوسکے ادا کرنا جائز ہے یا نہیں و این ہم تحریر فرمایند کہ ایشایان این عقیدہ را منسوب بجنابلہ می گویند سے فی الحقیقت عقائد حنابلہ ہمچنین ہست یا نہ

**ہو المصوب** ذات پروردگار کو عرش پر سمجھنا بدون بیان کیفیت استوا اور اوسکے علم کو محیط تمام عالم سمجھنا اور آیات معیت و قرب وغیرہ کو قرب و معیت علمی پر حمل کرنا مذہب اہل سنت کا ہے اور معتقد اس مذہب کے پیچھے نماز درست ہے بلا کراہت شرح حکمت نبویہ میں ہے نعتقد انہ علی العرش مستو علیہ استواء امنزھا عن التمکن والاستقرار و انہ فوق العرش و مع ذلک ھو قریب من کل موجود و ھو اقرب من حبل الورید و لا یماثل قربہ قرب الاجسام انتہی اور سیر النبلاء میں ہے قال اسحق بن راھویہ اجمع اھل العلم علی انہ تعالی علی العرش استوی و ھو یعلم کل شیء فی اسفل الارض السابعۃ انتہی اور جامع ترمذی میں بعد ذکر حدیث لو انکم دلیتم بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ ثم قرء رسول اللہ ھو الاول و الآخر و الظاھر و الباطن و ھو بکل شیء علیم مرقوم ہے قرأۃ الآیۃ تدل علی انہ اراد لھبط علی اللہ علی علم اللہ و قدرتہ و سلطانہ و علم اللہ فی کل مکان و ھو علی العرش کما وصف نفسہ فی کتابہ انتہی اور یہہ جو مشہور ہے کہ یہہ مذہب حنابلہ کا ہے غلط ہے بلکہ یہہ مذہب جمہور محققین حنفیہ و شافعیہ و حنابلہ و مالکیہ و محدثین وغیرہم کا ہے البتہ بعض حنابلہ استوا مع بیان الکیفیۃ کے قائل ہو گئے

اور استقرار پروردگار کو مثل استقرار مخلوقات کے سمجھتے ہین یہ مذہب مردود ہے والتفصیل لیستدعی بسطاً لبسیطاً . فیما ذکرنا کفایة و الله اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۸۹

**استفتا** زید کہتا ہے رب العالمین کی ذات پاک کو کسی جگہہ مین معین نہین کہہ سکتا کہ عرش پر ہے یا زمین پر یا آسمان مین اور اسکے خلاف عقیدہ رکھنا خلاف عقیدۂ اہل سنت ہے ذات پاک اوسکی بالکل مخلوقات کو اوسکے ازعرش تا فرش محیط ہے اور یہی عقیدہ اہل سنت ہے اور ہم نہین کہہ سکتے اس بات کو کہ رب العالمین یہان یا وہان کہان ہے کونی جگہہ ہم اوسکی تعین نہین کہہ سکتے اور ہر مخلوقات کو ازعرش تا فرش اور سب اشیا کو پروردگار کی ذات و علم کے ساتھ نسبت واحد ہے البتہ کوئی سرفراز اور صفت سے اور کوئی دوسری صفت سے ممتاز ہے اتنا فرق ہے اور رب العالمین کی کوئی جہت معین ٹھہرا نہین سکتا اور احاطہ اور قرب اور معیت رب العالمین کی مین نہین کہہ سکتا کہ کیسی ہے اور اوسکے کیا معنی ہین اور کیا اوسکی مراد ہے فقط ایمان اسقدر ہے کہ جو کچہہ رب العالمین کا ارادہ ہے اوسی پر ایمان لاسکے اور یہی عقیدہ اہل سنت کا ہے ساور عمرو یہ کہتا ہے ذات باری تعالی بلا کیفیت خاص کر عرش ہی پر ہے نہ مثل جسم کے اور جسم کے کیونکہ وہ جسم نہین ہے اور باوجود عرش پر ہونے کے بذاتہ و علمہ و قدرتہ سبکو محیط اور سب سے قریب ہے اور سب کے ساتھہ جیسا اوسکو لائق ہے بلا تشبیہ جیسا کہ آفتاب فلک چہارم پر ہے اور سبکے ساتھہ ہے اور رب العالمین زمین و آسمان مین نہین ہے بلا تشبیہ جیسا کہ آفتاب زمین مین نہین ہے اور ساتھہ ہے البتہ بعلمہ و قدرتہ سبکو ایک طرح برابر دیکھتا اور جانتا اور سنتا ہے اور جتنی صفتین الله تعالی کی کتاب و سنت مین ہین جیسے فوق العرش ہونا دیکھنا سننا جاننا

اور نہ ناخوش ہونا غصہ ہاتھ منہ نفس وغیرہ سب کے معنے معلوم اور کیفیت متشابہ ہے
یعنے مثل فوقیت و یکھنے سننے جاننے اور نہ خوش ہونے غصہ ہونے ہاتھ منہ نفس
وغیرہ اوسکی مخلوقات کے نہین ہے بلکہ کیفیت اوسکی اللہ تعالی ہی جانتا ہے جیسے
اللہ تعالی کی بیشک ایک ذات ہے مگر نہ مثل ذات مخلوقات کے اوسیکے مناسب
اوسکی سب صفتین ہین نہ مثل صفات مخلوقات کے اور جتنے صفات سے کتاب و سنت
مین اللہ تعالی کی تنزیہ ہے اوس سے منزہ ہے غرض اثباتاً و نفیاً پیروی کتاب و سنت
کی ضرور ہے اور زیادتی و کمی موجب ضلالت ان دونون عقیدون مین موافقت
اہل سنت والجماعت کے کسکا عقیدہ رکھتا ہو بینوا توجروا

ہو المصوب اہل سنت کی رای اس باب مین مختلف ہے اگرچہ بعض مثل قول زید
کے بہی لکھ گئے ہین مگر صحیح و مذہب جمہور محققین و ائمہ متبوعین و محدثین وغیرہم مثل
قول عمرو کے ہے ابو شکور حنفی تمہید مین لکھتے ہین سئل مالک عن قولہ تعالی الرحمن
علی العرش استوی کیف استوی فقال الاستواء غیر مجہول والکیف غیر معقول
والایمان بہ واجب والسوال عنہ بدعۃ وما اراک الا ضالا فامر بہ فاخرجوہ
فاذا ہو جہم بن صفوان وقال ابو مطیع البلخی سألت ابا حنیفۃ فی من قال
لا ادری این اللہ فقال ابو حنیفۃ انہ یکفر لانہ خالف النص واللہ یقول الرحمن
علی العرش استوی اقرؤہا و آمنوا بہ فقال ابو مطیع کیف استوی قال امنوا
بہ کما جاء الجواب انتہی اور حکمت نبویہ مین ہے لہ ید و وجہ و نفس کما ذکر اللہ
فی القرآن ولا یقال ان قدرتہ ہو یدہ لان فیہ ابطال الصفۃ وہو قول اہل
القدر والاعتزال ولکن یدہ صفۃ لہ بلا کیف انتہی اور سیر النبلاء مین ہے
قال حرب الکرمانی قلت لاسحق بن راہویہ ما تقول فی قولہ تعالی ما یکون من
نجوی ثلاثۃ الا ہو رابعہم کیف تقول فیہ قال حیث ما کنت فہو اقرب الیک

من حبل الورید وهو بائن من خلقه وا بین شئ فی ذلک قوله الرحمن علی العرش
استوی انتهی اور یہی او سمین ہے قال السراج سمعت اسحق بن راهویه یقول
دخلت علی طاهر بن عبد الله وعنده منصور بن طلحة فقال لی القول ان الله ینزل
کل لیلة قلت تؤمن به اذا انت لا تؤمن ان لک ربا فی السماء لا تحتاج ان تسألنی
عن هذا قلت هذه الصفات من الاستواء والنزول والاتیان قد جاءت بها
النصوص ونقلها الخلف عن السلف ولم یتعرضوا لها برد ولا تاویل بل انکروا
علی من اول مع الاتفاق علی انها لا تشبه نعوت المخلوقین وان الله لیس کمثله
شئ انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

عن ذنبه الجلی والخفی

**استفتا** ۲۵۷ اطاعت زوجہ کو شوہر کی کسقدر چاہیے اور اگر شوہر عورت
کو منع کرے کہ تم اپنے پھوپھیرے یا ممیرے بھائی کے سامنے نہو اور اوسکے والد
کہتے ہون کہ تم سبکے سامنے ہوا سوقت کسکی اطاعت کرے اور اگر زوجہ اپنے
میکے گئی ہو اور وہان سے شوہر کے مکان پر آنے کا قصد نکرے تو شوہر کو قصد
اوسکے لانے کا ہے یا نہین بینوا توجروا

**ہو المصوب** زوجہ کو اطاعت شوہر کی جمیع امور شرعیہ مین چاہیے شرح
شرعة الاسلام مین ہے وعلیها ان تطیع زوجها فی الامور الشرعیة ولو امرها
ان تنقل الحجر من جبل وان لا تخرج من بیته الا باذنه انتهی اور جب عورت
میکے سے نہ آتی ہو تو اوسکو جبراً شوہر لا سکتا ہے اور شوہر کی اطاعت درباب
پردہ کے غیر محارم سے مقدم ہے رد المحتار مین ہے الذی ینبغی تحریره ان یکون
له منعها عن کل عمل یؤدی الی تنقیص حقه او ضرره او الی خروجها من بیته
والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله

عن ذنبه الجلد ولستغفره

۲۵۸

استفتا ما قولکم مدظلکم اندرین صورت کہ زید شوہر ہندہ نے وفات کیا
ہندہ تین مہینے کئی روز عدت مین رہی پہر کسی وجہ سے اوسی مدت عدت ہی مین
ہندہ مذکورہ نے عمرو سے عقد ثانی کر لیا عمرو بارہ تیرہ روز ساتھ ہندہ کے خلوت مین رہا
اوس سے وطی بہی واقع ہوئی پس جب لوگ معترض ہوئے عمرو پر کہ تمنے اندر
عدت کے نکاح کیا کیونکر صحیح ہوا ایسا نہ چاہیئے تفریق کرو بعد گذرنے ایام عدت
کے تجدید نکاح کر لینا پہر عمرو نے کسی اہل علم سے بہی دریافت کیا تو یہی جواب
دیا اوس اہل علم نے کہ تفریق کرو بعد گذرنے مدت عدت کے تجدید نکاح ضرور کر لینا پہر
عمرو نے یہہ بات سنتے ہی قاضی تو وہان تہا کہ تفریق کرا وے خود بخوف خدا
ہندہ سے جدا ہو گیا اور تفریق کر لی اور یون کہا ہندہ سے کہ یہہ نکاح صحیح نہین
ہوا بعد انقضای ایام عدت تجدید نکاح کرینگے تم سے جب حلال ہوگی تم ہم پر
بوقت سے آگے گذرنے ایام عدت ہیشہ جارہا عمرو نے ہندہ سے پہر جب ایام
عدت کے گذر گئے تو تجدید نکاح کر لیا مگر عمرو کی تفریق کی عدت نہین بیٹہی ہندہ
نکاح صحیح ہوا یا نہین اور اس نکاح سے کئی لڑکے بہی ہین اب وہ لڑکے کیسے قرار
دیے جاوینگے ولد الزنا یا غیر اسکے و بحکم قول حضرت علی رض فاذا انقضت عدتہا
من الاول تزوجہا الآخران شاء معلوم ہوتا ہی کہ نکاح صحیح ہو گیا اور اولاد اوسکی
ولد الزنا نہ قرار پاوے گی کیونکہ اس قول مین زوج ثانی کی تفریق کی عدت بیٹہنا
مذکور نہین ہے اور یہہ قول خاص اسی مادہ مین ہے نقل کیا اسکو صاحب مجلی
شرح موطا نے ضمن مین شرح شعر لا یجتمعان الخ کے اور یہہ عبارت متن موطا
کی ہے اور قول حضرت عمر رض کا چنانچہ الفاظ عبارت متن و شرح کے بعینہ نقل
چار سال خدمت کرتا ہون ہیہا ہدا ان قال عمر بن خطاب ایما امرأة نکحت

فی عدتہا فان کان زوجہا الذی تزوجہا لم یدخل بہا فرق بینہما ثم اعتدت
بقیۃ عدتہا من زوجہا الاول ثم کان الآخر خاطبا من الخطاب وان کان
دخل بہا فرق بینہما ثم اعتدت بقیۃ عدتہا من الاول ثم اعتدت من
الآخر ثم لا یجتمعان ابدا قال وقال سعید بن المسیب لہا مہرہا بما استحل منہا
انتہی عبارۃ المتن وعبارۃ المحلی ہکذا قولہ ثم لا یجتمعان ابدا زجرا وسیاسۃ
فی حقہما جزاء سرعۃ مبادرتہما الیہ قبل انقضاء عدتہا وعدا انفرد بہ عمر عن
اہل العلم علی انہ یحل لہ بعد الخروج عن العدۃ قال محمد وبلغنا ان عمر رجع عن ہذا
القول الی قول علی ابن الحسن بن عمارۃ عن الحکم بن عیینۃ عن مجاہد قال رجع عمر
الی قول علی فی التی تزوج فی عدتہا وذلک ان عمر قال اذا دخل بہا فرق بینہما
یجتمعا ابدا واخذ صداقہا فجعلہا فی بیت المال فقال علی لہا صداقہا بما
من فرجہا فاذا انقضت عدتہا من الاول تزوجہا الآخر ان شاء فرجع عمر

قولہ علی رضا آپ جو امر حضور کے نزدیک صاف صاف مدلل بہ برہان حق ہو
اوسے ارشاد ہو کہ بموجب اوسکے تعمیل کیجاوے یعنے اگر یہ نکاح بھی ہندہ
کا ساتھ عمرو کے جو بعد انقضای عدت کے شوہر اول سے بطور تجدید
صحیح ہو پھر اب تفرق کرائی جاوے اور اس تفریق کے عدت بیٹھے
کے بعد ازاں تجدید نکاح کرائی جاوے اور صحیح ہوگئی ہو تجدید نکاح
ثابت فرمائیں مع دستخط و مہر خود مرحمت فرماسیے کہ میں صاف صاف لوگوں
سمجھا دوں اور اس محنت کا اجر خدا سے لیجیے

ہو المصوب عمرو کا نکاح کہ صحیح ہوگیا اور بعد گذرنے ایام عدت شوہر
کے جو اوسنے نکاح کر لیا قبل گذرنے ایام عدت تفریق کے وہ نکاح صحیح
اسوجہ سے کہ عدت تفریق کی بہ نسبت دوسرے شخص کے واجب ہے نہ

اوسی شخص سے گئے تھے اگر بعد تفریق عمرو کے کوئی اور شخص چاہتا کہ اوس سے نکاح
کرے اوسکو بدون گذرنے ایام عدت تفریق کے نکاح ناجائز تھا اور عمرو نے
کہ سابب تفریق ہے جب قبل گذرنے اون ایام کے نکاح کیا تو جائز ہو گیا اور
اولاد اس نکاح کی اولاد حلال ہین ملا علی قاری شرح موطا امام محمد مین تحت
قول حضرت علی کے لکہتے ہین فاذا انقضت عدتها من الاول تزوجها الآخر ان شاء کے
لکہتے ہین اذ لا عدة ثانية بالنسبة اليه فان اراد ثالث ان يتزوجها فلا يجوز حتى
تخرج من عدة الثاني ايضا انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

| |
|---|
| محمد عبد الحی<br>ابو الحسنات |

۲۵۹
**استفتا** کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ حجرہ مسجد جو صحن مین
یعنی چبوترہ مسجد مین واقع ہے اور ہنگام نماز جماعت مصلی محاذی حجرہ مسجد
کے کھڑی ہوتی ہے اوس حجرہ مین ایک شخص کاروبار تجارت کرتا ہے اور اکثر
کفار و مشرک واسطے خرید و فروخت اسباب کے صحن مسجد مین ہو کر اوس حجرہ
مین جایا کرتے ہین کیونکہ اوس حجرہ مین جانے کی اور کوئی راہ نہین علاوہ
برین مسجد کا اسباب وغیرہ رکھنے کی سوای حجرہ کے اور کوئی جگہ نہین ہے لہذا اسباب
کی حفاظت بخوبی نہین ہو سکتی ہے یا کوئی مسافر خواہ طالب علم اوس مسجد مین آوے
تو سوای مسجد کے حجرہ مذکورہ مین بباعث رکھنے اشیاء تجارت کے قیام نہین کر سکتا
ہے پس ایسا فعل جائز ہے یا نہین

**هو المصوب** اگر وہ حجرہ داخل مسجد ہے تو اوسمین خرید و فروخت کرنا خصوصا
اسباب تجارت رکھنے کے ساتھ مکروہ ہے در مختار مین ہے ويكره كل عقد
الا لمعتكف بشرطه انتهى رد المحتار مین ہے قوله بشرطه وهو ان لا يكون للتجارة
بل يكون ما يحتاجه لنفسه او عياله بدون احضار السلعة انتهى اور

درمختار مین باب الاعتکاف مین ہے وکرہ ای تحریما احضار مبیع فیہ کما کرہ فیہ مبایعۃ غیر المعتکف مطلقا للنہی انتہی ردالمحتار مین ہے قولہ مطلقا ای سواء احتاج الیہ لنفسہ او عیالہ او کان للتجارۃ احضرہ او لا انتہی اور جامع ترمذی مین مروی ہے ان رسول اللہ نہی عن التشبیک والبیع فی المسجد انتہی اور کفار کا مسجد مین داخل ہونا اگرچہ حنفیہ کے نزدیک درست ہے لیکن راستہ بنانا کسی کو جز مسجد کو اور اوسمین آمد و رفت کرنا کار و بار دنیا کیواسطے نہین جائز ہے درمختار مین ہے وکرہ تحریما اتخاذہ طریقا بغیر عذر انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

---

**استفتا** ہندہ دائنہ نے زر قرضہ مندرجہ دستاویز جسمین جائداد غیر منقولہ مستغرق ہے جو ذمگی زید وغیرہ چند مدیونون کے اوسکا یافتنی ہے بنام اپنے بیٹے بکر نابالغ مسلمان کے اس عبارت و مضمون سے ہبہ بلا عوض کیا کہ زر قرضہ مندرجہ دستاویز مذکورہ ہبہ کرتی ہون و دیدیتی ہون قبضہ اور استحقاق مالکانہ اپنا اوس جائداد سے اوٹھا لیا اور اپنی جانب سے ایک شخص غیر کو قوم ہنود سے سربراہ کار و ولی اوسکا مقرر کرکے اوسی دستاویز ہبہ نامہ مین ولی مذکور کو اختیار وصول زر مذکور کا اور اوسکے محاصل سے پرورش و تعلیم نابالغ کا دیا اور ہنوز زر مذکور وصول نہین ہے اور اوسی دستاویز مذکور مین یہ بھی لکھا کہ کاش پسر مذکور فوت ہو جاوے تو فیمابین چار دختران ہماری کے جو اوسوقت زندہ اور قائم رہین زر مذکور بحصہ مساوی تقسیم ہوگا تو ایسی صورت مین دستاویز مذکور ہبہ نامہ متصور ہوگی یا وصیت نامہ اگر وصیت نامہ ہو تو وصیت بمقابلہ وارث کیجائز ہو یا ناجائز ہے اور اگر ہبہ نامہ ہو تو ایسے ہبہ سے واہبہ کو اختیار رجوع و عود کا حاصل ہو سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

الجواب وهو الموفق للصواب جواب سے پہلے ایک امر کا گذارش کرنا
ضرور ہے وہ یہ کہ چونکہ ہبہ شرعی عبارت ہے تملیک عین سے یعنے عین کا
مالک کر دینا جیسا کہ تنویر الابصار میں ہے تمليك العين مجانا اور جیسا کہ درر
میں ہے الهبة هي تمليك العين بلا عوض على ما نقله مولانا عبد الحی اللکنوی
رحمه الله العلی سے فی حاشية الهداية اور عین غیر دین ہے بنا بر علیہ تملیک دین
قیاسا باطل اور ناجائز ہوگی لیکن اگر واہب دین موہوب لہ کو دین موہوب کے
قبضہ کرنے پر مسلط کر دیوے اور موہوب لہ اوس دین پر قبضہ کر لیوے تو
اس نظر سے کہ اب دین مذکور بعد قبضے کے عین ہو جاوے گا اور تملیک عین
متحقق ہو جاویگی تملیک مذکور استحسانا صحیح اور جائز ہو جاویگی اور یہ ایسا
تصور کیا جاوے گا کہ گویا جب موہوب لہ نے دین مذکور پر قبضہ کر لیا اوس وقت
واہب نے ہبہ کیا چنانچہ در مختار میں ہے واما تمليك الدين من غير من
عليه الدين فان امره بقبضه صحت لرجوعها الى هبة العين الخ اور رد المحتار
میں ہے قوله واما تمليك الدين الخ جواب عن سوال مقدر وهو ان تقييد بالعين
مخرج لتمليك الدين من غير من عليه الدين مع انه هبة فيخرج عن التعريف فاجاب
بانه كان عينا مآلا فالمراد بالتعريف ما كان عينا حالا او مآلا الخ
اور غاية الاوطار ترجمہ اردو در مختار میں ہے واما تمليك الدين من غير
من عليه الدين فان امره بقبضه صحت لرجوعها الى هبة العين اور دین کی
تملیک تو غیر مدیون کو اگر صاحب دین نے اوسکو دین قبض کرنے کا امر کیا ہو تو یہ
صحیح ہے بسبب راجع ہونے ہبہ دین کے ہبہ عین کی طرف م یہ جواب ہے اس
سوال مقدر کا کہ ہبہ کی تعریف میں تو تملیک عین داخل ہے تو چاہیے کہ دین
غیر مدیون کی تملیک کو ہبہ نکہیے اسکا جواب شارح نے یوں دیا کہ جب صاحب دین نے

اوسکو قبض دین کا امر کیا اور اوسنے دین پر قبضہ کیا تو دین عین ہو گیا تو تحویل عین
متحقق ہو گئی آہ اور جب یہہ بات معلوم ہو لی تو اب اصل سوال کا جواب لکھا جاتا ہے کہ
ہبہ مذکور صورت مسئولہ مین باطل اور ناجائز ہے اور دستاویز مذکور بیہ نامہ نہین ہے
اسلیئے کہ ہبہ مذکورہ تملیک دین ہے غیر مدیون کو اسواسطے کہ ہندہ واہبہ نے زر
قرضہ مندرجہ دستاویز جو ذمگی مدیون کے ہے اپنے بیٹے نابالغ کو ہبہ کیا ہے
اور ایسی ہبہ کی صحیح اور جائز ہونے کے لیئے یہ شرط ہے کہ واہب موہوب لہ کو
دین موہوب کے قبض کرنے پر صراحۃً مسلط کرے اور یہہ شرط صورت مسئولہ مین مفقود
ہے بنا برعلیہ ہبہ مذکورہ باطل اور ناجائز ہے چنانچہ ایک عبارت درمختار کی اس
مضمون کی گذر چکی اور نیز درمختار مین ہے تملیک الدین ممن لیس علیہ الدین
باطل الا فی ثلث حوالۃ ووصیۃ واذا سلطہ ای المملک غیر المدیون علی قبض
الدین فیصح حینئذ الخ اور رد المحتار مین ہے قولہ ولا یجوز من غیرہ ای لا یجوز تملیک
الدین من غیر من علیہ الدین الا اذا سلطہ علیہ واستثنی فی الاشباہ من ذلک
ثلث صور الاولی اذا سلطہ علی قبضہ فیکون وکیلا قابضا للموکل ثم لنفسہ الثانیۃ
الحوالۃ الثالثۃ الوصیۃ الخ اور نیز درمختار مین ہے وضمنہ مالو وھبت من ابنہ
ما علی ابیہ فالمعتمد الصحۃ للتسلیط الخ وفی رد المحتار (قولہ وما علی ابیہ) ای
وامرتہ بالقبض بزازیہ مدنی (قولہ للتسلیط) ای اذا سلطہ علی القبض کما یشیر
الیہ قولہ وضمنہ الخ وفیہ ایضا فقول الشارح للتسلیط ای التسلیط صریحا لا کما ابن
کما فھمہ السائحانی وغیرہ الخ اور نیز درمختار مین ہے فی الخانیۃ وھبت المھر لابنھا
الصغیر الذی ھو من ھذا الزوج الصحیح انہ لا تصح الھبۃ الا اذا سلطت ولدھا علی
ص ۵۳ جلد ۴
القبض فیجوز ویصیر ملکا للولد اذا قبض الخ اور نیز رد المحتار مین ہے فی
فصل من کتاب الہبۃ
البحر عن المحیط ولو وھب دینا لہ علی رجل وامرہ ان یقبضہ فقبضہ جازت

استحسانا وان لم یأذن بالقبض لم یجز الخ اور محیط مین ہے واما هبتها على الغا
وهبة الدين من غير من عليه الدين وهبة الدين من غير من عليه الدين اذا سلطه
على القبض وقبض صحيح استحسانا اور فصول عمادیہ مین ہے ذکر فی الصغری
فی کتاب الهبة هبة الدين من عليه الدين لا یصح الا اذا وهبه واذن له بالقبض
فقبضه جاز وذكر في العدة وان لم يأمر بالقبض لا يجوز والبنت لو وهبت
مهرها من ابيها ان امرته بالقبض جاز الخ اور فتاوی قاضی خان مین ہے
امرأة لها مهر على زوجها وهبت المهر لابنها الصغير الذي من هذا الزوج الصحيح
انه لا يصح هذه الهبة لان هبة الدين من غير من عليه الدين لا تجوز الا اذا وهبته
وسلطت ولدها على القبض فيجوز ويصير ملكا للولد اذا قبض الخ اگر یہ کہا جاوے
کہ واہبہ نے ایک شخص کو موہوب لہ یعنے بکر نابالغ کا ولی اپنی جانب سے مقرر کرکے
اوس ولی کو دین موہوبہ کے قبضہ کرنے پر صراحۃ مسلط کیا اور حکم دیا ہے اور ولی
مذکور کو قبضہ کرنے پر صراحۃ مسلط کرنا اور حکم دینا عین موہوب لہ یعنے نابالغ مذکور کو
مسلط کرنا اور حکم دینا ہے پس شرط صحت وجواز ہبہ مذکورہ کہ واہبہ کا موہوب لہ
کو دین موہوب کے قبضہ کرنے پر مسلط کرنا ہے صورت مسئولہ مین متحقق ہوئی
پس چاہیئے کہ ہبہ مذکورہ صحیح اور جائز ہو۔ تو جواب اوسکا اولا یہ ہے کہ واہبہ نے
جس شخص کو جن امور مین ولی نابالغ مذکور کا مقرر کیا ہے اون امور مین خود ہی
ولایت نہین رکھتی ہے جیسا کہ آیندہ معلوم ہوگا تو اون امور مین دوسرے
کو اپنی جانب سے کیونکر ولی مقرر کرسکتی ہے اور ثانیا یہہ کہ واہبہ نے جس شخص کو
ولی موہوب لہ یعنے نابالغ مذکور کا مقرر کیا ہے وہ شخص ولی اوسکا نہین ہوسکتا
دو وجہ سے ایک یہہ کہ وہ شخص قوم ہنود سے ہے اور ہندو شخص مسلمان لڑکے
کا ولی نہین ہوسکتا اسلیئے کہ کافر کو مسلمان پر ولایت نہین چنانچہ ہدایہ مین ہے

ولا ولاية للكافر علی مسلم لقوله تعالی ولن یجعل الله للکافرین علی المؤمنین سبیلا
ولهذا لا تقبل شهادته ولا یتوارثان الخ اور نیز ہدایہ میں ہے لانه لا شهادة للكافر
علی المسلم الخ اور حاشیہ مولانا آزاد میں ہے قوله لا شهادة للكافر الخ اذ لا ولایة
له علیه قال الله تعالی ولن یجعل الله للکافرین علی المؤمنین سبیلا الخ اور نیز ہدایہ
میں ہے وبخلاف شهادة الذمی علی المسلم لانه لا ولایة له بالاضافة الیه
اور فتاوی عالمگیری میں ہے ولا ولایة لصغیر ولا مجنون ولا لکافر علی مسلم
و مسلمة کذا فی الہادی الخ اور قاضیخان میں ہے لا ولایة للصبی والمجنون ولا
المملوک ولا الکافر علی المسلم الخ اور مستخلص شرح کنز میں ہے لا ولایة لعبد
وصغیر ومجنون وکافر علی مسلمة اما العبد فلانه لا ولایة له علی نفسه والولایة
علی الغیر بناء علی الولایة لنفسه وکذلك الصغیر والمجنون لعدم الولایة علی
النفس واما الکافر فلقوله تعالی ولن یجعل الله للکافرین علی المؤمنین سبیلا الخ
اور تبیین شرح کنز مذکور میں ہے لا شهادة للکافر علی المسلم لقوله تعالی ولن یجعل
الله للکافرین علی المؤمنین سبیلا فنفی الله تعالی الولایة لهم عن المسلمین والشهادة من باب
الولایة الخ اور رد المحتار میں ہے (قوله لعدم الولایة) تعلیل للمفهوم یعنی ان الکافر
لا یلی علی المسلمة وولدها المسلم لقوله تعالی ولن یجعل الله للکافرین علی المؤمنین
سبیلا الخ اور فتاوی عالمگیری میں ہے ولا یصح ولایة القاضی حتی یجتمع فی
المولی شرائط الشهادة کذا فی الهدایة من الاسلام والحریة والتکلیف
کذا فی النهر الفائق الخ اور ہدایہ میں ہے لان حکم القضاء یستقی من حکم الشهادة
لان کل واحد منهما من باب الولایة فکل من کان من اهل الشهادة یکون اهلا
للقضاء وما یشترط لاهلیة الشهادة یشترط لاهلیة القضاء الخ اور درمختار
میں ہے واهله اهل الشهادة ای اداءها علی المسلمین الی قوله وشرط اهلیتها

شرطا هلیة. فان کل منهما من باب الولایة الخ اگر یہ سوال کیا جاوے کہ گو ولایت
اجبار بمعنے تنفیذ القول علی الغیر شاء او ابی کافر کو مسلمان پر نہیں لیکن صورت مسئولہ
مین واہبہ نے جس شخص کو ولی مقرر کیا ہے اوسکو ولی بمعنے سرپراہ کار مقرر کیا ہے
نہ ولی بمعنے مذکور پس ولی بمعنے مذکور مین اسلام کی شرط ہونے سے لازم نہین آتا
کہ ولی بمعنے سرپراہ کار مین بہی اسلام شرط ہو۔ تو جواب اسکا یہہ ہے کہ صورت مسئولہ
مین واہبہ نے جس شخص کو ولی مقرر کیا ہے اوسپر تعریف ولی بولایت اجبار کے صادق ہے
اسلیے کہ واہبہ نے جو اختیارات شخص مذکور کو نسبت نابالغ مذکور کے دیئے ہین
جیسے وصول کرنا زر قرضہ مندرجۂ دستاویز کا مدیون سے اور اوسمین تصرف
کرنا اور اوسکے محاصل سے پرورش و تعلیم نابالغ کی کرنا وہ سب اختیارات
شخص مذکور کے واہبہ کے اختیارات دیدینے سے نابالغ مذکور کے حق مین نافذ
ہونگے خواہ نابالغ مذکور منظور کرے یا نکرے اور یہی معنے تنفیذ القول علی الغیر
شاء او ابی کے ہین پس تعریف ولی بولایت اجبار کے شخص مذکور پر بلا شبہہ صادق ہے
اب چاہو اوسکا نام سرپراہ کار رکہو یا اور کچہہ رکہو نام بدل دینے سے حکم نہین بدلتا
اور جب تعریف ولی مذکور کی شخص مذکور پر صادق آئی تو اوسمین اسلام کا پایا جانا ضرور
شرط ہوا اور ہرگاہ اسلام اوسمین مفقود ہے تو ولی نابالغ مذکور کا نہین ہو سکتا
اور دوسری وجہ یہہ ہے کہ واہبہ نے شخص مذکور کو ولی فی المال کے قرار دیا ہے
اسلیے کہ زر قرضہ مندرجہ دستاویز مدیونون سے وصول کرکے اوسمین تصرف کرنے اور
اوسکے محاصل سے پرورش نابالغ کی کرنے کا بہی اوسکو اختیار دیا ہے اور ولی
مال مین چہہ ہی شخص ہو سکتے ہین اونکے سوا اور کسیکو ولایت مال مین نہین ہو سکتی
ایک باپ دوسرے اوسکا وصی تیسرے دادا چوتہے اوسکا وصی پانچوین قاضی چہٹے
اوسکا نائب اور شخص مذکور ان چہئون سے نہین ہے پس شخص مذکور ولی نابالغ

مذکور کا نہین ہو سکتا اور اسی سے معلوم ہوا کہ واہبہ بھی کہ مان نابالغ مذکور کی
ہے ولی مال مین نہین ہو سکتی در مختار مین ہے الولی فی النکاح لا المال العصبة
بنفسه الخ اور رد المحتار مین ہے قوله لا المال فان الولی فیه الاب ووصیه والجد
والقاضی ونائبه فقط الخ اور فصول عمادیہ مین ہے ذکر فی باب المضاربة من بیوع
شرح الطحاوی ان الولایة فی مال الصغیر الی الاب ووصیه ثم الی وصی وصیه فان
مات الاب ولم یوص الی احد فالولایة الی اب الاب ثم الی وصیه ثم الی وصی وصیه
فان لم یکن فالقاضی ومن ینصبه القاضی الخ اور نیز فصول عمادیہ مین ہے لیس
لغیر الاب والجد ووصیهما ولایة التصرف فی مال الصغیر الخ اور نیز اسی مین ہے
وللاب والجد ووصیهما اجارة عبد الصغیر وسائر املاکه وامواله فاما غیر هولاء
ممن الصغیر فی حجره لا یملك اجارة مال الصغیر لانه لیس لغیر هولاء ولایة التصرف
فی مال الصغیر الخ اور نیز اسی مین ہے وذکر فی ماذون شرح الطحاوی ویجوز اذن
الاب والجد ووصیهما واذن القاضی ووصیه للصغیر فی التجارة وعبد الصغیر
ولا یجوز اذن الام للصغیر واخیه وامه لان هولاء لیس لهم ولایة التصرف
فی ماله فلا یکون لهم ولایة الاذن الخ اور ثالثا یہ کہ واہبہ کا ولی مذکور کو تسلیم
صریحی کرنا عین موہوب لہ کی نسبت تسلیط صریحی ہونا ممنوع ہے اور غیر مسلم غایة الامر
یہ ہے کہ تسلیط مذکور موہوب لہ کی نسبت تسلیط حکمی ہوگی اور تسلیط حکمی اس باب
مین کافی نہین تسلیط صریحی درکار ہے جیسا کہ عبارت مرقومة الصدر منقولہ رد المحتار
سے معلوم ہوا اور تسلیط صریحی یہان مفقود ہے پس شرط صحت وجواز ہبہ
مذکورہ صورت مسئولہ مین مفقود ہے پس ہبہ مذکورہ باطل اور ناجائز ہے
اگر یہ کہا جاوے کہ صورت مسئولہ مین واہبہ کہ مان موہوب لہ کی ہے اگرچہ ولی
فی المال نہین ہو سکتی لیکن جبکہ موہوب لہ نابالغ ہو اور مان کے عیال مین ہو

اور باپ یا دادا یا اونکی وصی مین سے کوئی موجود نہو تو مان ایسی صورت مین
درباب قبضہ ہبہ کے ولی ہو سکتی ہے جیسا کہ رد المحتار مین ہے والوصی کالاب
والام کذالک لو کان الصبی فی عیالہا ان وھبت لہ او وھب لہ تملک الام القبض و
ھذا اذا لم یکن للصبی اب ولا جد ولا وصیہما الخ اور یہان بھی یہی صورت واقع
ہے کہ موہوب لہ نابالغ ہے اور مان کی عیال مین ہے اور باپ اور دادا اور
اونکے وصی مین سے کوئی موجود نہین ہے پس مان درباب قبضہ ہبہ کے ولی
ہوگی اور ایسے ولی کا ہبہ نابالغ کو مجرد عقد ہبہ کے تام اور کامل ہو جاتا ہے
پس ہبہ مذکورہ بھی تام اور کامل ہوگا اور حاجت شرط مذکور کی نہوگی۔ تو جواب
اوسکا یہہ ہے کہ ولی کا ہبہ نابالغ کو اوس صورت مین تام اور کامل ہوتا ہے
جبکہ شیء موہوب اوسکے یا امین واہب کے قبضہ مین ہو اور صورت مسئولہ مین یہہ شرط
مفقود ہے اسلئے کہ دین موہوب نہ واہب کے قبضہ مین ہے نہ اوسکے امین
کے قبضہ مین بلکہ اوسکے مدیونون ذمگی ہے جو اوسکے امین نہین ہین پس
اس صورت مین مان کی ولایت کافی نہین ہوئی اور حاجت شرط مذکور کی باقی
رہی اور ہبہ مذکورہ باطل اور ناجائز ہی در مختار مین ہے وھبة من لہ الولایة
علی الطفل فی الجملة الی قولہ تتم بالعقد لو کان الموهوب معلوما وکان فی یدہ او ید
مودعہ لان قبض الولی ینوب عنہ الخ اور ہدایہ مین ہے واذا وھب الاب لابنہ
الصغیر ھبة ملکہا الابن بالعقد لانہ فی قبض الاب فینوب عن قبض الھبة
ولا فرق بین ما اذا کان فی یدہ او فی ید مودعہ لان یدہ کیدہ بخلاف
ما اذا کان مرھونا او مغصوبا او مبیعا بیعا فاسدا لانہ فی ید غیرہ او فی
ملک غیرہ الی قولہ وکذا اذا وھبت لہ امہ وھو فی عیالہا والاب میت ولا وصی
لہ وکذلک کل من یعولہ الخ الحاصل جب صورت مسئولہ مین ہبہ مذکورہ ہبہ دین

غیر مدیون کو ہے اور ایسے ہبہ کے صحیح اور جائز ہونے کے لیے واہب کا
موہوب لہ کو دین موہوب کے قبضہ کرنے کا صراحۃ حکم دینا شرط ہے اور یہ
ما نحن فیہ مین مفقود ہے اور ولایت ولی مذکور کی متصور نہین اور نہ ایسے
واہب کے صحیح اور نہ خود واہبہ کی ولایت قبض ہبہ مین کافی ہے جیسا کہ بسبب انکے
وجوہ مذکورہ بالا سے معلوم ہوئے تو بے شبہہ ہبۂ مذکورہ باطل اور ناجائز
ہے اور جب ہبہ مذکورہ خود ہی باطل اور ناجائز ہے تو حاجت اوسکے
رجوع وعود کی نہین اور اگر بالفرض ہبہ مذکورہ صحیح اور جائز ہے ہو جب بھی
اس ہبہ سے بدین وجہ کہ ہنوز قبضہ دین موہوب پر نہین ہوا ہے واہبہ کو
اختیار رجوع اور عود کا حاصل ہے اور بدون حکم حاکم اور رضامندی یکدیگر
کے رجوع اور عود کر سکتی ہے اسلیے کہ ایسی ہبہ مین بلکہ عام ہبہ مین جبتک
موہوب لہ شئے موہوب پر قبضہ نکر لیوے شئے موہوبہ نہ اوسکی ملک ہوتی ہے
اور نہ ہبہ لازم اور مستحکم ہوتا ہے اور جبتک ہبہ لازم اور مستحکم نہو واہب کو
اوس سے اختیار رجوع وعود کا بدون حکم حاکم اور رضامندی یکدیگر کے حاصل
رہتا ہے گو ہبہ دین ذی رحم محرم کا ہو بلکہ ہبہ دین غیر مدیون مین واہب کو یہ بھی اختیار حاصل رہتا ہے کہ موہوب لہ
کو دین موہوب پر قبضہ کرنے سے منع کر دیوے فتاوی قاضی خان مین ہے و یصیر ملکا للموہوب لہ اذا قبض الخ اور ردالمحتار مین ہے نقلا
عن الخانیۃ کما نقلنا سابقا اور فصول عمادیہ مین ہے و فی بعض الکتب الفقہ
الموثوق علیہ ہبۃ الدین من غیر من علیہ الدین لا یجوز الا اذا سلطہ علی
قبضہ و یصیر کانہ وہبہ حین قبضہ ولا یستحکم الا بالقبض الخ اور ردالمحتار
مین ہے قال بعض الفضلاء و بہذا لا یلزم الا اذا قبض و لہ الرجوع قبلہ فلانہ
حیث کان بحکم النیابۃ عن القبض الخ اور نیز ردالمحتار مین ہے قال فی الاشباہ
حیث یکون وکیلا قابضا للموکل ثم لنفسہ و مقتضاہ عزلہ عن التسلیط

قبل القبض الخ اور محیط میں ہے الھبۃ انواع ھبۃ لاجنبی وھبۃ لذی رحم محرم و
ھبۃ لذی رحم لیس بمحرم وھبۃ لمحرم لیس بذی رحم و فی جمیع ذلک للواھب حق الرجوع قبل التسلیم لان الرجوع
قبل التسلیم عینہ عن تمام القبض الخ اور در مختار میں ہے صح الرجوع فیہا بعد القبض اما قبلہ فلم
تتم الھبۃ الخ اور قاضی خان میں ہے والصدقۃ اذا تمت بالقبض لا یرجع فیہا کان
للقریب او للاجنبی وللواھب ان یرجع فی ھبتہ قبل ان یقبضہ الموھوب لہ کان
الموھوب لہ حاضرا او غائبا اذن لہ فی القبض و لم یاذن یعنی الواھب فی الرجوع
قبل القبض وبعد القبض لا یرجع الا بقضاء او رضاء الخ اور یہ قول سائل کا کہ ہم
نے ہبہ کرکے قبضہ اور استحقاق مالکانہ اپنا اوس جائداد سے اوٹھا لیا قبضہ
کے لیئے کچھ مفید نہیں بلکہ یہ قول بے معنے ہے اسواسطے کہ مراد سائل کی
اوس جائداد سے کیا ہے اگر زر قرضہ مندرجہ دستاویز ذمگی مدیونان ہے
تو وہ ہنوز واہبہ کے قبضہ میں نہیں کہ ہبہ کرکے اوس سے اپنا قبضہ اوٹھا لیتی
اور اگر مراد اوس سے جائداد مستغرقہ ہے تو وہ موہوب نہیں اور نہ واہبہ کے
ملک ہے کہ اوسکو ہبہ کر سکتی اور نہ استحقاق مالکانہ اپنا اوسپر رکھتی ہے کہ اوسکو
اوٹھا لیتی پس یہ قول بے معنے اور لغو ہے اگر یہ کہا جاوے کہ جس دستاویز میں
زر قرضہ مندرج ہے یعنے جسکو مدیونون نے وائنہ کو لکھکر دیا ہے وہ دستاویز
یا تو خود وائنہ کے قبضے میں ہوگی یا وائنہ نے موہوب لہ کے یا اوسکے ولی کے
قبضے میں دیدیا ہوگا اور ان سب صورتون میں قبضہ ہبہ متحقق ہوتا ہے اسلیئے
کہ اگر خود وائنہ کے قبضہ میں ہوگا تو اسواسطے کہ وائنہ درباب قبضہ ہبہ نابالغ کے
ولایت رکھتی ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا اور قبضہ ولی کا بجای قبضہ موہوب لہ کے
ہے جیسا کہ یہ بہی معلوم ہوا پس قبضہ ہبہ متحقق ہوا اور اگر موہوب لہ کے قبضے
میں دیدیا ہے تو اس صورت میں تحقق قبضہ ہبہ ظاہر ہے اور اگر ولی کے قبضہ میں دیا

تو اسواسطے کہ وہ امین واہبہ کا قبضہ بجای ہبہ کی قبضہ کے ہے اور واہبہ کا
قبضہ بجای موہوب لہ کے قبضہ کے ہے جیسا کہ اوپر معلوم ہوا پس ان صورتوں مین
قبضہ ہبہ متحقق ہوا اور جب قبضہ ہبہ متحقق ہوا تو اب ہبہ مذکور تام اور کامل ہوا
اور اوس سے رجوع اور عود ناجائز ہوگا اور اگر جائز بھی ہو تو بدون حکم حاکم یا رضامندی
یکدیگر کے ناجائز ہوگا تو جواب اوسکا یہ ہے کہ کسی صورت مین صور مذکورہ سے
قبضہ ہبہ متحقق نہین ہوتا اسلیے کہ دستاویز مذکور موہوب نہین ہے کہ اوسکا
قبضہ قبضہ ہبہ ٹھہرے بلکہ موہوب زر قرضہ مندرجہ دستاویز ہے جو ذمگی مدیونان کے
اور زر قرضہ مذکور نہ واہبہ کے قبضہ مین ہے نہ موہوب لہ کے قبضہ مین اور نہ اوس
شخص کے قبضہ مین جسکو واہبہ نے ولی اوسکا مقرر کیا ہے بلکہ اگر زر مذکور پر
شخص مذکور کا قبضہ ہو گیا ہوتا جب بھی قبضہ ہبہ کے لیے کافی نہین ہوتا اسواسطے
کہ شخص مذکور موہوب لہ کا ولی نہین جیسا کہ سابقا معلوم ہوا اور اگر مجرد دستاویز
مذکور کا قبضہ واہبہ مین ہونا یا موہوب لہ کا اوسپر قبضہ کرا دینا قبضہ زر مندرجہ
دستاویز کے لیے کفایت کرتا تو جسوقت مدیونان نے دستاویز مذکور لکھکر دائنہ
کو دیدیا تھا اور اوسپر اوسکا قبضہ کرا دیا تھا تو یہی دستاویز مذکور کا دائنہ
کو دیدینا اور اوسپر اوسکو قبضہ کرا دینا ادای زر قرضہ دائنہ مندرجہ دستاویز کے
لیے کفایت کر جاتا اور یہی ادائی زر قرضہ دائنہ سمجھا جاتا اور پھر مطالبہ ادای
زر قرضہ مذکور کا اون سے ساقط ہو جاتا وہو کما تری اور جب ثابت ہوا کہ کسی
صورت مین صور مذکورہ سے قبضہ ہبہ متحقق نہین ہے تو ہبہ مذکورہ ناتمام اور
ناکمل رہا پس واہبہ کو اختیار رجوع اور عود کا ہبہ مذکورہ سے بلا حکم حاکم اور بے
رضامندی یکدیگر کے باقی رہا اگر یہ کہا جاوے کہ گو دستاویز مذکور موہوب نہ ہو
یا اوسکے ولی کا قبضہ کرا دینا قبضہ ہبہ کے لیے مفید نہین ہے لیکن حصول شرط

وجواز ہبہ مذکورہ کے بیلے تو ضرور مفید ہوگا پس ہبہ مذکورہ صحیح اور جائز ہوگی
تو جواب اوسکا یہہ ہے کہ شرط صحت وجواز ہبہ مذکورہ تسلیط صریحی ہے حکمی
اور بستاویز مذکور پر قبضہ کرا دینے سے اگر تسلیط متحقق بہی ہو تو تسلیط حکمی
متحقق ہوگی نہ تسلیط صریحی اور تسلیط حکمی کافی نہین اور با این ہمہ تسلیط مانع
رجوع نہین کما سلف مفصلا بلکہ ایسے ہبہ سے کہ واہب نے اسمین بے انصافی
کی ہے کہ صرف بیٹے کو ہبہ کیا اور بیٹیان بہی موجود ہین اونکو محروم کیا رجوع کر لینا
اصلح اور بہتر ہے چنانچہ صحیحین اور دیگر صحاح مین نعمان بن بشیر سے روایت ہے
اونکے باپ نے اونکو ایک غلام ہبہ کیا تہا اور اپنی اور اولاد کو محروم کیا تہا تب
اونکی ماں نے اونکے باپ سے کہا کہ مین راضی نہونگی یہانتک کہ گواہ کرو تم رسول اللہ
تب اونکے باپ اونکو لیکر حضرت رسول اللہ صلعم کے پاس حضور مین حاضر ہوئے اور
عرض کیا کہ مینے اپنے اس لڑکے کو ایک غلام ہبہ کیا تہا اور اوسکی ماں نے ہمکو
حکم کیا ہے کہ مین آپکو گواہ کرون سو آپ گواہ رہین آپ نے پوچھا کہ اسیطرح
تو نے اپنی اور اولاد کو بہی ہبہ کیا ہے کہا نہین فرمایا کیا خوش آتا ہے تجکو کہ تیری
سب اولاد تیرے ساتہہ بہلائی کرنے مین برابر ہون کہا کیون نہین فرمایا سو ایسا
مت کر اور پہیر لے اوس غلام کو اور مت گواہ کر مجکو کہ مین ظلم پر گواہی نہین کرتا
اور فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد مین انصاف کرو تب اونکے باپ نے
اوس ہبہ سے رجوع کیا یعنے اوس غلام کو پہیر لیا فی المشکوۃ عن النعمان بن بشیر
ان اباه اتی به رسول اللہ صلعم فقال انی نحلت ابنی هذا غلاما فقال اکل ولدک
نحلته مثله قال لا قال فارجعه وفی روایة انه قال ایسرک ان یکونوا الیک فی البر
سواء قال بلی قال فلا اذا وفی روایة انه قال اعطانی ابی عطیة فقالت عمرة
بنت رواحة لا ارضی حتی تشهد رسول اللہ صلعم فاتی رسول اللہ صلعم

فقال انی اعطیت ابنی من عمرۃ بنت رواحۃ عطیۃ فامرتنی ان اشہدک یا
رسول اللہ قال اعطیت سائر ولدک مثل ہذا قال لا قال فاتقوا اللہ واعدلوا
بین اولادکم قال فرجع فرد عطیتہ وفی روایۃ انہ قال لا اشہد علی جور
علیہ الخ اور دستاویز مذکور وصیت نامہ بھی نہیں ہے اسلیے کہ وصیت
تملیک کو کہتے ہین جو مضاف بمابعد موت ہو تنویر الابصار مین ہے ہی تملیک
مضاف الی مابعد الموت اور تملیک مذکور دستاویز مین مضاف بمابعد موت
نہین ہے پس دستاویز مذکور وصیت نامہ نہین ہے اور وصیت بمقابلہ
کے یعنے وصیت واسطے وارث کے ناجائز ہے ہدایہ مین ہے کہ لا تجوز لوارث
علیہ السلام ان اللہ اعطی کل ذی حق حقہ الا لا وصیۃ لوارث خلاصہ
اصل سوال کا یہ ہے کہ ہبہ مذکورہ بوجہ فوت ہونے شرط صحت وجواز
باطل ہے اور ناجائز ہے اور دستاویز مذکورہ ہبہ نامہ نہیں ہے اور بفرض
وجواز بوجہ عدم لزوم و استحکام اوسکے بجہت عدم قبضہ کے واہبہ کو اختیار
رجوع اور عود کا بلا حکم حاکم و رضامندی یکدیگر کے حاصل ہے اور بجہت
بے انصافی کے رجوع اوسے اور بہتر ہے۔ اور دستاویز مذکور وصیت نامہ
ہے اور وصیت بمقابلہ وارث کے ناجائز ہے واللہ اعلم بالصواب

محمد عبد اللہ عفی عنہ اللہ

فی الواقع صورت مذکورہ مین ہبہ غیر نافذ ہے اور واہبہ کو اختیار رجوع
کلی ہے بلکہ رجوع بہتر ہے اور ولایت کافر کی مسلمان پر غیر معتبر ہے
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ

الجلی والخفی — محمد عبد الحی ابو الحسنات

۷۶۱ استفتا ما قول اہل التحقیق ابقاہم اللہ تعالی فی امرأۃ المفقود

لها التزوج بآخر بعد انتظار اربع سنين وتربص اربعة اشهر وعشرة ايام على ما قضى
به الناطق بالحق والصواب امير المؤمنين عمر ابن الخطاب رض وافتى به علماء المدينة
الطيبة عليهم الرضوان ام لا بينوا الحق والصواب توجروا يوم الحساب ؟
هو المصوب قد اختلف فيه في عهد الصحابة فجمع من الصحابة والتابعين
الى ان زوجة المفقود تنتظر حتى ياتيها خبر موت او طلاق كما في فتح القدير ذهب علي
الى ان امرأته حتى ياتيها البيان وروى عبد الرزاق عن ابن جريج قال بلغنا ان ابن مسعود
وافق عليا على ان امرأة المفقود تنتظر ابدا واخرج ابن ابي شيبة عن ابي قلابة وجابر
ابن سعيد والشعبي والنخعي كلهم قالوا ليس لها ان تتزوج حتى يستبين موته انتهى و
هو مذهب الحنفية وقد اختلفوا في تقدير المدة اختلافا فاحشا على ما يعلم من
مطالعة كتبهم واوردوا التائيد مذهبهم كما في الهداية وغيرها حديثا مرفوعا
امرأة المفقود امرأته حتى ياتيها البيان انتهى لكن هذا حديث لا يصح الاحتجاج به بسند
فقد ذكر الزيلعي وابن حجر في تخريج احاديثها والعيني في شرح الهداية انه خبر اخرجه
الدارقطني في سننه عن سوار بن مصعب حدثنا محمد بن شرحبيل عن المغيرة بن شعبة
قال ابن ابي حاتم في العلل سألت ابي عن حديث رواه سوار عن محمد عن المغيرة فقال
هذا حديث منكر ومحمد متروك الحديث يروي عن المغيرة مناكير واباطيل وذكر
عبد الحق في احكامه من طريق الدارقطني وعلله بمحمد بن شرحبيل وقال انه
متروك وقال ابن القطان في كتابه سوار اشهر في المتروكين انتهى وذهب جمع
منهم الى جواز التزوج بعد اربع سنين وتربص اربعة اشهر وعشر اخرجه ابن
ابي شيبة وعبد الرزاق والدارقطني ومالك في الموطأ بطرق متعددة عن
عمر بن الخطاب وروى عبد الرزاق عن ابن عمر وابن عباس مثله على ما بسطه
الزيلعي وغيرهما وبه قالت المالكية وغيرهم وهو قوي من حيث الدليل واصول

الحنفیۃ ایضاً تقتضے الافتاء بہ فان قول الصحابی فے ما لا یعقل بالرای فی حکم
المرفوع عندھم فلاجرم جوز الحنفیۃ ایضاً الافتاء بہ فے موضع الضرورۃ کما فی
جامع الرموز بعد ذکر مذھب مالک فلو افتے بہ فے موضع الضرورۃ ینبغی ان
لاباس بہ علے ما اظن انتھی و ذکر ابن وھبان فے منظومتہ انہ لو افتے بہ فی موضع
الضرورۃ یجوز انتھی ومثلہ فے رد المحتار وغیرہ واللہ اعلم ھذا مختصر الکلام بعد
التفصیل یستدعی بسطا بسیطا فے المرام وخیر الکلام ما قل ودل

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | ابو الحسنات محمد عبد الحی

۲۶۳

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ  | کتاب الصلوٰۃ [illegible]
مین کہ جمعہ کے روز بعد فرض کے چار رکعت آخری ظہر اس نیت سے پڑہے کہ جمعہ جائز
ہی فرض ہے اور جو کوئی اوسکے پڑہنے کو منع کرے یا فرض کہنے کو منع کرے تو اوس
منع کرنے والے کو گدہا اور گمراہ اور لامذہب کہے تو اوسکے لیے کچھ گناہ ہے یا
نہین بینوا توجروا

**ھو المصوب** اگرچہ اس مسئلہ مین جواز و عدم جواز مین چار رکعت آخری
ظہر کے علمار کا بہت سا اختلاف ہے لیکن صاحب رد المحتار نے بعد رد و قدح بہت
کے پڑہنا آخری ظہر کا خوب تحقیق سے ثابت کیا ہے بلکہ وقت قائم ہونے شک
و اشتباہ جمعہ کے صحیح ہونے مین واجب لکھا ہے جیسا کہ کہا و بالجملۃ فقد ثبت
انہ لا ینبغی الاتیان بھذہ الاربع الخ اما عند قیام الشک والاشتباہ فی صحۃ الجمعۃ
فالظاھر الوجوب الخ اور واجب عمل مین حکم فرض کا رکھتا ہے اور اطلاق فرض کا
بہی اوسپر صحیح ہے جیسا کہ وتر کی نماز عمل مین فرض ہے اور اعتقاد مین واجب کہا
صاحب مذکور نے و اعلم ان الفرض نوعان فرض عملاً و علماً و فرض عملاً فقط اما الاول
کالصلوۃ الخمس الخ والثانی کالوتر فانہ فرض عملاً کما ذکرناہ ولیس بفرض علماً

تو اس راہ سے اگر ان چار رکعت واجب کو بھی فرض کہے اور فرض کی نیت سے
پڑھے تو درست ہے اور منع کرنا درست نہین ہان اگر فرض علمی وعملی جانے تو
منع کرنے والے کو گدہا اور گمراہ اور لامذہب کہنا درست نہین کما لا یخفے اور چونکہ
نیت مین آخری ظہر کے عوام الناس بلکہ بعضے خواص بھی بہت کچھ اختلاف
کرتے ہین اسواسطے لکھتا ہون کہ حق یہہ ہے کہ فرض کی نیت سے ادا کرے تا
جمعہ صحیح نہونے کی صورت مین ظہر کا فرض سے خلاصی پاوے اور یہی مقتضا
دلیلون کا ہے جو اوسمین لکھا ہے ونقل المقدسی عن المحیط کل موضع وقع الشک
فی کونہ مصرا ینبغی لھم ان یصلوا بعد الجمعۃ اربعا بنیۃ الظہر احتیاطا حتی لو لم تقع
الجمعۃ موقعھا یخرجون عن عھدۃ فرض الوقت باداء الظہر بلکہ تصریح لفظ فرض کی
بھی اوسی نے فتح سے نقل کی ہے جیسا کہ کہا ثم نقل المقدسی عن الفتح انہ ینبغی ان
یصلی اربعا ینوی بھا اخر فرض ادرکت ولم اودہ ان تردد فی کونہ مصرا او تعددت
الجمعۃ پس حاصل یہہ ہے کہ جس جگہہ جمعہ کے صحیح ہونے مین شک واقع ہووے
جیسا کہ اکثر دیہات اور قریہ مین بنگالہ کے کہ اوسمین کوئی تعریف مصر کی بخوبی نہین
پائی جاتی ہے اور بے ضرورت کے ایک ایک بستی مین دو تین جگہہ خالی ضد یا دل سے جمعہ
پڑھتے ہین تو وہان آخری ظہر چار رکعت پڑھنا واجب ہے اور نیت فرض کی بھی کرنا
چاہیے تا کہ فرض ظہر سے خلاصی پاوے اور بہتر یہہ ہے کہ بعد فرض جمعہ کے
دس رکعت نماز اس ترتیب سے پڑھے کہ چار رکعت سنت بعد الجمعۃ کے پہر چار رکعت
فرض آخری ظہر کی پہر دو رکعت سنت الوقت کو ادا کرے تا کہ ظہر پورا بوجہ بلا کراہت
ادا ہو جاوے اور پہر ایک چار رکعت مین آخری ظہر کے سورہ فاتحہ کے ساتھ کوئی
سورہ بھی ملا دے کیونکہ اگر یہہ فرض مین داخل ہوئی تو ضم سورہ سے کچھ حرج
نہین ورنہ نفل بے سورہ کے درست نہوگا جیسا کہ اوسی رد المحتار مین تصریح کیا ہے

قال فی شرح المنیۃ الصغیر والاولی ان یصلی بعد الجمعۃ سنتہا ثم الاربع بعد
النیۃ ای نیۃ آخر ظہر ادرکتہ ولم اصلہ ثم رکعتین سنۃ الوقت وینبغی ان یقرأ
مع الفاتحۃ فی ہذہ الاربع ان لم یکن علیہ قضاء فان وقعت فرضًا فالسورۃ لا
وان وقعت نفلا فقرأۃ السورۃ واجبۃ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ حررہ الراجی الی اللہ الصمد
محمد عبد الحلیم نظام الدین احمد عفا عنہ اللہ الکریم وتجاوز عن سیاتہ بفضلہ العمیم (محمد عبد الحلیم ۱۲۹۴)

الجواب صحیح والمجیب نجیح حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (محمد عبد الحی ابو الحسنات ۱۲۹۳)

**استفتا** کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ خالد نے ایک قطعہ باغ خواہ قطعہ اراضی
اپنی پاس زید کے رہن رکھی اور فصل اس باغ کی یا منافع اراضی کا خالد نے زید کو بعوض اوس
روپیہ کے حلال اور مباح کر دیا ہے پس ایسا انتفاع جائز ہے یا نہیں اگر نہیں ہے تو کیون بینوا توجروا

**ہو المصوب** ایسا انتفاع ناجائز ہے حواشی در مختار للطحطاوی مین ہے فی شرح الملتقی الانتفاع
بلا اذن بہ ای بالاذن یکرہ کما فی المضمرات غیرہ ما اتفق او ربا والغالب من احوال الناس
انما یریدون عند الدفع الانتفاع ولولاہ لما اعطاہ الدراہم وہذا بمنزلۃ الشرط لان المعروف کالمشروط
وہو مما یعین المنع انتہی اس سے معلوم ہوا کہ اگر راہن اجازت نہ دے تو نفع لینا
مرتہن کو حرام ہے اور اگر اجازت دے تو مکروہ تحریمی ہے خصوصًا جبکہ مشروط
ہو یا حکم شروط مین ہو جیسا کہ اس زمانہ مین دستور ہے کہ بعض تو ایسے معاملہ کے
وقت راہن سے شرط اذن کی کر لیتے ہین اور رہن نامہ مین لکھوا لیتے ہین اور
بعض معاملین اگرچہ بظاہر شرط نہین کرتے ہین لیکن مقصود انکو یہی ہوتا ہے
یہانتک کہ اگر انکو یہ معلوم ہو کہ راہن اجازت منافع وفصل وغیرہ کی نہ دیگا تو
کبھی رہن نہ لیوین یہ صورت حکما شروط کی ہے اور حدیث مین بھی ایسی صورت
سے ممانعت وارد ہے تاریخ بخاری مین حضرت انس سے مروی ہے قال قال رسول اللہ
صلعم اذا اقرض احدکم قرضا فلا یاخذ ہدیۃ کذا فی اغاثۃ اللہفان اور یہی اوس مین ہے

فی صحیح البخاری عن ابی بردة عن ابی موسیٰ قال قدمت المدینة فلقیت عبد الله
بن سلام فقال لی انک بارض الربا فیه فاش فاذا کان لک علی رجل حق فاهدی
الیک حمل تبن او حمل شعیر فلا تاخذه فانه ربا وجاء هذا المعنی عن ابن مسعود وابن عباس
وابن عمر انتہی اور مصنف ابن ابی شیبہ مین عطا سے مروی ہے کانوا ای الصحابة
یکرهون کل قرض جر به منفعة اور مسند حارث بن اسامہ مین آنحضرت صلی الله
علیہ وسلم سے مروی ہے کل قرض جر به نفعا فهو ربا انتہی ان احادیث سے اور
اقوال صحابہ سے معلوم ہوا کہ قرض دینے والے کو کسیطرح کا ہدیہ قبول کرنا اوس شخص کا جسنے
قرض لیا ہے یا اوس سے کسیطرح کی منفعت حاصل کرنا مکروہ تحریمی ہے اگرچہ رضا
ورغبت اوس شخص کے ہو اور یہہ جو بعض کتب حنفیہ مین مرقوم ہے کہ نفع لینا مرتہن
باذن راہن جائز ہے اوس سے مراد یہہ ہے کہ جب اذن خالص ہو شائبہ اوسمین
شرط کا نہ ہو نہ عبارت مین اور نہ خاطر مین اور جب دل مین خیال آگیا جیسا کہ اس
زمانے مین ہے تو وہ حکم ربا مین داخل ہو گیا علاوہ ازین جیسے ایک جماعت فقہا
کی اذن کے صورت مین جائز رکھتے ہین ایک جم غفیر فقہا کی منع بھی کرتی ہے عبارت
طحاوی کی اسپر شاہد ہے اور تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہے لیس للمرتهن ولا
للراهن ان یزرع الارض ولا یواجرها لانه لیس لهما الانتفاع بالرهن انتہی
اور قنیہ مین جامع التفاریق سے منقول ہے عن ابی یوسف المرتهن یسکن الدار باذن الراهن یکره انتہی
اور مجمع البرکات مین ہے الحاصل ان المرتهن لا ینتفع بالرهن سواء اذن له الراهن او لم یاذن وفی
التهذیب یکره للمرتهن الانتفاع بالرهن وان اذن له الراهن کذا فی المعدن انتہی اور حواشی اشباه
مین ہے فی الجامع المجد للائمة عن عبد الله محمد بن اسلم انه لا یحل له ان ینتفع بشیء منه وان
اذن له الراهن لانه اذن فی الربا لانه یستوفی دینه فیکون المنفعة ربا
انتہی اور اشباہ مین ہے یکره للمرتهن الانتفاع بالرهن باذن الراهن انتہی

اور زیادہ تحقیق اس مسئلہ کی میرے رسالہ الفلک المشحون فیما یتعلق بانتفاع المرتھن بالمرھون مین موجود ہے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳٦۴

**استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ زید نے ایک قطعہ نوٹ اپنا پاس عمرو کے اس غرض سے رکھدیا ہے کہ عمرو منافع اوسکا زید کو دیا کرے پس یہ منافع جائز ہے یا نہین اگر نہین ہے تو کیون کیا

یہ بھی داخل سود ہے بینوا توجروا

**ہو المصوب** یہ منافع صریح سود اور حرام ہے اس سبب سے کہ نوٹ اگرچہ ظاہر کاغذ ہے لیکن بسبب استعمال وہ روپیہ ہے اسیوجہ سے اگر کسیکا نوٹ مثلاً دس روپیہ کا ہلاک ہو گیا تو مالک دس روپیہ ہلاک کرنے والے سے بھر لیتا ہے نہ قیمت اوسقدر کاغذ کی کہ شاید دو ایک پیسا ہو پس نوٹ کا رکھنا بعینہ روپیہ کا رکھنا ہے اور اوس سے منافع لینا حرام قطعی ہے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳٦۵

**استفتا** انقلاب نحاس وغیرہ بطرف ذہب و فضہ کہ نتیجہ علم کیمیا ست ممکن ہست یا نہ بینوا توجروا

**ہو المصوب** علماء حکمت درین باب اختلاف دارند بعضے مثل شیخ رئیس وغیرہ قائل بامتناعش گشتہ اند لیکن دلیلے قوی کہ مفید استحالہ باشد نزد شان نیست و جمعی از ایشان قائل بامکان اند و ادلۂ امتناع را از بیخ برکندہ اند در کشف الظنون عن اسامی الکتب و الفنون می نویسد حاصل ما ذکرہ الصفدی فی شرح لامیۃ العجم ان الناس فیہ علی طریقین فقال کثیر منہم ببطلانہ منہم الشیخ الرئیس ابن سینا ابطلہ بمقدمات من کتاب الشفاء والشیخ تقی الدین

ابن تیمیة صنف رسالة فی الکیمیا فی انکاره وصنف یعقوب الکندی ایضا
رسالة فی ابطاله لکنهم لم یوردوا شیئا یفید الظن لامتناعه فضلا عن الیقین
وذهب آخرون الی امکانه منهم الامام الرازی فانه فی المباحث المشرقیة عقد
فصلا فی بیان امکانه والشیخ نجم الدین بن ابی الدار البغدادی رد علی الشیخ
ابن تیمیة وزیف ما قاله فی رسالته ورد ابو بکر محمد بن زکریا الرازی علی یعقوب
الکندی واستدل الامام فی المحصل علی امکانه فقال الامکان العقلی ثابت
لان الاجسام مشترکة فی الجسمیة فوجب ان یصح علی کل واحد ما یصح علی
الآخر وحکی ابن ملجة الاندلسی فی بعض تالیفه عن الشیخ ابی نصر الفارابی انه
قال قد بین ارسطو فی کتابه من المعادن ان صناعة الکیمیاء داخلة تحت
الامکان الا انها من الممکن الذی یعسر وجوده بالفعل انتهی ملخصا واکثر از
ارباب شرع هم قائل بامکان هستند ابن حجر مکی هیتمی در تحفه شرح منهاج در باب
الانجاس می نویسند اختلف فی انقلاب الشیء عن حقیقته کالنحاس الی الذهب
هل هو ثابت فقیل نعم لانقلاب العصا ثعبانا حقیقة والا لبطل الاعجاز وقیل
لا لان قلب الحقائق محال والحق الاول انتهی ونیز می نویسند کثیرا ما یسأل
عن تعلم علم الکیمیا وحله ولم ار لاحد کلاما فی ذلک والذی یظهر انه
یبتنی علی هذا الخلاف فعلی الاول من علم العلم الموصل لذلک القلب
علما یقینیا جاز له علمه وتعلیمه اذ لا محذور فیه بوجه وان قلنا بالثانی
او لم یعلم الانسان ذلک بالعلم الیقینی وکان ذلک وسیلة الی الغش فالوجه
الحرمة انتهی ودر رد المحتار حاشیه در مختار بعد نقل این عبارت می نویسد
حاصله انا اذا قلنا باثبات قلب الحقائق وهو الحق جاز العمل به وتعلمه
لانه لیس بغش لان النحاس ینقلب ذهبا وفضة حقیقة وان قلنا انه غیر ثابت

لا یجوز لانہ غش کما لا یجوز لمن لا یعلمہ حقیقۃ لما فیہ من اتلاف مال المسلمین او غش المسلمین والظاہر ان مذہبنا ثبوت انقلاب الحقائق لما ذکروہ فی انقلاب لعین فی النجاسۃ کانقلاب الخمر خلا والدم مسکا وغیر ذلک انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۴۴۶

**استفتا** نماز میں ارسال یدین کی حدیث وارد ہوئی ہے یا نہیں۔

**ہو المصوب** بعض روایات میں ارسال وارد ہوا ہے طبرانی نے معاذ سے روایت کی ہے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا کان فی الصلوۃ رفع یدیہ قبال اذنیہ فاذا کبر ارسلہما اور ابن ابی شیبہ نے عمرو بن دینار سے روایت کی ہے قال کان ابن الزبیر اذا صلی ارسل یدیہ لیکن جمہور کے نزدیک اس ارسال سے مراد وہ ارسال ہے کہ قبل وضع کے بعد تحریمہ کے بقدر ارسال مستحب ہے اور تمام قیام میں صرف ارسال نہیں ثابت اور شیخ دہلوی فتح المنان فی تائید مذہب النعمان میں لکھتے ہیں مذہب مالک ارسال الیدین وہو عزیمۃ عندہ والوضع رخصۃ والعجب انہ لا یوجد حدیث یتمسک بہ لہ فی جامع الاصول الذی جمع احادیث الکتب وضبطہا ولا فی الجامع الکبیر وجمع الجوامع للسیوطی وقد ادعی احاطۃ الاحادیث جمیعہا من نحو خمسین کتابا لا من روایۃ مالک ولا من روایۃ غیرہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

۴۴۷

**استفتا** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لحم بقر کا کھایا ہے

**ہو المصوب** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بقر کو ذبح کرنا اپنے

كتاب الصلوة

الدواج مین اور آپکی ازواج کو پاس اوس گوشت کا آنا صحیح مسلم وصحیح بخاری وغیرہ مین
موجود ہے اور کہانا آپکا صراحۃً کسی روایت مین نظر سے نہین گذرا اور شیخ دہلوی
نے مدارج النبوۃ مین لکہا ہے و خوردہ است آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گوشت
لحم بقر بخصوص معلوم نشدہ جز آنکہ در حدیث آمدہ است کہ آنحضرت قربانی
کرد از ازواج مطہرہ خود گاوی را و ظاہر آنست کہ ازان ہم خوردہ باشد انتہی۔
صحیح مسلم مین آخر کتاب الزکوۃ مین حضرت عایشہؓ سے مروی ہے قالت اتی
النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلحم بقر فقیل ہذا ما تصدق بہ علی بریرۃ فقال ہو لہا
صدقۃ ولنا ہدیۃ انتہی اس سے ظاہر امعلوم ہوتا ہے کہ آپنے تناول فرمایا اور
محتمل ہے کہ آپنے خود نہ کہایا ہو ازواج کو دیدیا ہو واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو
ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۞ ۞

استفتا ماقولکم رحمکم اللہ تعالی درین مسئلہ کہ عادت عوام این دیار ہست کہ در وقت
مصیبت و حاجت از دور و بعید انبیا علیہم السلام یا اولیای کرام را بطریق استمداد
میخوانند و اعتقاد میدارند کہ ایشان حاضر و ناظر اند در ہمہ حال و ہر وقت کہ
ما ایشان را می خوانیم مطلع گشتہ در انجاح مقاصد دعا میکنند این صورت
جائز ہست یا نہ بینوا توجروا

**جواب ہو الموفق للصواب** صورت مذکورہ حرام بلکہ شرک صریح است
این صورت متضمن اعتقاد علم غیب است برای غیر او تعالی و اعتقاد مذکور
شرک صریح است بیانش آنکہ شرک در شرع عبدت است از شریک گردانیدن غیر
حق جل شانہ در ذات یا صفات مختصہ یا عبادت وی عز و جل و علم غیب از صفات
مختصہ ربوبی سبحانہ و تعالی است کما ہو مصرح فی کتب العقائد لا نطول بذکر العبارات
والقدر منہا نقل عبارۃ علی القاری من شرح الفقہ الاکبر و ہی ہذہ

بالجملة العلم بالغيب امر تفرد به سبحانه وتعالى ولا سبيل اليه للعباد الا باعلام
منه والهام بطريق المعجزة والكرامة وارشاد الى الاستدلال بالامارات فيما
يمكن فيه ذلك ولهذا ذكر في الفتاوى ان قول القائل عند روية هالة القمر
اى دائرته يكون مطر مدعيا علم الغيب لا بعلامة كفر وذكر الحنفية تصريحا
بالتكفير باعتقاد ان النبي صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالى
قل لا يعلم من في السموات والارض الغيب الا الله كذا في المسامرة انتهى ملخصا
ودرين جزو زمان رسائل متعدده درين باب تاليف شده و فتويها نوشته
من شاء الاطلاع على الدلائل فليرجع اليها والله اعلم وعلمه اتم كتبه محمد بشير عفى
صح الجواب عبد الصمد پشاوری صح الجواب ذو الفقار صح الجواب سید محمد
هو المصوب في الواقع همچو اعتقاد که حضرات انبیاء و اولیا هر وقت حاضر
ناظر اند و بهمه حال بر نذر ما مطلع میشوند اگرچه از بعید باشد شرک است چه اینها
از مختصات حق جل جلاله است کسی را دران شرکت نیست در فتاوی بزازیه
تزوج بلا شهود وقال خدای و رسول خدای و فرشتگان را گواه کردم یکفر
اعتقد ان الرسول والملك يعلمان الغيب انتهى و نيز در بزازیه است
قال علماؤنا من قال ان ارواح المشائخ حاضرة تعلم يكفر انتهى والله اعلم
حرره الراجي عفو ربه القوى ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي

**استفتا** سنتمبر چهار سنه مسئله طلاق لغت عربی ہے معنے اسکے چھوڑ دینے کے
پس اس صورت مین اگر کوئی زوج اپنی زوجہ کو بلغت ہندی کہے کہ چھوڑ دیا
اور پھر زوج عرصہ یکسال یا دو سال تک نان نفقہ یا اور کسی طور سے پرسان حال
زوجہ مذکورہ کا نہو تو ایسی حالت مین زوجہ پر طلاق واقع ہوگی یا نہیں
**مسئلہ** جبکہ زوج نے اپنی زوجہ کو گھر سے اپنے نکال دیا اور آپ سفر دور دراز

اور زوجہ اپنے مان باپ کے گھر چلی آئی اور عرصہ دو سال یا زیادہ گذر گیا زوج کبھی پرخاش و پرسان حال نان نفقہ یا خط کتابت سے زوجہ کا نہوا پس آیا ایسی حالت مین زوجہ کے والدین کو اختیار ہوگا کہ نکاح کو جو کہ زوج مذکور سے ہوا ہے فسخ کر کے اپنی لڑکی کا نکاح کسی دوسرے مرد سے کر دیوین یا نہین۔ بینوا توجروا۔ مسئلہ زن منکوحہ اپنے خاوند کے گھر سے نکل جاوے اور بازار عام زنا ہر ایک کی ساتھ کرتی ہو اور یہی کسب شعار ہو یہ بات بخوبی ہر کس خورد و کلان پر بلکہ اوسکے زوج پر معروف و معلوم ہو جاوے اور اسکو عرصہ پانچ سات برس کا گذر جاوے زوج مذکور کو زن زانیہ سے کچھ سروکار نہین ہو مگر یہ زوج موصی الیہ طلاق دینے سے انکار کرتا ہو تو ایسی حالت مین زن موصی الیہ مطلقہ ہوگی یا نہین اور قابل دین مہر پانے کے ہوگی یا نہین۔ مسئلہ جبکہ زن منکوحہ بلا اجازت شوہر کے گھر سے شوہر کے نکل کر اپنے مان باپ کے گھر یا ایک قریہ سے دوسرے قریہ مین چلی جاوے تو آیا ایسی حالت مین دین زوجہ مذکور کا جو کہ اوپر زوج اوسکی فرض ہے باطل ہوگا یا نہین۔

**ھو المصوب** جواب سوال اول۔ اس لفظ سے کہ مینے تجکو چھوڑ دیا کہ یعنے صریح طلاق کے ہین طلاق واقع ہو جاوے گا۔ جواب سوال دوم۔ اس صورت مین نکاح دوسرا نہین ہو سکتا جب تک کہ شوہر طلاق نہ دیوے۔ جواب سوال سوم ایسی حالت مین بغیر طلاق دینے شوہر کے زن مطلقہ نہوگی اور مہر اوسکا شوہر پر واجب الادا ہوگا۔ جواب سوال چہارم۔ ایسی حالت مین نان و نفقہ عورت کا ذمہ شوہر سے ساقط ہو جاوے گا لیکن دین مہر ساقط نہوگا واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای محققین اس مسئلہ مین کہ اگر کوئی شخص جناب خیر البشر علیہ صلوۃ اللہ الاکبر کی نعت مین معلم ہر خیر و شر لکھے تو معنی

اصطلاحی کیا ہونگے اور اگر معنے لغوی لیئے جاوین تو لفظ معلم شر فعل شر یا ترک شر ہوگی یا ترک شر ہے اور ان دونون صورتون مین کاتب اس نعت کا مرتکب کسی گناہ کا یا خلاف کسی سوء ادب مین ہوسکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

**ہو المصوب** اس لفظ کے یہ معنے ہوسکتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر خیر کی خیریت کو اور ہر شر کی شریت کو تعلیم کیا این معنے اس لفظ کا اطلاق درست ہوگا مگر احتمال اسمین دوسرے معنے قبیح کا ہے کہ آپنے ارتکاب شر کی تعلیم کی پس اطلاق ایسے لفظ کا خالی سوء ادبی سے نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؁

۲۷۶

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای شرع شریف اس مسئلہ مین کہ کوئی عرق انگریزی جسمین ڈاکٹرون کے بیان سے شراب کا ملا ہونا معلوم ہوتا ہے الا اس مقدار کہ جزو اوسکی پائداری کا ہوسکے اور نشہ نہ لاوے اور رنگ و بو اوس عرق مین محتمل ہین ایسے کہ ناواقف کو شبہہ مین ڈال سکتی ہین اور مزہ اوسکا تلخ بکھٹا معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم شراب کا یہی مزہ ہے یا کچھہ اور خلاصہ یہہ کہ تغیر ان تینون چیزون کا کما حقہ ثابت نہین ہوسکتا پس پینا ایسی دوا کا عند الشرع درست ہے یا نہین ؁

[illegible]

**ہو المصوب** جس دوا مین شراب کا ملنا اگرچہ ایک قطرہ ہی ہو یقینی معلوم ہو اوسکا پینا حرام ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؁

۲۷۷

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین متین اس مسئلہ مین کہ جسطرح نماز متوضی کی متیمم کے پیچھے حالت عذر مین درست ہے اسیطرح نماز غاسل کی جنب متیمم کے پیچھے درست ہے یا نہین ؁

[illegible]

هو المصوب درست ہے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۲۶۳

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین ان مسئلون مین ۱ شیعہ کو کافر کہنا چاہیئے یا نہین ۲ حضرت کو دافع البلاء کہنا چاہیئے یا نہین ۳ جو شخص کہ خلاف لا تقربوا الزنا و لا تاکلوا الربا کرے اوسکو کافر کہنا چاہیئے یا نہین

**هو المصوب** جو شیعہ کہ منکر ضروریات دین ہین وہ کافر ہین اور صرف تبرائی شیعہ کافر نہین ہین اور جو شخص لا تقربوا الزنا وغیرہ کے خلاف کرے وہ کافر نہین فاسق ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دافع البلاء باین معنے کہنا کہ آپکے ذریعہ سے بلا دفع ہوتی ہے درست ہے اور باین معنے کہ آپ خود استقلالاً دفع کرتے ہین نہین درست ہے لیسے الفاظ سے کہ موہم معنی غیر مشروع کو ہوویں اجتناب اولی ہے الفاظ تعریفات صحیحہ شرعیہ منقولہ کچھ کم نہین ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۲۶۴

**استفتا** چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ اہل تشیع چہ باشندگان لکھنؤ و چہ ساکنان جوار لکھنؤ آنانکہ فی زماننا موجود ہستند طعام خانہای شان و ذبیحہ دست آنہا جائز است یا نہ بینوا توجروا - دیگر زید بحالت غفلت و جاہلیت زنا کرد زان بعد بہوش آمدہ و خوف خدا در دلش پیدا شد توبہ کردہ درین حالت بباعث توبہ نمودن زید از جرم زنا بری شد یا نہ بینوا توجروا

**هو المصوب** شیعہ کہ منکر ضروریات دین اند مثل آنانکہ علی رض را خدا میگویند و ہمچنین آنانکہ قذف حضرت عائشہ رض میسازند کافر اند ذبیحہ شان ناجائز و آنانکہ چنان نیستند اگرچہ سب شیخین میسازند کافر نیستند بلکہ فاسق ذبیحہ شان درست

وجرم زنا از توبہ نصوح معاف نمیشود واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۷۵

**استفتا سوال** چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین باب زید بابت قرضہ یکصد روپیہ از آن خود بنام بکر دعوی بعدالت نمود و در زمان دوران مقدمہ بست و پنج روپیہ خرچہ اسٹامپ و محنتانہ وکیل وغیرہ نیز زید را دادنی افتاد بوقت ڈگری زر اصل و خرچہ جملہ یکصد و بست و پنج روپیہ مندرج ڈگری گردیدہ پس زید را صرف یکصد روپیہ اصل گرفتن جائز است یا زر خرچہ ہم

بینوا توجروا

ہو المصوب از محمد عبد الحی عفا عنہ بخدمت مولوی صاحب مجمع علوم منبع فہوم جناب مولوی خلیل احمد صاحب دامت مکارمہ بعد اہدای ہدیہ سلام مسنون مع ضمیمہ شوق مشحون ابراز مضمون یہہ ہے عنایت نامہ مورخہ یکم رجب پہونچا مضمون مندرجہ معلوم ہوا بسبب قلت فرصت کے تحریر جواب مین تاخیر ہوئی معاف فرمایئے گا۔ حقیقت امور مستفسرہ کی یہہ ہے کہ مولف آکام المرجان معتبر ہے جو توثیق حامد حسین نے اوسکی ذہبی وغیرہ سے نقل کی وہ ٹھیک ہے مینے بھی اوسکا حال فوائد بہیہ کی تعلیقات مین لکھدیا ہے صفحہ ۱۷ مین ملاحظہ فرمایئے گا۔ اور دونون روایتین جو حامد حسین نے نقل کین ایک تخریج ابو نعیم دوسری تخریج امام احمد وہ دونون بجنسہ آکام المرجان مین باب لنوز وہم مین مذکور ہین مگر روایت امام احمد مین میناء مولی عبد الرحمن بن عوف بن مسعود سے راوی ہے اور میناء کے باب مین لسان المیزان للحافظ ابن حجر مین اور میزان الاعتدال للذہبی مین ساقط مرقوم ہے اور ابن عراق نے تنزیہ الشریعۃ عن الاخبار الموضوعۃ کے مقدمہ مین لکھا ہے میناء بن ابی میناء مولی عبد الرحمن بن عوف روی عن مولاہ وعن عثمان وابن مسعود قال ابو حاتم کذاب لیکن چونکہ روایت ابی نعیم وغیرہ مین ابو عبد اللہ جدلی کی متابعت مروی ہے اسوجہ سے یہہ حدیث ساقط نہین غایۃ الامر یہہ کہ ضعیف ہوگی بضعف مغتفر اور بلحاظ تعدد طرق اس حدیث کو مرزا محمد معتمد خان بدخشی نے رسالہ تحفۃ المحبین فی مناقب الخلفاء الراشدین مین منجملہ احادیث حسان کے مذکور کیا ہے اور اس حدیث مین جو شرکت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی لیلۃ الجن مین مذکور ہے وہ منافی روایت فقدناہ لیلۃ الجن کے نہین ہے بوجہ اسکے کہ یہہ دو واقعہ ہین آکام المرجان مین

مفصلاً ذکر کیا ہے کہ لیلۃ الجن چھ مرتبہ واقع ہوئی بعض لیالی مین ابن مسعود شریک
تھے اور بعض مین نہین باقی رہا استدلال حامد حسین کا ساتھ اس روایت کے
اوپر خلافت مرتضوی کے وہ صحیح نہین حقیقت الامر یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو استخلاف صریح کسیکے باب مین منظور تھا بدین خیال کہ اگر صراحۃً
کسیکا استخلاف کیا جاوے اور بعض لوگ اوسکی اتباع نکرین تو وہ مستحق
عذاب ہوجاوینگے جیسا کہ سیوطی تاریخ الخلفاء مین لکھتے ہین وسبب
عدم استخلافہ قال البزار فی مسندہ حدثنا عبد اللہ بن وضاح الکوفی حدثنا
یحیی بن الیمان حدثنا اسرائیل عن ابی الیقظان عن ابی وائل عن حذیفۃ قال
قالوا یا رسول اللہ الا تستخلف علینا قال ان استخلفت علیکم فتعصون خلیفتی
ینزل علیکم العذاب واخرجہ الحاکم فی المستدرک انتہی اسیوجہ سے ابن مسعود نے
جب ابوبکر وعمر کی استخلاف کے واسطے عرض کیا آپنے اعراض وسکوت فرمایا اس سے
یہ نہین ثابت ہوتا ہے کہ یہ اعراض یا سکوت لسبب عدم استحقاق خلافت اور
علی مرتضیٰ کے باب مین آپنے قرم وغیرہ کلمات دالہ استخلاف مرتضوی پر ارشاد
نہین کیئے تا مصلب فاض بلکہ آپکو چونکہ معلوم تہا کہ مرتضیٰ سے لوگ مخالفت
کرینگے اور زمانہ خلافت مین انکے فتن عدیدہ ہونگے اسوجہ سے آپنے اونکی
اطاعت واتباع کی ترغیب فرمائی وبالجملہ فلیست الروایۃ صریحۃ فی استخلافہ
ولا فی استحقاقہ بالنسبۃ الی غیرہ ومن ادعی فعلیہ البیان واللہ اعلم بما فی
ضمیر نبیہ امید کہ ہمیشہ از امور متعلقہ فقیر را اطلاع دادہ باشند والسلام فقط

ازقصبہ سیدر گانون علاقہ پوست آفس ... ضلع برایسال مرسلہ مولوی عبدالعزیز صاحب محررہ ششم شعبان روز پنجشنبہ ... ہجری

**استفتا** کیا فرماتے ہین علماء احناف رحم کرے اللہ آپ لوگون پر اور
برکت دے علم مین کہ فیض پہونچاتے رہین علم سے اپنے خلائق کو اس قول
مین صاحب قدوری کے کہ لا تصح الجمعۃ الا فی مصر جامع اوفی مصلے

ولا تجوز فی القری یعنے نہین صحیح ہوتی ہے اداے نماز جمعہ مگر مصر جامع مین اور
نہین صحیح ہوتی گانو مین آیا یہہ صحیح و موافق اصول مقررہ حضرات حنفیہ کے ہے
اور ہم مقلدین مذہب حنفیہ کو عمل کرنا اس قول پر لازم ہے یا نہین

الجواب ہان قول مذکور صاحب قدوری کا مطابق اصول مذہب حنفی کے
ہے اور فقہای حنفیہ کا بالتمام اسپر اتفاق ہے اسواسطے جمہور مصنفین حنفیہ بہم
چلے ہین کما علامہ محمد علاء الدین الحصکفی رح ذکر فی شرحہ الدر المختار ویشترط
لصحتہا سبعۃ اشیاء الاول المصر و فی الکبیری شرح منیۃ المصلی اما شروط الاداء فستۃ
ایضا الشرط الاول المصر او فناءہ فلا تجوز فی القری عندنا وہو مذہب علی
بن ابیطالب رح وحذیفۃ وعطاء والحسن بن ابی الحسن والنخعی ومجاہد وابن سیرین
والثوری وسحنون خلافا للائمۃ الثلاثۃ لما روی ابن ابی شیبۃ عن علی
رضی اللہ عنہ انہ قال لا جمعۃ ولا تشریق ولا صلوۃ فطر ولا اضحی الا فی مصر
جامع او مدینۃ عظیمۃ وصححہ ابن حزم فی المحلی وروی مرفوعا وہو ضعیف ولکن
الموقوف فی مثل ہذا کالمرفوع لانہ من شروط العبادۃ وہی من احکام الوضع
ولا مدخل للوالی فیہا یعنے جیسا کہ علامہ محمد علاء الدین حصکفی نے ذکر کیا در المختار مین
کہ شرط ہے واسطے صحیح ہونے اداے جمعہ کے سات چیز اور ہمین سے پہلے مصر کا
ہونا ہے اور کبیری شرح منیۃ المصلی مین ہے کہ شروط اداے جمعہ کے چھہ ہین پہلے
شہر یا کنارہ شہر ہے نزدیک ہمارے حنفی المذہب کے اور یہہ مذہب ہے صحابہ
مذکورین کا خلاف ہے ائمہ ثلاثہ کے اسلیئے کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے علی رض
سے کہ نہین ہے جمعہ اور تشریق اور نہ اضحیہ کی نماز سواے مصر جامع یعنے بڑے
شہر کے اور صحیح کیا اس قول کو ابن حزم نے محلی مین اور روایت کیا گیا مرفوع کر کے
حالانکہ یہہ کہنا ضعیف ہے لیکن اس مادہ مین موقوف مانند مرفوع کے ہے

کہ یہہ شروط عبادت سے ہے اور یہہ وضع احکام سے اور گنجایش نہین دخل
رای کا آمین اور بہی علامہ شیخ احمد طحطاوی نے حاشیہ مراقی الفلاح شرح نور الایضاح مین ایسا ہی
بیان کیا وظاہر ما ذکرہ ان الحدیث مرفوع وھو الذی ذکرہ ابو یوسف فی الاملاء
ومحمد فی الاصل ورواہ ابن ابی شیبۃ موقوفا عن علی والموقوف فی مثلہ کالمرفوع
قال الکمال وکفی بقول علی قدوۃ وفی العینی شرح الصحیح البخاری ثم استدل ابو حنیفۃ
بما رواہ عبد الرزاق عن علی رض قال لا جمعۃ ولا تشریق الا فی مصر جامع وکذا
رواہ ابن ابی شیبۃ عن حجاج النخعی وروی ایضا باسناد صحیح نا جریر عن منصور الخ
وما قال النووی حدیث علی متفق علی ضعفہ فکانہ لم یطلع الا الاثر الذی فیہ
الحجاج ولم یطلع علی طریق جریر عن منصور فانہ سند صحیح ولو اطلع لم یقل ما قال
بلکہ واسطے صحت جمعہ کے مخصوص مکان کا ہونا بالاجماع مراد ہے کیونکہ جائز نہین
جمعہ جنگل اور میدان مین بالاتفاق اسلیئے امام شافعی رح کے نزدیک ادای جمعہ صحیح
نہین سوای ایسے گھرون کے جہان چالیس مرد آزاد مکلف بستے ہون اور امام احمد
کے نزدیک بہی ایسا ہی ہے اور امام مالک رح کے پاس صحت ادای جمعہ کے لیے
وہ جگہہ شرط ہے جہان ملا ہوا بستی اور مسجد و بازار ہو کما یدل من عبارۃ المیزان
لعبد الوہاب الشعرانی رح ومن ذلک قول الشافعی لا تصح الجمعۃ الا فی ابنیۃ یستوطنہا
من تنعقد بھم الجمعۃ من بلدۃ او قریۃ مع قول بعضہم لا تصح الجمعۃ الا فی قریۃ
اتصلت بیوتہا ولہا مسجد وسوق ومع قول ابی حنیفۃ ان الجمعۃ لا تصح الا فی مصر
جامع لھم سلطان اور آیت وجوب جمعہ بہی کچہہ مطلق نہین ہے یعنی ہر جگہہ مین جائز
ہونے کا حکم شامل نہین جیسا مذکور کبیری مین ہے ان قولہ تعالی فاسعوا الی ذکر اللہ
لیس علی اطلاقہ اتفاقا اذ لا یجوز فی البراری اجماعا فہم قدروا القریۃ ونحن
قدرنا المصر وھو اولی لحدیث علی رض سیاد ولا معارض لہ اذ لم ینقل عن الصحابۃ انہم

...ين فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع في الامصار وفي مراقي الفلاح
لم ينقل عن الصحابة رضي الله عنهم اجمعين انهم حين فتحوا البلاد اشتغلوا
بنصب المنابر والجمع الا في الامصار دون القرى ولو كان لنقل ولو احادا فلا بد
...الا في مدينة بمصر ومن حاشيته وكذا لم ينقل انه صلى الله عليه وسلم امر باقامة
الجمعة في قرى المدينة على كثرتها اب جب اس سے معلوم ہوا کہ ہمارے علمای
...ان کے پاس بالاتفاق واسطے صحت اداے جمعہ کے مصر شرط ہے اسلیے حکم
...ہین بسبب عدم جواز جمعہ کا گانون مین کیونکہ انتفای شرط سے انتفای مشروط
لازم آتا ہے لہذا ذکر صاحب الطحطاوی ورد المحتار قال في النهر وله شرائط وجوب
...اداء منها ما هو في المصلي ومنها ما هو في غيره والفرق ان الاداء لا يصح بانتفاء
شروطه ويصح بانتفاء شروط الوجوب وذكر صاحب البناية تصريحا وتاييدا لقول الماتن
...انه لا تجوز في القرى وانما ذكره مع انه مستفاد من قوله السابق نفيا لمذهب
الشافعي فانه لا يشترط المصر بل يجوز في كل موضع اقامة سكنه اربعون رجلا
...احرارا وبه قال احمد وقال مالك تقام باقل من اربعين پس منافی نہین اس سے
عبارت قہستانی کی جو مذکور ہے تحت قول ماتن کے وتقع الجمعة فرضا [illegible]
...الكلام يشير الى انها تقع فرضا في القصبات والقرى الكبيرة التي فيها اسواق
قال ابو القاسم هذا بلا خلاف اذا اذن الوالي والقاضي ببناء المسجد الجامع
واداء الجمعة لان هذا مجتهد فيه فاذا اتصل به الحكم صار مجمعا عليه
واذا لم يأذن بذلك لا تصح اقامتها فيها وعليه يحمل ما في البحر لا تصح في قرية
ولا مفازة لقول علي رضي الله تعالى عنه لا جمعة ولا تشريق ولا صلوة فطر
ولا اضحى الا في مصر جامع او مدينة عظيمة ثم قال فلا تجب على غير اهل المصر
...في الطحطاوي وفيه ايضا ذكر المصنف وعبارة القهستاني تفيد انه لا بد

من الاذن بالبناء وبالاداء الجمعة ونصبها پس جب ثابت ہوا اور مذہب ہے کہ قول صاحب قدوری کا مطابق مذہب حنفی کے ہے اور پیروی کی اوسکی جمہور فقہای محققین نے اور ترجیح دی اسکو اوپر کے طبقے والے مرجحین بلکہ کوئی فقیہ مذہب حنفی کے اشتراط مصر برای صحت ادای جمعہ کا انکار نہین کیا تو لازم ہے مقلدین پر عمل کرنا ساتھ اس قول کے جیسا فرمایا سید محمد امین نے رد المحتار مین فعلینا اتباعهم ویؤیده ما قدمه الشارح فی رسم المفتی واما نحن فعلینا اتباع ما رجحوه وما صححوه کما لو افتونا فی حیاتهم الحق احق بالاتباع اور جو مقلد خلاف اسکے کرے وہ حکم اوسکا جائز نہین کما فی الدر المختار واما المقلد فلا ینفذ قضائه بخلاف مذهبه اصلا کما فی القنیة قلت ولا سیما فی زماننا فقط

کتبہ الفقیر الحقیر الراجی لطف ربہ الخفی محمد عبد الواحد الحنفی ؎

فی الواقع آیت فرضیت جمعہ بالاجماع مخصص ہے پس تقلید اوسکی بحدیث اولی ہے اور حنفیہ نے حدیث علی کو مروی ہے مرفوعًا وموقوفًا والموقوف اصح اور اس باب مین حکم مرفوع کا رکھتی ہے مخصص ٹھرائی اور مجرد رای تخصیص نہین کی اور اس مذہب مین کسیطرح کی مخالفت اصول کی نہین ہے تفصیل اسکی فتح القدیر حاشیہ ہدایہ وبنایہ شرح ہدایہ للعینی وغیرہ مین موجود ہے واللہ اعلم- حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۴۹۷

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای احناف رحم کرے اللہ تعالی آپ لوگون پر اور برکت دی آپ لوگون کے علم مین کہ فیض پہونچاتے رہین علمت اپنے خلائق کو اس قول مین صاحب قدوری کے کہ کہا لا تصح الجمعة الا فی مصر جامع او فی مصلی المصر ولا تجوز فی القری یعنے نہین صحیح ہوتی ہے ادای نماز جمعہ مگر مصر جامع مین یا عیدگاہ مصر جامع مین اور نہین صحیح ہوتی ہے گاؤن مین آیا یہ صحیح وموافق ہو

مقررہ حضرات حنفیہ کے اور ہم مقلدین مذہب حنفیہ کو عمل کرنا اس قول پر لازم ہے یا نہین فقط

**الجواب** ہان عبارت مندرجہ سوال موافق روایات بعض اصحاب الرای کے ہے اور کتب فقہ مین بہی مذکور ہے لکن انہون نے واسطے تحقیق امر وحرج کے یہ شرط مقرر کی حقیقۃً موقوفیت صحت اداے جمعہ کا ان شرطون پر نہین ہے چنانچہ علامہ شعرانی نے اپنی میزان مین اسکی تصریح فرمائی بعد ذکر مسائل الاختلاف کے ان ھذہ الشروط انما جعلھا الائمۃ تخفیفھا علی الناس ولیست بشرط فی الصحۃ فلو صلی المسلمون فی غیر ابنیۃ ومن غیر حاکم جاز لھم ذلک کیونکہ بنظر تحقیق فرضیت جمعہ کے مقید ان شروط قیاسیہ کے ساتھہ نہین کیونکہ جو نص قرآنی ونص حدیث نبوی مثبت فرضیت جمعہ ہے وہ ان شرطون کے ساتھہ مقید نہین کما ذکر العلامۃ الشعرانی فی میزانہ بعد بیان شرائط التی اشترطھا بعض العلماء بالرای لان اللہ تعالی قد فرض علیھم الجمعۃ وسکت عن اشتراط ما ذکرہ الائمۃ انتہی فہذا تطمئن القلوب وتستریح النفوس پس اگر اداے جمعہ جو بدلیل قطعی بلا اشتراط قرآن وحدیث مین ثابت ہے ان قیود قیاسیہ ظنیہ غیر مقیدہ کے ساتھہ جو خود ہی فی نفسہ متزلزل اور مترددفیہ ہے مقید مانا جاوے تو لازم آتی ہے تقیید شئی مطلق اور زیادت علی الکتاب بالقیاس اور وہ نسخ ہے اور اس سے لازم آویگا نسخ کتاب اللہ بالقیاس اور وہ باطل ہے بالاتفاق چنانچہ لکہا ہے ہمارے علماے اصول رحمہم اللہ تعالی نے ولا خلاف بین الجمہور ان القیاس لا یصلح ناسخا وکذلک الاجماع اور جبکہ ہمارے علماے حنفیہ رحمہم اللہ تعالی نے زیادت علی الکتاب کو خبر واحد سے جائز نہین رکہا تو قیاس جو دون ہے اوس سے اور وہ بہی کون قیاس جو مختلف فیہ ہے اور جسمین کمال اضطراب ثابت ہے کب صالح اس بات کا ہوگا کہ اس سے زیادت علی الکتاب جائز ہو

چنانچہ ہمارے بعض علماے حنفیہ نے قرأت فاتحہ کو اسوجہ سے رکن صلوٰۃ قرار
نہین دیا کہ اگر اسکو رکن مانا جاوے تو نص مطلق فاقرؤا ما تیسر من القرآن پر زیادتی
بخبر واحد لازم ہوگی اور وہ باطل ہے اور اسیطرح حد زنا بکر مین جلا وطن کرنے
کو حد نہین تسلیم کیا کہ نص الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منھما مائۃ جلدۃ پر زیادتی
بخبر واحد لازم ہوگی اور اسیطرح بہت سے امثلہ اصول کے ہین پس کوئی وجہ نہین ہے
کہ نص مطلق یا ایھا الذین اٰمنوا اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی
ذکر اللہ وذروا البیع کو خبر واحد بھی نہین ہے تقیید بشرط ظنیہ قیاسیہ مانا جاوے اور
بر تقدیر تقیید انکے نزدیک مستلزم نسخ مطلق آیات وموجب زیادت علی الکتاب
ہوا اور یہ عقلا ونقلا باطل اور تفریق بلا فارق ہے اور جب جمعہ مطلق فرض ہے
جسکے تارک کی نسبت فلا جمع اللہ الخ ارشاد ہوا ہے اور جسکو ہمارے علماء نے اکبر
شعار الاسلام سے لکھا ہے پس اس وجہ سے محققین کے نزدیک جمعہ مصر اور قریۂ
خاص کے ساتھہ مقید نہین بلکہ ہر جگہ جہان مسلمان ادا کرین صحیح ہے اسکی دلیل
بخاری کی اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت انس نے مقام زاویہ مین جو ایک
چھوٹا سا گاؤن تھا جمعہ پڑھا اسکی مؤید یہ ہے وکان انس بن مالک فی قصرہ احیانا
یجمع واحیانا لا یجمع وھو بالزاویۃ علی فرسخین وعن ابن عباس قال ان اول جمعۃ جمعت بعد
جمعۃ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مسجد عبد القیس بجواثی قریۃ من
البحرین اس حدیث کی صحت پر جمہور علما متفق ہین اور علماء احناف کو بھی بغیر
تسلیم کرنے اسکے چارہ نہین ہے اور نیز ثابت ہے کہ حضرت زرارہ اور حضرت مصعب
ابن عمیر نے قبل تشریف آوری آنحضرت صلعم کے مدینہ منورہ مین جمعہ قائم کیا حالانکہ
حدود فقہا اس پر صادق نہ تھی اور نیز حجۃ اللہ البالغہ مین حضرت شاہ ولی اللہ محدث
جو بڑے حنفی مشہور تھے یہ حدیث نقل فرمائی الجمعۃ واجبۃ علی کل قریۃ

جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قید مصر نہیں پس اس فرض قطعی کو جس حدیث سے
صاحب ہدایہ وغیرہ نے مصریت مشروط کرنے پر استدلال کیا ہے وہ بتصریح ائمہ
حدیث جیسا کہ امام نووی نے لکھا ہے ضعیف ہے اور بعض احناف نے جو اسکی تعدیل
کی ہے وہ بھی غیر مفید ہے اور اس وجہ سے کہ جرح تعدیل پر مقدم ہے دوسرے
درصورت تعدیل بھی وہ کب صالح اس بات کی ہے کہ اطلاق نص کے دافع ہو اور
حدیث موقوف سے احادیث مرفوعہ معارض بھی اور تاویلات عقل سے نص قطعی
پر زیادتی ثابت کرے حالانکہ یہہ باطل ہے علاوہ اسکے خود فقہائے حنفیہ کے کلام
سے مستنبط ہوتا ہے کہ وہ سب بھی اس شروط ظنیہ کا کچھ اعتبار نہیں کرتے ہیں چنانچہ
صاحب تفسیر احمدیہ و شرح نقایہ وغیرہما کی روایت میں تصریح ہے واللہ اعلم
بالصواب علمہ احکم - کتبہ العبد المذنب محمد اسمعیل عفا اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم حامداً ومصلیاً اما بعد یہہ جواب مخدوش ہے بچند وجوہ انکی
تفصیل کے واسطے ایک دفتر چاہیے مختصراً بیان لکھے جاتے ہیں قولہ موافق روایات
بعض اصحاب الرای کے ہے یہہ صحیح نہیں اس وجہ سے کہ شرط مصر باتفاق حنفیہ ہے
ہان تعریف مصر میں انہیں اختلاف ہے قولہ شعرانی نے اپنی میزان میں اسکی تصریح
فرمائی الخ یہہ کلام شعرانی کا نہیں ہے بلکہ میزان میں قال بعض العارفین ان ھذہ الشروط
انما جعلها الائمۃ الخ مذکور ہے قولہ مقید ان شروط قیاسیہ کے ساتھ نہیں ہیں یہہ لفظ
قیاسیہ کا کہیں میزان میں نہیں ہے اور شروط ائمہ کے اکثر اونہیں خصوصاً شرط
مصر قیاسیہ نہیں ہیں بلکہ مستند الی الآثار والاخبار ہیں قولہ کما ذکر العلامۃ الصفا
فی میزانہ الخ میزان میں یہہ عبارت تتمہ عبارت سابقہ کا جو قول بعض عارفین سے
علیحدہ نہیں ہے قولہ تو لازم آتی ہے تقیید مطلق اور زیادت علی الکتاب بالقیاس الخ
ہرگز نہیں آتی اولاً تو اس وجہ سے کہ شرط مصر قیاسی نہیں جو [illegible]

گر تقیید آیت فرضیت جمعہ باجماع صحابہ و من بعدہم و بتواتر معنوی ثابت ہے حجۃ اللہ البالغہ
مین ہے قد تلقت الامۃ تلقیا معنویا من غیر تلقی لفظا انہ یشترط فی الجمعۃ
الجماعۃ ونوع من التمدن وکان النبی صلعم ومن خلفاءہ والائمۃ المجتہدون یجمعون فی
البلدان ولا یواخذون اہل البدو بل لا یقام فی عہدہم فی البدو ففہموا من
ذلک قرنا بعد قرن وعصرا بعد عصر انہ یشترط لہا الجماعۃ والتمدن انتہی **قولہ**
تو قیاس جو ادون ہے اور کون قیاس الخ حنفیہ نے شرط مصر قیاسا نہین کی بلکہ مگر
باجماع علماء صحابہ و من بعدہم سے یہ امر ثابت ہوا کہ فرضیت جمعہ باب الکنہ مین مطلق
نہین ضرور کسی قید کے ساتھ مقید ہے اور حدیث علی دال ہے اس امر پر کہ اقامت
جمعہ مقید بمصر ہے حنفیہ نے اس تقیید کو اولی لکھا **قولہ** پس کوئی وجہ نہین کہ نص مطلق
محض غلط ہے کیونکہ یہ آیت باب الکنہ مین بالاجماع مطلق نہین فتح القدیر مین ہے
القاطع للشغب ان قولہ تعالی فاسعوا الی ذکر اللہ لیس علی اطلاقہ اتفاقا بین الامۃ
اذ لا یجوز اقامتہا فی البراری اجماعا ولا فی کل قریۃ عند الشافعی فکان خصوص المکان
مرادا بالاجماع فقدر الشافعی القریۃ الخاصۃ وقدرنا المصر وہو اولی لحدیث علی
وہو لو عورض بفعل غیرہ کان علی مقدما علیہ فکیف ولم یتحقق معارضۃ ما ذکرہ
ایاہ ولہذا لم ینقل عن الصحابۃ انہم حین فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع
الا فی الامصار دون القری ولو کان لنقل ولو آحادا انتہی **قولہ** اور برتقدیر تقیید
انکے نزدیک مستلزم نسخ مطلق آیات الخ ہرگز نہین اسوجہ سے کہ اس مقام مین آیت
مطلق نہین بالاجماع پس مخصص اسکا اجماع قطعی ہے اور خبر واحد مین مقدار
تخصیص ہے اور دافع اجمال مایہ التخصیص ہے **قولہ** بلکہ ہر جگہ الخ اسکا کون محقق
قائل ہے کہ ہر جگہ سے کہ بادیہ او صحرا مین بھی جمعہ فرض ہے **قولہ** وکان انس یجمع احیانا
یجمع احیانا الخ جواب عن الزاویۃ علی فرسخین اولاً تو اس فعل انس پر قول علی مقدم ہوگا ثانیا

اس اثر سے یہہ کہان ثابت ہے کہ ہر جگہہ جمعہ جائز ہے کیونکہ جائز ہے کہ زاویہ خنام مصر ہو ثانیا یہہ بہی مطلب ہو سکتا ہے کہ انس خاز اویہ سے کسی جمعہ کو شہر مین آکر جمعہ پڑہتے تھے اور کسی جمعہ کو نہین یہہ کہ وہین جمعہ پڑہتے تھے رابعا یہہ ثابت ہونا چاہیئے کہ وہ زاویہ کسی تعریف پر مصر نہا خامسًا احیانًا لا یجمع سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ اونکے نزدیک بہی وہان جمعہ فرض نہ تہا ورنہ کیونکر کبہی چہوڑ دیتے تفصیل ان سب امور کی شرح صحیح بخاری مین موجود ہے **قوله** وعن ابن عباس الخ یہہ کہان سے معلوم ہوا کہ جواثی مصر نہ تہا اور اطلاق قریہ سے یہہ نہین ثابت ہے کیونکہ کلام اللہ مین جابجا مصر پر اطلاق قریہ کا آیا ہے **قوله** حالانکہ حدود فقہاء اسپر صادق نہ تہی مدینہ پر اگرچہ سب حدود صادق نہ تہے لیکن حد معتبر تو ضرور صادق ہے **قوله** وہ صریح ائمہ حدیث الخ یہہ غلط ہے سب اسانید اوسکے ضعیف نہین بلکہ بعض صحیح بہی ہین **قوله** وہ کب صالح اس بات کی ہے کہ اطلاق نص کی رافع ہو الخ اطلاق نص بیان نہین ہے جاتا **قوله** اور حدیث موقوف سے الخ یہہ حدیث اگرچہ قول علی ہے لیکن اصول مین ثابت ہے کہ قول صحابی ما لا یعقل بالرای حکم رفع مین ہے اور واجب العمل ہے اور کوئی حدیث مرفوع اسکی معارض نہین

واللہ اعلم وعلمہ احکم ؁

۲۹۹

**استفتا** ما قولکم فی حق من وطی بالنعم المباح اکلہا فادخل ذکرہ فی فرجہا انزل ودام عادلا ان مسلمان ہل یجوز اکل البہیمۃ الموطوءۃ ولبنہا بینوا توجروا

**ہو المصوب** لا یحرم لحم البہیمۃ الماکول لحمہا بوطی رجل بہا لکن یکرہ الانتفاع بہا حیًا ومیتًا وینبغی ذبحہا وتقتلہا واحراقہا قال فی منح الغفار شرح تنویر الابصار لمولفہ ولا حد بوطی بہیمۃ لانہ لیس فی معنی الزنا لکونہ جنایۃ وفی وجود الداعی الیہ لان الطبع السلیم ینفر عنہ والداعل علیہ نہایۃ السفہ او فرط الشبق

لانه يعذب والذي يروى انه تذبح البهيمة وتحرق وذلك لقطع التحدث به وليس
بواجب قالوا ان كانت الدابة مما لا يوكل لحمها تذبح وتحرق كما ذكرنا وان كانت مما يوكل
لحمها تذبح ويوكل عند ابي حنيفة فقال لا تحرق هذه ايضاً هذا اذا كانت البهيمة ملكاً
وان كانت لغيره كان لصاحبها ان يدفعها اليه بالقيمة وفي تبيين الكنز يطالب صاحبها
ان يدفعها اليه بالقيمة ثم تذبح كذا ذكروا ولا يعرف الا سماعاً فيحمل عليه انتهى و
في المجتبى ذبحت ويكره الانتفاع بها احياتها وموتها واطلق الطحاوي انها اذا كانت
له ذبحت ولو توكل وعن ابي يوسف انها لا تحرق اذا كانت توكل وكان ابو عبد الله
الجرجاني يقول قول اصحابنا تذبح وتحرق على وجه الاستحباب واتي ابن عمر برجل اتى
بهيمة فلم يحده وامر بها فاحرقت بالنار انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي
ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

استفتا ما قولكم في رجل يظن ان الاولياء يعلمون ويسمعون نداء
المنادي قريباً وبعيداً ويستمده بالفاظ تقولها الحاضر الحاضر وينذر له بالاعلام
يقول نذرت له ـ بينوا توجروا

هو المصوب هذا الرجل فاسد العقيدة بل يخشى عليه الكفر فان سماع
الاولياء النداء من بعيد ليس بثابت والعلم الكلي بجميع الجزئيات في جميع الازمان
مختص بالله جل جلاله وقد قال في الفتاوى البزازية من قال ان ارواح المشائخ
حاضرة تعلم يكفر انتهى وذكر فيها ايضاً ان من تزوج بشهادة الله ورسوله يكفر
لظنه ان الرسول يعلم الغيب انتهى والنذر لغير الله حرام ويحرم المنذور لغير الله
كما بسطه في البحر الرائق والدر المختار وغيرهما والله اعلم حرره الراجي
عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه
الجلي والخفي

۲۴

استفتا — کیا فرماتے ہیں علمائے کرام فی ہذہ المسائل — سادات صحیح النسب کا
یوم القیامت منتفع بالنسب ہونا بادلۂ شرعیہ ثابت ہے یا نہیں اور بتقدیر اول
انتفاع سے کیا مراد ہے آیا وہ لوگ باوصف بے علم و بے عمل ہونے اور بحالت فسق
و فجور بلا توبہ مرجانے کے بھی بوجہ انتساب الی النبی کے دخول نار سے مطلقاً محفوظ
رہینگے اور مواخذات اخرویہ سے مامون ہونگے یا بعد دخول فی النار و سزا
پانے معاصی کے بشفاعت محمدی صلعم مثل اور مومنین غیر سادات کے داخل
بہشت ہونگے اور اس صورت مین درمیان سادات اور دوسرے مومنین امت
محمدیہ کے کیا فرق ہوگا کیونکہ بمقتضای شفاعتی لاہل الکبائر من امتی جملہ مومنین
تحت وعد شفاعت داخل ہین — کوئی شخص سادات سے بزوال ایمان و سوء خاتمہ
مرسکتا ہے یا بے ایمان مرنا سادات کا بدلائل شرعیہ و نصوص احادیث ممتنع ہے
اور اگر جائز ہے تو اوسکی دلیل کیا ہے — سوای سادات کے اور اقوام جو شرفا کہے جاتے
ہین اور منتسب طرف صلحا کے لنسبا منسبۃً ہین جیسے شیخ صدیقی و فاروقی و عثمانی
و علوی غیر فاطمی وہ لوگ باوصف محروم رہنے کے دولت علم و عمل سے اور مبتلا
بفسق و فجور رہنے اور بلا توبہ مرجانے کے صرف ببرکت صلاح منتسب الیہم کے
دخول نار و جملہ مواخذات اخرویہ سے محفوظ رہینگے یا بوجہ فاسق و فاجر ہونے
کے سزای اعمال پائینگے اور نسبت الی الصالحین عاقبت مین اون لوگون کے
کام نہ آئیگی — سوای اقوام مذکورہ کے دوسرے اقوام جو بظاہر منتسب طرف
کسی صالح کے نہین ہین جیسے افاغنہ و مغل و دیگر اقوام جو عرفاً ارذال کہے جاتے
ہین اونکے سلسلۂ آبا مین اگر کوئی صالح و ولی گذرا ہو تو بقیاس الی الشیوخ الصدیقی
وغیرہم وہ لوگ بھی باوصف بے ایمان مرجانے یا بحالت فسق و فجور بلا توبہ دنیا سے
رحلت کرنیکے ببرکت اب صالح کے مواخذات اخرویہ سے مامون رہینگے یا نہین

[illegible]

چونکہ یہ مسائل متنازع فیہا ہین اور منازعین اہل علم ہین جواب ہر شق سوالات کا مفصل و مبسوط بہ تقریر واضح حاوی ادلۂ ہر امر مندرج جواب و نقل عبارات معتبرات ارقام فرمایا جاوے فقط

**ہو المصوب** سادات کا بحالت فسق و فجور مرنے کے بلا توبہ دخول نار اور عذاب سے مطلقاً محفوظ رہنا بوجہ انتساب آل النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نہین ہے بلکہ آثار اور اخبار سے اوسکے خلاف ثابت ہے نور الدین علی سمہودی جواہر العقدین فی فضل الشرفین ذکر ما ینبغی لاہل البیت مین لکھتے ہین الثالث اجتناب کل قبیح شرعاً فان القبیح من اہل ہذا البیت اقبح منہ من غیرہم و لہذا قال العباس لابنہ عبد اللہ کما فی تاریخ دمشق یا بنی ان الکذب لیس باحد من ہذہ الامۃ اقبح منہ بی و بک و باہل بیتک یا بنی لا یکون شئ مما خلق احب الیک من طاعتہ و لا اکرہ الیک من معصیتہ فان اللہ ینفعک بذلک فی الدنیا و الآخرۃ قلت و لجماع ذلک کلہ علمنا انہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصی باہل بیتہ بتقوی اللہ و لزوم طاعتہ کما سبق فی الذکر الرابع و سبق فی اواخر التنبیہ الاول من الذکر السادس قول الحسن بن الحسن و انی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب ضعفین و واللہ انی لارجوان یوتی المحسن منا اجرہ مرتین انتہی اور روایت قرآنیہ یا نساء النبی من یات منکن بفاحشۃ مبینۃ یضاعف لہا العذاب ضعفین و کان ذلک علی اللہ یسیرا و من یقنت منکن للہ و رسولہ و تعمل صالحا نوتہا اجرہا مرتین و اعتدنا لہا رزقا کریما شاہد عدل اس امر پر ہے کہ انتساب الی الصالح باعث تضاعف اجر اعمال صالحہ کا اور تضاعف عذاب اعمال خبیثہ کا ہوتا ہے نہ یہ کہ مطلقاً اعمال خبیثہ مغفور ہون اور اصحاب اعمال سیئہ صرف بوجہ انتساب الی الصالح کے ناجی ہو جاوین اسیوجہ حق جل شانہ نے ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر تضاعف عذاب کی بر تقدیر

کتاب انکے فواحش کو دی اگر مطلق انتساب الی النبی باعث نجات ہوتا مضمون
ہی ہوتا اور نسب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم یا نسب صدیقی یا علوی یا نسب کسی
ور صالح کا نفع دینا بروز قیامت باین معنی کہ اگر وہ شخص اعمال صالحہ کرے تو یہ نسبت
اعمال کے درجہ زائد باوے صحیح ہے یا یہ کہ وہ شخص جسکی طرف انتساب ہے
نسبت اور شخصون کے اسکی طرف زائد التفات کرے اور شفاعت کرے اور باین
معنی کہ شخص منتسب باوجود اعمال قبیحہ کے صرف بوجہ شرافت نسبیہ حق جل شانہ کے
نزدیک مغفور ہوجاویگا اور باوجود اعمال سیئہ صرف انتساب الی الصالح کے ذریعہ سے
نزدیک حق تعالی کے مکرم ہوگا اور مطلقا عذاب سے نجات پاکے مرحوم ہوگا محض غلط ہے
نص قرآنی ان اکرمکم عند اللہ اتقکم اسکے غلط ہونے پر شاہد عدل ہے امام
فخر الدین الرازی کی تفسیر کبیر مین تفسیر اس آیت مین مرقوم ہے فان قیل ہذا یبنی
علی عدم اعتبار النسب ولیس کذلک فان للنسب اعتبارا عرفا وشرعا حتی لا یجوز
تزویج الشریفۃ بالنبطی قلنا اذا جاء الامر العظیم لا یبقی الامر الحقیر معتبرا وذلک
فی الحس والشرع والعرف اما الحس فلان الکواکب لا تری عند طلوع الشمس
جناح الذباب دوی عند ما یکون رعد قوی واما فی العرف فلان من جاء مع الملک
لا یبقی له اعتبار ولا التفات اذا عرفت ہذا ففی الشرع کذلک اذا جاء الشرف الدینی
الاہم لا یبقی لما دونہ اعتبار لا لنسب ولا لنشب الا تری ان الکافر وان کان
من اعلی الناس نسبا والمؤمن وان کان ادونہم نسبا لا یقاس احدہما بالآخر
لہذا یصلح للمناصب الدینیۃ کالقضاء والشہادۃ کل شریف ووضیع اذا
کان دینا صالحا عالما ولا یصلح لشیء منہا فاسق وان کان قرشی النسب وقارونی
النسب لکن اذا اجتمع فی اثنین الدین المتین واحدہما نسیب ترجح بالنسب عند
الناس لا عند اللہ لان اللہ یقول وان لیس للانسان الا ما سعی وشرف النسب

لیس مکتسبا و لا یحصل بسعی انتہی اور محمد بن عبد الباقی زرقانی شرح مواہب
لدنیہ میں لکھتے ہیں انما ینظر للاصل و العنصر عند التحلی بالفضائل و التخلی عن
الرذائل انتہی اور مسند احمد میں ابو نضرہ سے مروی ہے حدثنی من شهد خطبۃ
النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمنی و هو علی بعیر یقول یا ایها الناس ان ربکم واحد
و ان اباکم واحد لا فضل لعربی علی عجمی و لا لاسود علی الاحمر الا بالتقوی خیرکم
عند اللہ اتقاکم اور صحیح مسلم وغیرہ میں ابوہریرہ رض سے مروی ہے قال رسول اللہ صلعم
من بطأ بہ عملہ لم یسرع بہ نسبہ اور ابن جریر وغیرہ نے روایت کی ہے قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یسألکم عن احسابکم و لا عن انسابکم یوم القیامۃ
الا عن اعمالکم اکرمکم عند اللہ اتقاکم اور کتاب الادب المفرد میں بخاری نے ابوہریرہ رض
سے روایت کی قال رسول اللہ صلعم ان اولیائی یوم القیامۃ المتقون و ان کان نسب
اقرب من نسب اور معجم طبرانی میں حدیث معاذ میں مروی ہے لما بعثہ رسول اللہ صلعم
الی الیمن خرج معہ یوصیہ ثم التفت الی المدینۃ فقال ان هؤلاء اهل بیتی یرون
انهم اولی الناس بی و لیس کذلک ان اولیائی المتقون من کانوا و حیث کانوا
اور صحیح بخاری میں عمرو بن العاص سے مروی ہے سمعت رسول اللہ صلعم یقول جهارا
غیر سر ان آل نبی فلان لیسوا لی باولیاء انما ولیی اللہ و صالح المؤمنین هذا لفظ
مسلم اور بخاری نے اسقدر زائد روایت کیا ہے لکن لهم رحم سابلها ببلالها
یعنی اصلها بالشفاعۃ اور اربعین طائی میں فضیل بن مرزوق سے مروی ہے
سمعت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب یقول لرجل یغلو فیهم ویحکم احبونا للہ
فان اطعنا اللہ فاحبونا و ان عصینا اللہ فابغضونا فقال الرجل انکم لذو قرابۃ مع
رسول اللہ صلعم و اهل بیتہ فقال ویحکم لو کان اللہ نافعا بقرابۃ من رسول اللہ صلعم بغیر
عمل بطاعتہ لنفع بذلک من هو اقرب الیہ منا اباہ و امہ و انی لاخاف ان یضاعف

فلا یعبؤنا العذاب ضعفین اور دھذا الاخبار والآثار السمہودی فی مواضع متفرقۃ من الجواھر ان سب سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ مجرد انتساب ال الرسول باعث مغفرت و کرامت کا نہیں ہو سکتا ہے جب تک کہ اوسکے ساتھہ تقوی منضم نہو ہر گاہ نسب نبوی کا یہہ حال معلوم ہوا نسب صدیقی وغیرہ کا بدرجہ اولے یہی حال ہوگا ہان نسب نبوی اسقدر مفید ہوگا کہ اولا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اولاد کی شفاعت فرماوینگے اور بہ نسبت عامۂ مؤمنین کے ابتدا ء توجہ انکی طرف فرماوینگے جیساکہ حدیث ابن عمر سے قال رسول اللہ اول من اشفع من امتی اهل بیتی ثم الاقرب فالاقرب من قریش والانصار ثم من امن بی واتبعنی من اهل الیمن ثم سائر العرب ثم الاعاجم و اول من اشفع له اولو الفضل جو طبرانی نے روایت کی ہے علی ما اورده السیوطی فی البدور السافرة فی احوال الآخرة ثابت ہے و ہذا ہو الفرق بین السادات و عامة المؤمنین فی باب الشفاعة لا ان السادات ناجون مطلقا ولو کانوا فجارا ملا علی قاری کی رسالہ تحقیق الاحتساب فی تدقیق الانتساب میں تحت آیہ فلا انساب بینهم یومئذ میں لکھتے ہیں ای ودان الانساب تنقطع بل المراد ان احد مجرد النسب لا ینفع لان مدار الدین یوم الجزاء علی التقوی انتہی اور یہی لکھتے ہیں ثم اعلم ان مجرد النسب بدون کسب الحسب تعلم العلم والادب غیر معتبر فی المذہب انتہی اور یہی لکھتے ہیں فالمدار علی العلم والتقوی لا علی مجرد النسب المعتبر فی الدنیا دون العقبی انتہی اور یہی معنے ہیں بقای نسب نبوی کے بروز قیامت جو مفاد حدیث کل نسب و سبب منقطع یوم القیامة الا سببی ونسبی اخرجه البزار والطبرانی والبیهقی وابو نعیم والحاکم وغیرہم اور حدیث ان الانساب تنقطع یوم القیامة غیر نسبی وسببی وصهری اخرجه احمد والطبرانی والحاکم وغیرہم سے چنانچہ تفسیر اسکی دوسری حدیث میں مروی ہے قال رسول اللہ ما بال اقوام

یزعمون ان قرابتی لا تنفع ان کل سبب ونسب منقطع یوم القیامة الا نسبی
وسببی وان رحمی موصولة فی الدنیا والآخرة اخرجه البزار وغیرہ اور ایسی
دوسری روایت معتبر ہے قال رسول اللہ صلعم ما بال رجال یزعمون ان رحم رسول اللہ صلعم
لا ینفع قومه یوم القیامة بلی وان رحمی موصولة فی الدنیا والآخرة وانی ایها
الناس فرط لکم علی الحوض اخرجه احمد والحاکم والبیہقی وغیرہم الحاصل قرابت
نبوی صلعم کو مطلقاً غیر نافع کہنا اور سادات وعامہ مومنین کو من کل الوجوہ مساوی
سمجھنا تفریط ہے اور اوسکو ایسا نافع سمجھنا کہ باوجود ارتکاب فواحش صرف انتساب
الی النبی کو باعث استحقاق نجات جاننا افراط ہے وخیر الامور اوسطہا اس
تفصیل سے جواب سوال سوم وچہارم کا بھی معلوم ہو گیا حاجت تفصیل کی نہین
ہے نسب نبوی صلعم کہ جسکی نفع وبقا کی خبر اخبار مین وارد ہوئی جب بانفرادہ باعث
نجات واکرمیت عند اللہ بدون انضمام تقوی نہوا البتہ باعث استحقاق زائد شفاعت
محمدیہ ہونا ثابت ہوا نسب صدیقی یا علوی یا عباسی اور ولی وصالح کا کیونکر
بانفرادہ منشأ نجات ہو سکتا ہے اور جواب سوال دوم کا یہہ ہے کہ کسی سید کا
مرنا بحالت سوء خاتمہ وزوال ایمان اسکا امتناع عقلاً وشرعاً نہین ثابت
ہے اور ہر سید کا مطلقاً عذاب جہنم سے نجات پا جانا اور ابتداءً جنت مین داخل
ہو جانا نصوص معتبرہ سے نہین ثابت بلکہ عمومات قرآن اور احادیث اسکے
خلاف پر دال ہین باقی وہ حدیثین کہ اسعاف الراغبین وجواہر العقدین
وغیرہ مین مذکور ہین کہ جنکا مفاد وملخص یہہ ہے کہ اہل بیت وسادات کے
حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعای نجات فرمائی اور پروردگار نے
وعدہ اس امر کا فرمایا کہ اولاد فاطمہ پر جہنم حرام ہے اور اہل بیت پر عذاب نہوگا
وہ سب عام مخصوص البعض ہین اور محمول ہین اوپر صلحاء ومتقین سے

یا صرف اولاد صلبی فاطمہؓ پر آبن عراق تنزیہ الشریعۃ عن الاخبار الموضوعۃ
مین بعد ذکر حدیث ان فاطمۃ احصنت فرجہا فحرمہا اللہ وذریتہا علی النار
لکھتے ہین مما یدل علی ان الحدیث لیس موضوعا جزماً ان ابن الجوزی انہ
قال ان ثبت الحدیث فھو محمول علی ذریتہا الذین ہم اولادھا خاصۃ فان
الحسن والحسین سیدا شباب اھل الجنۃ وعلی ذلک حملہ محمد بن علی بن موسی الرضا
ثم قال ھو خاص بالحسن والحسین واللہ اعلم وروی العقیلی عن ابی کریب انہ
قال ھذا للحسن والحسین ولمن اطاع اللہ منہم انتہی تحریر اس قسم کی حدیثین جو فضائل
اہلبیت مین وارد ہین نظیر انکی بہت سی احادیث صحاح ستہ وغیرہ مین مروی
ہین کہ جنمین خاص خاص عمل صالح کے کرنے والے پر حکم وجبت لہ الجنۃ یا حرم
علیہ النار یا فقد دخل الجنۃ یا فقد امن العذاب ونحو ذلک کا دیا گیا ہے جیسا کہ
ناظر کتب احادیث پر مخفی نہین ہے پس لازم آتا ہے کہ اصحاب اون اعمال صالحہ
کے بھی اگرچہ سیکڑون کبائر کرین کبھی جہنم مین داخل نہون یا وہ لوگ سوء خاتمہ
سے آمن ہو جاوین اور بہ برکت اوس عمل صالح کے جو اونسے صادر ہوا یہ
سمجھ لین کہ ہمکو خوف نہین خاتمہ خواہ مخواہ ہمارا بخیر ہوگا اور با قتضا اوس
حدیث کے ضرور ہمکو مغفرت ونجات حاصل ہوگی حاشا وکلا ھذا لم یقل بہ
احد من الفقہاء والمحدثین والعلماء المعتبرین کما لا یخفی علی من طالع کتب
الکلام والفقہ والحدیث فالجواب الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا** زید نے واسطے رخصت کرا پانے اپنی زوجہ ہندہ کے عدالت
مین نالش کی ہندہ جو بالغہ عاقلہ ہے وہ دو عذر پیش کرتی ہے اول یہ کہ زید
ناقابل مقاربت یعنے عنین ہے ثانیا یہ کہ دین مہر معجل تھا ابھی تک وہ ادا نہین ہوا

کتاب النکاح

[illegible]

ان وجوہ سے وہ اپنے شوہر کے گھر جانے سے انکار کرتی ہے پس آیا وہ عورت
شرعاً مجبور کیجا سکتی ہے یا نہین بینوا توجروا

**ہو المصوب** اس صورت مین عذر دوم کا اعتبار کیا جائیگا اور عورت تا ادای مہر معجل اپنے گھر سے جانے پر مجبور نہ کیجاویگی درمختار مین ہے ولها منعه من الوطی ودواعیه والسفر بها ولو بعد وطی وخلوة رضیتهما لاخذ ما بین تعجیله من المهر کله او بعضه او اخذ قدر ما یعجل لمثلها عرفا به یفتی لان المعروف کالمشروط انتهی ملخصاً اور طحطاوی حاشیہ درمختار مین ہے قوله والسفر الاولی التعبیر بالاخراج کما عبر به فی الکنز لیعم الاخراج من بیتها کما قاله شارحوه انتهی اور بحر الرائق مین ہے اطلق المنع الاخراج فیشمل الاخراج من بیتها ومن بلدها فلیس له ذلك انتهی اور عذر اول مانع رخصت ہونے کا نہین ہے بلکہ مسئلہ نکاح عنین کا حکم دیا جاوے گا واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

**استفتا** ما قولکم فی هذه المسئلة اگر کسی دختر نابالغ کا باپ جو ولی ہے فضول خرچ اور سفیہ ہو اور وہ جائداد نابالغہ کی برباد و ضائع کرتا ہو تو اس صورت مین نابالغہ کا شوہر یا کوئی اور قریب بمقابلہ باپ کے ولی جابر و متولی نابالغہ شرعاً ہو سکتا ہے جو حفاظت جائداد نابالغہ کی کرے یا بمقابلہ باپ کے باوجودیکہ وہ مبذر ہے کوئی دوسرا شخص مہتمم اوسکی املاک کا نہین ہو سکتا ہے بینوا توجروا

**ہو المصوب** ایسی صورت مین کہ باپ مسرف و مبذر ہے حاکم وقت کو چاہیے کہ اوسکے قبضہ سے جائداد نکال کے کوئی وصی مقرر کر دے کہ وہ حفاظت جائداد کرے تنقیح الفتاوی الحامدیۃ مین ہے فی الولوالجیة والخلاصة لو کان الاب مبذراً متلفاً مال ابنه الصغیر فالقاضی ینصب وصیا ینزع مال ابنه عن یده ویحفظه انتهی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات

۳۵۶ **استفتا** بعض زنان ہند چو از قومہ بسجدہ میروند اول تورک نشستہ
بعدہ بہمان حالت تورک سجدہ میسازند و جمیع سجدات متورکانہ ادا میسازند
پا را بجانب راست کشیدہ بعض علما نفی آن میکنند و میگویند کہ نسوان عرب
چنین نمیکنند بلکہ در سجدہ پا را مثل مردان قائم و انگشتان را متوجہ القبلہ
میدارند و فعل نسوان ہند بلا دلیل است درین باب آنچہ حق باشد بیان کردہ شود

**ہو المصوب** اصل این است کہ از احادیث برای نسوان اختیار صورتیکہ برای
ایشان ستر باشد ثابت است حافظ ابن حجر در تلخیص الحبیر می نویسند اخرج ابو داود
فی المراسیل عن یزید بن ابی حبیب انہ مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما
فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأۃ فی ذلک لیست کالرجل ورواہ البیہقی
بطریقین موصولین لکن فی کل منہما متروک انتہی و در مسند الامام شرح
مسند الامام لعلی القاری مذکور است ابو حنیفۃ عن نافع عن ابن عمر انہ سئل
کیف کان النساء یصلین علی عہد رسول اللہ صلعم فقال کن یتربعن ثم امرن ان
یحتفزن ہو بالحاء المہملۃ والفاء والزای المعجمۃ ای یضممن اعضاءہن بان
یتورکن انتہی ازین جہت فقہاء در کتب خود فروع کثیرہ برائی نسوان ذکر کردہ اند
کہ دران شرکت مردان نیست منجملہ آن اینہم است کہ در سجدہ نصب قدمین مثل
مردان نسازند در بحر رائق می نویسد لا تنصب القدمین کما ذکرہ فی المجتبی انتہی
و در جامع الرموز است والمرأۃ تخفض ای توقع الخفض المعہود فلا تنصب اصابع
القدمین ولا تبدی الضبعین الخ پس قائم کردن زنان ہند ہر دو پا را وقت
سجدہ موافق اقوال فقہاء است و اما جلوس تورک پس در ہر دو قعدہ تشہد ایشان
را تورک مسنون است چنانکہ حموی در حاشیہ اشباہ می نویسد قولہ و تتورک

ای فی حال جلوسہا الکتشہد انتہی نہ در میان تحیہ و سجدہ واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین کہ شخصی کہ امامت جماعت صلوۃ عید نمودہ باشد امامت جماعت دیگر بصلوۃ مذکورہ کردن میتواند یا نہ و آن جماعت دیگر ہمون روز باشد یا بوجہ کدامی امر بروز دیگر شود و ہمون مسجد یا مکان یا جای دیگر و تر بروز دیگر جماعت عید ادا نمودن جائز است یا نہ خصوص وقتیکہ ادای جماعت روز اول و روز دوم ہر دو یک باشد بینوا توجروا

ہو المصوب از مقررات فقہای حنفیہ کہ در جملہ کتب شان مسطور است این است کہ نماز عید واجب است و این ہم از مقررات است کہ واجب و فرض کہ یک مرتبہ ادا کردہ بار دیگر اگر ادا کردہ شود آن نفل خواہد گشت و این ہم مقرر است کہ اقتدای مؤدی واجب خلف متنفل ناجائز است و این ہم ثابت است کہ ادای نفل بجماعت علی سبیل التداعی مکروہ است تفصیل این جملہ امور در کتب فقہ مثل در مختار و حواشی آن و بحر الرائق و شرح منیہ وغیرہ موجود است بنا علیہ در صورت سوال امام جماعت اول ہرگاہ یک مرتبہ نماز عید ادا کردہ وجوب از ذمہ اش ساقط گردید پس امامت آن برای جماعت ثانیہ جائز نخواہد شد چہ مقتدیان جماعت ثانیہ اگر صلوۃ عید واجب ادا میسازند نماز شان بسبب متنفل بودن امام غیر جائز و اگر نفل ادا میسازند ادای نفل بجماعت علی سبیل التداعی لازم خواہد شد و اگر بروز اول امام نیت نفل کردہ ہمین فساد با آن ہم لازم خواہند آمد و بروز دوم نماز عید بعذر جائز است اگر بروز عید ادا نشدہ باشد فاما ادای نماز عید در دو روز پس جواز آن غیر ثابت واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۶

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ امامت نماز عید در مسجد محلہ بجماعتی نمودہ کہ منع فتوای مفتی شرع بود نزد جماعتی

کرد از حکم مفتی شرع خلاف ورزیده روز دوم بمکان امیری نماز عید ادا نمود و زید مذکور حسب ایمای مقتدیان دران هم امامت نمود امام و مقتدیان نیت روز اول نمودند خواه هست روز دوم پس این امامت جائز هست یا نه و نماز هر دو یوم صحیح شد یا نه بینوا توجروا

هو المصوب در در مختار میں ہے و لو کانوا ببلدة لا حاکم فيها صاموا بقول ثقة و افطروا باخبار عدلين مع العلة للضرورة انتهى و در رد المحتار میں ہے قوله صاموا اى افترضا قوله و افطروا و اعبارة غيره لا باس و الظاهر ان المراد به الوجوب ايضا انتهى ملخصا بنا بر علیه در صورت سوال هر گاه مفتی فتوی افطار داده بر تمام مسلمان افطار لازم شده و ادای نماز عید دران روز واجب گشته پس زید بروز اول اگر فتوی مفتی تسلیم نکرده و نماز عید بر خود واجب نفهمیده امامت کرده نماز مقتدیان که مودی نماز عید بودند بسبب اقتدای او فاسد گشته و وبال آن بر ذمه امام لازم گردیده و اگر نماز عید واجب ادا کرده امامتش بروز دوم مفسد گردیده والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی و الخفی

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای شریعت محمدیہ اس صورت مین کہ قصبہ دیوبند مین پانچ آدمیون نے ہلال رمضان شریف کو جمعہ کے روز کہ جسکا اونتیس ۲۹ تاریخ ہونا بشہادت ایک مرد اور خطوط مختلفہ اطراف و جوانب سے ثابت ہو چکا تھا باوجود موجود ہونے ابر کے دیکھا پھر اونہون نے حاجی محمد انور صاحب کے پاس گواہی دی اور اونہون نے اونکی شہادت کو قبول کیا اور اونکے نزدیک اور حاجی عابد حسین صاحب کے نزدیک ہر دو گواہون کی عدالت بھی بتحقیق تام کے ساتھ ثابت ہوئی اور باقی مستور الحال پر بعد قبول ہو جانے گواہی کے شہر مین منادی حاجی عابد حسین صاحب نے کروائی اور سب شہر والون نے ہفتہ کے روز روزہ رکھا اور کسی نے مخالفت نکی پھر سب تیس روزے پورے ہو چکے تو شام تک باوجودیکہ مطلع صاف تھا چاند نظر نہ آیا

ہمکو تو یون بہی لازم تہا کہ حکم عید کرتے چنانچہ عبارت در مختار وغیرہ کی اسپر شاہد ہے کہ بعد صوم ثلثین بقول عدلین یحل الفطر لیکن بعد صلوۃ مغرب کے چو بیس آدمیون نے جو خارج مصر سے چاند دیکہکر آئے اونہون نے روبرو مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب کے حاضر ہوکر گواہی دی اور اونہون نے قبول کی اور شہر سے متعدد جگہہ سے خبرین آئین کہ فلانے مرد نے یا فلانی عورت نے چاند کو دیکہا ہے اور فلانے مکان بلند پر دو آدمیون نے دیکہا ہے اگر جمع عظیم کا خیال ہو تو عبارت در مختار کی یہہ ملاحظہ فرمایئے قیل بلا علۃ جمع عظیم یقع العلم بخبرہم وہو مفوض الی رای الامام من غیر تقدیر بعدد علی المذہب عن الامام انہ یکتفی بشاہدین واختارہ فی البحر وصحح فی القنیۃ الاکتفاء بواحد ان جاء من خارج مصر او کان علی مکان مرتفع واختارہ ظہیر الدین تو اوسوقت مولانا صاحب موصوف نے جمع عظیم مین بلند آواز سے پکار کر فرمایا کہ ہمکو اس گواہی سے یقین حاصل ہوگیا ہے اور کل نماز عید کی ضرور ہوگی اور اگر بالفرض یہہ گواہ بہی نہوتے تو ہمکو کل عید کرنے مین کچہہ نقصان اور ملامت نہ تہی اسوقت یہہ سب کتابین فقہ کی موجود ہین جن صاحب کو کچہہ شک وشبہہ ہو نکالیلین اوسوقت سب نے حکم کو تسلیم کیا اور کسی نے چون وچرا نکی اور منادی بہی کی گئی اور صبح کے وقت متعلق قصبات اور دیہات سے بہی چاند دیکہنے کی خبرین آئین اور نماز عید کی پڑہی گئی مگر چند آدمیون نے انکار کیا اور شریک نہوئے دوسرے روز مولوی عبد الحق صاحب جو ہمارے ساتہہ روزہ کے افطار کرنے اور صلوۃ عید کے پڑہنے مین شریک تہے انکو مخالفین نے امامت کے لیئے طلب کیا وہ فوراً اونکے ساتہہ روانہ صلوۃ عید کے لیئے ہوئے اتفاقاً وہان ایک شخص اور آگیئے امامت اونہون نے کی لیکن خطبہ مولوی عبد الحق صاحب نے پڑہا لہذا آپ سب صاحبون کی خدمت شریف مین عرض ہے کہ موقع ملامت ہم ہین یا وہ غلطی جسسے ہوئی یا اونسے یہہ منافقانہ چال اونسے ہوئی یا ہمسے

اگر اونسے غلطی ہوئی ہو تو اسپر مہر کرنا وہ ہمارے حکم کو غلط کہتے ہین اور اگر جسے
مقصود ہوا ہے اور غلطی ہوئی تو مطلع کرنا جزاکم اللہ خیر جزاءٍ اور اگر ہم الحب للہ
والبغض للہ کا خیال کرکے کچھ تھوڑا سا اونسے عزلت کرین تو بجا ہے یا نہین ہو
هو المصوب ماہر ضوابط شرعیہ و واقف کتب فقہیہ پر مخفی نہین ہے کہ اس صورت
مین غلطی مخالفین سے ہوئی اور قابل ملامت وہی لوگ ہین بلکہ بسبب نہ تسلیم کرنے شہادت
و حکم مفتی ثقہ کے گناہگار اور نیز لازم مناسب ہے کہ اونکی تفہیم بطور مناسب کیجاوے
اور اونکے شبہات رکیکہ کا دفع کردیا جاوے اور اگر وہ نہ تسلیم کرین تو مقتضای قول
حق جل شانہ علیکم انفسکم لا یضرکم من ضل اذا اهتدیتم کے مصداق اوسکا بھی فیصلہ
پر جہالت و فتن ہے اور مضمون حدیث دع عنک امر العوام پر عمل کیا جاوے واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۴۷۵

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین محمدی صلعم اس مسئلہ مین کہ ایک شہر مین
۲۹ شعبان کو کہ بعض جگہہ کے ایک خط سے اوس روز وہان ۲۹ کا بھی خیال تھا چند
شخصون نے اگر شہادت رویت ہلال رمضان شریف کی دی مفتی نے شہادت
قبول فرماکر حکم روزہ کا دیا جبکہ تیس روزے پورے ہوچکے اور اوس روز مطلع صاف
تھا کسیطرح کی کدورت نہ تھی ہلال شوال وہان کسیجگہہ کسیکو نظر نہ آیا مگر جس محلہ کے
آدمیون نے ہلال رمضان کی شہادت دی تھی اوسی محلہ کے لوگون نے کہ جو بیس
شخص تھے اگر شہادت رویت ہلال شوال کی دی مفتی نے حکم افطار کا دیا اور عید الفطر
کی گئی مگر دو سو آدمیون نے اونکی شہادت کو قابل سند نہ جانا مگر اوس روز تراویح
بھی پڑھی اور روزہ بھی رکھا دوسرے دن کہ سب شہر مین عید تھی اونہون نے بھی عید کی
ان لوگون کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ کافر یا منکر کہلا سکتے ہین یا نہین یا زمرہ اہل
سنت سے نکل گئی کہ اونسے ترک سلام علیک کیا جاوے اور مصافحہ اونسے چھوڑا جاوے یا نہین

اور عید پیر روز کی صبح تھی پا منگل کی اور ایک شخص ایسا ہے کہ اول روز سب کے ساتھ افطار اور عید کر چکا تھا مگر جبکہ اوسکو یہہ خبر معتبر ملی کہ اوس روز کسی جگہہ پر عید نہین ہوئی فقط اوسی شہر مین ہوئی ہی تو اوسنے دوسری روز بہ نظر احتیاط دوسرے دن کی عید مین جاکر نماز پڑھ لی اب اوس شخص کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ اس عمل سے کافر یا منافق کہلا سکتا ہے یا نہین اور اوسکے پیچھے نماز جائز ہوگی یا نہین اور جو لوگ اول روزہ افطار کر چکے ہین اونپر چونکہ سب جگہہ اوس روز روزہ تھا قضا اوس روزہ کی آویگی یا نہین۔ بینوا توجروا

**ہو المصوب** ہرگاہ مفتی نے شہادت ہلال رمضان و ہلال شوال کو قبول کرکے حکم صوم و افطار کا دیا سب لوگون کو اوسکی تعمیل لازم و واجب ہوگی در مختار مین ہے لو کانوا ببلدة لا حاکم فیہا صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلین مع العلة للضرورة انتہی اور رد المحتار مین ہے قولہ صاموا ای افتراضا قولہ وافطروا وکذا غیرہ لا باس والظاہر ان المراد بہ الوجوب انتہی بنا رعلیہ جن لوگون نے باوجود گذرنے شہادت و حکم مفتی کے افطار نہ کیا اور دوسرے دن عید کی وہ گنہگار ہوئے اونپر توبہ لازم ہے مگر اس سبب سے وہ کافر نہین ہوگئے اور دوسرے دن جسنے نماز پڑہی باوجودیکہ اول روز پڑھ چکا تھا اوسنے فعل جہالت و حماقت کا کیا کیونکہ دو دن نماز عید نہین چاہیئے مگر یہہ کہ اول روز کسی وجہ سے نہ پڑہی گئی ہو اور فقط یہہ بنا کہ اوس روز کسی جگہہ عید نہین ہوئی بعد گذرنے شہادت و حکم مفتی کے غیر معتبر و لغو ہے اور جن لوگون نے بربنای حکم مفتی افطار کیا اونپر قضا اوس روزکی کہ اور مقامات مین وہان روزہ تھا نہین لازم ہے بلکہ اونپر یہی لازم تہا جو اونہون نے کیا کسی جگہہ عید ہونا مستلزم اسکو نہین کہ جہان شہادت گذرجاوے وہان بھی عید نہووے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔

۳۹۰ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس صورت مین کہ ہندہ نے منجملہ چند مکانات مشترکہ چند اشخاص کے حصہ ایک شریک کا بذریعہ بیعنامہ کے خرید کیا ہے اور دعوی شفیع کا بربنای شرع شریف منجانب دیگر شرکا کے دائر ہوا ہے مابین فریقین بابت تعمیل مراتب مواثبت و استشہاد کے بحث ہے طرف سے شفیع کے طلب مواثبت و استشہاد اسطور پر ظاہر کی گئی ہے کہ نو بجے دنکو وقت علم بیع کے روبرو اون اشخاص کے کہ جو رشتہ دار شفیع کے ہین اور جن سے علم بیع کا ہوا شفیع نے کہا کہ حق ہمارا ہے ہم لینگے بعد اوسکے شفیع بغرض لینے روپیہ کے کوٹھی پر مہاجن کی اونہین اشخاص کو روانہ کیا چنانچہ وہ روپیہ لائے اور قریب دوپہر کے پاس بائع کے ایک گاؤن مین جہان بائع مسکن تہا گئے اور مکانات مشفوعہ شہر مین واقع ہین اور مابین شہر مذکور اور گاؤن مسکن بائع کے دریا حائل ہے اور وہ شہر سے لفاصلہ ایک کوس کے ہے اور بائع قابض جائداد مشفوعہ نہین تہا اور مشتریہ متصل مسکن شفیع کے شہر مین منجملہ مکانات مشفوعہ کے ایک مکان مین قبل بیع اور بعد اسکے موجود تہی جب وہ لوگ پاس بائع کے گئے تو بائع سے کہا کہ شفیع نے کہا ہے کہ حق ہمارا ہے ہمکو دو تب بائع نے کہا کہ ہم بیع کر چکے مشتریہ کے پاس روپیہ لیجاؤ بعد اوسکے وہ لوگ قریب شام کے پاس شوہر مشتریہ کے آئے اور کہا کہ شفیع اپنا حق لینے کو مستعد ہے روپیہ بہیجا ہے تب شوہر مشتریہ نے گہر مین جاکر وہ پہر باہر آکر کہا کہ مکان بیچنے رہنے کو لیا ہے بیچنے کو نہین لیا ہے اور شفیع بوقت علم کے ایک دفعہ مکان مین منجملہ مکانات مشفوعہ کی موجود تہا اب شفیع یہ استدلال پیش کرتا ہے کہ طلب مواثبت و استشہاد کی موافق شرع شریف کے ہو گئی ہے و مشتریہ یہ اعتراض کرتی ہے کہ طلب مواثبت

واستشہاد موافق شرع شریف کے عمل مین نہین آئی ہے کیونکہ وہ لوگ جو بعد علم
بیع کا شفیع کو حاصل ہوا تو بالقول شفیع اوسوقت موجود تھے شفیع نے اونکو چھوڑکر
طلب استشہاد بقول خود بائع غیر ذی ید سے جو ایک گانون مین شہرت بفاصلہ
ایک کوس کے رہتا تھا کی و طلب مواثبت و استشہاد منظورہ اسنے مین شفیع نے حدود
اربعہ مکانات مشفوعہ کا بیان نہین کیا ہے پس قریب کو چھوڑکر بعید سے استشہاد کرنا
و بصورت موجود ہونے گواہ کے اپنی طلب پر گواہ نکرنا و حدود اربعہ مکانات مشفوعہ کا
بیان نکرنا بموجب فتاوی عالمگیری و شامی و ہدایہ وغیرہ کے مبطل شفعہ ہے وغیرہ
کتب مذکورہ کے یہہ بھی اعتراض کرتی ہے کہ چونکہ طلب استشہاد خود بقول شفیع بتوقف
عمل مین آئی لہذا وہ بھی مبطل شفعہ ہے بنا بر آن سوال یہہ ہے کہ آیا طلب مواثبت
و استشہاد موافق شرع شریف مذہب حنفیہ کے منجانب شفیع کے عمل مین آئی ہے
یا نہین یا کہ اعتراضات منظورہ مشتری صحیح ہین اور وارد ہوسکتے ہین بینوا توجروا

**ہو المصوب** عذر اول کہ شفیع نے دونون طلب کے وقت حاضرین کو گواہ نہین
بنایا پس اسوجہ سے کہ گواہ بنانا طلب مواثبت مین لازم نہین غیر معتبر ہے ہدایہ مین ہے
والاشہاد فیہ لیس بلازم وانما ہو لنفی التجاحد انتہی اور نہایہ حاشیہ ہدایہ مین ہے
وذلک لان طلب المواثبۃ لیس لاثبات الحق وانما شرط ہذا الطلب لیعلم انہ غیر
معرض عن الشفعۃ وغیر راض بجوار ہذا الدخیل والاشہاد لیس بشرط فیہ انتہی
اور عنایہ حاشیہ ہدایہ مین ہے الاشہاد فی ذلک لیس بشرط انتہی اور درمختار کے باب
طلب الشفعہ مین ہے الاشہاد فیہ لیس بلازم بل لمخافۃ الجحود انتہی اور طلب اشہاد
مین جو بعد طلب مواثبت کے بائع یا مشتری یا القرب شئے مبیع کے پاس ضرور ہے اگرچہ
ظاہر ہدایہ اور بہت کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ گواہ بنانا ضرور ہے مگر معتبر
کہ اس طلب مین بھی ضرور نہین ہے ردالمحتار حاشیہ درمختار مین ہے اقول ظاہر

عبارتهم لزوم الاشهاد فيه لكن رايت في الخانية انما سمي الثاني طلب الاشهاد
لا لان الاشهاد شرط بل ليمكنه اثبات الطلب عند جحود الخصم انتهى اور شرح كنز الاذكار
حاشيه هدايه مين هے يمكن ان يمنع لزوم الاشهاد في طلب التقرير يعني طلب الاشهاد
ايضا بناء على ما ذكره قاضيخان في فتاواه حيث قال وانما سمي الثاني طلب
الاشهاد لان الاشهاد شرط بل ليمكنه اثبات الطلب عند جحود الخصم انتهى فانه
يدل على ان الاشهاد في طلب التقرير ليس بلازم بل انما هو لنفي التجاحد كما
في طلب المواثبة وبناء على ما ذكره صاحب الهداية حيث قال واما الاشهاد على
هذا الطلب فليس بشرط وانما هو لتوثقه على تقدير الانكار كما في طلب الاول انتهى
اور عذر دوم اسوجه سے غير معتبر هے كه طلب اشهاد مين اسی قدر ضرورت هے كه يه
طلب بائع كے پاس هو يا مشتری كے پاس يا شئے مبيعه كے پاس عام ازينكه بائع يا مشتری
ذو اليد هو يا نهو اور ذو اليد كو چهوڑكے غير ذو اليد كے پاس طلب كرنا مبطل شفعه
نهين هے رد المحتار مين باب ما يبطل الشفعة مين هے تقدم انه يصح الاشهاد على المشتری
وان لم يكن العقار في يده وكذا على البائع وان لم تكن الدار في يده استحسانا كما
ذكره شيخ الاسلام انتهى اور فتاوی عالمگيری مين هے ان كان المبيع في يد المشتری
ذكر الكرخي في النوادر انه لا يصح الاشهاد على البائع ونص محمد في الجامع الكبير انه
يصح الاشهاد عليه بعد تسليم المبيع استحسانا الا في اسناد كذا في محيط السرخسی انتهى اور عذر سوم
بيان حدود مكان كا بهی غير معتبر هے اسوجه سے كه اگرچه هدايه وغيره كی ظاهر عبارات
سے معلوم هوتا هے كه ذكر حدود ضرور هے ليكن معتمد يه هے كه يه شرط اولويت هے
نه شرط لزوم جامع الرموز مين هے لا بد ان يبين حدود الدارين مع كل واحد من
مراتب الثبوت كما في قاضيخان لكن في الكافي وغيره ان تبيين هذه الامور ليس مما
لا بد منه انتهى اور عذر توقف كا طلب اشهاد مين اسوجه سے غير معتبر هے كه طلب اشهاد

بجہت فی الفور ہونا نہین ضرور ہے اور نہ کوئی مدت خاص اوسکی مقرر ہے کہ اوسکے
تاخیر کرنا مبطل شفعہ ہووے بلکہ مدار تمکن پر ہے جیسا کہ جامع الرموز مین ہے
انما ذکر کلمۃ ثم اشارۃ الی ان مدۃ ہذا الطلب لیست علی فور المجلس بل مقدرۃ
بمدۃ التمکن من اشہاد کما فی النہایۃ وغیرہ انتہی باقی یہ امر کہ قریب کو چھوڑ کے
شفیع نے بعید کے پاس طلب اشہاد کیا علی الخصوص جبکہ بعید یعنے بائع اور مصر میں تھا
اور مکان مشفوع بہ اور مشتری شہر مین تہا پس اگرچہ یہہ امر مختلف فیہ ہے کہ قریب
کو چھوڑ کے بعید سے طلب کرنا مبطل شفعہ ہے یا نہین لیکن اکثر کتب معتبرہ سے
یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہہ امر مبطل شفعہ ہے جامع الرموز مین ہے فیہ اشارۃ الی ان
لہ الاشہاد عند ابعد ہو لاء مع الاقرب علی ما قال بعض المشائخ وذہب اخرون
الی انہ انما یشہد عند الاقرب کما فی المحیط وغیرہ انتہی اور حاشیہ درمختار مسماۃ
بتعالیق الانوار میں شرنبلالیہ سے منقول ہے لو قصد الابعد من ہؤلاء الثلثۃ
وترک الاقرب فان کانوا جمیعا فی المصر جاز استحسانا وان بعضہم فیہ والبعض
فی مصر اخر او فی الرستاق فقصد الابعد وترک الذی ہو فیہ بطلت شفعتہ
قیاسا واستحسانا کما فی التبیین اور رد المحتار میں خانیہ سے منقول ہے ان کان
المتبایعان والشفیع والدار فی مصر والدار فی ید البائع فالی ایہم ذہب الشفیع
وطلب صح ولا یعتبر فیہ الاقرب والابعد لان المصر مع تباعد الاطراف کمکان
واحد الا ان یختار علی الاقرب ولم یطلب فتبطل وان کان الشفیع وحدہ فی مصر
اخر فالی ایہم ذہب صح وان احد المتبایعین فی مصر الشفیع فطلب من الابعد
بطلت انتہی اور اسیطرح فتاوی عالمگیری وغیرہ میں ہے مگر یہہ حکم اوس صورت
میں ہے جبکہ اقرب کو بالکل ترک کردے اور ابعد سے طلب شفعہ کرے اور صورت
مسئول عنہا میں اقرب سے بالکلیہ ترک نہین پایا گیا اس وجہ سے کہ شفیع نے

طلب اشہاد بائع و مشتری دونون سے کی غایۃ الامر یہہ کہ اوسنے بائع ہی بدین
خیال کہ وہ قابض ہوگا اور کسی وجہ سے تقدیم کی اس سے جسقدر تاخیر طلب
اشہاد کی مشتری سے لازم آئی وہ مبطل شفعہ نہین کیونکہ قرائن حالیہ اس امر
پر قائم ہین کہ یہہ تاخیر بغرض اعراض نہین اور ایسی تاخیر طلب اشہاد کی جو بغرض
اعراض نہو مبطل نہین عینی بنایہ شرح ہدایہ مین لکھتے ہین اما اذا کان ہذا
لعذر والظاہر انہ ترک الاشہاد لا للاعراض فلا یسقط حقہ انتہی اور یہہ بھی
لکھتے ہین ثم اذا تاخر بعد زمان کما اذا علم فی اللیل فاخر الی الصباح او اقیمت الصلوٰۃ
فخاف فوت الصلوٰۃ فاخرہ لا یسقط شفعتہ انتہی علاوہ ازین شفیع نے جسوقت
طلب مواثبت و گواہون کے سامنے کی اوسوقت وہ ایک دار مین اونہین دارون
مین سے جنکی طلب مقصود تھی موجود تہا پس طلب اوسکی قائم مقام دونون طلب
کے ہوگی اور تاخیر اقرب و تقدیم ابعد بہی نہین لازم آئی عینی شرح ہدایہ مین لکھتے
ہین فی مبسوط شیخ الاسلام الشفیع انما یحتاج الی طلب الاشہاد بعد طلب
المواثبۃ اذا لم یمکنہ الاشہاد عند طلب المواثبۃ بان سمع الخبر حال غیبۃ
عن البائع والمشتری والدار اما اذا سمع المشتری عند حضرۃ ہؤلاء و طلب
المواثبۃ واشہد علی ذلک فذلک یکفیہ ویقوم مقام الطلبین انتہی اور
یہہ بھی لکھتے ہین حتی لو سمع الشفیع عند حضرۃ احد من البائع والمشتری
او عند الدار و وجد عنہ طلب المواثبۃ واشہد علی ذلک یکفیہ ویقوم ذلک
مقام الطلبین کذا فی الفتاوی الظہیریۃ انتہی الحاصل صورت سوال مین
حسب ضوابط شرعیہ تحقق طلب مواثبت و استشہاد کا ہوگیا اور حق شفعہ
ثابت ہوگیا اور اعتراضات مشتریہ کے قابل اعتبار نہین ہین واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا علمای دین و مفتیان شرع متین سے سوالات ہو افق تفصیل ذیل کے ہین امید کہ جوابات اونکے مدلل بآیات و احادیث یا قول فقہا کے عبارت کتب فقہ تحریر فرماوین اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِین فقط

۱ جسدن ابر و غبار آسمان پر ہو تو رویت ہلال رمضان کے واسطے ایک عادل یا مستور الحال کی گواہی مقبول ہے بس اگر ایک رائی سے زیادہ ہون تو بہی عدالت شرط ہے یا نہین اگر نہین تو بروز ابر و غبار ما فوق واحد کتنے شخص چاہیئے ۲ ابر و غبار کے دن رویت ہلال شوال مین دو مرد عادل کی گواہی مقبول ہے اور اگر دو سے زیادہ ہون اور زیادہ لوگون کو رویت ہو تو بہی اون سب کی عدالت شرط ہے یا نہین اگر نہین تو کتنے اشخاص ہونا چاہیئے اور مطلع صاف پر تو شہادت جمع کثیر کی چاہیئے کہ اقل درجہ پچاس آدمی ہین مگر حالت غیم و غبار مین اگر تین آدمی سے لیکر دس آدمی تک کو رویت ہو تو بہی عدالت ضرور ہے یا محض اسلام بس ہے ۳ اگر ایک شہر مین رویت ہلال رمضان کی شنبہ کو ہوئی اور دوسری شہر مین یکشنبہ کو اور کسینے اوس شہر مین اپنے کسی دوست یا عزیز کو خط لکھا کہ یہان رویت شنبہ کو ہوئی مگر مینے نہین دیکھا یا لکھا کہ مینے بہی دیکھا اس صورت مین اوسکی تحریر کے تمسک سے اس شہر والون پر روزہ لازم آتا ہے یا نہین اور شہادت خطوط سے ثبوت رمضانیت ہو سکتی ہے یا نہین اگر ہو سکتی تو خط عامی کا طرف عامی کے یا خبر اخبار مطبوعہ کافی ہے یا کتاب القاضی الی القاضی ضرور ہے چونکہ کتاب القاضی الی القاضی معاملات مین سوای حدود و قصاص کے واسطے رفع ہرج کے جواز ہے ہین بشرط باین شروط کہ دو گواہ اور کتاب اور مہر قاضی مرسل کے محکمہ مرسل الیہ مین مع خط مسجل کے حاضر آوین پس شہادت ہلال کے ساتھ بہی دو گواہ بابت کتابت اور مہر قاضی مرسل الیہ کے محکمہ مین

شرط ہے یا محض خط متضمن رویت کا کافی ہے ۳ خبر تار برقی سے رمضانیت
وعید الفطر ثابت ہوتی ہے یا نہین ۴ شہر مین نماز عید الفطر کی مثلاً سہ شنبہ کو
ہوئی اور توپین موافق عادت کے چلین اور دیہات مین آواز سنائی دی گئی پس
دیہات کے لوگون کو توپون کی آواز پر روزہ افطار کرنے کا حکم ہے یا نہین ۵
اگر ایک شخص یا دو شخص نے دیہات مین خبر دی کہ کل چاند عید الفطر کا بلدہ مین
نظر آیا اور آج شہر مین عید ہے تو دیہاتیون کو اونکے کہنے سے افطار کرنا چاہیے
یا نہین یا کسی شخص نے کہا کہ شہر کے قاضی نے مجھے خبر کرنے کو بھیجا ہے کہ آج عید ہے
پس اوسکے قول پر عمل کرنا چاہیے یا نہین ۶ لکل اهل البلد رؤیتهم اس حدیث
پر عمل کرنا جائز ہے یا نہین بینوا توجروا ۔

**هو المصوب** جواب سوال اول ظاہر کتب فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ثبوت
رمضان مین عدالت غیر مشروط ہے صرف مستور کافی ہے خواہ ایک ہو خواہ زائد
اور زیادہ کی حالت ابر وغیرہ مین کوئی حد مقرر نہین ۔ جواب سوال دوم عید کے
چاند مین حالت ابر وغبار مین صرف دو گواہ عادل ضرور ہین باقی اور زائد اگر ہون
اور عادل نہ بھی ہون تو کچھ حرج نہین اسوجہ سے کہ ثبوت ہلال عید نصاب
شہادت سے ہو جاوے گا اور باقی ناس کا قول مؤید و معین سمجھا جاوے گا ۔
جواب سوال سوم و چارم اس باب مین صرف خبر تار یا تحریر خطی کافی نہین جب تک
کہ بطور کتاب القاضی الی القاضی کی تحریر نہ پہونچے قاعدہ الخط یشبه الخط کا مشہور
ہے اور در مختار مین مذکور ہے فیلزم اهل المشرق برؤیة اهل المغرب اذا ثبت
عندهم رؤیة اولئك بطریق موجب انتهی رد المحتار مین ہے کان یتحمل اثنان
الشهادة او یشهدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر انتهی جواب سوال پنجم افطار کرنا
درست ہوگا اسوجہ سے کہ توپین چلنا موافق عادت شایعہ کے موجب ظن عید ہوتا ہے

اور غلبۂ ظن عمل کے واسطے کافی ہے اسوجہ سے ایسے علامات سے روزہ رکھنا لازم
ہو جاتا ہے رد المحتار مین ہے قلت والظاهر انه یلزم اهل القری الصوم بسماع المدافع
او رؤية القناديل من مصر لانه علامة ظاهرة تفيد غلبة الظن وغلبة الظن حجة
موجبة للعمل كما صرحوا به انتهى جواب سوال ششم اگر دو شخص نے آکے گواہی اس امر
کی دی کہ شہر مین قاضی کے سامنے گواہی معتبر رویت کی گذری اور اوسپر قاضی نے حکم
دیدیا تو اس شہادت کے موافق اہل قری کو عمل کرنا چاہیے یا یہ کہ خبر مشہور ہو گئی اسطرح
کہ بہت سے لوگ آئے اور انہون نے خبر دی کہ فلان مقام پر چاند ہو گیا اور اگر صرف
دو ایک شخص نے خبر دی کہ فلان مقام پر چاند ہو گیا اور اپنی رویت نہین ذکر کی تو اوسپر
اعتماد نہین چاہیے در مختار مین ہے شهدوا انه شهد عند قاضی مصر كذا شاهدان برؤية
الهلال في ليلة كذا وقضى القاضي به جاز لهذا القاضي ان يحكم بشهادتهما لان قضاء
القاضي حجة وقد شهدوا به لا لو شهدوا برؤية غيرهم لانه حكاية نعم لو استفاض الخبر
في البلدة الاخرى لزمهم على الصحيح من المذهب جواب سوال هفتم یہ لفظ حدیث نہین ہے
بلکہ کسی کا قول ہے علمای حنفیہ اس امر مین مختلف ہین بعض کے نزدیک اختلاف مطالع
غیر معتبر ہے مطلقاً اور بعض کے نزدیک معتبر ہے اور تیسرا مذہب معتمد یہ ہے کہ جن
دو مقامون مین ایک مہینہ کی مسافت ہو ایسے مقامون مین ایک جگہہ کی رویت دوسرے
جگہہ لازم نہوگی اور اس سے کم مین حکم ایک مقام کا دوسرے مقام پر لازم ہوگا فتاوی
تاتارخانیہ مین ہے اهل بلدة اذا رأوا الهلال هل يلزم في حق كل بلدة اختلفوا فيه
فبعضهم قالوا لا يلزمه فانما المعتبر في حق اهل بلدة رؤيتهم وفي الخانية لاعبرة
باختلاف المطالع وقال القدوري ان كان بين البلدتين تفاوت لا يختلف به المطالع
يلزمه وذكر الحلوائي انه صحيح من مذهب اصحابنا انتهى اور جامع الرموز مین ہے
اقل ما يختلف به المطالع شهر انتهى والله اعلم - حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۂ | ابو الحسنات محمد عبد الحی

## استفتا ۳۱۱

مسماۃ اشرف النسار نابالغہ نا کتخدا ہے اور ماں باپ بھائی بہن دادا دادی نانا نانی خالو خالہ پھوپھا پھوپھی اسکی نہیں ہیں مگر محمد حسین و احمد حسین دو ماموں حقیقی اور مسماۃ صغری ایسی پھوپھی کہ جسکا دادا اور اشرف النسار مذکورہ کے باپ کا دادا باہم دونوں حقیقی بھائی تھے اور صغری مذکورہ کا پسر عزیز الدین جو اشرف النسار مذکورہ کی علاتی ہمشیر متوفی کا شوہر ہے اور اوسی علاتی ہمشیر متوفی کا پسر نابالغ محمد آسمان اور چند عصبہ اشرف النسار مذکورہ کے یعنے جد الجد کے جد کی پوتی پوتی کے پسر موجود ہیں تو اس صورت میں اشرف النسار مذکورہ کے نکاح کا ولی کون ہے پر وہ ولی اگر نکاح اوسکا کسی بالغ یا نابالغ کے ساتھ پڑھ دے تو اشرف النسار مذکورہ کی پرورش اور اوسکے مال کی حفاظت و انتظام کس مدت تک کون کرے گا وہی پھوپھی یا ماموں یا عصبہ مذکورین یا اشرف النسار مذکورہ کا نابالغ شوہر یا عزیز الدین یا اور کوئی اور جب وہ مدت پرورش و حفاظت و انتظام مال کی ختم ہو جاوے تب اسکے بالغ ہونے تک کون کریگا فقط

**ہو المصوب** اشرف النسار کا ولی واسطے نکاح کے عصبہ اوسکا ہوگا در مختار میں ہے الولی فی النکاح العصبۃ بنفسہ وہو من یتصل بالمیت بنفسہ بلا توسط انثی علی ترتیب الارث والحجب فان لم یکن عصبۃ فالولایۃ للام ثم للبنت ثم لبنت الابن ثم لبنت البنت ثم لبنت ابن الابن ثم لبنت بنت البنت ہکذا ثم للجد الفاسد ثم للاخت لاب و ام ثم للاخت لاب ثم لولد الام ثم لذوی الارحام العمات ثم الاخوال ثم الخالات ثم بنات الاعمام وبہذا الترتیب اولادہم انتہی اور در باب انتظام مال کے رد المحتار میں مذکور ہے الولی فیہ الاب وصیہ والجد ووصیہ القاضی ونائبہ فقط انتہی اور فتاوی عالمگیریہ میں ہے نفقۃ الصبی بعد الفطام اذا کان لہ مال فی مالہ ہکذا فی المحیط انتہی اور بہی اوسمیں ہے وان کان المیت ترک اموالا وترک اولادا صغارا کانت نفقۃ الاولاد من انصبائہم

وكذا كل من يكون وارثا فنفقته في نصيبه وبعد هذا ينظر ان كان الميت قد اوصى الى رجل فالوصي ينفق على الصغار من انصبائهم وان كان لم يوص الى احد فالقاضي يفرض لكل واحد من الصغار في نصيبه بقدر ما يحتاج اليه من النفقة على قدر سعة اموالهم وضيقها انتهى پس صورت سوال مین متولی نکاح اشرف النساء کا عصبہ ہوگا اور پرورش اوسکی اور صرف اوسکا تا زمان بلوغ اوسکی اپنے اشرف النساء کے حصہ ترکہ سے کیا جاویگا اور انتظام اوسکے صرف کا اور حفاظت و انتظام مال کا متعلق ساتھہ وصی پدر یا وصی پدر پدر کے اگر پدر نے یا پدر پدر نے وصی کیا ہو متعلق رہیگا اور بر تقدیر فقدان وصی اب وجد کے انتظام اوسکا تا زمانہ بلوغ قاضی یا نائب قاضی کے ساتھہ متعلق ہوگا اور بعد بلوغ وہ مال اوسکے سپرد کر دیا جاویگا والله اعلم حرره الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی فقط

۶۲۲

استفتا چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئله که زید بشرکت و اعانت هفت کس عمرو را بآلهٔ جارحه عمداً قتل کرد و ورثای عمرو مقتول پنج کس شهود معاینه و اثبات پیش قاضی گذرانیدند شهود متفق اللفظ والمعنی ادای شهادت کردند علاوه برین قاضی نیز بر موقع قتل تشریف آورده از اهل محله و دیگر کسان تحقیقات فرمود غرض که قتل کردن زید عمرو را بآلهٔ جراحت از دست خود و همراه و مددگار بودن دیگر کسان ثابت گردید و زید مذکور پیش قاضی از قتل عمرو انکار کرد و گفت که همان روز تا آنوقت فلان جا بودم گواهان نفی تواتر من سماعت فرموده و شرکار زید نیز از من چنین اظهار کردند این قول مدعا علیهم قبول قاضی نگردید و گواهان نفی سماعت نفرمود چنانچه زید را بالقصاص رسانید و همراهیان زید را حبس مدت سال و شش سال تجویز نمود باقی مدعا علیهم محبوس از تجویز قاضی ناراض گردیده در

درخواست سماعت گواہان نفی تواتر نمودند پس درین حال کہ بوثوق شہادت
پنج کس شہود معائنہ واثبات قاضی قصاص زید کنانید و سماعت گواہان نفی
... ما علیہم نفرمود و بعد قضای قاضی سماعت کردن گواہان نفی تواتر بمقابلہ این پنج گواہان
معائنہ واثبات کہ از شہادت آنہا قصاص زید گردیدہ عند الشرع شریف قابل
قبول است یا نہ ؟

**ہو المصوب** ہرگاہ قاضی اول بوثوق شہادت ومعائنہ وغیرہ حکم قصاص
وغیرہ دادہ وتعمیل حکم آن ہم کردہ شدہ ومدعی علیہم قبل ازان بشہادت نفی متواتر
اظہار آن می سازند مرافعہ نکردند پس اکنون قول ایشان غیر معتبر وشہادت ایشان
غیر مقبول خواہد گشت باقتضای عبارت تنقیح الفتاوی الحامدیہ در کتاب الدعوے
عن الکافی فی کتاب الشہادۃ اذا تضمنت الشہادۃ نقض قضاء ترد انتہی واللہ
اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

٣١٣

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ زید نے
ہندہ سے نکاح کیا اور بعد نکاح کے چہ مہینے تک ہندہ زید کے مکان پر رہی
بعد اسکے بطیب خاطر میکے مین آئی پہر جتنے مرتبہ زید نے بلانے کے واسطے آدمی
ہندہ کے پاس بہیجا ہر بار والد ہندہ نے کسی نہ کسی حیلے سے ٹالدیا حتے کہ ایک
سال اسی لطائف الحیل مین گذر گیا بالآخر بحالت مجبوری زید نے بعدالت
منصفی نالش رخصتی کی دائر کی اور والد ہندہ نے درخواست خلع اور تفریق کی
اسی عدالت مین کی حالانکہ زید مین کسی نوع کا عیب جو موجب خلع وتفریق ہو
نہین پایا جاتا بجز شرارت ہندہ یا والد ہندہ کے دوسری وجہ معلوم نہین ہوتی
اور نہ زید خلع وتفریق پر راضی ہے پس ایسی صورت مین حاکم وقت جبراً خلع و
تفریق کرا دینے کا مجاز ہے اگر مجاز ہے تو بشرط تراضی طرفین یا صرف برضای ہندہ

اگرچہ زید راضی نہو بینو بالسند الکتاب توجروا یوم الحساب

**ہو المصوب** چونکہ خلع طلاق بائن ہے اور طلاق بغیر رضای شوہر کے

اور سکے تکلم کے ساتہہ الفاظ طلاق کے نہین وقوع ہو سکتا ہے پس ایسی خلع بھی

رضا و قبول شوہر نہین ہو سکتا ہے فتاوی عالمگیریہ مین ہے شرطہ شرط الطلاق

وحکمہ وقوع الطلاق البائن کذا فی التبیین انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ

القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۱۶

**استفتا** ما قولہم رحمہم اللہ تعالی اس مسئلہ مین کہ ہندہ اور زینب و عمرہ

دعوی اشیای متعددہ از قسم نقد و غیر نقد مکانات و دو زنجیر فیل بنام نہاد ترکہ

پدری زید برادر خود قابض اشیای مذکورہ پر دائر کیا اور ثبوت مین اسکے چند

گواہ اقرار زید پر بہ نسبت دینے حصہ فرائضی مدعیات کے اشیای مذکورہ مین

اور دو گواہ اوپر خرید نے مورث مذکور کے ہر دو زنجیر فیل بروپیہ خود اور فوت

ہونے اوسکے گذارے مگر بیان ان دونو گواہون خرید کا متفق اور ایک قیمت

کے نہین ہے ایک گواہ خرید ایک قیمت سے بیان کرتا ہے اور دوسرا دوسری

اور کوئی گواہ سوا ان دو گواہون کے جو نسبت ہر دو زنجیر فیل کے گذارے گئے

نسبت باقی اسباب کے بہ ثبوت ملکیت مورث کے پاس مدعیات کے نہین ہے

زید نے جواب و دفع دعوے مین انکار ہونے اشیای مذکورہ کے ملک مورث

کی اور ہونا ملک اپنی اور اقرار مورث کا حالت صحت مین ساتہہ ہونے ان اشیا

کے ملک زید کی نہ اپنی تحریر کیا اور اس اقرار مورث کو بخوبی گواہی گواہون سے

ثابت کر دیا پس بموجب اس روایت عالمگیری کے و فی فتاوی رشید الدین

میراث من ابیہ واقام بینۃ واقام المدعی علیہ بینۃ ان اباک اقر حال حیاتہ

ملکی یسمع ہذا الدفع فلو اقام المدعی بینۃ انک اقررت ان ہذہ الدار ملک

وحقه يقبل هذا الدفع ايضًا وقد تعارض الدفعان فتقبل بينة الارث بلا معارض انتهى حاکم اشیای مذکورہ کو ترکۂ مورث قرار دیکر حصۂ فرائضی مدعیات کو انمین سے دلوا سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

**الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصواب** صورت مسئولہ مین حاکم اشیای مذکورہ مین سے حصۂ فرائضی مدعیات کو نہین دلوا سکتا اسلیئے کہ اس روایت سے توبخوبی یہہ امر واضح ہے کہ اقرار مورث کا جو ثابت کیا مدعی علیہ نے اپنے گواہون سے اپنے حق مین اور اقرار مدعا علیہ کا نسبت میراث ہونے شئے مدعی بہ سے جو ثابت کیا مدعی نے اپنے گواہون سے دونون بسبب تعارض کے ساقط ہونگے اور اصل گواہ میراث کے مقبول و معتبر ہونگے پس اب جای لحاظ یہہ امر ہے کہ جبکہ اقرار مورث اور اقرار زید ہر دو بموجب روایت ہذا کے ساقط ہوگئے پس ثبوت دیگر میراث کا اور گواہون سے ہے یا نہین پس وہ نہین ہے اسواسطے کہ نہونا دیگر گواہون میراث کا نسبت مکانات وغیرہ سوای ہر دو زنجیر فیل کے توا ظہر من الشمس ہے باقی نسبت ہر دو زنجیر فیل کے سوا انکا میراث ہونا بھی ان دو گواہون سے ثابت نہین ہے بسبب نہونے نصاب شہادت کے اوپر ایک قیمت معین کے قال فی الهداية ومن شهد لرجل انه اشترى عبد من فلان بالف وشهد آخر انه اشترى بالف وخمسمائة فالشهادة باطلة لان المقصود اثبات السبب وهو العقد ويختلف باختلاف الثمن فاختلف المشهود به ولم يتم العدد على كل واحد ولان المدعى يكذب احد شاهديه وكذلك اذا كان المدعى هو البائع ولا فرق بين يدعى المدعى اقل المالين او اكثرهما لما بينا انتهى پس جبکہ کسی شئے مین اشیاء مذکورہ سے ثبوت ترکۂ مورث نہوا تو انمین سے حصہ فرائضی مدعیات مجردہ کو دلوانا شرعًا اصلًا متصور نہین فقط واللہ سبحانہ تعالی اعلم ـ المجیب محمد عبد القادر عفی عنہ

بی شبہہ بعد روایت عالمگیری واسطے دلوانے حصہ فرائض کے صورت مسئولہ مین
کافی نہین فقط العبد محمد امداد حسین عفا عنہ۔ اصاب من اجاب واللہ اعلم
بالصواب | محمد عنایت اللہ | ۔ قد صح الجواب واللہ اعلم بالصواب | محمد امجاد حسین
فی الواقع بمقتضای روایت عالمگیری صورت مذکورہ بدون اثبات بینہ میراث
کے حصہ میراث نہین مل سکتا ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس
باب مین کہ اگر بنظر ترویح مصلین اور زینت مساجد جسطرح سے کہ فرش عمدہ اور
شامیانہ وغیرہ سے کیجاتی ہے موسم گرما مین فرشی پنکھا بھی مسجد و مین لگایا جاوے
اور اوقات مناسب پر اوسکا استعمال کیا جاوے فقط

**ہو المصوب** مسجد مین پنکھا فرشی لگانا فی نفسہ مباح ہے کوئی ممانعت شرعی
اسمین نہین ہے اور نہ کوئی روایت فقہیہ معتبرہ اسمین نظر سے گذری البتہ ابن الحاج
مالکی نے مدخل مین تحریر کیا ہے ینبغی لہ ان یتحفظ من ہذہ المراوح ان کان فی المسجد
اذا نہا بدعۃ وقد انکر مالک الاشیا التی تعہد فی البیوت ان تعہد فی المساجد
لانہا لم تکن من فعل السلف وان کانت مباحۃ فی غیرہ انتہی لیکن یہ ظاہر ہے
کہ اسکا بدعت شرعیہ موجب ضلالت ہے ہونا نہین صحیح ہے کیونکہ بدعت شرعیہ
عبادات مین ہوتی ہے نہ مباحات مین اسیوجہ سے طرق مباحہ ملبس و مسکن
و مطعم وغیرہ مین بالاتفاق باعث ضلالت نہین ہین گو مستحدثات سے ہون
البتہ بدعت لغویہ و بدعت مباحہ ہے پس بلحاظ کمال اتباع سلف صالح
اسکا اولی ہوگا اور ارتکاب اسکا موجب ضلالت یا کراہت نہین ہے
خصوصا جبکہ مقصود اوس سے آرام دینا نمازیون کو اور راحت پہونچانا

مجلس کو ہو فانما الاعمال بالنیات وانما لکل امرء مانوی اور کتب فقہیہ مین نظائر اسکے بہت موجود ہین کہ از منۂ سابقہ مین اونکا وجود نتہا مگر بسبب اغراض صحیح کے حکم اوسکے جواز کا دیا گیا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

[illegible]

**استفتا** بطور شوق کوئی جانور چرند یا پرند پالا گیا ہو اوسمین گناہ ہے یا نہین اگر گناہ ہے تو کفارہ سے آگاہی بخشئے اور شکار کے بارے مین کیا فرماتے ہین

**ہو المصوب** جانور پالنا بطور شوق کے درست ہے بشرطیکہ اوسکو تکلیف نہ دے مجتبے شرح مختصر قدوری مین ہے لا باس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا انتہی اور رد المحتار مین فتاوی قاری الہدایہ سے منقول ہے یجوز حبسہما للاستیناس انتہی اور جامع الرموز مین ہے لا باس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا وہو خیر من ارسالہا فی السکک انتہی اور شکار کرنا جائز ہے بشرطیکہ محض تلعب وایذای حیوانات مقصود نہو اور بعضون نے حرفہ بنا لینا مکروہ لکھا مگر صحیح یہ ہے کہ نہین مکروہ ہے بزازیہ مین ہے الصید مباح الا للتلہی او حرفۃ انتہی اور حواشی اشباہ للحموی مین ہے فیہ نظر لانہ نوع اکتساب بما ہو مخلوق لذلک وکل اکتساب مباح فضلا عن الاحتطاب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

[illegible]

**استفتا** اکثر علمای دین تحریر فرماتے ہین کہ روح میت یک چلہ کم و زیادہ اپنے گھر مین بعدہ ایک سال تک قبر پر رہکر مقام علیین وغیرہ کو جاتی ہے پس صحیح تر نزدیک اہلسنت کیا ہے فقط

**ہو المصوب** ظاہر احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بعد قبض کے روح علیین کو جاتی ہے روایت بزار میں ہے فاذا اخرجت روحہ وضعت علی ذلک المسک والریحان وذھب بہ الی علیین اور یہ امر کہ ایک چلہ گھر مین اور ایک سال قبر پر رہکر علیین کو جاتی ہے نہین ثابت ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا** ۳۱۸ آپ نے فرمایا کہ بہشت مین ملاقات ہوگی مگر یہ نہ ظاہر ہوا کہ جورو خصم و لڑکے وغیرہ مانند یہان کے یکجا رہین گے یا نہین فقط

**ہو المصوب** جب جنت مین جاوینگے تو مانند یہان کے سب یکجا رہینگے اور اگر مراتب درجات مختلف ہونگے تو ایک کے درجے مین دوسرے جاکے یا پاس ہونے کے ملاقات کرسکین گے تفصیل اسکی بدور سافرہ فی احوال الآخرہ وغیرہ مین موجود ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا** ۳۱۹ جب مریض بمرض شدید ہبہ سادہ کرے اور پھر مرض مین افاقہ وتخفیف ہوجاوے حتے کہ اوسکو کوئی خطرہ ہلاک کا نرہے اور غالب گمان عافیت وسلامت کا ہو اور وہ سال کے اندر ابتدای مرض اول سے بحدوث مرض جدید مرجاوے تو وہ واہب مریض بمرض الموت متصور ہوگا یا نہین اور قدر ایکسال مرض سابق سے باوجود عدم خوف ہلاک خلل ہبہ مین ہوگا یا نہین بینوا توجروا

**ہو المصوب** موت قبل گذرنے ایکسال کے امراض ممتدہ مین مطلق مانع نفاذ ہبہ وغیرہ جمیع مال سے نہین ہے بلکہ جب خوف ہلاک ہو ورنہ نہین پس صورت مذکورہ مین وہ شخص واہب مریض بمرض الموت متصور نہوگا اور بعد افاقہ مرض سابق سے اور موت اوسکے سے اندر ایک سال کے بحدوث مرض

باوجود عدم ظن غالب موت کے مرض سابق سے ہبہ مین خلل نہوگا وقایہ
اور اوسکی شرح لفصیح الدین الہروی مین ہے وہبۃ مقعد ومفلوج واشل
ومسلول یجوز من کل مالہ کہبۃ الصحیح ان طالت مدتہ الی مدۃ کل واحد من
ہذہ الامراض وقد روہ بسنۃ کما فی الہدایۃ وغیرہا فانہ اذا طالت المدۃ
صار بمنزلۃ طبع من طبائعہ ولم یخف موتہ منہ غالبا بان لا یحس ازدیادہ
شیئا فشیئا کالعمی فکان صاحبہ فی التصرف بمنزلۃ الصحیح والا ای وان لم تطل
مدتہ وکان بحیث یزداد حالا فحالا ویخاف فیہ الہلاک غالبا فمن ثلثہ انتہی
ملخصا اور شرح مختصر وقایہ للبرجندی مین ہے مرض الموت ما یکون سببا
للموت وذلک اذا کان یزداد حالا فحالا الی ان یکون اخرہ الموت فاذا استحکم
ولا یزداد بعدہ لم یکن سببا للموت وصار صاحبہ فی التصرف بمنزلۃ الصحیح انتہی
اور عینی رمز الحقائق شرح کنز الدقائق مین لکھتے ہین والا فمن ثلثہ ای ان لم یتطاول
علیہ ذلک بحیث قد خاف منہ یکون کالمریض لانہ حینئذ یکون سببا للموت غالبا
انتہی اور زیلعی تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق مین لکھتے ہین ای ان لم یتطاول
یعتبر تصرفہ من الثلث اذا کان صاحب فراش ومات منہ فی ایامہ لانہ فی
ابتدائہ یخاف منہ الموت ولہذا یتداوی فیکون مرض الموت انتہی اور منح الغفار
شرح تنویر الابصار مین ہے وہبۃ مقعد ومفلوج واشل ومسلول من کل مالہ ان
طالت مدتہ سنۃ ولم یخف موتہ منہ والا ای وان لم تطل المدۃ وخیف موتہ منہ فمن
ثلثہ انتہی اور شمنی شرح مختصر وقایہ مین لکھتے ہین والا ای وان لم تطل مدتہ وخیف
موتہ منہا ومات فمن ثلثہ لانہا فی ابتدائہا یخاف منہا الموت ولہذا یتداوی
منہا فیکون مرض الموت انتہی ان سب عبارات سے یہ بات ثابت ہے کہ صرف سال کے
اندر مرجانے سے ہبہ ساقط نہین ہوگا مگر جبکہ خوف ہلاک غالب ہوا اور موت مرض

سابق سے واقع ہووے ورنہ نہ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

**استفتا ۲۲۰** سوالات وجوابات متعلقہ مقدمہ آرہ کہ بذریعہ وکیل عدالت بنام سوالات بتاریخ ۱۰ جنوری ۱۸۸۶ء آمدہ بود وحضرت مولانا واستاذنا الحافظ الحاج ابو الحسنات محمد عبد الحی صاحب قبلہ جوابش ارقام فرمودہ بودند

**سوال اول** مسلمان ہونے کے لیے ایک مذہب حنفی شافعی وغیرہ ہونا خدا اور رسول نے شرط کیا ہے یا نہیں اور پیغمبر صاحب اور اصحاب اور اماموں کے وقت مین لوگ حنفی یا شافعی وغیرہ کہلاتے تھے یا نہیں اور اماموں نے اپنی اپنی تقلید کرنے کو کہا ہے یا نہیں اور پیغمبر صاحب کے بعد سے سو برس تک مسلمان لوگ تقلید ایک امام خاص کی نہیں کرتے تھے اور وہ مسلمان غیر مقلد اصحاب اور تابعین اچھے سچے مسلمان تھے یا انکے بعد کے مقلدین حنفی شافعی کہلانے والے حدیث اور قرآن کے عامل سے ناراض ہونے والے اچھے ہین اور پیغمبر صاحب نے صحابہ اور تابعین غیر مقلد لوگ کے زمانہ کو اچھا کہا ہے یا نہیں اور اوسکے بعد کے زمانہ مین جھوٹ اور گناہ پھیلنے کی خبر دی ہے یا نہیں قوی دلیل سے بیان کیجئے فقط

**جواب نمبر ۱** نام میرا مولوی محمد عبد الحی بن مولوی عبد الحلیم صاحب ساکن فرنگی محل عمر تخمیناً بتیس ۳۲ سال بقول صالح بیان کرتا ہون حنفی وغیرہ ہونا مسلمانی مین شرط نہین کیا گیا ہے اور پیغمبر صاحب اور اصحاب اور اماموں کے وقت مین حنفی شافعی وغیرہ سے مسلمان موسوم نہ تھے اماموں نے اپنے قول کی تقلید کی اجازت دی ہے اوس حالت مین جب خلاف قرآن وحدیث نہو مسلمان زمانہ اصحاب اور تابعین کے اچھے تھے اون لوگون سے جو عامل متدین قرآن وحدیث سے ناراض ہین اور پیغمبر صاحب نے زمانہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین کو اچھا کہا ہے اور پیچھے

زمانہ مین جھوٹ اور گناہ پھیلنے کی خبر دی ہے فقط العبد محمد عبد الحی عفا عنہ ؎

سوال نمبر ۲ اگر کسی ایک امام کا مقلد یا دشاہ ہو یا اور کوئی مسجد بناوے تو وہ مسجد بنانے والے کی ملکیت مین باقی رہتی ہے یا نہین اور ہر مسجد مین ہر مسلمان اپنے طور شرعی پر مستحق نماز پڑھنے کا بیک وقت وبیک جماعت ہے یا نہین ؎ ؎ ؎

جواب نمبر ۲ مسجد بنانے والے کی ملکیت مین مسجد نہین رہتی اور اوسمین سب مسلمان بطور شرع نماز ادا کر سکتے ہین اور ایک وقت اور ایک جماعت سے بھی پڑھ سکتے ہین الا ایک ساعت مین ایک ہی مسجد مین دو جماعت نہین پڑھ سکتے فقط

سوال نمبر ۳ جو شخص بموجب قرآن وحدیث کے نماز ادا کرے اور ہر مسئلہ مین مقلد ایک امام خاص کا نہو اور سب الماموں کو برابر برحق جانکر جسکا جو مسئلہ موافق حدیث کے سمجھے عمل کرے تو وہ مسلمان سنت جماعت ہے یا نہین فقط

جواب نمبر ۳ ایسا شخص مندرجۂ سوال سیوم مسلمان سنت جماعت ہے بشرطیکہ قابلیت قرآن اور حدیث سمجھنے کی رکھتا ہو اور تخریب دین اوسکو منظور نہو فقط

سوال نمبر ۴ آمین بالجہر کہنا نماز مین پیغمبر صاحب کا قول اور فعل ہے یا نہین اور یہ سلام کی بات ہے یا کفر کی اور حنفی کی کسی کتابون سے اور صحیح صحیح حدیث سے ثابت ہے یا نہین اور مسلمانون کا فعل قدیم ہے یا نہین فقط

جواب نمبر ۴ آمین بالجہر کہنا پیغمبر صاحب کا فعل ہے اور یہ اسلام کی بات ہے اور صحیح حدیث سے ثابت ہے اور حنفی بھی اس مضمون کو لکھتے ہین مگر اختلاف ہے اور بعضے مسلمان قدیم کا یہ فعل ہے فقط

سوال نمبر ۵ حنفیون کی کسی کتاب مین آمین بالجہر کہنے والے کے یا اوسکے ساتھ کے نمازوالون کی نماز کا ٹوٹنا یا اور کسی قسم کا حرج اور نقصان ہونا او سکے امام کی لکھا ہے یا نہین

جواب نمبر ۵ آمین بالجہر کہنے سے کہنے والے یا اوسکے ساتھیون کی نماز کا ٹوٹنا یا نقصان

ہونا اور پہونچنا کسی کتاب معتبر حنفی مین نہین لکھا ہے

**سوال نمبر ۶** آمین بالجہر سے ناراض ہونا مسلمانون کا فعل ہے یا یہودیون کا حدیث
سے کیا ثابت ہے اور کسی امام یا عالم کے قول سے قرآن اور حدیث پر نہ عمل کرنیوالا
اور جو شخص پیغمبر صاحب کے حکم کو معیوب سمجھکر خود عمل نکرے اور عمل کرنے والی کو برا جانے
وہ از روی قرآن وحدیث کے کون ہے

**جواب نمبر ۶** وصف علم اس امر کے کہ آمین بالجہر کہنا فعل نبوی ہے اوس سے ناراض
ہونا کام مسلمان کا نہین ہے اور حدیث کا حال اوپر بیان ہو چکا ہے اور جو قول امام
کا یا کسی عالم کا یقیناً خلاف قرآن اور حدیث کے ہو اوسپر عمل کرنا اور قرآن وحدیث
کو چھوڑ دینا مسلمان کا فعل نہین ہے اور جو شخص پیغمبر صاحب کے حکم کو باوجود
جاننے اس بات کے کہ یہہ حکم نبوی ہے معیوب سمجھے تو وہ شخص مسلمان نہین ہے
اور عالمون کو برا جاننا درست نہین ہے فقط

**سوال نمبر ۷** امور مذہبی مین شد آمد قدیم و رسم و رواج کو دخل ہے یا نہین اور اگر
تو زور سے آمین کہنے والا مسلمان آہستہ آمین کہنے والا حنفیون کے ساتھہ نماز
پڑہ سکتا ہے یا نہین فقط

**جواب نمبر ۷** امور و احکام مذہبی مین رسم و رواج کو دخل نہین اور زور سے آمین کہنے والا
اگر منظور اوسکو اتباع شریعت ہو اور فساد منظور نہو تو حنفیون کے ساتھہ نماز پڑہ سکتا ہے فقط

**سوال نمبر ۸** اگر کسیکو کوئی شخص مسجد مین نماز پڑہنے سے یا اور کسی طرح سے یاد الٰہی
سے روکے تو روکنے والے کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مین بڑا ظالم اور اوسکو واسطے
دنیا مین رسوائی اور آخرت مین عذاب سخت کا حکم کیا ہے یا نہین ملہ

**جواب نمبر ۸** جو شخص کسیکو مسجد مین نماز پڑہنے سے یا یاد الٰہی سے بغیر وجہ شرعی
کے روکے اوسکو اللہ تعالیٰ نے ظالم کہا ہے اور عذاب سخت کا موعود کیا ہے فقط

سوال نمبر۹ کسی حاکم کا یہ حکم کہ مسلمان لوگ مسجد مین اندر نماز کے آمین بالجہر نہ کہین دست اندازی امور مذہبی مین ہے یا نہین اور آمین بالجہر کہنے والون کو اس حکم امتناعی سے نقصان دینی ہے یا نہین اور مسجد مین اذن عام واسطے ہر مسلمان کے اپنے طور پر ہے یا نہین فقط

جواب نمبر۹ آمین بالجہر کو منع کرنا امور مذہبی مین دست اندازی ہے اور آمین بالجہر کہنے والون کا نقصان دینی ہے اور مسجد مین ہر مسلمان کے واسطے بطور شرعی نماز پڑھنے کی اجازت ہے فقط العبد محمد عبد الحی عفا عنہ

## سوالات جرح وجواب آن مرقومہ جناب مولانا الحافظ الحاج ابو الحسنات محمد عبد الحی صاحب قبلہ دام ظلہ الله تعالی

سوال نمبر۱ آپ مقلد ہین یا غیر مقلد و تقیہ کرنا جائز سمجھتے ہین یا نہین

جواب نمبر۱ ہم مقلد ہین اور تقیہ کرنا جائز نہین سمجھتے ہین

سوال نمبر۲ اگر کوئی شخص بظاہر اپنے کو مسلمان کہتا ہو اور اوسکے فعل و حرکت سب خلاف طریقۂ مسلمانون کے و تفرقہ انداز جماعت امت محمدیہ صلعم معلوم ہوتا ہے اور عام مسلمانون کو گمراہ کرنے والا پایا جاتا ہو اوسکے فتنہ و فریب سے بچنے کے لیئے اوسکو اپنی جماعت سے باہر کر دینا چاہیئے یا نہین

جواب نمبر۲ جس شخص کا فعل تمام مسلمانون کے خلاف ہو اوسکو جماعت سے باہر کرنا درست ہے اور جسکا فعل بعض مسلمانون کے موافق ہو اور بعض کے خلاف ہو اور وہ فعل موافق شریعت ہو اوسکو جماعت سے باہر کرنا نہین درست ہے اور جو شخص گمراہ کرنے والا معلوم ہوتا ہو اوسکو بطور شرعی تفہیم کیجاوے کہ وہ گمراہ کرنے سے باز رہے اور جماعت مین تفرقہ ڈالنا نہین جائز ہے فقط

سوال نمبر۳ عام مسلمانون کو ضرور ہے یا نہین کہ حفاظت اس بات کی کرین

درمسجد مین فساد وفتنہ نہو وے وکوئی ایک مفسد کا جسکا مقصود یہہ ہووے کہ عام نمازیون

کو متنفر و متنغص کردین کوئی فعل خلاف طریقہ عام نمازیون کے کرنے نہ دین فقط

**جواب نمبر ۳** عام مسلمانون کو ضرور ہے کہ فتنہ وفساد سے مسجد کو محفوظ رکھین اور

جس شخص کا فعل موافق شرع کے ہووے اگرچہ طریقہ عام نمازیون کے مخالف ہووے

اوس سے متنغص یعنے آزردہ نہون اور کسی شخص سے ابتداءً فساد کی نکرین اور جو مفسد کہ

بدنیتی سے فساد پر آمادہ ہووے فساد کو بذریعۂ حاکم وقت کے دفع کرین

**سوال نمبر ۴** مجتہدین نے مسائل کو قرآن وحدیث سے نکالا ہے یا اپنے دل سے لکھا ہے

**جواب نمبر ۴** مجتہدین نے مسائل قرآن واحادیث سے نکالے ہین صرف اپنی رای سے حکم نہین دیا

**سوال نمبر ۵** آمین بالجہر کہنا حنفیون کے طریقہ کے خلاف ہے یا نہین

**جواب نمبر ۵** حنفیہ چپکے سے آمین کہنے کو نماز مین سنت کہتے ہین اور آمین بالجہر کو بھی جائز کہتے ہین

**سوال نمبر ۶** اگر آمین بالجہر نہ کہے اور آہستہ کہے تو گنہگار ہوگا یا نہین اور آمین بالجہر کہنے

کا ثواب زیادہ ہے یا کہ فتنہ وفساد وخونریزی سے مسلمانون کے بچنے کا ثواب زیادہ ہے

**جواب نمبر ۶** آمین آہستہ کہنے سے گنہگار نہوگا اور فتنہ وفساد وخونریزی سے

بچنے کا ثواب زیادہ ہے آمین بالجہر کہنے سے اسوجہ سے کہ آمین بالجہر کا سنت ہونا

یا آہستہ کہنے کا سنت ہونا صحابہ ومجتہدین مین مختلف فیہ ہے اور فتنہ وفساد کی حرمت

اتفاقی ہے فقط

**سوال نمبر ۷** باعتبار دینداری مسلمانون کے مکہ معظمہ ومدینہ منورہ اسلام کا دیس ہے

یا نہین اور مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ مین تقلید کرنا جاری ہے یا نہین ؟ ؟ ؟

**جواب نمبر ۷** مکہ معظمہ ومدینہ منورہ اسلام کے دیس ہین اور تقلید وہان جاری

ہے فقط تحریر ۲۷ جنوری ۱۸۹۰ء

**۳۲۱ استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ بعد خطبہ عیدین کے

جو مصافحہ و معانقہ لوگون مین مروج ہے وہ مسنون ہے یا بدعت بینوا توجروا

**ھو المصوب** وقت مصافحہ و معانقہ ابتدای ملاقات ہے پس بعد نماز عید کے
مصافحہ و معانقہ مسنون نہین اور علما اس باب مین مختلف ہین بعض بدعت مباحہ
کہتے ہین اور بعض بدعت مکروہہ علی کل تقدیر ترک اسکا اولی ہے کتاب الاذکار
للنووی مین ہے اعلم ان المصافحة مستحبة عند کل لقاء واما ما اعتاده الناس من
المصافحة بعد صلوتی الصبح والعصر فلا اصل له فی الشرع ولکن لا باس به فان اصل
المصافحة سنة وکونهم حافظوا علیها فی بعض الاحوال وفرطوا فی کثیر من الاحوال
او اکثرها لا یخرج ذلک البعض عن کونه من المصافحة التی ورد الشرع باصلها انتهی
اور در مختار مین ہے واطلاق المصنف تبعا للدرر والکنز والوقایة والنقایة
والمجمع والملتقی یفید جوازها مطلقا ولو بعد العصر وقولهم بدعة ای مباحة
انتهی اور رد المحتار مین ہے قد یقال ان المواظبة علیها بعد الصلوة خاصة قد یؤدی الجهلة الی اعتقاد
سنتها فی خصوص هذه المواضع مع ان ظاهر کلامهم انه لم یفعلها احد من السلف وقد نقل عن الشافعیة انها
عن ابن حجر انها بدعة مکروهة لا اصل لها فی الشرع انتهی اور مدخل ابن الحاج مین ہے اجاز بعض
ابن عیینة عند اللقاء من غیبة کانت اما فی العید علی ما هو حاضر معک فلا واما المصافحة
فانها وضعت فی الشرع عند لقاء المؤمن لاخیه واما فی العید علی ما اعتاده بعضهم عند الفراغ من الصلوة
یتصافحون فلا اعرفه لکن قال الشیخ ابو عبد الله بن النعمان ادرکت بمدینة فاس العلماء العاملون بعلمهم
متوافرون انهم کانوا اذا فرغوا من صلوة العید صافح بعضهم بعضا فان کان یساعده النقل عن السلف
فیا حبذا وان لم ینقل فترکه اولی انتهی حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

ابو الحسنات محمد عبد الحی

**استفتا** کیا فرماتے ہین علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جو نوافل بعد
عشا کے پڑھے جاتے ہین اور سوا اوقات مین نوافل بیٹھکر پڑھنا احادیث شریفہ سے ثابت ہے یا نہیں بینوا توجروا

**ہو المصوب** آنحضرت صلعم سے نماز تہجد کبھی کبھی بیٹھکر پڑہنا ثابت ہی اور دو رکعت نفل بعد وتر کے بیٹھکر پڑہنا ثابت باقی اور نوافل بعد ظہر اور مغرب یا اور اوقات مین بیٹھکر پڑہنا ثابت نہین ہی بلکہ احادیث مین وارد ہیکہ بیٹھکر پڑہنے سے ثواب کم ملتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۳۲۳ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ مرد مسلم اور کافرہ سے یا برعکس از روی زنا فرزند یا دختر پیدا ہو کر قبل بلوغ یا بعد بلوغ کے مرجاوے تو اوسکے تجہیز و تکفین کا کیا حکم ہے بینوا توجروا

**ہو المصوب** بعد بلوغ کے اگر وہ اسلام لایا تو تجہیز اوسکی مثل مسلمین کے ہوگی اور اگر کفر کو اختیار کیا تو مثل کفار کے اوسکی تدفین ہوگی اور قبل بلوغ کے وہ بچی مان کے تابع ہے کیونکہ ولد الزنا کا نسب مان سے ثابت ہے نہ زانی سے اور بحر وغیرہ مین ہے ہو تابع لاحد ابویہ الی البلوغ ما لم یحدث اسلاما وہو ممیز انتہی پس جبتک کہ وہ ایام تمیز مین اسلام نہ لاویگا اپنی مان کے حکم اسلام اور کفر مین تابع ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۲۴ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ اعتبار اخبار تیلیگراف کا درباب رویت ہلال رمضان یا شوال کیا جاوے یا نہین اور در صورت اعتبار حکم صوم یا افطار دیا جاوے یا نہین باوجودیکہ فی زماننا باعتبار اخبارات تیلیگراف لاکھون معاملات دنیوی ہوتے جاتے ہین اور کاہے تفاوت اخبار نہین ہوتا ہے بینوا توجروا

**ہو المصوب** بحسب ضوابط فقہیہ مجرد اخبارات تار وغیرہ درباب حکم صوم وافطار معتبر نہین در مختار مین ہے فیلزم اہل المشرق برویۃ اہل المغرب اذا ثبت رویت

اولٰئک بطریق موجب انتہی اور رد المحتار مین ہے قولہ بطریق موجب کان یتحمل

انسان الشہادۃ او یشہد عند الحکم القاضی او یستفیض الخبر انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ

القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۲۵

**استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ قرآن شریف کا تلاوت

کرنے والا ایک ایک آیۃ یا ایک ایک رکوع پڑہتا جاوے اور ترجمہ بزبان ہندی یا

فارسی وغیرہ کرتا جاوے تو شرکت کلام در کلام باری ہوتی ہے یا نہین اور در صورت

شرکت ہونے کے کیا حکم ہے بینوا توجروا

**ہو المصوب** ہرگاہ مقصود اوسکو فہم معانی قرآن ہے نہ صرف تلاوت پس اس

صورت مین کچھہ حرج نہین ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۲۶

**استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس

مسئلہ مین کہ قاعدۂ اخیرہ یا اوسلے مین وقت شہادت کے سبابہ مرفوعہ

بعد الا اللہ کے حلقہ توڑکر رکھدیوے یا مع حلقہ مرفوعہ تا سلام رہنے دیوے

بینوا توجروا

**ہو المصوب** اوسی طور سے حلقہ تا آخر رہنے دیوین ملا علی قاری مکی

در تزئین العبارۃ لتحسین الاشارۃ مین ہے الصحیح المختار عند جمہور صحابنا

ان یضع کفیہ علی فخذیہ ثم عند وصولہ الی کلمۃ التوحید یعقد

الخنصر والبنصر ویحلق الوسطی والابہام ویشیر بالمسبحۃ رافعا لہا عند النفی

وواضعا لہا عند الاثبات ثم یستمر علی ذلک لانہ ثبت العقد عند

ذلک بلا خلاف ولم یوجد الامر بخلافہ فالاصل بقاء الشیء

علی ما ہو علیہ واستصحابہ الی آخر امرہ ومآلہ الیہ واللہ اعلم

حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

محمد عبد الحي ابو الحسنات

# خاتمة الطبع

الحمد لله الاحد الصمد الذي لم يلد ولم يولد هو حي قيوم لا يفنى ولا يموت وكل شئ بيده اذا قال له كن فيكون
واذا قال له مت فيموت واشهد ان لا اله الا الله هو خالق الانس والجان والملك والملكوت وهو الذي تدوم
واختياره في قلوب المؤمنين من الازل الى الابد منقوش ومثبوت والصلوة والسلام على من بعث بالحجج
والبراهين الساطعة الى كافة الانام من الاصاغر والرثوت محمد وعلى آله واصحابه الذين صارت من هيبة
جلالتهم افواه الشرك والطغيان بالخفوت اما بعد فيا ايها المسلمون اعلموا ان الدنيا دار ليس لها
ثبات وقرار وما فيها شئ الا كتب له الفناء والفرار فاعتبروا بسفر الآخرة ولا تغتروا على الحياة الدنيا
وزينتها لان متاع الحياة الدنيا قليل والعقبى خير الدار ولا تتحرك ذرة الا باذن الله الملك العزيز
القهار فيا اخي لما كان حال الدنيا وما فيها هذا فما لنا ان لا نعود الى ذكر الجليل الجبار ونترك محبتها
والفتنة لانه موالي المعاصي الكبار وهو شئ لا يغفره الله في يوم البعث والنشور الا لمن شاء بشفاعة
نبيه المختار فيا ايها الماهرون اني اخبركم بخبر ترق به القلوب لحصول الحسرة والحرمان في هذا الدار
وتجري الدموع من العيون وتنشق الجيوب وتضطرب الافكار وهو ذكر رحلة شخص مقبول مجيد فقيه محدث
عالم كامل ذي الوجاهة والاعتبار مشهور معروف في الفضل والزهد والورع والتقوى مذكور على السنة
الناس في اكناف الديار واطراف الامصار الذي كانت حضرته المقدسة محط رحال الكملة والكبار واقر
له الفضلاء بالفضل والوقار واتفق العلماء على انه كان عديم النظير في الدهر رحمه ربه الغفار
وكانت ظلال افاضاته ممدودة على رؤس الانام آناء الليل واطراف النهار وهو استاذي واستاذ الاساتذة
مولانا المحدث الحاج الحافظ المولوي ابو الحسنات محمد عبد الحي اللكنوي الانصاري الفرنجي محلي
اعطاه الله جنات تجري من تحتها الانهار وقد تهيا بغتة لسفر الآخرة من هذه الدار الى دار القرار
فتوفاه الله واعطاه جنة نعيم التي فيها الحور والقصور والاشجار مع الانهار وكانت وفاته في ليلة

يوم الاثنين المكمل لشهر ربيع الاول سنة اربع وثلاث مائة والف من هجرة رسول المختار فيا ايها المخاطبون قولوا انا لله وانا اليه راجعون وتوبوا الى الله توبة نصوحا واتقوا الله ان الله يحب المتقين ثم اعلموا ان كل نفس ذائقة الموت بتقدير رب العالمين ثم بعد فيا ايها الناظرين لما كانت هذه المجموعة النفيسة الشريفة المشتملة على سوالات بطريق الاستفتاء وجواباتها على نهج القضاء من افاداته الكبيرة وتاليفاته الكثيرة نافعة للمسلمين مفيدة للطالبين ثم كانت اصلها مطولا فى جلد ضخيم طويل الحجم كثير الفائدة تحصيل للناقلين فامرلنا ذو المجد الخفى والجلى المولوى محمد خادم حسين العظيم آبادى سلمه الله ذو الايادى لترتيبه وتقسيمه على جلدين لئلا يشكل طبعه على الطابعين ثم لم يبطل من طول الغاية شوق مطالعته عن قلوب المشتاقين المنتظرين فقبلت امره الشريف فصرفت جهدى فى هذا الامر المنيف فقسمته على جلدين مع ضيق الفرصة وهجوم الافكار وسميته بمجموعة الفتاوى بعناية الرب الغفار ثم اشار الى لطبعها وتصحيح الكلام واسقاط الاسقام الى العالم الجليل والفاضل النبيل ابى سعادة المولوى السيد محمد معشوق على مد ظله العالى مهتم مطبع يوسفى فتقبل وجاهد فى الجهد فى صحتها وتحقيق معانيها الا انه لما كان فى اصلها غلط كثير من سهو الكاتب وبعض فتاويها ترجمة بخط غير مربوط الحروف ولا يستطيع على قراءته احد من الناظرين فصح الصحة الكاملة ان وقع الشك والشبهة فى بعض الفاظها فاحذر الماهرين فهو برى منه بمصداق الانسان مركب من الخطاء والنسيان ثم هو ملتمس من انظار الماهرين فلله الحمد على ان استتم طبع جلده الاول فى شهر ربيع الاول من سنة خمس وثلاث مائة والف من هجرة رسول عليه التحية والسلام وارجو منه تسهيل طبع جلده الثانى عن قريب وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على رسوله خاتم المرسلين وعلى آله واصحابه اجمعين فقط وانا العبد العاصى المبتلى بالمحن محمد المدعو بعابد على عفا الله ذنبه الخفى والجلى متوطن المصطفى آباد المشتهر على السنة العوام بكسمنڈى من متعلقات صلع باره بنكى صانه الله عن الفساد بفضله الا بدى

# ايضاً منه فى الفارسية

حيف مولانا ابى الحسنات كو | بود مفتى و فقيه با وقار

هم مفسر هم محدث بوده است
از تصانیفش بر ارباب کمال
کثرت تالیف و تصنیفش عیان
از بلاد هند تا اقصای روم
شش جهت پرنور بود از ذات او
اشک خونین ریخته خود علم
نوحه جائز بود با حکم شرع
از هجوم درد آه اهل سوز
چون چنین علامه در خاک رفت
شد طمانینت ز قلب اهل فن
کان جناب فخر زن علم و هنر
چون بغیر از صبر دیگر چاره نیست
از برای اخذ تاریخ وفات
ماند از تالیف و تصنیفات او
باشد این مجموعه تا السلام هم
صفحهایش بحر و هر سطرش چو موج
دید چون بس سودمند طالبان
اصلاح حالش بود چون از نیستی طلب
لله الحمد از عنایتهای او
پس بروی انطباعش کلک رفت
باعیش از جنت الفردوس باد
ما الجعی هم از طبعش بود
زانکه ناظم عاجز است و عاجز هم
فاعف عنی یا غفور لطیفین

هم مدرس در میان روزگار
فضل او لاریب گردد آشکار
چون سیوطی گشت از روی نگار
نام او کالشمس فی نصف النهار
چون برفت او گشت ظلمت آشکار
سینه طلاب شد از غم فگار
عالمی گردید از چشم سوگوار
چون شب یلدا سیه شد روزگار
روی خود پوشید گردون از غبار
جا گرفته در خواطر انتشار
رفت از دنیا سوی دار القرار
ماند هرکس عاجز و بی اختیار
بر ملا گفتم بچشم اشکبار
فیض جاری در میان روزگار
از افادتهای آن عالی تبار
حرف هایش جمله دُرّ آبدار
مولوی خادم حسین یادگار
هم او در قرش فراوان افتخار
ختم جلد اولش شد آشکار
زود رقم مرغوب تو بی اختیار
۱۳۲۵
از عنایات خدا جای قرار
ضبط الطاف و لطف کردگار
چون نباشم خائف و ترسکار
واعطنی خدا لا علی دار البقاء

حاجی بیت الحرم بود او هم
کس نداند حد علم و فضل او
آستانش از پی طلاب بود
در مقام حل اشکال علوم
ناگهان چون زین جهان بی ثبات
دست حیرت بر زند ایشان تبار
رحلت دلکش رحیل علم شد
حیف گم شد از مدارس درس علم
زلزله بگرفت در جسم و قسم
وقت شب بود از ربیع الاولین
گشت حیران هر که بشنید این خبر
کلمه رحمت الله فرا رفت از زمین
بی سر و پا شد بسال رحلتش
صاحب تصنیف گم شد از جهان
هست علو از قضا و بهای فقر
وسعت علم از جوابا آتش عیان
هر ترتیبش بمن ایما نمود
در زدیم چند فکر کردم منقسم
فکر کردم چون برای سال او
تاریخش محفوظ ماند از زیاد
سال عیسی هم با عیسی بود
بعد از آن این عاجز عصیان
رب اغفر سیئاتی و ذنوبی یا الهی

حافظ قرآن و هم شب زنده دار
جز بتوفیق جناب کردگار
در میان هند بس جای قرار
مرزبانش کرد کار ذو الفقار
کرد رحلت جانب دار القرار
گشت دامن ها گریبان تار تار
اهل فن را رفت از دل ها قرار
رحل ار طاق نسیان شد قرار
ماه در ماهم گشت بس چندان شمار
سال الف و سه صد و افزون چهار
غلغله افتاد اندر روزگار
تا بسقف چرخ هفتم آلدار
علم و فضل و هنر شان اعتبار
۱۳۲۴
هست تصنیفش بعالم یادگار
چون میان بحر در شاهوار
شوکت فضل از بیانش آشکار
هر طبعش کرد جهد بی شمار
تا بزودی طبع گردد این نگار
با دل غمخوار و طبع غمگسار
سعیش از شرک باشد برکنار
از هجوم فکر و رنج روزگار
نیز باشد امین از رنج و فشار
مبتلاء فی الفعال والذهاب

## فهرست مضامین مجموعة الفتاوی برای آسانی برآوردن مسائل مندرجه

تمت

# اشتہار

کتب مفصلہ ذیل راقم کے پاس موجود ہیں جن صاحبوں کو منظور ہو بارسال قیمت نقد یا بذریعہ ویلو راقم سی طلب فرماویں قیمت مع محصول ڈاک درج ہی علاوہ اسکی وہ آنہ صرف رجسٹری بھی ہمراہ قیمت ہونا چاہیی

| نام کتاب | قیمت مع محصول | نام کتاب | قیمت مع محصول | نام کتاب | قیمت مع محصول |
|---|---|---|---|---|---|
| صحیح مسلم چھاپہ دہلی | [illegible] | بدیع المیزان فی المنطق | [illegible] | فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث | [illegible] |
| الوسیلۃ الجلیلۃ فی بحث التوسل بالانبیاء | [illegible] | شرح معانی الآثار للطحاوی فی الحدیث | [illegible] | نصب الرایۃ فی تخریج احادیث الہدایۃ | [illegible] |
| شرح سلم العلوم للقاضی فی المنطق | [illegible] | شرح التہذیب با محشی محمد شاہجہانی فی المنطق | [illegible] | نوادر الوصول شرح فصول اکبری | [illegible] |
| شرح ہدایۃ الحکمۃ للمیبذی | [illegible] | تیسیر القاری شرح فارسی صحیح بخاری جلد اول | [illegible] | الفوائد [illegible] شرح ملا جامی | [illegible] |
| اللآلی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ | [illegible] | ایضاً تیسیر القاری جلد رابع | [illegible] | الترغیب والترہیب للمنذری | [illegible] |
| مشکوۃ شریف چھاپہ دہلی | [illegible] | شرح مائۃ عامل کلاں نظامی | [illegible] | نحو میر مطبوعہ مطبع نظامی | [illegible] |
| مجموعہ ذیل اللآلی للسیوطی | [illegible] | میزان الصرف ومنشعب نظامی | [illegible] | تفسیر رحمانی چھاپہ مصر | [illegible] |
| تفسیر خطیب شربینی چھاپہ مصر | [illegible] | صرف میر مطبوعہ مطبع نظامی | [illegible] | شہاب خفاجی حاشیہ بیضاوی | [illegible] |
| میزان الاعتدال فی نقد الرجال | [illegible] | تاریخ جبرتی چھاپہ مصر | [illegible] | چھاپہ مصر | [illegible] |
| نور الانوار شرح المنار | [illegible] | فصول اکبری نظامی | [illegible] | فتوحات مکیہ چھاپہ مصر | [illegible] |

## از تصانیف مولانا محمد عبدالحی اللکنوی من الحواشی والرسائل

| نام کتاب | قیمت مع محصول | نام کتاب | قیمت مع محصول | نام کتاب | قیمت مع محصول |
|---|---|---|---|---|---|
| الہدایۃ فی الفقہ علی التمام | [illegible] | الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل | [illegible] | مجموعۃ [illegible] رسائل | [illegible] |
| الفوائد [illegible] الشریفیۃ شرح السراجیۃ فی علم الفرائض | [illegible] | النفع الشافی والمسائل بجمع متفرقات المسائل | [illegible] | مجموعۃ الحواشی الاربعۃ | [illegible] |
| الرشیدیۃ فی علم المناظرۃ | [illegible] | مجموعۃ ست رسائل لمولانا محمد عبدالحی | [illegible] | تحفۃ الطلبۃ فی مسح الرقبۃ | [illegible] |
| مجموعۃ اربع رسائل فی المنطق | [illegible] | مجموعۃ خمس رسائل | [illegible] | نزہۃ الفکر فی سبحۃ الذکر مع تعلیقہ | [illegible] |
| [illegible] سبع رسائل | | مجموعۃ فتاوی مولانا محمد عبدالحی المرحوم جلد اول | [illegible] | زجر الشبان والشیبۃ عن ارتکاب الغیبۃ | [illegible] |
| [illegible] | | التعلیق الممجد علی موطا الامام محمد فی حدیث | [illegible] | مجموعۃ خطب جمع السنۃ والاعیاد وغیرہ | [illegible] |
| الفوائد البہیۃ فی تراجم الحنفیۃ | | القول الجازم فی سقوط الحد بنکاح المحارم | [illegible] | ظفر الامانی بشرح المختصر المنسوب الی الجرجانی | [illegible] |
| [illegible] فی الاستشفاع بالرسول | | مجموعۃ ابراز الغی | [illegible] | عمدۃ النصائح | [illegible] |
| مجموعۃ ثمانیۃ رسائل — | | تحت ادارۃ التصحیح | | سعایۃ شرح شرح وقایہ — | |
| احکام القنطرۃ فی احکام البسملۃ — | | | | مجموعۃ فتاوی جناب مولانا محمد عبدالحی المرحوم جلد دوم [illegible] | |

الراقم

محمد خادم حسین [illegible] لکھنؤ